Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

دو دل

آمنہ محمود

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بارش کی ننھی منی بوندیں کب سے اس کی کھڑکی پر ہلکی ہلکی دستک دے رہیں تھیں.

سردی کی شدت تھی یا گرم کمبل اور ہیٹر کی مست حرارت______وہ کسی بھی صورت آج بستر سے نکلنے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا.

میں اب آخری بار تمہیں اٹھانے آئی ہوں اور میں جانتی ہوں کہ تم جاگ رہے ہو .

اس لیے بہتر ہو گا کہ جلدی سے ناشتے کی ٹیبل پر پہنچو ورنہ میں یونی جاتے ہوئے فلیٹ باہر سے لاک کر جاؤں گی اور گیس کا وال بند_________مسسز آفندی کی دھمکی پر عکاشہ نے منہ کمبل سے باہر نکالا

لوگوں کی مائیں انھیں پیار سے اٹھاتی ہیں اور آپ دھمکی سے________وہ اونچی آواز میں چلایا.

Posted On Kitab Nagri

جیسی روح ہوتی ہے ویسا ہی قبر میں فرشتہ آتا ہے______ مسسز آفندی کے جواب پر عکاشہ نے کمبل سائیڈ پر پھینکا اور سلیپر پہننے لگا.

خدا آپ جیسی عورت کو اولاد نہ دے اور بیٹا تو بلکل بھی نہیں_______ مسسز آفندی کے کندھے پر لاڈ سے عکاشہ نے سر رکھا

بلکل خدا تم جیسی اولاد تو واقعی ہی نہ دے. کل یونی میں کیا کیا تھا......؟

انھوں نے لاڈ سے اس کا سر پیچھے کیا اور سینڈوچ میکر سے سینڈوچ نکالے.

کیا مطلب کیا کیا تھا..........؟ عکاشہ کندھے اچکاتا سینڈوچ پکڑنے لگا

مس شمع کو کیا کہا تھا.......؟ مسسز آفندی نے مصنوعی گھوری سے نوازا

ایک تو میں لوگوں سے بہت تنگ ہوں. آپ زرا مجھے بتائیں کہ اگر کسی کو اُسی کے نام سے پکارا جائے تو اس میں کونسی بری بات ہے.......؟

عکاشہ کی جواب پر مسسز آفندی نے اسے مسکرا کر دیکھا

تم نے نام سے پکارا تھا......؟ جواب کی بجائے سوال آیا.

میں نے انھیں "مس موم بتی" کہا تھا. شمع کا بھی یہی مطلب ہوتا ہے مگر وہ ناراض ہو گئیں حالانکہ ناراض ہونا نہیں بنتا تھا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن اگر ناراض ہونا ہی تھا تو اپنے ماں باپ سے ہوتیں جنھوں نے یہ نام رکھا ہے. مجھ سے تو انھیں ویسے ہی اللہ ویسے کا بیر ہے______پتہ ہے کیوں.......؟

کیوں.......؟مسسز آفندی اب اس کے اور اپنے کپ میں چائے انڈیل رہی تھیں.

وہ مجھے اپنا "داماد" بنانا چاہتیں ہیں. مجھ پر ان کی نظر ہے بتا رہا ہوں میں آپ کو_____بچالیں اپنے معصوم بچے کو_____عکاشہ کی ایکٹنگ پر مسسز آفندی مسکرادیں.

جس کے تم داماد بنوں گے میں باقاعدہ اس سے "ہمدردی" کرنے جاؤں گی اور "شکریہ" علیحدہ______مسسز آفندی نے کپ عکاشہ کے آگے رکھا جو شلف ساتھ کھڑا انھیں گھور رہا تھا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ زیادتی کر رہی ہیں......؟گلہ کیا

Posted On Kitab Nagri

نہیں میں حقیقت بتا رہی ہوں. اگر تم میرے اپنے بیٹے نہ ہوتے تو میں تمہیں ایک منٹ بھی برداشت نہ کرتی مگر کیا کروں تم اولاد ہو میری اور بدقسمتی سے اکلوتی بھی______ مسسز آفندی اب سٹول پر بیٹھ کر چائے کا گھونٹ بھرنے لگیں.

آپ کو چائے کڑوی نہیں لگی......؟ عکاشہ نے پوچھا

نہیں تو......؟ مسسز آفندی نے جواب دیا.

حالانکہ کے جتنی کڑوی بات آپ نے ابھی بولی ہے اس حساب سے چائے کی دیگ بھی ہوتی تو کڑوی ہو جاتی یہ تو پھر ایک ننھا کپ ہے_____ عکاشہ ناراض ہوا مگر ناشتہ نہیں چھوڑا .

عکاشہ میں تمہیں یوشع کی طرح دیکھنا چاہتی ہوں. وہ بلکل اپنے باپ کی فوٹو کاپی ہے._____ مسسز آفندی کی آنکھوں میں حسرت در آئی.

Posted On Kitab Nagri

آپ دنیا کی واحد ماں ہیں جسے اپنے بیٹے سے زیادہ اپنا "سوتیلا بیٹا" پسند ہے_________عکاشہ نے طنز کیا

بیٹا_____بیٹا______ہی ہوتا ہے سگا یا سوتیلا نہیں_____دوسرا وہ ہے ہی اس قابل کے اس سے محبت کی جائے .

ذمہ دار، ذہین، فرمانبردار اور اپنا باپ کی طرح خوبصورت_____مسسز آفندی نے سٹول سے اٹھتے ہوئے جواب دیا.

پتہ نہیں کیوں وہ شخص آپ کو اتنا اچھا لگتا ہے.......؟

جس نے آپ کی زندگی برباد کر دی. آپ سے آپ کے اپنے چھین لیے.

خود وہ اپنوں میں بیٹھا ہوا ہے. اپنی خاندانی بیوی اور بیٹے ساتھ_______اور آپ کو اس فلیٹ میں قیدِ تنہائی دے رکھی ہے.

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ نے بھی خالی کپ سینک پر رکھا

شرم کرو باپ ہے تمہارا____مسسز آفندی نے ڈانٹا

باپ ہے میرا____سوائے ولدیت کے خانے کے______میں نے اسے اپنے ساتھ کہیں نہیں دیکھا

اچھی خاصی خوش شکل تھیں_____شہر کی پڑھی لکھی بھی_____پھر کیا مصیبت آن پڑی تھی کہ اس جاگیر دار کی دوسری بیوی بننا پسند کیا.

اس شخص نے آپ سے محبت نہیں کی دھوکا دیا ہے_____کبھی مسسز آفندی کی جگہ پر صرف "عدن حیدر" بن کر سوچیے گا.

عکاشہ کہتا ہوا کچن سے جانے لگا مگر دروازے میں کھڑا ہو کر پلٹا

Posted On Kitab Nagri

اور میں صرف اپنی ماں کا بیٹا ہوں. بلکل اسی جیسا ہوں______مگر اس کی طرح بے وقوف نہیں.

اب برتن تو آپ سے دھلیں گے نہیں لہذا امنہ آنسوؤں سے دھو کر باہر آ جائیں. اکٹھے یونی چلتے ہیں.

عکاشہ کی باتیں مسسز آفندی نے بغیر مڑے سنیں.

دیکھو حیدر تمہاری محبت میں میرے اپنے تو اپنے______اب تمہارا بیٹا بھی باغی ہو رہا ہے.

انھوں نے برتن دھوتے ہوئے دل میں حیدر آفندی کو مخاطب کیا.

Posted On Kitab Nagri

یہ منحوس ہمارے لیے رہ گئی تھی کاش اس کی ماں مرنے سے پہلے اسے جنم نہ دیتی تو آج ہم سب کتنی ہنسی خوشی رہ رہے ہوتے______حسب عادت صبح صبح ممانی جان پھر ماہم کی شان میں قصیدہ پڑھ رہیں تھیں جبکہ باقی اپنے اپنے کاموں میں مشغول تھے.

آپ خاموشی سے ناشتہ نہیں دے سکتیں میں تنگ آگیا ہوں روز روز کی کھچ کھچ سے______حارث تپاتپا سا کچن میں داخل ہوا.

ایک تو میری اولاد ہی میری نہیں ہے تو میں کیا کروں.......؟؟؟کلثوم بیگم نے دہائی دی

امی آپ سب کا ناشتہ بناتی ہیں اگر ایک اس کا بھی بنا دیتی ہیں تو کیا ہو جاتا ہے......؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حرم نے بھی کچن میں قدم رکھتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کرنا ضروری سمجھا

تمہاری کسر رہ گئی تھی تم بھی اپنا حصہ ڈال لو کہیں بھائی کی محبت میں تم پیچھے نہ رہ جاؤ_______کلثوم بیگم نے سلائس، جیم اور آملیٹ سے بھری ٹرے اس کی طرف بڑھائی.

Posted On Kitab Nagri

میں صرف چائے لوں گا. حارث نے اپنی کنپٹی سہلائی اور لاؤنج کی طرف بڑھ گیا .

چلیں پاپا، دادو اور مس ماہم آ کر ناشتہ کر لیں. حرم نے لاؤنج سے ہی سب کو آوازیں دیں اور خود مزے سے سلائس پر جیم لگانے لگی.

اتنی دیر میں سب ٹیبل کے گرد اکٹھے ہونے لگے.

ماما چائے_____حارث نے ایک دفعہ پھر آواز لگائی.

میں لے کر آتی ہوں. ماہم نے حارث کو جواب دیا اور خود کچن می طرف بڑھ گئی.

یہ وقت ہے کچن میں آنے کا_____کتنی بار کہا ہے صبح جلدی اٹھا کرو مگر مجال ہے جو میڈم کو اثر ہو_____ماہم کو دیکھتے ہی کلثوم بیگم دل کی بھڑاس نکالنے لگیں.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ماما مجھے دیر ہو رہی ہے آپ پلیز زا سے چائے دے کر بھیج دیں. حارث نے ماہم کی جان بچانے کے لیے لاؤنج سے آواز لگائی.

ایک تو کوئی اس مہارانی کو کچھ کہنے ہی نہیں دیتا کبھی ماموں اس کا حمایتی کھڑا ہو جاتا یے اور کبھی حارث کو دورہ پڑتا ہے.

کلثوم بیگم اپنے طنز کے تیر چلاتی چائے کی ٹرے ماہم کی طرف بڑھانے لگیں.

ماہم بیٹا جلدی کرو یونی سے دیر ہو رہی ہے_____ماہم نے جیسے ہی ٹیبل پر چائے رکھی زبیر صاحب نے کہا

ماموں میں بھی بس چائے ہی لوں گی صبح صبح کچھ کھانے کو دل ہی نہیں کرتا______ماہم کی بات پر حارث مسکرا دیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں آج لیٹ ہو جاؤں گا اس لیے میرا انتظار کرنا منہ اٹھا کر خود ہی یا کسی کے ساتھ آنے کی ضرورت نہیں ہے______حارث نے ماہم کو دیکھتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے بھائی______ہم انتظار کر لیں گے.(آج عکاشہ سے اپنے اگلے پچھلے بدلے لینے کا مزہ آئے گا.)حرم نے ماہم کے کان میں سرگوشی کی.

ان تینوں کے جاتے ہی زبیر صاحب نے ایک افسوس بھری نظر کلثوم بیگم پر ڈالی .

ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ اس بچی کی وجہ سے ہی ہے .

جس گھر میں یتیم بچی یا بچے کی پرورش ہوتی ہے اللہ کو وہ گھر بہت محبوب ہوتا ہے .

آخر یہ بات تمہیں کب سمجھ آئے گی.......؟؟

کیوں صبح صبح اپنا اور اس کا دل جلاتی ہو........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ایسا کریں یتیم خانہ کھول لیں تا کہ آپ اور آپ کی اولاد پکے جنتی ہو جائیں______زبیر صاحب کی بات پر کلثوم بیگم کہتی ہوئیں برتن سمیٹنے لگیں .

بندوق کی نالی پر آنکھ رکھتے اس نے ٹرگر پر اپنی انگلی سے دباؤ ڈالا ایکدم فضا گولی کی آواز سے گونجی ساتھ ہی بے شمار پرندے پھڑ پھڑاتے ہوئے اڑے.

باؤ نوید دیکھو شکار کہاں گرا ہے______؟؟؟ چہرے اور لہجے میں فتح جھلک رہی تھی .

کالا لباس پہنے ایک ہاتھ میں بندوق پکڑے وہ اس وقت ایک ماہر شکاری لگ رہا تھا جس کی دہشت ہی شکار کے لیے کافی تھی.

یوشع سائیں آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے کہ شکار کہاں ہے.......؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

باؤ نوید نے پوچھتے ہوئے نوکروں کو ہاتھ سے اشارہ کیا جو شکاری کتوں کو لیے حکم کا انتظار کر رہے تھے.

میں شکار کھیلتے ہوئے بڑا ہوا ہوں. اللہ بخشے میرے دادا کو کہتے تھے اگر تم ایک کامیاب انسان بننا چاہتے ہو تو شکار ضرور کھیلو.

اس طرح تمہیں اپنے دشمن کی چالوں کو سمجھنے میں آسانی رہے گی.

یوشع نے کندھے پر اپنی چال درست کرتے ہوئے بندوق نوید کی طرف بڑھا دی.

سائیں کتنی بار عرض کی ہے کہ کم از کم آپ تو مجھے باؤ مت کہا کریں. نوید نے مودب لہجے میں گلہ کیا

تم ہمارے گاؤں کے سب سے پہلے میٹرک ہولڈر ہو. سب ہی تمہیں باؤ کہتے ہیں اس لیے میرا بھی دل کرتا ہے تمہیں ______ ابھی یوشع نے اتنا ہی کہا تھا کہ ایک زنانہ چیخ نے اس کی توجہ اپنی طرف متوجہ کرائی.

Posted On Kitab Nagri

چیخ کی آواز سنتے ہی دونوں اس طرف پڑے. ایک طرف جھاڑی میں کچھ ہلتا ہوا محسوس ہوا.

یوشع نے نوید کو خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور خود بندوق پکڑ کر اسے جھاڑی کے اوپر تانا.

کون ہے.....؟یوشع کی آواز ہر جھاڑی میں ہوتی ہوئی حرکت ایکدم رک گئی مگر جواب نہیں آیا.

میں پوچھ رہا ہوں یہاں کون ہے........؟؟؟یوشع نے سخت لہجے میں پوچھا

چند لمحے اسی طرح گزر گئے مگر جواب ندارد

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں آخری بار پوچھ رہا ہوں کہ کون ہے..........؟؟؟

اگر اب بھی جواب نہ دیا تو میں گولی چلا دوں گا.یوشع نے کہتے ساتھ ہی بندوق لوڈ کی.

Posted On Kitab Nagri

لوڈ کی آواز سنتے ہی جھاڑیوں میں چھپی لڑکی اٹھ کر کھڑی ہو گئی. جسے دیکھتے ہی یوشع نے بندوق نیچے کر لی .

تم یہاں کیا کر رہی ہو......؟نوید کے پوچھنے پر یوشع نے حیرت سے نوید کی طرف دیکھا

باؤنوید تم اس لڑکی کو جانتے ہو.......؟یوشع کے سوال پر باؤنوید نے سر ہلایا .

جی یہ اپنے سکول ماسٹر اللہ داد کی بیٹی ہے ______ نوید کے جواب پر یوشع سر ہلاتا دوبارہ لڑکی کا جائزہ لینے لگا.

جو شاید ڈر سے تھر تھر کانپ رہی تھی. چہرہ آنسوؤں سے تر تھا. آنکھوں میں لالی بھی تھی شاید کافی دیر سے رو رہی تھی .

یہاں کیا کر رہی تھی اور رو کیوں رہی ہو.......؟یوشع نے بندوق کی نالی سیدھی لڑکی کی طرف کرتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ جی____وہ جی میرے پاؤں میں کانٹا لگ گیا ہے. میں یہاں لکڑیاں لینے آئی تھی. نم دار آواز میں جواب آیا جبکہ وہ یوشع کو دیکھنے سے گریز کر رہی تھی .

ہمممم_____یوشع نے ایک نظر اس کے پاؤں کی طرف دیکھا

نام کیا ہے تمہارا......؟یوشع کی نظریں اس کے پاؤں پر تھیں .

امثال_____لڑکھراتی آواز میں لڑکی نے جواب دیا .

بڑا مشکل نام رکھا ہے بیٹی کا ماسٹر نے_____یوشع نے ہنستے ہوئے بندوق دوبارہ نوید کو دے دی .

کیا مطلب ہے اس کا________یوشع نے پوچھتے ہوئے قدم لڑکی کی طرف بڑھا دیے جبکہ وہ پیچھے ہونے لگی مگر پاؤں کی وجہ سے ہو نہیں پائی .

Posted On Kitab Nagri

میں نے پوچھا کیا مطلب ہے اس نام کا_____یوشع اب بلکل لڑکی کے مقابل کھڑا تھا جو بمشکل اس کے کندھے تک آرہی تھی .

جس کی کوئی مثال نہ ہو_____ڈری سہمی سی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے لڑکی نے جواب دیا .

باؤنوید اگر یہ لڑکی یہاں سے بھاگنے کی کوشش کرے تو اس پکڑ کر میرے کتوں کے آگے ڈال دینا_____یوشع کے حکم پر جہاں لڑکی کی روح فنا ہوئی وہیں نوید کو بھی حیرت کا شدید جھٹکا لگا .

سائیں جانے دیں اپنے گاؤں کی ہے_____نوید نے لڑکی کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے ہلکی آواز میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باؤنوید جو کہا کہ وہ کرو اور خود نیچے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا .

لڑکی نے مزید تیزی سے روتے ہوئے سر نفی میں ہلانا شروع کر دیا .

Posted On Kitab Nagri

چپ ایکدم چپ اگر زرا سی بھی آواز نکالی تو گولی سے کھوپڑی اڑادوں گا________یوشع کی دھاڑ پر وہ ایک دم سہم گئی اور مدد طلب نظروں سے نوید کی طرف دیکھا جواب بلکل اس کے برابر کھڑا تھا

پاؤں اوپر کرو______یوشع نے بغور اس کے پاؤں کو دیکھتے ہوئے کہا

میں خود ہی نکال لوں گی. مجھے جانے دیں_______امثال اب باقاعدہ آواز سے رونے لگی .

نوید میری بندوق دو یہ اس طرح چپ نہیں کرے گی__________یوشع کی دھمکی کافی کارآمد ثابت ہوئی اور آواز بند ہو گئی .

یوشع نے اس کا پاؤں پکڑ کر اوپر کیا اور کانٹے کا جائزہ لینے لگا جو کافی خاردار تھا

سکول جاتی ہو.....؟یوشع کے سوال پر لڑکی ایک دم چپ ہو گئی.

میں نے پوچھا سکول جاتی ہو.....؟یوشع نے پاؤں کو دیکھتے ہوئے رومال اپنی جیب سے نکالا

Posted On Kitab Nagri

جی جاتی ہوں. بمشکل حلق سے آواز نکلی

دس تک الٹی گنتی گنوں مگر آنکھیں بند کر کے جلدی کرو______یوشع نے اس کی لال آنکھوں میں دیکھتے ہوئے حکم دیا.

امثال نے نوید کی طرف دیکھا جو اسے نظروں سے تسلی دے رہا تھا اور انکھیں بند کر لیں.

امثال نے جیسے ہی گنتی پڑھنا شروع کی یوشع نے رومال سے پکڑ کر کانٹا زور سے باہر کھینچا.

ایکدم امثال کے منہ سے ایک بھیانک چیخ نکلی اور پاؤں سے خون کا فوارہ.

یوشع نے رومال اس کے پاؤں پر باندھ دیا اور ہاتھ جھاڑتا ہوا کھڑا ہو گیا.

پتہ نہیں کون کہتا ہے کہ لڑکیوں کی اواز سُریلی ہوتی ہے......؟

Posted On Kitab Nagri

میرے تو کانوں کے پردے پھٹے پھٹے بچیں ہیں______یوشع کی بات پر نوید مسکرا دیا جبکہ امشال اپنے پاؤں کو دیکھنے لگی.

یہ کانٹا زہریلا تھا اگر نہ نکالا جاتا تو اس کا زہر تمہارے لیے نقصان دہ بھی ہو سکتا تھا.

دوسرا جب تک تم گھر پہنچتی تب تک یہ بلکل اندر دھنس جاتا.

ورنہ مجھے کبھی بھی یہ شوق نہیں رہا کہ میں لڑکیوں کے پاؤں پکڑوں_____یوشع نے ایک نظر امشال پر ڈالی اور واپس مڑ گیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع سائیں ہیں_____اپنے حیدر آفندی کے بیٹے، بڑی حویلی والے______ماسٹر جی کو میرا سلام کہنا

نوید بتاتا ہوا اچل دیا کیونکہ وہ امشال کی آنکھوں میں چھپے سوال کو سمجھ گیا تھا .

Posted On Kitab Nagri

جبکہ امثال حیرت سے دور جاتے یوشع کو دیکھنے لگی.

نوید نے گاڑی آفندی ہاؤس کے سامنے روکی. وہ جتنا یہاں آنے سے کتراتا تھا قسمت اتنا ہی اُسے اِس دہلیز پر لے آتی تھی .

جلدی سے سامان اتارو وہ ملازموں کو کہتا ہوا گھڑی پر ٹائم دیکھنے لگا جب نظر غیر ارادی طور پر اوپر اٹھی جہاں ابھی ابھی کسی نے کھڑکی پر پردہ گرایا تھا .

باؤ نوید آپ کو بتول بی بی یاد کر رہیں ہیں______اس سے پہلے وہ گاڑی میں بیٹھتا ملازم نے آکر پیغام دیا .

نوید کو جتنی جلدی یہاں سے نکلنے کی تھی شاید اس سے کہیں زیادہ جلدی کسی کو اس سے ملنے کی تھی ______نہ چاہتے ہوئے بھی اس سے اندر کی طرف قدم بڑھا دئے.

Posted On Kitab Nagri

اتنے دنوں بعد آئے ہو پھر بھی ملے بغیر ہی جا رہے تھے.........؟

نیم بند دروازے سے بتول نے شکوہ کیا جبکہ حسب عادت نوید نوید سر جھکائے فاصلہ پر کھڑا تھا.

بی بی کوئی کام ہوا کرے تو پیغام بھجوا دیے کریں میں حاضر ہو جایا کروں گا______اپنے جذبات کو کنٹرول کرتے ہوئے آہستہ مگر بے لچک آواز میں جواب دیا.

کام سے کیا مراد ہے ....؟ مجھے تمہیں دیکھنا ہوتا ہے. اتنے دنوں سے ہم تڑپ رہے تھے________بتول نے دروازے کا پردہ ختم کرتے ہوئے جواب دیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوید نے ایک نظر اس ماہ جبین کو دیکھا اور دوبارہ سر جھکا لیا.

تم خود کو سمجھتے کیا ہو.........؟؟؟ ہمیں تم سے محبت ہو گئی ہے ورنہ ہم تم جیسوں کو__________بتول نے قدرے چیخ کر جملہ ادھورا چھوڑا

Posted On Kitab Nagri

ہو گی_____وہ شانے اچکا کر جانے لگا

ہو گی سے کیا مطلب----------؟؟؟

مجھے تم سے "محبت" ہے. وہ اُس کا گریبان پکڑ کر چلائی.

اور زور سے "چلائیں" اتنے زور سے کے سارا گاؤں سنے پھر میں یقین کروں گا_____اس نے اپنا گریبان چھڑاتے ہوئے نرمی سے طنز کیا جس پر وہ بجھ سی گئی

کیوں کیا ہوا_____ختم ہو گئی محبت----------؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اس کا جھکا سر دیکھ کر ہنسا

بی بی یہ "محبت" آپ کے بس کی بات نہیں. محبت چھپ چھپ کر نہیں ہوتی.

Posted On Kitab Nagri

یہ جو آپ مجھ سے کرتی ہیں ناااااا_______چوری چھپے۔ یہ گناہ ہے گناہ________جسے آپ محبت کا نام دیتیں ہیں۔

اور معزرت میں اس "گناہ" میں آپ کا ساتھ نہیں دے سکتا_______وہ جانے کے لیے پلٹا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپناناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

جس دن سب کے سامنے مجھ سے "محبت" کا اقرار کر سکیں اس دن بتایئے گا.

میں "چٹان" کی طرح آپ کے ساتھ کھڑا ہوں گا۔ مگر یوں چوری چھپے نہیں۔

سنو ہمارے خاندان میں باہر شادی کا رواج نہیں۔ میں مجبور ہوں_______ وہ مدہم آواز میں بولیں جیسے خود سے بھی شرمندہ ہوں .

"حیرت ہے آپ کے خاندان میں باہر شادی کرنے کی اجازت نہیں مگر مُحبت کی ہے ؟؟؟___________ "

میں آپ کی "بہادری" کی داد دیتا ہوں۔ نوید نے تالی بجائی اور طنزاً مسکراتا ہوا اچل پڑا۔

پھر کب آؤ گے.........؟؟؟ بے تابی سے پوچھا گیا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں ہر بار آخری بار سمجھ کر آتا ہوں مگر_______ایک نظر بتول کے اترے ہوئے چہرے کو دیکھتا وہ تیزی سے باہر کی جانب چل پڑا .

"فرق تھا ہم دونوں کی مُحبت میں، مُجھے اُس سے ہی تھی اور اُسے مُجھ سے بھی تھی!۔ "

وہ اس کی پشت کو دھندلی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے سوچنے لگی۔

کیوں میرا امتحان لیتیں ہیں.........؟

ہم غریب لوگ، کچے گھروں میں رہنے والے_____اتنے مہنگے خواب afford نہیں کر سکتے .

نوید نے سٹیرنگ پر ہاتھ مارتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کی اور ایک زخمی نظر اس کھڑکی پر ڈالی جہاں ابھی بھی کوئی کھڑا تھا .

Posted On Kitab Nagri

یونی کی چہل پہل اپنے عروج پر تھی. نئ صبح_____نیا سمسٹر______اور نئے فیلوززززز

اپنی دھن میں ببل چباتا اسے پتہ ہی نہیں چلا کہ کیسے وہ پروفیسر شہاب الدین سے ٹکرا گیا........؟؟؟

سوری سر وہ غلطی سے______سر کھجاتے ہوئے عکاشہ نے معزرت کی جبکہ اس کا مسکراتا چہرہ کہیں سے بھی شرمندہ نظر نہیں آرہا تھا.

برخوردار ہماری عمر میں نظر کا کمزور ہونا سمجھ آتا ہے مگر تمہاری عمر میں تو لوگ اڑتی چڑیا کہ پر گن لیتے ہیں پھر اتنا بڑا "گینڈا نما" پروفیسر نظر نہ آنا تشویش کی بات ہے.

پروفیسر صاحب کے طنز کو سمجھتے ہوئے عکاشہ نے لاڈ سے بازوان کے گرد حائل کیے اور کہا

Posted On Kitab Nagri

مسئلہ "نظر" کا نہیں "نیت" کا ہے. جو کسی پر بھی خراب ہو سکتی ہے. چاہیے پھر کوئی "پری" ہو یا "گینڈا"_____ساتھ ہی ایک بھرپور قہقہ لگایا .

کبھی تو شرمندہ ہو جایا کرو. تمہاری ماں کا خیال نہ ہو تو ابھی کھڑے کھڑے یونی سے نکال دوں. اتنی مشکوک حرکتیں کرتے ہو. پروفیسر شہاب نے اس کا بازو پیچھے کیا .

ویسے یہ جملہ بزات خود مشکوک ہے کہ تمہاری ماں کا خیال نہ ہو تو........... ؟؟؟ عکاشہ نے آنکھ دبائی اور اپنی گری کتابیں اٹھا کر جانے لگا مگر پھر کچھ سوچ کر پلٹا

اب آپ وہ کہہ ہی دیں جو ہر دفعہ گفتگو کے آخر میں مجھے کہتے ہیں جس سے مجھے اندازہ ہو جاتا ہے کہ آپ کی طرف سے اب خدا حافظ ہے تاکہ پھر میں جاؤں........؟؟؟

عکاشہ کی بات پر پروفیسر شہاب الدین نے اپنی عینک درست کی اور با آوازِ بلند اسے "الو کا پٹھا" کہا

Posted On Kitab Nagri

الو کا پٹھا اور وہ بھی میں ______ دونوں ہی خوبصورت ہوتے ہیں اس لیے مجھے بلکل برا نہیں لگتا جب آپ مجھے ایسا کہتے ہیں .

" آئی لو یو پروفیسر شہاب الدین" ______ ویسے کیا میں آپ کو پیار سے " شابو" بول سکتا ہوں ....؟؟؟

عکاشہ اور پروفیسر کی تکرار پر لطف اندوز ہوتے کتنے ہی سٹوڈنٹ ان کے گرد جمع ہو گئے تھے .

عکاشہ بس کرو یہ ڈرامہ ______ روز ہی کسی نہ کسی ساتھ لگا لیتے ہو ______ مس شمع کا پیریڈ شروع ہونے والا ہے. ماہم نے بھیڑ کراس کرتے ہوئے عکاشہ سے کہا

یار میرا دل اس "موم بتی" کی کلاس لینے کو نہیں کرتا. اس سے تو یہ "شابو" زیادہ مزے کا ہے ______ عکاشہ کے جواب پر ماہم نے اپنا سر تھام لیا. جبکہ سٹوڈنٹس "شابو شابو" کے نعرے لگانے لگے

Posted On Kitab Nagri

آج تو ضرور تمہیں چانسلر کی طرف سے کال آئے گی. ماہم نے دل میں سوچا مگر منہ سے کچھ نہ کہا کیونکہ کہنا فضول تھا .

اچھا سر آپ کو چھوڑ کر کہیں بھی جانے کو میرا دل نہیں کرتا پر کیا کروں..............؟؟؟

مجبور ہوں، چلتا ہوں_________عکاشہ کے اس قدر جذباتی ڈائیلاگ پر جہاں پروفیسر صاحب غصے سے لال ہوئے وہیں سٹوڈنٹس نے سیٹیاں بجائیں .

تیری تو_______پروفیسر صاحب ضبط کی انتہا پر تھے چہرہ لال سرخ .

ارے یہ کیا.........؟ پروفیسر صاحب تو غصے سے لال ہو رہے ہیں ....؟ ایک سٹوڈنٹ نے شرارت کی.

جی نہیں وہ غصے سے لال نہیں ہو رہے بلکہ میرے "اظہارِ محبت" پر ان کی گالیں بلش کر رہیں ہیں .

Posted On Kitab Nagri

مشرق کی یہی تو خوبصورتی ہے کہ لڑکیاں تو لڑکیاں ہمارے مرد بھی بہت شرمیلے ہوتے ہیں .

عکاشہ کے جملے نے جلتی پر تیل کا کام کیا اور سٹوڈنٹ سچ مچ پروفیسر کو دیکھ کر ہنسنے لگے اور وہ مزید لال ہوگئے .

جبکہ اس ساری سچویشن سے ماہم گھبرا کر رونے والی ہوگئی تھی. عکاشہ نے اسے افسوس بھری نظروں سے دیکھا .

ایک تو اس لڑکی کو ہر وقت رونے کا موقع چاہیے .

اوئے "مس موسلادھار" تجھے کیا ہوا ہے......؟ عکاشہ نے اس کے آگے چٹکی بجائی

مجھے تو ڈر لگ رہا ہے کہیں لڑائی ہی نہ ہو جائے ______ یہ سٹوڈنٹس کی ہوٹنگ سے پروفیسر صاحب شدید غصے میں آگئے ہیں.

Posted On Kitab Nagri

ماہم بی بی تمہاری اطلاع کے لیے عرض ہے کہ یہ ایک پرائیویٹ یونی ہے یہاں سٹوڈنٹس کی ویلیو پروفیسرز سے زیادہ ہے.

عکاشہ کی بات پر ماہم نے سر نفی میں ہلایا.

ویسے تم جنازوں پر کیوں نہیں جاتی ....؟؟؟ اچھا خاصا منافع بخش کاروبار ہے __________

عکاشہ کی بات پر ماہم نے اسے حیرت سے دیکھا

تم انسان نہیں بن سکتے.......؟ماہم جلدی جلدی بھیڑ سے نکل رہی تھی.

مجھے انسان بن کر کیا ملے گا.......؟شرارتی مسکراہٹ سے پوچھا گیا

تمہیں کچھ ملے نہ ملے مگر ہم سب کو "سکون" مل جائے گا______ماہم کے جواب پر عکاشہ نے ہنستے ہوئے راستے میں پڑے چھوٹے سے پتھر کو اپنے جوگر سے ٹھکر لگائی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اب مصیبت عکاشہ کو بلاتی تھی یا عکاشہ مصیبت کو مگر جو بھی تھا پتھر سیدھا سامنے سے آتی ہوئی مس شمع کی عینک پر لگا.

ماہم نے یہ منظر دیکھتے ہی سوالیہ نظروں سے اسے گھورا جیسے پوچھ رہی ہو کہ اب یہ کیا تھا________ جس پر وہ کندھے اچکا کر رہ گیا.

تمہارے ساتھ چلنا بھی گناہ ہے_____ جبکہ وہ مسکرادیا جیسے اس کا قصور ہی نہ ہو.

راشدہ بیگم آپ کا صاحبزادہ کہاں ہے کتنے دنوں سے نظر نہیں آیا_________ نہ کھانے پر______ نہ ناشتے پر________ حیدر آفندی نے بڑی سرکار کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا.

سائیں آپ کو تو پتہ ہے کہ آج کل شکار کا موسم ہے اور وہ کتنا شکار کا دیوانہ ہے _________ راشدہ بیگم نے ڈرائے فروٹس کی ٹوکری حیدر آفندی کے آگے کی.

Posted On Kitab Nagri

لگتا ہی نہیں ہے کہ یہ لڑکا آکسفورڈ کا پڑھا ہوا ہے_______ حیدر آفندی نے افسوس سے سر ہلایا.

حیدر اس میں افسوس والی کیا بات ہے.......؟؟؟

اس کا دادا بھی شکار کا شوقین تھا اور وہ اپنے دادا پر گیا ہے. بہادر دادا کا بہادر پوتا_______ بڑی سرکار نے گردن اکڑاتے ہوئے فخر سے کہا

اماں آپ کی بات بجا ہے لیکن_______ ابھی حیدر آفندی نے اتنا ہی کہا تھا کہ بڑی سرکار نے ہاتھ کے اشارے سے انھیں مزید بولنے سے منع کیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم چاہتے ہو کہ میرا پوتا تمہارے اس شہری چوزے کی طرح ماں کا پلو پکڑ کر چلے. پتہ نہیں تمہارا ہے بھی کہ نہیں_______ بڑی سرکار کے لہجے میں حقارت تھی.

Posted On Kitab Nagri

کتنی بار کہا ہے یہ جملہ نہ بولا کریں_____ میرے خون کو گالی مت دیا کریں_____ آپ کے کہنے پر چھوڑ تو دیا ہے اب میرا جینا حرام تو نہ کریں_______ حیدر آفندی غصہ ضبط کرتے باہر کی طرف نکل گئے .

اگر تجھ میں کوئی خوبی ہوتی تو یوں یہ اس "بال کٹی مرغی "کا غم نہ منا رہا ہوتا .

میں نے حیدر کو تیرے تک محدود کرنے کے لیے کیا کیا نہیں کیا______ مگر تو_________ بڑی سرکار نے افسوس سے راشدہ بیگم کی طرف دیکھا جو سر جھکائے بیٹھیں تھیں .

وہ عورت ہی کیا جو اپنے خاوند کو قابو نہ کر سکے_______ خاندان میں تیری جیسی دوسری کوئی عورت خوبصورت نہیں______ مگر تجھ سے حیدر جیسا سیدھا سادہ انسان قابو نہ ہوا .

جو عورتیں اپنے خاوندوں پر قابو نہیں رکھتیں ان کے شوہر ایسے ہی دوسری غیر خاندانی عورتیں لے اڑتیں ہیں .

Posted On Kitab Nagri

میرا تو کسی بھی صورت اس مرغی کے بچے کو اپنے یوشع کا حق نہیں مارنے دوں گی______ بڑی سرکار نے راشدہ بیگم کو ہمیشہ کی طرح کوستے ہوئے کہا

ابھی تک تو کوئی ایسا پیدا نہیں ہوا جو یوشع حیدر آفندی کا حق مار سکے. مستقبل کا میں کچھ کہہ نہیں سکتا ________یوشع جو ابھی ابھی سٹنگ روم میں داخل ہوا تھا بڑی سرکار کی بات کا جواب دیتے ہوئے ان کے ہاتھ چومنے لگا

میرا شہزادہ بلکل میرا شیر ہے تو______یوشع کو دیکھتے ہی بڑی سرکار کی آنکھوں میں ایک عجیب سے چمک ابھری تھی.

جو راشدہ بیگم کو بلکل پسند نہیں آئی کیونکہ بڑی سرکار کی یہی باتیں یوشع میں غرور بھر رہیں تھیں .

مستقبل میں بھی میرے بیٹے جیسے کوئی نہیں ہو گا کیونکہ اس دنیا میں ایک ہی ہے "یوشع حیدر آفندی" ______ آفندی خاندان کا اکلوتا چشم و چراغ ________ دادی کی بات پر یوشع نے مسکراتے ہوئے اپنا سر ان کی گود میں رکھا .

Posted On Kitab Nagri

کیا میرا بیٹا بھی نہیں.........؟؟؟یوشع کے سوال پر بڑی سرکار کھل کر مسکرائیں .

ہاں اسے اجازت ہے______بڑی سرکار نے محبت سے یوشع کا ماتھا چوما اور اس منظر کو اندر آتی بتول نے ناگواری سے دیکھا

تم آج کتنے دنوں بعد ہمیں اپنی شکل دکھا رہی ہو_____بڑی سرکار نے قدرے غصے سے بتول کی طرف دیکھا جواب راشدہ بیگم کے برابر بیٹھ چکی تھی .

سارا دن حویلی میں فارغ ادھر ادھر پھرتی رہتی ہو______بور نہیں یو جاتی_____یوشع بھی اسے دیکھتے ہوئے اٹھ بیٹھا جبکہ بڑی سرکار کو یوں یوشع کا بتول سے بات کرنا سخت ناگوار گزرا .

کرنے کو کچھ ہے ہی نہیں تو______بتول اپنے لیے دادی کی نظروں میں ناپسندیدگی دیکھتے ہوئے بولی .

Posted On Kitab Nagri

تم نے کتنا پڑھا ہے........؟؟؟یوشع نے کچھ سوچتے ہوئے پوچھا

یہاں گاؤں کے سکول سے ہی میٹرک کیا ہے پھر بڑی سرکار نے آگے پڑھنے نہیں دیا_______ جبکہ چاچو حیدر چاہتے تھے کہ میں پڑھوں .

بتول نے ڈرتے ڈرتے آہستہ آواز میں جواب دیا .

حیدر کا بس چلے تو اس گاؤں کی تمام لڑکیوں کو اپنی "دُم کٹی مرغی" کی طرح بنا دے_______ بڑی سرکار نے یوشع کا لحاظ کرتے ہوئے اپنا غصہ دبایا .

راشدہ تم زرا کچن میں رات کے کھانے کا انتظام دیکھو اور بتول کو بھی ساتھ لے جاؤ________ بڑی سرکار نے منظر سے پوتی اور بہو کو غائب کیا .

یوشع جب تجھے پتہ ہے کہ بتول تیری بچپن کی منگ ہے تو کیوں اسے اتنا منہ لگاتا ہے........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

مجھے شادی سے پہلے تیرا اس سے یوں مخاطب ہونا بلکل پسند نہیں________ اگر میرے مرحوم بیٹے کی خواہش نہ ہوتی تو کبھی بھی میں بتول جیسی لڑکی سے تیری شادی نہ کرتی.

بڑی سرکار کی بات پر یوشع نے اپنے کندھے پر چادر درست کی اور جیب سے موبائل-فون نکال کر استعمال کرنے لگا

موبائل-فون کب سے بج رہا تھا مگر وہ کبھی بھی اپنے لیکچر کے دوران کال اٹینڈ نہیں کرتیں تھیں.

کلاس سے باہر آتے ہی انھوں نے پرس سے اپنا فون نکالا مگر مسڈ کالز جس نمبر سے آئیں تھیں وہ ناقابلِ یقین تھا.

کچھ دیر فون کو دیکھنے کے بعد انھوں نے اس نمبر پر ایک "مس بل" دی کیونکہ کال کرنے کی اجازت نہ تھی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

آنکھیں اپنی ناقدری پر ماتم کناں تھیں. چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتیں وہ کب آفس میں داخل ہوئیں انھیں خود بھی اندازہ نہ ہوا.

Posted On Kitab Nagri

ایک بار پھر موبائل کی بلیک سکرین کو دیکھا جو شاید اُن کا حال اور مستقبل بیان کر رہا تھا.

ابھی آنکھیں مایوسی کا لبادہ اوڑھنے ہی لگیں تھیں کہ ایک بار پھر اسی نام سے سکرین چمک اٹھی.

جب فاصلے زیادہ ہو جائیں تو اپنی عزیز ترین ہستی سے بھی بات کرتے ہوئے ہچکچاہٹ ہوتی ہے.

عدن آپ آج اتنی چپ کیوں ہیں_______کیا ہوا ہے________پریشان ہیں.........؟؟؟

ایک ہی سانس میں کئی سوال پوچھ ڈالے_____پہلے مجھے یقین تو کر لینے دیں کہ آپ نے آج پورے تین مہینے بعد مجھے یاد کیا ہے.

عدن کے گلہ پر حیدر آفندی نے ایک گہرا سانس خارج کیا.

Posted On Kitab Nagri

آپ سب جانتی ہیں. میں نے کبھی جھوٹ تو نہیں بولا_______حیدر کی مدہم آواز نے ان کی سماعتوں کو گویا بصارت بخشی.

کچھ چاہیے______کسی چیز کی ضرورت ہے______کوئی کمی تو نہیں______ایک بار پھر اس مہربان آواز نے پوچھا

بس ملنے آجائیں______آپ کی ضرورت ہے______مجھ سے مزید یہ کمی برداشت نہ ہو گی.

عدن__________حیدر آفندی یہاں ہی بے بس ہو جاتے تھے.

نہیں آئیں گے_______مجھے معلوم ہے_______مگر آپ کا بیٹا اب باغی ہو رہا ہے. اس کے لیے ہی آجائیں.

ایک آخری کوشش بلانے کی______عدن نے دل کو حوصلہ دیا.

Posted On Kitab Nagri

اچھا پھر بات کروں گا اور آنے کی کوشش بھی______مگر وعدہ نہیں_____اپنا خیال رکھنا.

تمہارا تھا اور تمہارا ہی رہوں گا جہاں بھی رہوں______حیدر آفندی کی آواز اب سپیکر میں نہیں تھی مگر عدن اس آخری جملے پر ہی ٹھہر گئیں تھیں.

مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ تم کس چکر میں اتنا رو رہی ہو.........؟

ماہم کو مسلسل روتا دیکھ کر حرم کو اب غصہ آنے لگا تھا.

یارررر مس شمع نے کمپلین کی ہے اگر انھوں نے مجھے یونی سے نکال دیا تو________ماہم نے لال سرخ ناک اور آنکھوں سمیت اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اول تو وہ تمہیں نہیں نکالیں گے کیونکہ تم ایک لائق سٹوڈنٹ ہو________ دوم اگر کچھ بھی ایسا ہوا تو ہم حارث بھائی سے بات کریں گے وہ سب سنبھال لیں گے. کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہو گئ. حرم نے تسلی دی.

کیسے کانوں کان خبر نہیں ہو گئی.........؟؟؟

میرے ہوتے ہوئے بلکہ میرے جیتے جی تو یہ ممکن نہیں ہے _______ عکاشہ نے بیک سی چھلانگ لگائی اور دونوں کے سامنے کھڑا ہو گیا

دفع ہو جاؤ یہاں سے_____ کیوں اس کو ڈرا رہے ہو..........؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حرم نے اپنی فائل زور سے اسے ماری مگر وہ بچ کر گھاس پر بیٹھ گیا .

فائق اسے سمجھاؤ نااااا________ حرم نے فائق کو مدد کے لیے پکارا

Posted On Kitab Nagri

اسے سمجھانے والا ابھی اس دنیا میں نہیں آیا. اس لیے میری معزرت قبول کریں______کچھ دور بیٹھے فائق نے ایک نظر عکاشہ کو دیکھتے ہوئے جواب دیا .

تمہیں کیا ملے گا اس بیچاری کو پریشان کر کے_____؟؟؟

حرم نے ماہم کا چہرہ دیکھتے ہوئے پوچھا

مزہ______جب یہ روتی ہے نااااا قسم سے مجھے بڑا اچھا لگتا ہے. عکاشہ کی شرارت کو سمجھتے ہوئے حرم نے سر نفی میں ہلایا .

میرے ساتھ ساتھ تم بھی یونی سے آؤٹ ہو گے سمجھے_____اپنے طور پر ماہم نے سوں سوں کرتے دھمکی دی .

بروقت اطلاع دینے کا شکریہ_____مگر ماہم عرف "مس موسلا دھار" جب تک میری ماں HOD ہیں مجھے کوئی اس یونی سے نکال نہیں سکتا .

Posted On Kitab Nagri

دوسرا یہ جو اپنا شابو ہے نااااا________یہ میری ماں پر بری طرح فدا ہے .

اکیلے میں مجھے ڈانٹتا ہے مگر جیسے ہی میری ماں سامنے آتی ہے فوراً بدل جاتا ہے.

"بچہ ہے ٹھیک ہو جائے گا"________عکاشہ نے پروفیسر شہاب کی نقل اتاری اور قہقہے لگانے لگا

توبہ ہے______حرم نے جھرجھری لی .

خیر اگر تم چاہو تو میں تمہاری شفارش کر سکتا ہوں.........؟؟؟ مگر ایک شرط پر__________عکاشہ کی بات پر ماہم کے رونے کو بریک لگی

کیسی شرط......؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ماہم اس کی باتوں پر دھیان مت دو اس کا کام ہی بکواس کرنا ہے ______ حرم نے ماہم کے پوچھنے پر اسے سمجھایا.

تم تو اپنا منہ بند ہی رکھو تو اچھا ہے ______ اتنی بھی تمیز نہیں کہ دو لوگ جب آپس میں ڈیلنگ کر رہے ہوں تو خاموش بیٹھتے ہیں. عکاشہ اپنے کپڑے جھاڑتا اٹھ کھڑا ہوا.

اچھا بتاؤ.........؟؟؟ماہم نے سنجیدگی سے پوچھا

مشکل کام نہیں ہے بس تم مجھے لائبریری سے یہ والی کتاب لادو ______ عکاشہ نے ماہم کے ہاتھ سے اس کا پن لیتے ہوئے اسی کے رجسٹر پر نام لکھا

بس یہی ______ اب کی بار ماہم کے ساتھ ساتھ حرم بھی حیران تھی.

ہاں تو میں نے کونسا تم سے دودھ کی نہر کھدوانی ہے لیکن تمہیں اکیلا ہی جانا ہو گا ________ عکاشہ بلکل سیریس تھا.

Posted On Kitab Nagri

ہم اس کمینے کو پچھلے ڈیڑھ سال سے جانتے ہیں اور یہ ہر دفعہ ہمیں بے وقوف بنا جاتا ہے.

لہذا مفت مشورہ ہے کہ اس کی باتوں میں مت آنا________فائق بھی ڈیل سن کر اب انکے قریب آ گیا تھا

ایک تو تیرے والدین نے باقیوں کی طرح تیرا نام انتہائی عجیب رکھا ہے.

لائق لفظ کا "بیڑہ غرق" کرو تو فائق بن جاتا ہے____دوسرا تجھے بھی حرم والی بیماری لگ گئی ہے اس سے دور رہا ہے. عکاشہ نے ذومعنی شرارت سے فائق کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا میں جاتی ہوں مگر وعدہ کرو کہ میری کمپلین کینسل کرا دو گے_____ماہم نے اٹھتے ہوئے انگلی اٹھا کر تصدیق چاہی جس پر عکاشہ نے سینے پر ہاتھ رکھ کر سر کو خم دیا.

Posted On Kitab Nagri

بیٹا تو جاتو سہی تجھے لگ پتہ جائے گا__________عکاشہ نے ماہم کولان سے باہر جاتا دیکھ کر دل میں سوچا

جب دس منٹ تک ماہم واپس نہیں آئی تو حرم کو پریشانی ہونے لگی .

لائبریری تو پچھلے بلاک میں ہے اب تک ماہم کو آ جانا چاہیے تھا________میں اسے دیکھ کر آتی ہوں.

وہ کتاب لائبریری کے دوسرے پوشن کے آخری ریک میں سب سے اوپر پڑی ہے اس لیے وقت لگے گا اس کو آنے میں_________تم آرام سے بیٹھ جاؤ.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ نے موم پھلی کھاتے ہوئے اطمینان سے حرم کو جواب دیا.

تمہیں کیسے پتہ کہ کتاب وہاں پڑی ہے............؟؟؟ جبکہ اکاؤنٹس کی تمام کتابیں پہلے ریک میں ہی ہیں________حرم کو اب عکاشہ پر شک ہوا.

Posted On Kitab Nagri

اس لیے کہ وہ وہاں میں نے خود رکھی ہے بزات خود ________ عکاشہ ابھی بھی مزے سے موم پھلی کھانے میں مصروف تھا.

جب مزید دس منٹ گزر گئے تو حرم سے برداشت نہ ہوا.

تمہاری شرط جہنم میں گئی میں اسے دیکھنے جارہی ہوں ________ حرم کہتی ہوئی وہاں سے پیر پٹختی نکل گئی .

تم بھی جاؤ______ ظاہری سی بات ہے تمہارا جانا بھی بنتا ہے ______ فائق کو حرم کے پیچھے جاتا دیکھ کر عکاشہ نے کمنٹس پاس کیے.

ویسے تمہارے لیے میرے پاس ایک مفت مشورہ ہے ________ عکاشہ کی بات پر فائق نے پلٹ کر اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

یہ جو تمہارے اور حرم کے درمیان series connection ہے نااااا________ایک کا موڈ خراب ہو تو دوسرے کا بھی خود بخود ہو جاتا ہے .

اسے parallel connection میں تبدیل کرلو تاکہ ایک کا فیوز اڑنے پر دوسرے کا قائم رہے.

اپنی بات کے آخر میں عکاشہ نے فائق کا کندھا تھپکا اور چل پڑا.

مجھے آگے ہی تجھ پر شک ہو رہا تھا کہ تو کچھ نہ کچھ گڑبڑ ضرور کرے گا_______فائق بھی اس کے پیچھے چلتا ہوا کہنے لگا

تو روک لیتے نااااااپنی "سالی" کو_______عکاشہ کی بات پر فائق نے اسے ایک زوردار مکا رسید کیا اور لائبریری کی طرف چل پڑا.

میں کیا کروں لوگ خود ہی میری بات مانتے ہیں میں زبردستی تو نہیں کرتا...........؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

چل بیٹا عکاشہ آج کا دن کافی مزے دار ہونے والا ہے ________ وہ خود کلامی کرتے ہوئے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف چل دیا

یوشع کو گاؤں کی زندگی اور ماحول شروع سے ہی بہت پسند تھا. اسی لیے وہ اپنی تعلیم مکمل کرتے ہی واپس لوٹ آیا تھا.

آج بھی وہ گاؤں کی سیر کے لیے جیپ لے کر نکلا تھا. آس پاس پھیلے ہوئے سرسوں کے کھیت اپنی خوبصورتی سے اس کی آنکھوں کو خیراں کر رہے تھے. جب اس کا موبائل- فون بجا.

ڈش بورڈ سے فون اٹھاتے ہوئے جو نام سکرین پر جگمگا رہا تھا اسے دیکھ کر یوشع نے جیپ آہستہ سے ایک سائیڈ پر روکی .

اسلام علیکم ______ مودبانہ سا سلام کیا .

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم السلام______پہچانا........؟؟؟بڑے ہی مان سے پوچھا گیا .

ایک بیٹے اپنی ماں کو ہر حال میں پہچان لیتا ہے تو میں کیوں نہیں پہچانو گا.یوشع کے جواب نے عدن کا دل خوش کر دیا .

اچھا اگر پہچان لیا ہے تو یہ بھی یاد ہو گا کہ تم نے اتوار کو آنے کا وعدہ کیا تھا .

اوہ سوری چھوٹی ماما______میں بھول گیا تھا.یوشع نے معزرت کی .

کوئی بات نہیں______بس تمہیں دیکھنے کو دل کر رہا تھا.عدن کی محبت پر یوشع کو مزید شرمندگی ہوئی .

آپ مجھ سے اتنا پیار کیوں کرتیں ہیں........؟؟مجھے شرمندگی ہوتی ہے .

Posted On Kitab Nagri

حیدر آفندی جس جس سے "محبت" کرتا ہے چاہے وہ کوئی انسان ہو_______ حیوان ہو______ یا بے جان اشیاء______ مجھ پر لازم ہے کہ میں ان سے محبت کروں .

دوسرا تم بلکل اپنے باپ جیسے ہو. اس لیے بھی بہت اچھے لگتے ہو. عدن ہمیشہ ہی یوشع کو لاجواب کر دیتی تھی .

مگر بابا تو مجھے پیار نہیں کرتے.......؟؟؟یوشع نے شرارت سے کہا

ایک تو تم دونوں بھائی پتہ نہیں کیوں میرے حیدر کے پیچھے پڑے رہتے ہو______ عدن نے مصنوعی غصہ کیا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ کیسا ہے.........؟؟؟یوشع نے موزوں بدلہ جانتا تھا اب وہ سیریس ہو جائیں گی .

اس کا تو پوچھو مت. پتہ نہیں کیا کیا کرتا رہتا ہے..........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

میں چاہتی ہوں تم اسے سمجھاؤ______عدن کی بات پر یوشع نے حامی بھر لی.مان بھی تو رکھنا تھا .

)کون کہتا ہے سوتیلی ماں اچھی نہیں ہوتی..........؟؟؟یوشع دل میں سوچنے لگا (

Posted On Kitab Nagri

کال بند کرتے ہی اس نے فون ڈش بورڈ پر رکھا ایک پل کے لیے اس کا دھیان سڑک سے ہٹا تو ایک بھیانک زنانہ چیخ نے اس کے کانوں کو جلا بخشی. فورا بریک لگائی.

یوشع جلدی سے جیپ کا دروازہ کھول کر باہر نکلا تو سڑک پر کچھ لکڑیاں بکھری پڑیں تھی اور ایک لڑکی گری ہوئی.

سوری_____آپ کو چوٹ تو نہیں لگی......؟؟؟

یوشع نے اس کے قریب بیٹھتے ہوئے پوچھا جس پر اس نے خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھا

تم_____تم وہی ہو ناااا جسے اس دن_____یوشع نے کہتے ہوئے اس کے پاؤں کی طرف دیکھا جہاں آج بھی وہی رومال بندھا تھا

"چیخنے" اور "چوٹ کھانے" کے علاوہ تیسرا کونسا کام ایسا ہے جو تم اچھے سے کرتی ہو_______؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یوشع نے جیپ کے بونٹ پر بیٹھتے ہوئے اس کا جائزہ لیا جو اب اپنی لکڑیاں اکٹھی کر رہی تھی.

تم نے میری بات کا جواب نہیں دیا_____جب وہ لڑکی مکمل خاموشی سے اپنا کام کرتی رہی تو یوشع نے اسے دوبارہ مخاطب کیا

میں الٹی گنتی ایک سانس میں گن سکتی ہوں وہ بھی بلکل ٹھیک_____اس کا معصومانہ جواب یوشع کو مسکرانے پر مجبور کر گیا.

نام کیا تھا تمہارا.......؟؟؟یوشع نے بونٹ سے اترتے ہوئے پوچھا

اس دن بتایا تو تھا_____لڑکی نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا

مجھے یاد نہیں رہا_____یوشع نے اپنی چادر کندھے پر ڈالی

امثال، امثال اللہ داد_____لڑکی اب اپنی لکڑیاں باندھ رہی تھی.

Posted On Kitab Nagri

امثال تک تو ٹھیک ہے مگر "اللہ داد" کچھ عجیب سا لگتا ہے. تمہارے نام ساتھ کوئی زبردست سا نام ہونا چاہیے جیسے_____یوشع نے سوچنے کی ایکٹنگ کی

میرے ابا جی کا نام ہے____ عجیب نہیں بہت پیارا لگتا ہے______لڑکی اب لکڑیاں سر پر رکھنے لگی تھی.

ارے تمہارے بازو پر چوٹ لگی ہے______یوشع کی نظر اس کے بازو پر پڑی.

میں انکھیں بند کر کے الٹی گنتی نہیں پڑھوں گی_____امثال نے زور زور سے نفی میں گردن ہلائی. جس پر یوشع کے ہونٹ مسکرا دیے.

میں ایسا کرنے کو کہوں گا بھی نہیں_____یہ رومال باندھ لو تاکہ گھر جانے تک خون رکا رہے. یوشع نے اپنی جیب سے ایک خوشبودار رومال اس کی طرف بڑھایا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لے لو_____امشال کے ہچکچانے پر یوشع ایک قدم آگے بڑھا.

شکریہ_____امشال نے رومال پکڑتے ہوئے کہا

تمہارا کوئی بھائی نہیں ہے......؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر امشال کو حیرت ہوئی

ہے___بلکل ہے. مگر آپ کیوں پوچھ رہے ہیں .

تو پھر تم کیوں لکڑیاں لے کر جاتی ہو........؟؟؟یوشع کے سوال پر امشال نے سر پر لکڑیاں رکھی اور چل دی.

عجیب بتمیز زززلڑکی ہے مگر ہے دلچسپ______یوشع کہتا ہوا واپس جیپ کی طرف مڑ گیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر آفندی اپنے کمرے میں بیٹھے زمینوں کا حساب کتاب دیکھ رہے تھے جب راشدہ بیگم چائے کا کپ تھامے اندر داخل ہوئیں.

زرا یوشع کو بلا دو______اگر وہ نواب صاحب اپنے کمرے میں ہیں تو______حیدر نے ایک نظر راشدہ کو دیکھتے ہوئے کہا

بڑی سرکار حد سے زیادہ اس کے نخرے اٹھاتیں ہیں اور آپ ضرورت سے زیادہ سختی کرتے ہیں. اس طرح اس کی شخصیت متاثر ہو رہی ہے______راشدہ بیگم نے چائے کا کپ حیدر آفندی کے قریب رکھا

راشدہ بیگم کی بات پر حیدر آفندی نے ایک ناگوار نظر ان پر ڈالی.

مجھ سے بحث نہ کیا کرو______مجھے غصہ آتا ہے. بس یوشع کو بلا دو اور جاؤ یہاں سے______حیدر آفندی نے ہاتھ کے اشارے سے انھیں جانے کا کہا

Posted On Kitab Nagri

عدن سے تو آپ بڑے پیار سے بات کرتے ہیں______وہ بھی بیوی ہے آپ کی اور میں بھی ______پھر اتنا فرق کیوں.........؟؟؟

عدن کے نام پر حیدر آفندی کا ہاتھ تھما.

اچھا تو اب میں اس گھر میں فون پر بھی بات نہیں کر سکتا.......؟؟؟ انداز "پوچھنے والا" تھا یا "بتانے والا" راشدہ بیگم کو پتہ نہ چل سکا

میں صرف "محبت" کی بات کر رہی ہوں. راشدہ بیگم نے جتایا.

اس کے حصے میں حیدر آفندی کی "محبت" آئی ہے تو تمہیں پورا حیدر آفندی________نقصان میں تو نہ رہی تم_____حیدر کی بات راشدہ بیگم کو کچھ خاص پسند نہیں آئی.

میرے پاس ہوتے ہوئے بھی آپ اسی کے پاس ہوتے ہیں______گلہ زبان سے نکلا

Posted On Kitab Nagri

یہ فیصلہ بھی تمہارا تھا______یاد کرو، میں نے اختیار دیا تھا. حیدر آفندی کے جواب پر وہ چپ چاپ کمرے سے نکل گئیں.

جنوری کی شامیں دسمبر سے بھی زیادہ سرد ہوتیں ہیں اور آج تو ہوا کے ساتھ ساتھ بوندا باندی بھی جاری ہے________بتول نے کھڑکی کے پاس کھڑے ہوتے ہوئے سوچا

آج صبح سے ہی میرا دل کچھ بے چین ہے. پتہ نہیں کیا ہونے والا ہے.

نوید بھی کتنے دن سے نہیں آیا.........؟؟؟بتول دل میں سوچتی انگلیوں پر حساب لگانے لگی.

آہ______پورے پانچ دن ہو گئے ہیں اس بے وفا کو دیکھے ہوئے. کیا پتہ آج آ جائے________ بتول نے سرد آہ بھرتے ہوئے کھڑکی کا پردہ سرکایا جہاں سے گیٹ اور اس کے آس پاس کا حصہ بلکل واضح نظر آتا تھا.

Posted On Kitab Nagri

سارادن کھڑکی پاس کھڑے ہو کر گزارا ہے.اب تو میری ٹانگیں بھی کھڑے ہو ہو کر تھک گئیں ہیں.

انتظار بہت ہی بری چیز کا نام ہے خاص طور پر جب اپنے محبوب کا ہو______بتول سوچتی ہوئی پاس پڑے صوفے پر پاؤں اوپر کر کے بیٹھ گئی.

جسم کو زرا سی حرارت ملی تو وہ کب نیند کی وادیوں میں نوید ساتھ سفر کرنے لگی اسے خود بھی پتہ نہ چلا.

راشدہ بیگم کمرے میں داخل ہوئیں تو سرد ہوا کے جھونکوں نے ان کا استقبال کیا.

عجیب پاگل لڑکی ہے.کھڑکی کھول کر سو رہی ہے______راشدہ بیگم نے بڑبڑاتے ہوئے کھڑکی بند کی اور پردے گرا دیے.ہیٹر آن کیا اور بتول کو پیار سے پکارا.

بتول بیٹا یہاں کیوں سو رہی ہو.........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ارے تمہیں تو بخار ہو رہا ہے زرا اپنا چہرہ تو دیکھو_____کیسے بخار کی شدت سے دہک رہا ہے.

راشدہ بیگم کی آواز پر وہ اپنی آنکھوں کو بمشکل کھولنے کی کوشش کرنے لگی.

چچی آپ_______بتول نے انھیں دیکھتے ہی حیرت کا اظہار کیا.

صوفے پر سو رہی ہو_____ہیٹر بھی آن نہیں کیا_____اور کھڑکی بھی کھلی رکھی ہوئی تھی .

بیمار نہیں ہو گی تو اور کیا ہو گا........؟؟؟

اپنے مرنے کا پورا بندوبست کیا ہوا ہے.ہم پر زرا رحم نہیں آتا کہ تمہارے بنا کیا کریں گے.........
؟؟؟

راشدہ بیگم نے پیار سے بتول کو اپنے ساتھ لگایا.

Posted On Kitab Nagri

چچی پتہ ہی نہیں چلا کب میری آنکھ لگ گئی______بتول کچھ شرمندہ ہوئی.

تمہارا بخار تو تیز ہوتا جا رہا ہے اگر رات زیادہ طبیعت خراب ہو گئی تو________راشدہ بیگم کی بات پر وہ پھیکا سا مسکرائی.

میں یوشع کو کہتی ہوں تمہیں ہسپتال لے جائے______چچی کی بات پر بتول نے بگڑے منہ ساتھ انھیں دیکھا

میں بلکل ٹھیک ہوں. کچھ نہیں ہوا مجھے_______آپ فکر نہ کریں صبح تک بخار بھاگ جائے گا. بتول یوشع ساتھ کہیں بھی جانا نہیں چاہتی تھی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں صرف تمہاری چچی یا ساس نہیں ہوں______میں تمہاری ماں بھء ہوں اور تم میری بیٹی______چلو شاباش اٹھ کر چادر لو میں یوشع کو دیکھتی ہوں.

راشدہ بیگم نے الماری سے کالی شیشوں والی چادر نکال کر دی.

Posted On Kitab Nagri

مرے مرے قدموں سے وہ باہر آئی مگر ڈرائیونگ سیٹ پر کالے لباس میں ملبوس شخص کو دیکھ کر اس کے اندر زندگی کی لہر دوڑ گئی.

یوشع تو ابھی کسی کام سے باہر گیا ہے تو میں نے نوید کو کہہ دیا ہے______ تم پریشان مت ہو بڑا ہی نیک اور شریف بچہ ہے.

راشدہ بیگم نے بتول کی آنکھوں میں حیرت دیکھ کر وضاحت دی اور اسے گاڑی کے اندر بٹھایا.

بیٹا بی بی کو قریبی ہسپتال سے دوا لا دو. بہت بخار ہے اور احتیاط سے جانا________ راشدہ بیگم کی ہدایت پر نوید نے فرمانبرداری سے سر ہلایا اور بغیر پیچھے دیکھے ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی.

تم بہت مغرور ہو ہم تمہاری جدائی میں بیمار پڑ گئے ہیں مگر تم نے عیادت کرنے کی زحمت نہیں کی. گاڑی کی خاموشی کو بتول کی آواز نے ختم کیا.

Posted On Kitab Nagri

بی بی آپ کیوں مجھ غریب پر رحم نہیں کرتیں.........؟؟؟

آپ کیوں چاہتی ہیں کہ میرا جسم سائیں کے کتوں کی خوراک بنے.........؟؟؟

میرے گھر والوں کو سائیں اس گاؤں سے دھکے مار مار کر نکال دیں......؟؟؟

آپ کیوں مجھ سے میری عزت، میری وفاداری اور میرا رزق چھیننا چاہتی ہیں.

میں نے آپ کا کیا بگاڑا ہے........؟؟؟

میں انسان ہوں بہک جاؤں گا مت کیا کریں ایسا________نوید کے لہجہ میں شدید بے بسی تھی.

میں اپنی محبت کے ہاتھوں مجبور ہوں. تمہیں نہ دیکھوں تو میرا سر پھٹنے لگتا ہے.

Posted On Kitab Nagri

پیتہ آج صبح سے تمہارا انتظار کر کر کے مجھے سردی لگ گئی ہے. مگر تم نے ایک نظر دیکھنا بھی پسند نہیں کیا.

تمہیں بھی تو مجھ پر زرا ترس نہیں آتا________اپنی بات کے آخر میں وہ خود ہی ہنسی

آپ بلکل غلط راستے پر چل رہیں ہیں. اس کی کوئی منزل نہیں. تھک جائیں گی. ابھی بھی وقت ہے لوٹ جائیں. نوید نے اب کی بار قدرے نرم لہجے میں سمجھایا

میں تمہیں اچھی نہیں لگتی ہوں پر میں کیا کروں.........؟؟؟

مجبور ہو جاتی ہوں_______بتول کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ پانی بہنے لگا

(کون کافر ہے جو ایسی شریک حیات نہ چاہے گا.........؟؟؟ مگر میں آپ کے قابل نہیں ہوں ہم سمندر کے دو کنارے ہیں کبھی مل نہیں سکتے. نوید نے بیک مرر میں اس پری وش کو روتا دیکھ کر سوچا)

Posted On Kitab Nagri

آپ آگے ہی بیمار ہیں پلیز زز روئیں نہیں______طبیعت بگڑ جائے گی.

نوید کی بات پر بتول نے اپنے آنسو صاف کیے اور ایک شکوہ بھری نظر سے اس کی پشت کو دیکھا

اگر میرے آنسوؤں کی پرواہ ہوتی تو تم ایسے نہ ہوتے_____بتول اپنی سوچ پر خود ہی مسکرائی.

چلیں بی بی نیچے اتریں ہسپتال آگیا ہے_____نوید نے مودبانہ انداز میں دروازہ کھول کر کہا

"علاج اس کا محبت ہے اور وہ لڑکی______فضول دوڑتی پھرتی ہے اسپتالوں میں"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امثال کب سے گیلی لکڑیوں کو آگ لگانے کی کوشش کر رہی تھی مگر ابھی تک وہ آگ لگانے میں ناکام تھی

Posted On Kitab Nagri

بیٹا کیا بات ہے آج کھانا ملے گا یا نہیں______ماسٹر اللہ داد نے پیار سے پوچھا

ابا کب سے کوشش کر رہی ہوں نگر آگ ہی نہیں لگ رہی______امثال نے رونی صورت ساتھ جواب دیا

تو اس میں رونے والی کیا بات ہے........؟؟؟

ہم اپنے بیٹے کی مدد کر دیتے ہیں آگ جلانے میں______آخر ہم نے بھی تو کھانا کھا کر سونا ہے. ماسٹر اللہ داد نے مسکرا کر امثال کو پیچھے کیا اور خود آگ جلانے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابا ایک بات پوچھوں________امثال کے دل میں جو سوال کافی دنوں سے پنپ رہا تھا وہ زبان پر آ ہی گیا

تمہیں بولنے کے لیے کب سے میری اجازت کی ضرورت پڑ گئی_____؟؟؟ ماسٹر اللہ داد کی بات پر امثال نے منہ بنایا

Posted On Kitab Nagri

ابا یہ بڑی حویلی والے لوگ کیسے ہیں.......؟؟؟

امثال کے سوال پر ماسٹر اللہ داد کا ہاتھ ایک دم رک گیا اور انھوں نے عجیب نظروں سے امثال کی طرف دیکھا

میں نے کچھ غلط سوال پوچھ لیا ہے شاید__________ ابا کو یوں اپنی طرف دیکھتا دیکھ کر امثال نے بات بدلی

بیٹا آپ کا سوال کچھ غلط نہیں بلکہ پورا غیر ضروری ہے. جن چیزوں سے ہمارا کچھ لینا دینا نہ ہو اس کے بارے میں پوچھنا یا سوچنا فضول ہے.

سادہ الفاظ میں میرے بچے جس گاؤں جانا نہیں وہاں کا راستہ معلوم کرنے کا فائدہ_______ ماسٹر صاحب نے پیار سے سمجھایا

Posted On Kitab Nagri

ابا میرا وہ مطلب نہیں تھا میں تو ویسے ہی سوچ رہی تھی کہ اتنی بڑی حویلی میں کتنے لوگ رہتے ہوں گے........؟؟؟امثال کو یوشع یاد آیا .

جتنے بھی رہتے ہوں ہمیں اس سے کیا........؟؟؟ماسٹر صاحب نے پھونک مارتے ہوئے دھواں اڑایا جبکہ آگ بھڑکنے لگی

ابا کیا یہ بڑے لوگ "رحمدل" ہو سکتے ہیں........؟؟؟

امثال کے سوال پر ماسٹر صاحب خوب ہنسے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیسا سوال ہوا........؟؟؟

رحمدل تو کوئی بھی ہو سکتا________رحمدلی کا تعلق امیری یا غریبی سے نہیں ہوتا_____اس کا تعلق دل سے ہوتا ہے .

Posted On Kitab Nagri

اچھے اور نرم دل والے دوسروں پر رحم کرتے ہیں جب کہ برے اور سخت دل والے دوسروں پر ظلم ________ماسٹر جی ساتھ ساتھ لکڑیوں کو پھونک بھی مار رہے تھے .

یہ لو بیٹا ہم نے آپ کو آگ جلا دی ہے اب آپ جلدی سے ہمیں روٹی بنا دیں_______ماسٹر جی نے چولہے کے پاس سے اٹھتے ہوئے امثال سے کہا

اگر تمہاری ماں آج زندہ ہوتی تو تمہیں اتنی مشقت نہ اٹھانی پڑتی مگر حکم اللہ کا_________ماسٹر اللہ داد ایک دم اداس ہو گئے .

ابا ایسا مت کہا کریں. آپ ہماری امی بھی تو ہیں________امثال کی بات پر ماسٹر جی نے اس کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا .

ابا آپ نے میرا نام بڑے لوگوں جیسا کیوں رکھا ہے........؟؟؟ ہم تو غریب لوگ ہیں. کوئی عام سا نام رکھ دیتے .

Posted On Kitab Nagri

امثال کی بات پر ماسٹر اللہ داد کھل کر مسکرائے.

کبھی نام بھی بڑے چھوٹے ہوتے ہیں_______آج کیسی باتیں کر رہی ہو.........؟؟؟

ماسٹر جی کی بات پر امثال تھوڑی شرمندہ ہوئی.

وہ کہتا ہے____مجھے کیا پتہ.......؟؟؟امثال نے بے ساختہ اپنی زبان دانتوں میں لی .

کون کہتا ہے........؟؟؟
ماسٹر جی نے تعجب سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی نہیں____آپ اندر چلیں میں روٹی بنا کر لاتی ہوں. امثال نے جلدی جلدی آٹے کے پیڑے کیے.

تمہارے پاؤں کا درد اب کیسا ہے.......؟؟؟ماسٹر جی جانے لگے جب نظر پاؤں پر پڑی

Posted On Kitab Nagri

پرانی بات ہے. وہ تو کب کا ٹھیک ہو گیا ہے______نئی بات یہ ہے کہ میرے بازو پر چوٹ لگی ہے.
امثال نے روٹی توے پر ڈالتے ہوئے مزے سے بتایا.

بیٹا دیکھ کر کام کیا کرو____اب کیسی طبعیت ہے........؟؟؟ماسٹر جی فکر مند ہوئے

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ابا پریشان نہ ہوں میں بلکل ٹھیک ہوں. آخر میں امثال ہوں.

میں کب سے کہہ رہی ہوں کہ حارث کو فون کرو مگر مجال ہے جو زبیر صاحب کے کان پر جوں بھی رینگیں.

بچیاں ابھی تک نہیں آئیں______مغرب ہونے والی ہے. کلثوم بیگم مسلسل زبیر صاحب کو کہہ کہہ کرے تنگ پڑ گئیں تھی اس لیے اب اپنے ساس سمیرا بیگم سے شکایت کرنے لگیں

بیٹا بہو بلکل ٹھیک کہہ رہی ہے زرا پتہ تو کرو وہ لوگ کدھر رہ گئے ہیں آج سے پہلے تو کبھی ایسا نہیں ہوا. سمیرا بیگم نے ٹی وی دیکھتے ہوئے زبیر صاحب کو مخاطب کیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اماں اس کا تو کام یہی ہے خود بھی پریشان ہونا اور دوسروں کو بھی کرنا.

جب حارث صبح کہہ رہا تھا کہ وہ آج لیٹ ہو جائے گا تب یہ سو رہی تھی......؟؟؟

زبیر صاحب نے ایک غصیلی نظر سمیرا بیگم پر ڈالی

پھر بھی تم ایک دفعہ فون کر لو. زمانہ بہت خراب جا رہا ہے. سمیرا بیگم کے کہنے پر چارو ناچار زبیر صاحب نے حارث کو کال کی.

بیٹا کہاں رہ گئے ہو.........؟؟؟

تم جانتے تو ہو اپنی ماں کو ________ اس نے ہم سب کا جینا حرام کیا ہوا ہے.

زبیر صاحب کی بات سن کر حارث نے گھڑی کی طرف دیکھا جہاں شام کے 6 بجنے والے تھے.

Posted On Kitab Nagri

سوری بابا مجھے کام میں وقت گزرنے کا اندازہ ہی نہیں ہوا. میں ابھی نکلتا ہوں.

حارث باپ کو تو مطمئن کر چکا تھا مگر اب اس کے اپنے پسینے چھوٹنے لگے تھے.

یہ ابھی تک گھر نہیں پہنچیں حالانکہ میں نے حرم کو فون کر کے بتا دیا تھا کہ مجھے زیادہ دیر ہو جائے گی تم لوگ کیپ کرا کر گھر چلی جاؤ_______حارث خود کلامی کرتا ہوا حرم کا نمبر ڈائل کرنے لگا.

آج لائیبریری نے تین بجے بند ہونا تھا اس بارے میں ایک ہفتہ پہلے ہی تمام سٹوڈنٹس کو مطلع کر دیا گیا تھا. ہر ڈیپارٹمنٹ کے نوٹس بورڈ پر یہ نوٹ لگا ہوا تھا.

کتاب تلاش کرنے کے چکر میں یہ بات ماہم کے ذہن سے بلکل نکل گئی. جب وہ کتاب ملنے کے بعد نیچے لائبریری میں آئی تو خلاف معمول لائیبریری بلکل خالی تھی .

Posted On Kitab Nagri

یہ آج ابھی سے لائبریری خالی کیوں ہو گئی ہے.........؟؟؟ ماہم بڑبڑاتی ہوئی "مین ڈور" کے قریب آئی تو caution ribbon کو گلاس ڈور سے باہر لگا دیکھ کر ساکت رہ گئی .

یااللہ میں کیسے بھول گئی.........؟؟؟

اس عکاشہ کے بچہ پر میں نے کیسے یقین کر لیا..........؟؟؟

ماہم وہیں گلاس ڈور کے پاس نیچے زمین پر بیٹھ کر باہر دیکھنے لگی جب اسے دور سے حرم آتی ہوئی دکھائی دی .

منع کیا تھانااااا________کہ اس "الو کے پٹھے" کی بات مت مانو________اب دیکھ لیا انجام ______حرم نے غصے اور دکھ کی ملی جلی آواز میں ماہم سے کہا جس پر وہ موٹے موٹے آنسوؤں آنکھوں میں لاتی اسی دیکھنے لگی .

اب رونے سے کیا ہو گا.........؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

چپ کرو اور سوچنے دو کہ کیا کرنا ہے.........؟؟؟

حرم نے خود کو نارمل کرنے کے لیے لائبریری کے آگے چکر کاٹنا شروع کیے مگر دماغ مسلسل سوچ رہا تھا .

میں نے منع کیا تھا کہ اس کی باتوں میں نہ آؤ مگر________فائق نے حرم کے قریب آتے ہوئے کہا

اگر مدد کر سکتے ہو تو ٹھیک ورنہ نکلو یہاں سے_______حرم کی بات پر فائق نے سر نفی میں ہلایا .

ہم سیکورٹی اہلکار کو نہیں بلا سکتے کیونکہ نوٹیفکیشن کتنے دنوں سے ڈیپارٹمنٹ میں چمک رہا ہے .

فائق کی بات پر حرم نے سر ہلایا اور دونوں چلتے ہوئے ماہم کے سامنے آر کے .

پلیززززکچھ کرو، مجھے ڈر لگ رہا ہے. شام ہو رہی ہے______ماہم کی آواز بمشکل نکل رہی تھی .

Posted On Kitab Nagri

تم بے فکر رہو ہم تمہیں چھوڑ کر کہیں نہیں جائیں گے____ حرم نے تسلی دی .

گھر میں سب پریشان ہو رہے ہوں گے..........؟؟؟ماہم کو اچانک ممانی کا خیال آیا .

تم ریلکس کرو_____کسی کے بارے میں مت سوچو_____ہم زرا ڈیپارٹمنٹ کا چکر لگا کر آتے ہیں .

حرم کی بات پر ماہم نے سر ہلایا مگر اکیلے رہنے کا خوف اسے ڈرا رہا تھا .

حرم میرے خیال سے "میم آفندی" سے بات کرتے ہیں اب وہی ہماری مدد کر سکتیں ہیں _____فائق کی تجویز پر حرم نے سر ہلایا .

ماہم گلاس ڈور ساتھ لگ کر نیچے زمین پر بیٹھ گئی اور گھٹنوں میں سر دے کر رونے لگی .

Posted On Kitab Nagri

کاش میں اس "منحوس" کی بات نہ مانتی_____دیر سے گھر پہنچنے پر ممانی تو مجھے طعنے دیں گی اوپر سے جرمانے کے پیسے____یا خدا میں کیا کروں.........؟؟؟

ہاں تو "مس موسلا دھار" تم شرط ہار گئی ہو اب میں تمہاری مدد نہیں کر سکتا. میری طرف سے معزرت قبول کرو .

عکاشہ کی آواز کان میں پڑتے ہی ماہم نے اسے سر اٹھا کر خونخوار نظروں سے دیکھا

میں باہر آ کر تمہارا سر توڑ دوں گی. بکواس بند کرو اور یہاں سے دفع ہو جاؤ_____ماہم نے چیختے ہوئے جواب دیا جس پر وہ دونوں ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے مسکرا رہا تھا.

ایک تو نیکی کا زمانہ ہی نہیں ہے. میں تو تمہاری مدد کرنے آیا تھا مگر_____چلو تمہاری مرضی_____چلتا ہوں. عکاشہ کندھے اچکا کر جانے لگا .

Posted On Kitab Nagri

مجھے تمہاری مدد کی ضرورت نہیں ہے. فائق اور حرم آتے ہی ہوں گے.........؟؟؟ ماہم نے کوریڈور میں نظر گھمائی جہاں دور دور تک کوئی نہیں تھا.

میں یہی تو بتانے آیا تھا کہ انھیں "کشور حسین شاد باد" یعنی میم کشور نے سزا دی ہے. کیونکہ وہ لائبریری والے بلاک سے نکالتے ہوئے دیکھے گئے ہیں اور یہاں کانسٹرکشن کی وجہ سے سٹوڈنٹس کا آنا منع ہے تو "خلاف ورزی" پر وہ سزا کے مستحق ٹھہرے ہیں.

اور ان کی شکایت بھی تمہی نے لگائی ہو گی_____ماہم نے تصدیق کے لیے پوچھا جس پر عکاشہ کھل کر مسکرا دیا.

مجھے تو کوئی روک نہیں سکتا کیونکہ میں مسز آفندی کا بیٹا ہوں. اچھا پھر چلتا ہوں دعا ہے کہ صبح تک تم ٹھیک ہو............؟؟؟

عکاشہ ہمدردانہ لہجہ میں مخاطب ہوا اور جانے لگا.

Posted On Kitab Nagri

سنو_____مجھے باہر نکلنا ہے پلیززز کچھ کرو_____ہمیشہ کی طرح وہ اس بار بھی ماہم کو بے وقوف بنانے میں کامیاب رہا تھا جس پر اس نے خود کو شاباش دی .

یوں کرو کرسی اٹھا کر گلاس ڈور توڑ دو______عکاشہ کی بات پر ماہم ہکا بکا رہ گئی .

مجھ سے یہ نہیں ہو گا_____کیسے توڑوں.......؟؟؟ماہم کی آواز نم دار تھی .

ٹھیک ہے پھر بیٹھ کر روؤں میں کیا کر سکتا ہوں_____عکاشہ نے آبرو اچکا کر کہا

اس سے زیادہ میں تمہاری مدد نہیں کر سکتا مگر یہ بات ذہن میں رکھنا کہ شام ہو رہی ہے. اندھیرا اچھا جائے گا .

اس بلاک میں لائٹ بھی نہیں ہے اور اگر شام تک تم باہر نکلی تو گھر کیسے جاؤ گی.......؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ چسکے لے لے کر اسے خوفناک صورتحال سے آگاہ کر رہا تھا. ماہم کو رونے اور ٹنشن کی وجہ سے اپنا سر گھمتا ہوا محسوس ہوا .

ماہم نے ٹھنڈے پڑتے ہاتھوں سے کرسی اٹھا کر شیشے پر ماری مگر کچھ نہیں ہوا. جس پر اس نے بیچارگی سے عکاشہ کو دیکھا جو سامنے سیڑھیوں پر بیٹھا مسکرا رہا تھا .

روٹی نہیں کھاتی ہو زور سے مارو ______ عکاشہ کی بات پر اس نے ایک دفعہ پھر کوشش کی مگر نتیجہ صفر______اب وہ چپ کر کے کرسی پر بیٹھ گئی اور آنسو ابل ابل کر اس کی آنکھوں سے گرنے لگے .

چل عکاشہ اب تجھے ہی کچھ کرنا پڑے گا آخر تو صدا کا "رحمدل" جو ٹھہرا __________ عکاشہ اونچی آواز میں کہتا گلاس ڈور پاس آیا .

پھر اچانک اس نے پوری طاقت سے کوئی چیز جیب سے نکال کر شیشے پر دے ماری. شیشہ ٹوٹتے ہی سیکورٹی الارم بجنے لگے .

Posted On Kitab Nagri

مزے تو "ماہیا" اب آئیں گے______عکاشہ مسکراتا ہوا وہاں سے یوں غائب ہوا جیسے کبھی تھا ہی نہیں.

جیسے ہی شیشہ ٹوٹا سیکورٹی والوں کی دوڑیں لگ گئیں. فائق اور حرم جو مسز آفندی کو اپنی بات بتا رہے تھے فوراً لائبریری بلاک کی طرف بھاگے.

بے وقوف لڑکی______تم نے شیشہ کیوں توڑا..........؟؟؟

اتنا زیادہ جرمانہ کون بھرے گا.........؟؟؟

ہم آ رہے تھے ناااا______تھوڑا صبر تو کرتی.........؟؟؟

حرم کو سچ مچ اس وقت ماہم پر سخت غصہ آ رہا تھا جبکہ ماہم کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو چکی تھی.

یعنی اس بار بھی عکاشہ اسے بے وقوف بنا گیا تھا. وہ اتنی بے وقوف کیوں تھی..........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

حرم اور فائق کی منت سماجت کے باوجود بھی سیکورٹی والے ماہم کو چانسلر پاس لے گئے.

فائق اور حرم نے مسز آفندی سے مدد کے لیے کہا

دیکھو بچوں بے شک عکاشہ کی غلطی ہے مگر ہمیشہ کی طرح تم لوگوں کے پاس اس کے خلاف کوئی ثبوت نہیں.

میں تو یہ بات مان لیتی ہوں مگر آپ لوگ باقیوں کو کیسے یقین دلائیں گئے.........؟؟؟

جبکہ وہ وہاں موجود بھی نہیں تھا_____مسز آفندی کی بات پر حرم نے مایوسی سے فائق کو دیکھا

میم آپ سی سی ٹی وی کی فوٹیج چیک کر لیں. ہم بلکل درست کہہ رہے ہیں. فائق کی بات پر مسز آفندی ہلکا سا مسکرائیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس بلاک میں کام ہو رہا ہے. وہاں سے فلحال سب کیمرے اتارے جا چکے ہیں.

مجھے سمجھ نہیں آتی تم لوگ اسے مجھ سے بہتر جانتے ہو پھر بھی اس کی باتیں مان لیتے ہو______ خیر میں چلتی ہوں جو مجھ سے ہو سکا میں کروں گی مگر زیادہ کی امید مت رکھنا.

جرمانہ تو ہو گا لیکن میں کوشش کروں گی کہ کم سے کم ہو______ مسز آفندی ان دونوں کے پاس سے گزرتی ہوئیں چانسلر صاحب کے روم کی طرف بڑھ گئیں.

حارث کوئی دسویں بار حرم کا نمبر ٹرائی کر رہا تھا مگر بلززززز جا جا کر بند ہو جاتیں______ اللہ خیر کرے. حارث نے ایک بار پھر نمبر ڈائل کیا

میرے خیال سے اب تمہیں گھر ضرور بات کرنی چاہیے ویسے مسئلہ حل نہیں ہو گا______ فائق کے مشورے پر حرم نے بیگ سے موبائل-فون نکالا تو اس پر حارث کی missed calls دیکھ کر حیران ہو گئی. اتنی دیر میں پھر کال آنے لگی .

Posted On Kitab Nagri

سوری بھائی کلاس لیتے ہوئے موبائل-فون سائیلنٹ پر کیا تھا اس وجہ سے کالززز کا پتہ نہیں چلا
_______حرم نے فون اٹھاتے ہوئے معزرت کی.

جب میں نے تمہیں بولا تھا کہ گھر چلی جاؤ تو اب تک گئی کیوں نہیں........؟؟؟ حارث نے دل میں شکر ادا کرتے ہوئے پوچھا

وہ بھائی ایک مسئلہ ہو گیا ہے_______پھر حرم نے مختصر اًسارا واقعہ حارث کو سنایا مگر شرط والی بات کھا گئی.

بس میں پہنچ گیا ہوں پریشان مت ہو. میں خود چانسلر صاحب سے بات کر لوں گا تم گھر جا کر کسی سے بھی ذکر مت کرنا_______حارث کی بات پر حرم نے سکھ کا سانس لیا.

آپ نے نہ صرف یونی rule کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ یونی کی پراپرٹی کو نقصان بھی پہنچایا ہے _____چانسلر صاحب کی بات پر ماہم سر جھکائے رونے میں مصروف تھی.

Posted On Kitab Nagri

دیکھیں میں مانتا ہوں کہ اس سے غلطی ہوئی ہے مگر اس کے فیوچر کا سوال ہے. اس کا آخری سمسٹر ہے اور یہ آپ کی یونی کی ایک لائق سٹوڈنٹ ہے.

اس لیے پلیزززززا اسے معاف کر دیں. میں جرمانہ بھرنے کو تیار ہوں______ حارث نے ایک نظر ماہم کے گرتے آنسوؤں کو دیکھا اور چانسلر صاحب سے کہا

سر میں بھی ان سے اتفاق کرتی ہوں. یہ بچی بہت لائق اور فرمانبردار ہے. اس لیے اسے یونی سے مت نکالیں ورنہ اس کا فیوچر برباد ہو جائے گا______ مسز آفندی نے بھی ناہم کی حمایت کی.

ٹھیک ہے میں صرف مسز آفندی کے کہنے پر آپ لوگوں کو رعایت دے رہا تھا.

جرمانہ تو ہر حال میں بھرنا ہو گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ معافی نامہ بھی جمع کرائیں گئیں.

چانسلر کی بات پر حارث نے سکھ کا سانس لیا

Posted On Kitab Nagri

بھائی قسم سے آپ اُس وقت اس لڑکی شکل دیکھتے_______عکاشہ ہنس ہنس کر یوشع کو اپنا کارنامہ سنا رہا تھا جبکہ کچن میں کھڑی عدن یوشع کی آنکھوں ہی آنکھوں میں نظر اتار رہیں تھیں.

بھائی وہ روتی ہوئی اتنی پیاری لگتی ہے کہ میرا دل چاہتا ہے بغیر وجہ کے ایک دو تھپڑ اسے لگا دیا کروں .

سوں سوں کرتی ناک_____لال سرخ گیلی آنکھیں______کیا بتاؤں آپ کو........؟؟؟

استغفراللہ_______عکاشہ کے بیان پر یوشع اور مسسز آفندی نے ایک ساتھ کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھا تم نے کس قدر بے شرمی سے اپنا کارنامہ سنا رہا ہے اور سوچ دیکھو اس کی_______مسز آفندی نے کچن سے باہر آتے ہوئے یوشع سے کہا

Posted On Kitab Nagri

اس میں کوئی شک نہیں کہ تم نے کام " مزے والا " کیا ہے مگر چھوٹی ماما کی بات بعد اپنی جگہ بلکل درست ہے____یوشع نے عکاشہ کے ہاتھ سے پاپ کارن لیتے ہوئے کہا

یوشع مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی_____کونسا مزے کا کام کیا ہے اس نے.........؟؟؟

وہ بیچاری یتیم بچی ہے پتہ نہیں کیسے اپنی فیس دے رہی ہو گی______اور اس کی وجہ سے اسے اتنا جرمانہ ہوا ہے. مجھے تو شرم آتی ہے اسے اپنا بیٹا کہتے ہوئے. مسز آفندی نے دکھ سے کہا

یہ تو کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے. میرے پاس آپ کے مسئلہ کا قدرے مناسب حل موجود ہے .

اگر آپ کو مجھے اپنا بچہ کہتے ہوئے شرم آتی ہے تو "حیدر آفندی" کا کہہ لیا کریں پھر یقیناً میں آپ کو بہت اچھا لگوں گا .

عکاشہ کی بات پر مسز آفندی نفی میں گردن ہلاتی کچن میں واپس چلی گئیں .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

بتمیزززز کیوں سب کو تنگ کرتے ہو..........؟؟؟یوشع نے پیار سے اس کے سر پر تھپڑ رسید کیا .

سب کو کہاں تنگ کرتا ہوں______کبھی آپ کو تنگ کیا ہے..........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ کی بات پر یوشع مسکرا دیا .

مت تنگ کیا کرو خاص طور پر چھوٹی ماما کو________یوشع نے محبت سے کچن میں کھانا پکاتی عدن کو دیکھا جو تھکاوٹ کے باوجود اس کے لیے کھانا بنا رہیں تھیں .

اچھاااااایہ جو مجھے تنگ کرتیں ہیں وہ کس کھاتے میں.........؟؟؟

ہر وقت طعنے دیتی رہتیں ہیں. مجال ہے جو میری تعریف کریں. عکاشہ نے منہ بنایا .

جب ہر وقت الٹے کام کرے گا تو تعریف کیسی.......؟؟؟

جسے دیکھو اسی کے کارنامہ سنا رہا ہوتا ہے. مسز آفندی نے کچن سے ہی جواب دیا .

Posted On Kitab Nagri

آپ زرا اپنے بھائی کی شہرت چیک کریں. دشمن بھی معترف ہیں______عکاشہ نے کچن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یوشع کو آنکھ ماری

عکاشہ______مسز آفندی نے کچن سے ہی اس کی طرف چمچہ اچھالا.

یہ عورت آپ کو کہیں سے بھی پڑھی لکھی لگتیں ہیں______عکاشہ نے چمچہ کیچ کرتے ہوئے یوشع سے پوچھا

اپنی بکواس بند کرو اور کچن میں آکر برتن لے جاؤ کھانا تیار ہے. مسز آفندی کی بات پر عکاشہ نے سر ہلایا.

میرے بغیر اس عورت کا گزارا نہیں ہے مگر پھر بھی ہر وقت مجھے لتاڑتی رہتی ہے______یوشع کے کان میں سرگوشی کرتا کچن میں چلا گیا.

Posted On Kitab Nagri

ہماری پانچ کنال کی حویلی میں وہ رونق نہیں جو اس پانچ مرلے کے فلیٹ میں ہے______یوشع نے کچن سے آتی آوازوں کو محسوس کرتے ہوئے سوچا

یوشع تم دو دن سے کہاں تھے-------------؟؟؟ بڑی سرکار نے قدرے برہم لہجے سے پوچھا

کیوں ناراض ہو رہیں ہیں--------؟؟؟ یہاں ہی تھا آپ کے آس پاس______یوشع نے محبت سے ان کے گلے لگتے ہوئے جواب دیا.

تو بھی اب اپنے باپ کی طرح مجھ سے جھوٹ بولنے لگا ہے_____بڑی سرکار نے اپنے سامنے بیٹھے حیدر آفندی کی طرف دیکھ کر کہا

میں کیوں جھوٹ بولوں گا اور آپ سے تو بلکل بھی نہیں_______یوشع نے لاڈ سے بڑی سرکار کی گود میں سر رکھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو پتہ ہے ناااامیں آپ سے کتنا پیار کرتا ہوں ________مجھ پر شک نہ کیا کریں.یوشع کی بات پر بڑی سرکار کا غصہ ایک دم غائب ہو گیا .

پھر مجھ سے وعدہ کر کہ تو مجھے ہمیشہ سب سے زیادہ عزیز رکھے گا ________بڑی سرکار کی نظریں حیدر آفندی پر تھیں .

آپ وعدہ نہ بھی لیں تو میں ایسا ہی کروں گا__________یوشع نے محبت سے ان کا ہاتھ چوما

تیرا باپ بھی اس "دم کٹی مرغی" کے ملنے سے پہلے ایسا ہی کہتا تھا مگر پھر ________بڑی سرکار کی بات پر ضبط سے بیٹھے حیدر آفندی نے وہاں سے جانے میں عافیت سمجھی .

ابھی تک اسے اتنی تکلیف ہوتی کہ اگر میں اسے کچھ کہہ دوں تو__________بڑی سرکار نے منہ موڑا

اماں آپ بہت زیادتی کرتی ہیں.ہمیشہ آپ کی ہی بات مانی ہے پھر بھی گلہ کرتیں رہتیں ہیں .

Posted On Kitab Nagri

اس بیچاری کی تو میں نے مدت سے شکل نہیں دیکھی. ابھی بھی مجھ پر الزام ہے کہ میں آپ سے محبت نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی کا چہرہ ضبط سے لال ہو رہا تھا جبکہ یوشع یوں لیٹا تھا جیسے اسے کوئی آواز سنائی نہ دے رہی ہو

دیکھا کیسے ماں کے آگے زبان چلا رہا ہے وہ بھی ایک عورت کی خاطر_______بڑی سرکار کی آواز نم ہونے لگی

آپ جان بجھ کر مجھے غصہ دلاتی ہیں ورنہ میرا تو ایسا کوئی ارادہ نہیں ہوتا.

میں اسی لیے اب کم کم آپ کے پاس بیٹھتا ہوں مگر جب بھی بیٹھتا ہوں آپ اسی طرح کرتیں ہیں.

کیا ملتا ہے آپ کو میری دل آزاری کر کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مجھے تکلیف دے کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی نے دکھ بھری نظر سے بڑی سرکار کو دیکھا اور جانے لگے مگر بتول کو داخل ہوتا دیکھ کر رک گئے .

میری بیٹی کی اب کیسی طبیعت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کچھ لمحے پہلے والا لہجہ اب بلکل شفقت میں ڈھل چکا تھا .

چاچو میں ٹھیک ہوں بس زرا سا بخار ہو گیا تھا.بتول کی آواز پر یوشع بھی اٹھ بیٹھا اور اسے دیکھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں دو دن باہر کیا رہا اسے تو میری جدائی میں بخار ہی ہو گیا_______یوشع نے مذاق کیا مگر بڑی سرکار نے اسے گھورا .

Posted On Kitab Nagri

بتول تم جاؤ یہاں سے اور جہاں یوشع بیٹھا ہوتا ہے وہاں مت آیا کرو_______بڑی سرکار کی بات پر حیدر آفندی نے افسوس سے انھیں دیکھا جبکہ بتول اہانت کے احساس تلے وہاں سے چلی گئی .

آپ نے خامخواہ اسے ڈانٹ دیا آگے ہی وہ سارا دن کمرے میں بند رہتی ہے. تھوڑی دیر ہنس بول لیتی تو کیا ہو جاتا_______حیدر آفندی نے گلہ لیا .

اس لڑکی کے حالات دیکھتے ہوئے میں نے ایک فیصلہ کیا ہے-----------؟؟؟

بڑی سرکار کی بات پر حیدر آفندی نے چونک کر انھیں دیکھا جبکہ یوشع موبائل استعمال کرنے لگا تھا .

میرے خیال سے اب بتول اور یوشع کی شادی کر دینی چاہیے_____بڑی سرکار نے اونچی آواز میں کہا

www.kitabnagri.com

یوشع سے تو پوچھ لیں______کیا پتہ وہ کسی اور کو کرتا ہو-----------؟؟؟

حیدر آفندی کی بات پر یوشع نے مسکراتے ہوئے انھیں دیکھا

Posted On Kitab Nagri

باباسائیں میں صرف اپنی "دادو" کو پسند کرتا ہوں. اس لیے ان کی پسند ہی میری پسند ہے _______ یوشع کے جواب پر بڑی سرکار کھل اٹھیں .

اللہ میرے بچے کو بری نظر سے بچائے. اسے کہتے ہیں "بیٹا" ________ بڑی سرکار نے کئی نوٹ نک کر یوشع کے سر سے گزارے اور ملازم کو اشارہ سے اندر بلایا .

یہ ماسٹر جی کے گھر دے آنا _______ ملازم سر ہلاتا پیسے لے کر باہر نکل گیا مگر یوشع کے ماتھے پر ماسٹر کے نام سے بل پڑے .

ماسٹر جی کے گھر ہی کیوں-----------؟؟؟ یوشع نے بے ساختہ پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیچارے کی سات بیٹیاں ہیں اور ایک بیٹا __________ مگر اللہ کی طرف سے بڑی آزمائش ہے۔

حالانکہ بیچارا خود اچھا انسان ہے مگر میرے حیدر کی طرح اسے بھی ایک چڑیل پسند آگئی تھی .

Posted On Kitab Nagri

ادھر اس منحوس نے ماسٹر کے گھر میں قدم رکھا ادھر ماسٹر کی بدبختی شروع ہوئی

پہلے بیٹیاں ہیں بیٹیاں پھر اللہ نے بیٹا دیا تو معذور______پھر خود بیمار پڑ گئی ماسٹر کی اچھی خاصی زمین تھی جو اس کے علاج پر خرچ ہو گی۔

بس اچھے خاصے بندے کے دماغ کو یہ عورتیں زنگ لگا دیتی ہیں پھر یہ کہیں کے نہیں رہتے ______بڑی سرکار میں آہ بھرتے ہوئے ایک بار پھر حیدر آفندی کی طرف دیکھا جبکہ یوشع کافی سیریس نظر آرہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو ان کے گھر بار میرا مطلب ہے کہ بچوں کو کون دیکھتا ہے------------؟؟؟؟؟یوشع کے سوال پر بڑی سرکار نے اسے حیرت سے دیکھا

اس کی بڑی بیٹی کافی سمجھدار ہے وہی گھر اور باہر کے کام کرتی ہے چھوٹی سی عمر میں بڑی ذمہ داری پڑ گئی ہے

Posted On Kitab Nagri

بیچاری معصوم بچی______اس کی ہم عمر لڑکیاں سارا دن کھیل کود کر گزارتی ہیں جبکہ وہ ابھی سے ایک ماں کی طرح اپنی چھوٹی بہنوں اور بھائی کا خیال رکھتی ہے۔

ماسٹر تو سکول اور ٹیوشن پڑھا کر شام کو گھر لوٹتا ہے______بڑی سرکار کے بتانے پر یوشع نے سر ہلایا

خیر چھوڑ ان باتوں کو_____یہ بتا اگلے مہینے تیری شادی رکھ دوں۔تجھے کوئی اعتراض تو نہیں ہے------------؟؟؟بڑی سرکار نے ایک دم اپنا لہجہ مٹھاس بھرا کیا۔

جیسا آپ کو ٹھیک لگے مجھے کیا میری طرف سے کل ہی رکھ دیں-----------؟؟؟یوشع کے جواب پر وہ مسکرا دیں جب کہ حیدر آفندی خاموشی سے اٹھ کر چلے گے

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ گنگناتا ہوا کمپیوٹر لیب میں داخل ہوا ایک نظر پوری کلاس پر ماری تو آخری کمپیوٹر کے آگے وہ دونوں بیٹھی ہوئی نظر آ گئیں۔

ہائے مس موسلا دھار کیسی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے کمپیوٹر ٹیبل پر بیٹھتے ہوئے ماہم سے پوچھا

ویسے کتنے بے شرم ہو تم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میں نے سوچا تھا کہ اب ہمارے سامنے آتے ہوئے تمہیں کچھ تو شرم آئے گی مگر نہیں _________

ماہم کی بجائے حرم کے جواب پر اس کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شرط یہ محترمہ ہاری ہیں اور شرم نیں کروں ______ ارے واہ یہ کیا بات ہوئی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تمہاری شرط گئی بھاڑ میں ________ تمہاری شرط کی وجہ سے ہمارا کتنا نقصان ہوا اس کا کچھ نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

حرم نے کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے جارحانہ انداز سے پوچھا

ہمممم______اس نقصان کی ساری "ذمہ دار" تمہاری یہ دوست ہے______عکاشانہ نے ماہم کی طرف اشارہ کیا

میرا نام "عکاشہ آفندی" ہے اور معاف کرنا میرے خون میں شامل نہیں ہے______ماہم بی بی کو اس کے کیے کی "سزا" ملی ہے کیونکہ اس نے میری بات نہیں مانی تھی۔

عکاشہ کی بات پر جہاں حرم کو حیرت کا جھٹکا لگا وہیں ماہم نے اسے غصے سے دیکھا

"ویسے تم جب چاہو غصہ کر کے محکمہ موسمیات ہکی تمام پیشگوئیوں کو جٹلا سکتی ہو کیا کل بارش ہے"______یوشع نے ماہم کے غصیلے چہرے کو دیکھتے ہوئے تبصرہ کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بکومت اور یہ بتاؤ کہ میں نے کیا کیا تھا جو تم نے اپنی طرف سے مجھے سزا دی اور میرا اتنا نقصان ہوا ________؟؟؟ ماہم نے دبا دبا سا غصہ کیا

جب میں نے تمہیں منع کیا تھا کہ مس "موم بتی" کو نہیں بتانا کہ کوریڈور میں میرے ساتھ تھی۔

مگر نہیں تمہیں تو سچ بولنے کا بھوت چڑھا ہوا تھا اب جرمانہ دینے کے بعد امید ہے کہ وہ اتر گیا ہو گا۔

اچھا تو تم نے اس بات کا بدلہ ہے لیکن میں سچ ہی بولوں گی ______ ماہم کی بات پر عکاشہ نے کندھے اچکائے

دفع کروان باتوں کو ______ اب ہمارا یونی میں کوئی تین مہینے کا ساتھ رہ گیا ہے۔اس لئے آج کے بعد لڑائی جھگڑا نہیں۔

اب ہم تین مہینے اچھے کلاس فیلوز کی طرح گزاریں گے۔ چلو میں دوستی میں پہل کرتا ہوں یہ بنل ______ عکاشہ نے کہتے ہوئے اپنی جیب سے بلز نکال کر حرم اور ماہم کے آگے کی۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے نہیں چاہیے تمہاری بل____ اپنے پاس رکھو_____ میرا دل تمہارا سر توڑنے کا کر رہا ہے _____ماہم کی بات پر عکاشہ دل کھول کر ہنسا

شیشہ تو تم سے توڑا نہیں جاتا_____ سر تو بڑی دور کی بات ہے۔

عکاشہ مجھے غصہ مت دلاؤ_____ یہ نہ ہو کہ میں سچ مچ کوئی چیز تمہارے سر پر دے مارو_____ماہم نے غصے سے کہتے ہوئے ادھر ادھر دیکھا

یہ لو مارو_______عکاشہ نے پیپر ویٹ اس کے ہاتھ میں دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہم چھوڑو یار_____ حرم نے منع کرنا چاہا مگر صدا کی بے وقوف ماہم نے پیپر ڈیٹ عکاشہ کی طرف پھینکا۔

عکاشہ کے بر وقت نیچے ہونے پر پیپر ویٹ دروازے سے اندر داخل ہوتے پروفیسر شہاب کے جا لگا

Posted On Kitab Nagri

لیب میں ایک دم سناٹا چھا گیا______ ماہم نے ایک نظر پروفیسر شہاب کو دیکھا اور دوسری سے عکاشہ کو جواب پورے انہماک کے ساتھ کمپیوٹر پر کام کر رہا تھا جیسے اسے کسی بات کا پتہ ہی نہ ہو۔

ماہم نے آنسو بھری آنکھوں سے حرم کی طرف دیکھا جو افسوس سے سر ہلا رہی تھی۔

ایک بات تو آج ماہم نے سیکھ لی تھی کہ "مصیبت" کا دوسرا نام "عکاشہ" تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر آفندی اپنے کمرے میں بڑی بے قراری سے چکر لگا رہے تھے جب دروازے پر دستک دیتے ہوئے یوشع اندر داخل ہوا۔

بابا سائیں آپ نے مجھے بلایا تھا---------؟؟؟ یوشع پوچھنے والے انداز میں کہتا ہوا صوفے پر بیٹھ گیا

Posted On Kitab Nagri

تم عدن پاس گئے تھے________حیدر آفندی نے کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے یوشع سے پوچھا

تو آپ کو پتہ چل گیا ہے_______یوشع نے گہرا سانس خارج کرتے ہوئے صوفے سے ٹیک لگالی۔

کیوں جاتے ہو اس کے پاس-----------؟؟؟ حیدر آفندی کے سوال پر یوشع نے انہیں ابرو اچکا کر دیکھا

نہ جایا کروں---------؟؟؟ تصدیق کے لیے پوچھا گیا

بڑی سرکار کو پتہ چلا تو بہت برا منائیں گئیں۔انہیں تم پر بڑا ناز ہے________حیدر آفندی نے کہتے ہوئے اپنی کلائی سے قیمتی گھڑی اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھی۔

آپ ان کی فکر نہ کریں اگر آپ نے نہ بتایا تو انہیں پتہ نہیں چلے گا_______اور یہ بتائیں کہ مجھے کیوں بلایا ہے--------؟؟؟یوشع بھی اب جانے کے لیے کھڑا ہو گیا۔

Posted On Kitab Nagri

تم بتول سے شادی کرنا چاہتے ہو یا صرف بڑی سرکار کی خاطر ایسا کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی اب براہ راست مدعا پر آئے تھے۔

مجھے بتول سے کوئی مسئلہ نہیں ہے_____ اچھی خاصی لڑکی ہے۔میرے خیال سے شادی ہو سکتی ہے
۔یوشع نے کندھے اچکائے

شادی مذاق نہیں ہوتی اس لیے جذبات سے کام نہیں لیتے۔میرا مشورہ ہے تمہیں کہ اچھی طرح سوچ سمجھ کر فیصلہ کرو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اگر تمہیں کل کو کوئی اور پسند آ گئی تو اس ساتھ زیادتی ہو گی کیونکہ ابھی تمہاری عمر ہی کیا ہے ؟؟؟__________

وہ بچی مجھے بہت پیاری ہے۔میرے مرحوم بھائی کی نشانی ہے۔حیدر آفندی نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا

ارے واہ_______آپ کب سے اماں سائیں ساتھ زیادتی کر رہے ہیں اور پرواہ نہیں_______اور ابھی سے بھتیجی کی فکر ستانے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

کیا کہنے باباسائیں آپ کے---------؟؟؟ ویسے بے فکر رہیں میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے۔یوشع نے طنز بھرا کر جواب دیا

مت بھولا کرو کہ میں تمہارا باپ ہوں______حیدر آفندی نے جتلایا

اور اشدہ بیگم میری ماں ہے یہ بھی مجھے یاد رہتا ہے۔کیا کروں----------؟؟؟یوشع نے اپنی مجبوری بتائی۔

آپ بھی آرام کریں اور مجھے بھی اب نیند آرہی ہے شب بخیر_______یوشع کہتا ہوں جانے کے لئے مڑا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیسی تھی وہ---------؟؟؟اچانک حیدر آفندی کا جملہ کانوں میں پڑا تو یوشع بے ساختہ مسکراتا ہوا پلٹا

Posted On Kitab Nagri

پتا ہے بابا سائیں میں کتنی دیر سے سوچ رہا تھا کہ آپ نے ابھی تک چھوٹی ماما کے بارے میں کیوں نہیں پوچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع،حیدر آفندی کے پاؤں پاس بیڈ پر آ کر بیٹھ گیا

اور وہ "الو کا پٹھا"_________اشارہ عکاشہ کی طرف تھا۔

اس کا تو پوچھیں مت_______پھر یوشع نے مختصراً عکاشہ کے کارنامے بتائے جن پر دونوں باپ بیٹا ہنسنے لگے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ میں کیا سن رہی ہوں کہ تمہاری اور بتول کی شادی اگلے مہینے ہے اور مجھ سے کسی نے پوچھا تک نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بغیر دستک دیے راشدہ بیگم آندھی طوفان کی طرح کمرے میں داخل ہوئیں تو دونوں باپ بیٹا کی ہنسی کو بریک لگی۔

Posted On Kitab Nagri

یقین مانیں اماں سائیں مجھ سے بھی کسی نے نہیں پوچھا صرف بتایا ہے______یوشع کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔

جو کچھ بھی پوچھنا ہے صبح بڑی سرکار سے پوچھنا______مجھے بھی علم نہیں ہے اور ہاں یہ لائٹ بند کر دو مجھے نیند آرہی ہے۔

حیدر آفندی کہتے ہوئے بیڈ پر دراز ہو گئے جبکہ ٹیرس پر گرتی ہوئی بارش کا شور انہیں عدن کے خیالوں میں لے گیا

جنوری کی سرد رات ہے
شال تو اس نے اوڑھی ہو گی

آدھی چائے پی لی ہو گی
آدھی عادتاً چھوڑی ہو گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اور میری یاد، ارے کہاں

اتنی فرصت تھوڑی ہو گی

میں کسی بھی صورت یوشع سے شادی نہیں کروں گی______بتول اپنی کمرے میں چکر کاٹتے ہوئے مسلسل بڑبڑا رہی تھی۔

کاش آج میرے ماں باپ زندہ ہوتے۔تو مجھے اتنی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑتا_____اب میری بات یہاں پر سننے والا کوئی نہیں ہے۔میں کیا کروں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ایسا کرتی ہوں کہ نوید سے بات کرتی ہوں۔مگر کوئی فائدہ نہیں_______بتول نے کچھ سوچتے ہوئے خود ہی اپنی بات کی نفی کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میرے خیال سے مجھے یوشع سے بات کرنی چاہیے ۔ بھلا اسے گاؤں کی لڑکی میں کیا دلچسپی ہو گی ؟؟؟_________

ہاں یہ ٹھیک ہے۔وہ سوچتی ہوئی یوشع کے کمرے کی طرف چل پڑی کیونکہ یہ ایک آخری امید تھی۔

یوشع جو سلیپنگ ڈریس پہنے سونے کی تیاری کر رہا تھا۔دروازے پر ہوتی دستک سے چونکا اور بے ساختہ گھڑی کی طرف دیکھا جہاں رات کے دس بج رہے تھے۔

آجائیں________اجازت ملتے ہی بتول ڈری سہمی سی اندر داخل ہوئی۔جسے اس وقت اپنے کمرے میں دیکھ کر یوشع کو شدید حیرت ہوئی کیونکہ آج سے پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بتول آپ اور اس وقت خیریت__________؟؟؟یوشع جو بستر پر نیم دراز تھا اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

بتول کو اب اپنے آنے پر شرمندگی سی ہونے لگی شاید اس نے غلط فیصلہ کیا ہے______؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

شدید سردی کے باوجود بھی اس کی ہتھیلیوں میں پسینہ آنے لگا۔ نگاہ مسلسل یوشع کے پاؤں پر تھی۔

آپ کی طبیعت ٹھیک ہے نااااا______ آئیں بیٹھیں۔ یوشع نے بتول کی گھبراہٹ کو کم کرنے کے لئے دوستانہ لہجہ اپنایا۔

وہ دراصل میں ایک بہت ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔ آپ پلیز برامت منایئے گا۔ یہ ہم دونوں کے فائدے کی بات ہے۔

بتول نے یوشع کو دیکھنے سے اجتناب کیا جبکہ یوشع بڑی دلچسپی سے اس کے تاثرات دیکھ رہا تھا جو پل پل بدل رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں آپ سے شادی نہیں کرنا چاہتی۔ آپ پلیز اس شادی کے لئے منع کر دیں______بتول کی بات پر یوشع نے اسے مشکوک نظروں سے گھورا

یہ کام تو آپ خود بھی کر سکتی ہیں_____ مشورہ دیا

Posted On Kitab Nagri

اگر میں خود کر سکتی تو آپ کو کبھی نہ کہتی۔اگر میں نے انکار کیا تو بڑی سرکار______بتول نے بے چارگی سے پہلی بار یوشع کی طرف دیکھا

سوری مجھے افسوس ہے کہ آپ نے پہلی بار مجھے کوئی کام بولا ہے مگر میں آپ کی کوئی مدد نہیں کر سکتا۔

اگر اس کے علاوہ کوئی کام ہو تو میں حاضر ہوں______یوشع نے پاؤں ہلاتے ہوئے بے نیازی سے جواب دیا جواب اس کے سامنے بیٹھا اسے گھور رہا تھا۔

دیکھیں پلیز میری مدد کریں____۔۔آپ باہر سے اتنا پڑھ لکھ کر آئیں ہیں______بھلا ایک گاؤں کی لڑکی سے شادی کرتے اچھے لگے گے_______؟؟؟یوشع پہلی بتول کی بات پر بے سختہ مسکرایا

یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ آکسفورڈ کا پڑھا لکھا ایک گاؤں کی لڑکی سے شادی نہیں کر سکتا _________؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اور رہی بات اچھی لگنے کی تو "یوشع حیدر" ہر حال میں اچھا لگتا ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ آپ میری کوئی مدد نہیں کریں گے ________ بتول نے صوفے سے اٹھتے ہوئے آخری بار پوچھا

میرے خیال سے میں اردو ہی بولتا ہوں ________ یوشع نے سر کھجایا۔

آپ کسی کو پسند کرتیں ہیں ----------؟؟؟ بتول کے جاتے ہوئے قدم یوشع کی آواز پر رکے۔

نہیں ایسا کچھ نہیں ہے ______ بتول کو اس وقت اپنے دل کی دھڑکن صاف سنائی دے رہی تھی۔

ایسا ہی ہے ______ یوشع قدم قدم چلتا ہوا بتول کے برابر اکھڑا ہوا

Posted On Kitab Nagri

میں نے کہا نہ ایسا کچھ نہیں ہے۔ آپ مجھ پر الزام لگا رہے ہیں ______بتول کا چہرہ لال دھواں دھواں ہو رہا تھا وہ تیزی سے نفی میں سر ہلانے لگی

اگر آپ مجھے سچ نہیں بتائیں گی تو میں وہ بات جو آپ نے ابھی تھوڑی دیر پہلے کہیں صبح بڑی سرکار کو بتا دوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ اچھی طرح جانتی ہیں کہ بڑی سرکار میری بات پر آنکھ بند کر کے ایمان لاتیں ہیں چاہے وہ جھوٹ ہی کیوں نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یہ تو پھر سچ ہے______سوچ لیں______یوشع کی بات ہے پر بتول کو اپنا سانس رکتا ہوا محسوس ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ ایسا کچھ نہیں کریں گے______بتول نے مان سے کہا

میں بالکل ایسا ہی کروں گا اور پھر آپ کے ساتھ جو بڑی سرکار کریں گی وہ آپ مجھ سے بہتر جانتی ہیں ________یوشع کی بات پر بتول کو اپنا سر گھومتا ہوا محسوس ہوا

Posted On Kitab Nagri

مجھے چکر آرہے ہیں________بتول نے بے ساختہ اپنا سر پکڑا۔

آپ چکر دے رہی ہیں________یوشع اپنی جگہ سے ایک انچ بھی نہیں ہٹا

بتول آپ مجھے بتائیں بغیر اس کمرے سے باہر نہیں جا سکتیں______اس سے پہلے بتول دروازہ کھولتی یوشع نے ہنڈل پر ہاتھ رکھ دیا۔

پلیززززز______بتول نے بے بسی سے یوشع کو دیکھا

ٹھیک ہے اگر آپ کسی کو پسند نہیں کرتیں بقول آپ کے تو پھر آپ کو اس شادی پر کوئی اعتراض بھی نہیں ہونا چاہیے۔

اگر آپ کسی کو پسند کرتی ہیں تو بتادیں_____شاید پھر میں اس شادی سے منع کردوں۔

Posted On Kitab Nagri

مگر شرط یہ ہے کہ وہ شخص مجھ سے بہتر ہو گا______یوشع کی باتیں بتول کی حالت خراب کر رہی تھی۔

کچھ بھی تھا نوید بہر حال یوشع سے بہتر نہیں تھا مگر______بتول نے دل میں سوچا

مجھے کوئی پسند نہیں ہے اور مجھے اس شادی سے بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے وہ تو میں آپ کے لئے کہہ رہی تھی______بتول کی بات پر یوشع نے ہنڈل سے ہاتھ اٹھالیا

بڑی سرکار بالکل ٹھیک کہتی ہیں۔ یہ لڑکی اتنی معصوم نہیں جتنی نظر آتی ہے۔

مگر سوچنے والی بات یہ ہے کہ اتنے سخت ماحول میں اسے "عشق" ہو کیسے گیا اور کس سے ___________؟؟؟

یوشع نے بتول کے جاتے ہی اپنی عقل کے گھوڑے دوڑائے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ تم دن بدن بتمیززز ہوتے جارہے ہو________آج پھر تم نے کمپیوٹر لیب میں کیا کیا ہے ____________؟؟؟مسز آفندی شدید غصے میں تھیں.

پیاری ماما جانی آپ اس وقت گھر میں ہیں اس لیے یونی کو چھوڑیں_______وہاں کیا، کب اور کیسے ہوا _______بعد میں پوچھ لینا.

ابھی مجھے شدید بھوک لگی ہے. سینڈوچ بنا دیں. میں تھک گیا ہوں. عکاشہ نے صوفے پر پھیلتے ہوئے کہا

بس ہر وقت سینڈوچ ہی کھاتے رہا کرو باقی کھانے تو تمہیں ڈاکٹر نے منع کر رکھے ہیں.

مسز آفندی بڑبڑاتی ہوئی کچن میں چلی گئیں.

Posted On Kitab Nagri

اب آپ صرف سینڈوچ ہی مزے کا بناتیں ہیں تو اس میں میرا کیا قصور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ نے شرارت سے کہا اور ریموٹ سے ٹی وی آن کیا.

یوشع میرے کھانے کی اتنی تعریفیں کرتا ہے________حیدر کو بھی میری کوکنگ بہت پسند ہے مگر تم________مسز آفندی نے ایک افسوس بھری نظر عکاشہ پر ڈالی .

ماں کے بارے میں بکواس کرتے ہوئے شرم آتی ہے_______کم از کم ماں کو تو بخش دیا کرو. مسز آفندی نے غصے سے کہا

یوشع اور حیدر صاحب کا قیامت والے دن الگ سے حساب ہو گا________دونوں تعریفیں کر کے خود سائیڈ پر ہو گئے ہیں اور مجھ معصوم کو پھنسا دیا ہے.

ان دونوں کو اگر صرف ایک مہینہ آپ کے ہاتھ کا کھانا کھانے کو ملے تو میں "حلفیہ قسمیہ" کہہ سکتا ہوں کہ ان کی رائے میرے جیسی ہو جائے گی.

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ______مسز آفندی نے اسے ٹوکا

ویسے بڑے دن ہو گئے ہیں آپ کے محبوب کا فون نہیں آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اللہ جانتا ہے اگر میں نے اپنی ان خوبصورت آنکھوں سے آپ دونوں کا نکاح نامہ نہ دیکھا ہوتا تو ________یوں آپ کو چھپ چھپ کر بات کرتا دیکھ کر کچھ اور ہی سمجھتا.

عکاشہ نے قہقہ لگایا جبکہ مسز آفندی نے کچن سے چمٹا پھینکا

خدا کے لیے یہ عادت تو بدل لیں کسی دن میں ان چیزوں کی ضد میں آ گیا تو یقیناً اپنی کسی خاص چیز سے محروم ہو جاؤں گا.

عکاشہ نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ مسز آفندی کا فون بجا.

Posted On Kitab Nagri

دیکھو کس کا فون ہے_________؟؟؟

میرے ہاتھ صاف نہیں______مسز آفندی نے سینڈوچ کی طرف اشارہ کیا.

ایک تو آپ مجھے اپنا ڈرائیور، موچی، پلمبر، لانڈری والا، فون آپریٹر اور نجانے کیا کیا سمجھتیں ہیں.

نہیں سمجھتیں______تو بیٹا نہیں سمجھتیں______عکاشہ بولتا ہوا کال رسیو کرنے لگے مگر پھر رک گیا.

آپ کے محبوب کا فون ہے اٹھالوں______عکاشہ نے کچن کے دروازے میں کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا

تمہارے باپ کا بھی ہے_____بس سینڈوچ تیار ہونے والا ہے. میں زرا انڈہ فرائی کرلوں.

مسز آفندی نے خوشدلی سے جواب دیا مگر فون بج بج کر بند ہوگیا.

Posted On Kitab Nagri

سوری میں نہیں اٹھا سکتا______وہ اس وقت اپنی بیگم سے رومنس کرنے کے موڈ میں ہوں گے اور میری آواز سنتے ہی________عکاشہ کہہ کر قہقہے لگانے لگا

بہت بے شرم ہو______مسز آفندی نے سینڈوچ کی پلیٹ عکاشہ کو تھمائی اور خود کیچپ پکڑ کر باہر آ گئیں.

آپ بھی کھائیں گی-----------؟؟؟عکاشہ نے حیرت سے پوچھا

ظاہری سی بات ہے اب میں اپنے لیے الگ سے تو کچھ بنانے سے رہی_______مسز آفندی نے کہتے ہوئے سینڈوچ اٹھا تبھی فون دوبارہ بجا

www.kitabnagri.com

کہاں تھیں----------؟؟؟وہی مہربان لہجہ

وہ عکاشہ کے لیے سینڈوچ بنا رہی تھی_______نہایت فرمانبرداری سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

اچھاوہ گھر پر ہے---------؟؟؟حیدر آفندی حیران ہوئے.

جی_______یک لفظی جواب دیا

میری اس سے بات کرائیں_______حیدر آفندی کے کہنے پر مسز آفندی نے عکاشہ کی طرف دیکھا جو مسلسل نہ میں گردن ہلا رہا تھا.

عدن بات کرائیں______دوسری طرف سے اصرار کیا گیا.

وہ ابھی واش روم گیا ہے آتا ہے تو بات کراتی ہوں______مجبوراً مسز آفندی نے جھوٹ بولا جس پر عکاشہ نے داد دی.

عدن آپ نے اولاد کی خاطر جھوٹ بولنا سیکھ لیا ہے______حیدر آفندی نے سرد لہجے میں کہا

Posted On Kitab Nagri

نہیں وہ اصل میں_______مسز آفندی کو بہت افسوس ہوا

رہنے دیں میں جانتا ہوں وہ مجھ سے بات کرنا نہیں چاہتا_______حیدر آفندی کے جواب پر عکاشہ نے خاموش تالیاں بجائیں.

ایم سوری حیدر_______مسز آفندی دکھی ہو گئیں.

کوئی بات نہیں_______اپنا خیال رکھا کریں_______مجھے ہر پل آپ کی فکر رہتی ہے. حیدر آفندی نے کہہ کر فون بند کر دیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ناراض ہو گئے ہیں_______مسز آفندی نے آنسو بھری آنکھوں سے عکاشہ کو دیکھا

وہ راضی کب تھے-------------؟؟؟عکاشہ نے منہ صاف کرتے ہوئے ٹشو پیپر پھینکا۔

پھر روتی ہوئی عدن کی طرف دیکھا_________آپ جیسے لوگوں کے لیے کسی نے کیا خوب کہا ہے

Posted On Kitab Nagri

"ہم اکثر اپنے چاہنے والوں کی لمبی قطار کو چھوڑ کر اُس ایک شخص کے پاس ذلیل ہونے کو پُہنچ جاتے ہیں جِسے ہماری پرواہ تک نہیں ہوتی!۔"

اور لاؤنج سے چلا گیا جبکہ عدن کی آنکھوں میں برسات جاری تھی۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

باؤنوید جیپ تیار کرو آج ہم سکول کا دورہ کریں گے_____________؟؟؟

یوشع کے حکم پر نوید نے بندے اور جیپ تیار تو کر لی مگر دل عجیب سی الجھن کا شکار تھا کہ یوشع سائیں کو اچانک سکول کے دورہ کا خیال کیسے آیا_________________؟؟؟

گاؤں کی کچی پکی گلیوں سے جیپ گرد اڑاتی جا رہی تھی.

سائیں سکول کی عمارت کافی بوسیدہ ہے.بچے زیادہ تر صحن میں لگے پیپل کی چھاؤں میں پڑھتے ہیں .

فرنیچر کے نام پر صرف ایک کرسی ہی ہے.جو ماسٹر جی اپنے بیٹھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں .

اگر آپ سکول کے لیے گرانٹ منظور کروا دیں تو آنے والی نسلیں آپ کو دعا دیں گی .

Posted On Kitab Nagri

تمہیں کس نے کہا ہے کہ میں سکول کے مسائل حل کرانے کے لیے جا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع کے جواب پر نوید حیران ہوا مگر بولا کچھ نہیں .

بڑی سرکار کو بلکل پسند نہیں ہے کہ سکول کو کسی بھی قسم کی گرانٹ دی جائے ______ انھیں لڑکیوں کا پڑھنا سخت ناپسند ہے اور میں کوئی ایسا کام نہیں کرنا چاہتا جس سے وہ ناراض ہوں .

میں صرف اس ماسٹر نامی مخلوق سے ملنا چاہتا ہوں. دیکھو تو سہی کہ کیا چیز ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہارے سمیت سارے گاؤں والے ہی ماسٹر جی ____ ماسٹر جی کی رٹ لگائے رکھتے ہیں .

سائیں سکول کی حالت اتنی اچھی نہیں ہے ________ آپ کے جوتے اور کپڑے خراب ہو سکتے ہیں.

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ نے صرف ماسٹر جی سے ہی ملنا ہے تو ان کے گھر چلتے ہیں وہ قریب بھی ہے اور سکول سے بہتر بھی______نوید کی بات پر یوشع مسکرا دیا.

چل باؤ نوید تیری بات مان لیتے ہیں_______اسی بہانے اس لڑکی سے ملاقات بھی ہو جائے گی

____________؟؟؟یوشع نے دل میں سوچا

سائیں ماسٹر جی کا گھر آگیا ہے. آگے کیا حکم ہے______آپ اندر جائیں گے یا انھیں باہر بلا لوں

____________؟؟؟نوید نے جیپ کو روکتے ہوئے پوچھا

یوشع کو نوید کی بات پر حیرت کا شدید جھٹکا لگا

یہاں گھر کونسا ہے____________؟؟؟

یہ سب تو دیکھنے میں_______یوشع نے بمشکل سخت الفاظ استعمال کرنے سے گریز کیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سائیں یہ سامنے والا ان کا گھر ہے______نوید نے انگلی سے جس طرف اشارہ کیا تھا یوشع نے اس سمت دیکھا

سنگل سٹوری، کچا مکان اور دروازے کے نام پر ٹین کی ایک چادر تھی.

ماسٹر کے حالات کافی پتلے لگتے ہیں_______یوشع نے تبصرہ کیا جس پر نوید نے سر ہلایا.

سرکار میرے خیال سے میں یہیں ماسٹر جی کو بلا لاتا ہوں________نوید کہتا ہوا جیپ سے اتر گیا جبکہ یوشع کے بندے پچھلی جیپ میں تھا.

گلی میں دیکھتے دیکھتے ہی بچوں، بڑوں کی رش لگ گئی جبکہ عورتیں منہ ڈھانپے دروازوں سے لٹک رہیں تھیں.

دھوپ اور مکھیوں کی وجہ سے یوشع کو شدید کوفت ہو رہی تھی. تھوڑی دیر بعد دروازے سے اکیلے نوید کو نکلتا دیکھ کر یوشع کو غصہ آ گیا.

Posted On Kitab Nagri

سائیں ماسٹر جی کی بیٹی بیمار ہے وہ اسے لے کر ہسپتال گئے ہیں ______ نوید نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی.

خامخواہ تم نے میرا وقت ضائع کیا ______ یوشع کا موڈ خراب ہو گیا

معزرت چاہتا ہوں سائیں ______ مگر وہ ماسٹر جی کی بچی سے بھینس بندھ نہیں رہی تھی تو میں نے مدد کر دی. نوید کے جواب پر یوشع نے ایک غصیلی نظر سے اسے دیکھا مگر اگلے ہی پل چونکا

باؤ نوید تمہاری منگنی ہو گئی ہے ______ ؟؟؟ یوشع کہ یوں پوچھنے پر نوید حیران ہوا

نہیں سائیں _____ ابھی نہیں ہوئی. نوید نے سامنے سڑک پر دیکھتے ہوئے جواب دیا.

اچھا ایک بات بتاؤ------------ ؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

یہ بتول بی بی کو کہیں بھی لانے اور لے جانے کا کام تم ہی کرتے ہو تو کبھی تم نے ان کے آس پاس کسی مرد کو دیکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع کے سوال پر نوید نے بے ساختہ بریک لگائی جس پر جیپ گھوم گئی اور دونوں کے سر ڈیش بورڈ سے ٹکرائے۔

سوری سائیں میرا دھیان کہیں اور چلا گیا تھا. آپ کو چوٹ تو نہیں لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

نوید نے فوراً معزرت کی اور یوشع کی طرف دیکھا جو اپنا ماتھا سہلا رہا تھا.

مجھے تو نہیں مگر تمہارے ماتھے سے خون نکل رہا ہے_____یوشع کے اشارے پر نوید نے اپنے ماتھے کو ہاتھ لگایا.

سائیں آپ کیا پوچھ رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

نوید نے اپنے تاثرات نارمل کرتے ہوئے پوچھا

دفع کرو______تم پہلے ہسپتال کی طرف جیپ موڑو، اتنا خون بہہ رہا ہے. میرے خیال سے تمہیں ٹانکے لگیں گے______یوشع کی بات پر نوید نے فوراً عمل کیا مگر دل کسی انہونی کی طرف اشارہ کر رہا تھا

"بتول بی بی آپ کی محبت کہیں میرے لیے سزائے موت نہ ٹھہرے".

نوید دل میں بتول سے مخاطب ڈرائیونگ کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوید ڈسپنسر سے اپنی پٹی کروا کر باہر جا رہا تھا جب نظر ماسٹر صاحب پر پڑی۔

ماسٹر جی آپ یہاں______نوید نے جھک کر سلام کرتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

برخوردار مجھے چھوڑو اور یہ بتاؤ کہ تمہیں سر پر کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ماسٹر جی نے ہمیشہ کی طرح شفقت سے جواب دینے کے بعد نوید کی خیریت پوچھی

بس وہ اچانک سڑک پر پتھر آ گیا تھا تو جیپ میرے کنٹرول سے باہر ہو گئی________ نوید نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

اپنا خیال رکھا کرو_______ تم بہت اچھے ہو اور تم جیسے نوجوانوں کی ہمارے گاؤں کو بہت ضرورت ہے______ماسٹر جی نے پیار سے کہا

وہ آج یوشع سائیں آپ سے ملنے آپ کے گھر گئے تھے مگر پتہ چلا کہ آپ گھر پر موجود نہیں ہے خیریت تھی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

نوید نے یوشع سائیں کے جانے کی اطلاع انتہائی خوبصورتی سے ماسٹر جی تک پہنچائیں

Posted On Kitab Nagri

یوشع سائیں میرے گھر کیوں آئے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی کو کسی انہونی کا احساس ہوا

ویسے ہی وہ ہر کسی سے آپ کے بارے میں سن کر لگتا ہے کہ آپ کی شخصیت سے متاثر ہو گئے ہیں

__________نوید نے ماسٹر جی کی پریشانی کو ختم کرنے کے لیے ہلکے پھلکے انداز میں جواب دیا

اچھا__________ماسٹر جی نے گہری سوچ میں ڈوبی آواز ساتھ کہا

آپ یہاں کیسے آئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے پوچھا

وہ رات میں امثال کو بچھو نے کاٹ لیا تھا اتنا سخت بخار رہا اس لیے صبح ہسپتال لایا۔

بخار تو ابھی بھی ہے مگر پہلے سے فرق ہے______ماسٹر جی کی بات پہ نوید نے سر ہلایا

ابھی بھی تمہارے ساتھ یوشع سائیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

نہیں انہیں تو میں ڈیرے پر اتار آیا تھا ادھر سرکاری ہسپتال میں وہ کیسے رہ سکتے ہیں ؟؟؟________

ماسٹر جی کے سوال پر نوید نے جواب دیا

اچھا اچھا_____ماسٹر جی کے جاتے ہیں نوید کا دماغ ایک بار پھر بتول کی طرف چلا گیا

آخر ایسا بی بی نے کیا کیا ہو گا جو یوشع سائیں یوں مجھ سے پوچھ رہے تھے_______؟؟؟

اتنا سمجھایا تھا میں نے انہیں مگر______یہ امیر اور خوبصورت لڑکیاں اتنا کند ذہن کیوں ہوتی ہیں ؟؟؟_______

نوید اپنی سوچوں میں گم ہسپتال کی سیڑھیاں اترنے لگا

Posted On Kitab Nagri

حرم ایک کپ چائے بنا دو______حارث نے کمرے میں جھانکتے ہوئے کہا

وہ تو ممانی ساتھ بازار گئی ہے کیا میں بنا دو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ماہم نے ڈرتے ڈرتے پوچھا

نیکی اور پوچھ پوچھ_______اس میں بھلا پوچھنے والی کیا بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بنا کر لا دو______میں نے تو چائے ہی پینی ہے چاہے تم بناؤ یا حرم_______حارث کی بات پر وہ مسکراتی ہوئی چائے بنانے چلی گئی

دادو کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حارث نے تخت پوش پر تقریبا گرنے والے انداز میں بیٹھتے ہوئے اس سمیرا بیگم سے پوچھا

کچھ نہیں بوڑھے بندے نے کیا کرنا ہوتا ہے________سوائے پرانی یادوں کے________ دادو نے پیار سے حارث کے سر پر ہاتھ پھیرا تبھی ماہم چائے بنا کر لے آئی

Posted On Kitab Nagri

اتنی جلدی بنالائی ہو______کیاپہلے سے بنی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حارث نے چائے کاایک گھونٹ بھرااور ماہم کی طرف دیکھا

اچھی نہیں بنی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے بے چارگی سے پوچھا

اس چائے کواچھی کہنازیادتی ہوگا_______یہ توبہت زبردست بنی ہے_____حارث کے جواب پرماہم کامرجھایاہواچہرہ کھل اٹھا

سچی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے جوش سے پوچھا

مچی ______ یقین نہیں آتا تو دادو سے پوچھ لو۔ کیوں دادو چائے کیسی بنی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میری بیٹی کے ہاتھ میں بہت ذائقہ ہے______دادو نے پیار سے ماہم کی طرف دیکھا

وہ میں نے آپ کو سوری بولنا تھا_________ماہم نے حارث کے ہاتھ سے چائے کا کپ لیتے ہوئے آہستہ آواز میں کہا

سوری________؟؟؟

یہ کیا بات ہوئی_________؟؟؟

میں سمجھا کہ تم میرا شکریہ ادا کروں گی۔ کیونکہ میں نے نہ صرف خود بلکہ دادو سے بھی تمہاری چائے کی تعریف کروائی ہے________حارث نے مصنوعی خفگی سے جواب دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ میری وجہ سے آپ کو اتنا جرمانہ دینا پڑا۔ میں اس لئے آپ سے معافی مانگنا چاہ رہی تھی۔ آئندہ ایسی غلطی نہیں کروں گی_______ماہم نے شرمندگی سے سر جھکایا جس پر حارث نے افسوس سے اپنا سر نفی میں ہلایا

Posted On Kitab Nagri

تم میرے لئے بالکل حرام جیسی ہو اور نقصان تو کسی سے بھی ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میرے سے بھی ہو سکتا ہے______ آئندہ ایسی بات مت بولنا سمجھی______ حارث کے جواب پر ماہم کے چہرے پر ایک دم رونق آگئی

بالکل ایسے ہی رہا کرو۔ یہ دنیا رونے والوں کو زیادہ رولاتی ہے______ اور اس نے ماہم کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا

میں چاہتا ہوں تم بالکل حرم کی طرح ہو جاؤ______ اپنے حقوق کے لیے لڑا کرو______ مجھ سے اور بابا سے اپنی مرضی کی چیز لینے کے لئے ضد کیا کروں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حارث کی بات پر سمیرا بیگم نے بھی تائیدی نگاہ سے ماہم کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اور تم نے آج اتنی اچھی چائے بنائی ہے تو تمہارا انعام بنتا ہے______حارث نے پانچ سو کا نوٹ نکال کر ماہم کو دیا

یہ میرے پیچھے یہاں پر کیا ہو رہا ہے-----------؟؟؟

اتنی دیر میں کلثوم بیگم حرم ساتھ اندر داخل ہوئیں اور ماہم کو حارث سے پیسے لیتا دیکھ کر بھڑک اٹھی

ہمارے ساتھ تو ہنستے بولتے ہوئے اس لڑکی کو موت پڑتی ہے______اور اب کیسے خوش ہو رہی ہے---------؟؟؟ ممانی کی بات کا مطلب سمجھتے ہوئے ماہم جلدی سے کچن میں برتن رکھنے چلی گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماما پلیز______حارث نے روکنا چاہا

تم تو اپنا منہ بند ہی رکھا کرو______ابھی میں کچھ کہنے ہی لگتی ہوں کہ تم وکالت کے لیے پہلے کھڑے ہو جاتے ہو______کلثوم بیگم کی بات پر حرم نے انگلی کے اشارے سے حارث کو چپ رہنے کا کہا

Posted On Kitab Nagri

اچھا چھوڑو ان باتوں کو_______یہ بتاؤ کیا خریداری کی ہے--------؟؟؟ سمیرا بیگم نے کلثوم سے کہا

حرم اپنی دادو کو دکھا دو کہ ہم کیا شاپنگ کر کے لائے ہیں۔ کیوں کہ میرا تو موڈ اس لڑکے نے آتے ہی خراب کر دیا ہے_______کلثوم بیگم پاؤں پٹختی ہوئی اپنے کمرے کی طرف چل پڑی

جبکہ حرم نے ان کے جاتے ہی کچن میں برتن دھوتی ماہم کو بلایا اور سب کو خریداری دکھانے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں کسی بھی صورت یوشع سے شادی نہیں کروں گی________اور میری مدد بھی کوئی نہیں کرے گا---------؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

لہذا جو کچھ بھی کرنا ہے مجھے خود ہی کرنا ہے اور جلدی کرنا ہے_______ ایسا کرتی ہوں میں یہاں سے بھاگ جاتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بتول نے سوچتے ہوئے الماری سے اپنا قیمتی سامان اور کالی شیشوں والی چادر نکالی اور حویلی کے خفیہ راستے کی طرف چل پڑی

بتول اس حویلی کے چپے چپے سے واقف تھی کیونکہ اس کا بچپن اس حویلی میں کھیل کود کر ہی گزرا تھا

رات کے اس پہر شدید اندھیرا تھا مگر کیونکہ بتول کو یہ راستہ زبانی یاد تھا اس لئے وہ سیدھا چلتی ہوئی حویلی سے باہر نکل آئی۔

یہ خفیہ راستہ حویلی اور ڈیرے کو آپس میں ملاتا تھا اور اس راستے کو بنانے کا مقصد یہ تھا کہ اگر کبھی ڈیرہ یا حویلی میں کوئی مسئلہ ہو تو آسانی سے دونوں جنگوں کے درمیان رابطہ ہو سکے۔

Posted On Kitab Nagri

اب اسے نوید کی "خوش قسمتی" کہیں یا بتول کی "بد قسمتی" مگر ڈیوٹی پر آج نوید موجود تھا قدموں کی چاپ سے چونکا

کون ہے وہاں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے ایک راہداری کی طرف ٹارچ سے روشنی ڈالی۔

یہ راستہ حویلی سے آتا تھا اس لیے نوید سخت الفاظ استعمال نہیں کر سکتا تھا

کتوں کے بھونکنے اور روشنی کی وجہ سے بتول کی جان نکل گئی ______ کیا مجھے واپس لوٹ جانا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟اس نے خوفزدہ ہوتے ہوئے خود سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں نہیں ________ مجھے زندگی اپنی مرضی سے گزارنے کا پورا اختیار ہے۔اس لیے مجھے ہمت کرنا ہو گی۔

یہاں کوئی ملازم ہی ہو گا اور اسے میں سنبھال لوں گی۔میں صبح ہونے سے پہلے پہلے شہر پہنچ جاؤں گی ______ بتول نے دل میں اپنے آپ کو تسلی دی

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اندھیرے میں نوید کو جو سایہ باہر نکلتا دکھائی دیا اس نے نوید کے چھکے چھڑا دیے۔

Posted On Kitab Nagri

بی بی جی آپ_____اس وقت اور یہاں________نوید جتنا حیران ہوتا اتنا ہی کم تھا

نوید تم________نوید کے برعکس بتول کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ خوش ہویا نوید کو دیکھ کے پریشان--------؟؟؟

آپ اس وقت ڈیرے پر کیا لینے آئی ہے----------؟؟؟نوید نے پریشانی سے پوچھا اور ساتھ ہی ساتھ پیچھے مڑ کر دیکھا کہ کہیں کوئی اور ملازم تو نہیں دیکھ رہا

میں تم سے ملنے آئی ہوں کیونکہ تم تو آتے نہیں ہو اور یہ تمہارے سر پر کیا ہوا ہے -----------؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بتول نے نوید کے سر پر بندھی پٹی دیکھ کر پوچھا

بی بی اب واپس جائیں میں صبح ملنے ضرور آؤں گا______نوید کو اس وقت بتول کو ڈیرے پر کھڑا دیکھ کر پسینے آرہے تھے

Posted On Kitab Nagri

نوید یہ میں ہوں بتول مگر تمہیں تو ایسے پسینے آرہے ہیں جیسے تم نے کوئی چڑیل دیکھ لی ہو_________

بتول اپنی ہی بات پر خود ہی ہنسی جبکہ نوید نے اپنے ماتھے پر موجود ننھے قطرے ہاتھ سے صاف کیے

بی بی آپ یہاں سے چلی جائیں۔ آپ کو اندازہ نہیں ہے کہ آپ کا یہ قدم کتنی بربادی لائے گا ______نوید نے التجا کی

نہیں میں واپس لوٹنے کے لئے نہیں آئی ______نوید کو دیکھنے کے بعد بتول میں ہمت آگئی تھی اور سارا ڈر کہیں بھاگ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا آپ اس وقت کہاں جا رہی ہیں اور کس کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کے پوچھنے پر بتول مسکرانے لگی

تمہارے ساتھ جا رہی ہوں اور مولوی صاحب کے پاس نکاح کرنے کے لیے _________بتول کی بات پر نوید کو لگا وہ کوئی خواب دیکھ رہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

بی بی آپ کو احساس ہے کہ آپ کیا بولتی جا رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تم نے خود ہی کہا تھا کہ جب سارے زمانے کے سامنے کہہ سکیں تب آنا______میں آپ کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہوں گا_______بتول نے نوید کو اس کی بات یاد دلائیں

مگر اس کے لئے گھر سے بھاگنے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ہم اس مسئلے کا کوئی بہتر حل نکال سکتے ہیں

آنکھوں میں تم سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ تم مجھے بہت اچھے لگتے ہو اور بڑی سرکار میری شادی زبردست یوشع سے کرانا چاہتی ہیں_____(بتول کی بات پر نوید کو صبح یوشع کی گفتگو یاد آگئی)

www.kitabnagri.com

بہت معذرت مگر میں ایسا کچھ نہیں کروں گا______میں کسی بیوقوفی میں آپ کا ساتھ نہیں دوں گا۔

اس لئے نہیں کہ مجھے ڈر لگتا ہے بلکہ اس لئے کہ آپ کا خیال ہے_______نوید نے معذرت کی

Posted On Kitab Nagri

اچھاٹھیک ہے پھر میرے اور تمہارے راستے آج سے جدا ہیں______میں سمجھوں گی کہ میں نے ایک "نامرد" سے محبت کی تھی______بتول نے اسے غصہ دلایا مگر بے سود

بتول نے نفرت اور دکھ سے آنکھوں میں لائے آنسو بے دردی سے صاف کیے اور ڈیرے سے باہر جانے لگی تبھی نوید ان کے آگے کھڑا ہو گیا۔

دیکھیے بی بی آپ اور یوشع سائیں کی شادی میں اللہ کی طرف سے کوئی بھلائی ہو گی________آپ جذباتی نہ ہوں۔

میں آپ کے قابل نہیں ہوں۔آپ سمجھتی کیوں نہیں ہیں۔_______؟؟؟نوید میں ایک بار پھر سمجھانے کی کوشش کی

چاہتی ہوں کہ میری طرح کا نقصاں ہو تجھے

اور پھر میں بھی کہوں "اس میں بھلائی ہو گی"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بتول نے دل میں سوچتے ہوئے نوید کے چہرے کی طرف دیکھا

آپ یہاں سے باہر نہیں جاسکتیں۔میں حویلی کی عزت کو اس طرح برباد ہوتا نہیں دیکھ سکتا۔

بہت معذرت ______ مگر آپ واپس لوٹ جائیں۔مجھے سختی پر مجبور مت کریں۔نوید کے راستہ روکنے پر بتول کو غصہ آگیا۔

نوید میرے آگے سے ہٹ جاؤ________بتول نے تقریباً چیختے ہوئے کہا

تو نوید نے نہ چاہتے ہوئے بھی بتول کے منہ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔

آپ کیوں اپنا تماشا بنانے پر تلی ہوئی ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے آہستگی سے بتول کے منہ سے ہاتھ آیا اور نظریں جھکالیں

Posted On Kitab Nagri

میں اس گستاخی پر معذرت خواہ ہوں______نوید نے ایک نظر اپنے ہاتھ کی طرف دیکھا

اچھا میں کچھ کرتا ہوں آپ ادھر بیٹھیں______نوید نے موبائل پر میسج کرتے ہوئے بتول کو چارپائی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا

اور ڈیرے میں ادھر ادھر چکر کاٹنے لگا جبکہ بتول ابھی بھی اپنے منہ سے اس کا لمس محسوس کر رہی تھی

پانچ منٹ بھی نہیں گزرے ہوں گے کہ یوشع سلیپنگ ڈریس پہنے ڈیرے میں داخل ہوا

یوں اچانک یوشع کو ڈیرے پر دیکھ کر بتول نے نوید کی طرف دیکھا جو گردن جھکا گیا مطلب صاف تھا کہ "یہ کام اس کا ہے"۔

چٹاخ______اس سے پہلے کہ یوشع بتول تک پہنچتا بتول نے پوری طاقت سے نوید کے گال پر تھپڑ مارا

Posted On Kitab Nagri

تھپڑ کی آواز پورے ڈیرے میں گونجی جبکہ یوشع بتول کو اپنے ساتھ گھسیٹتا ہوا حویلی کی جانب لے گیا

میں آپ سے بہت شرمندہ ہوں مگر آپ کی بہتری کے لیے یہ بہت ضروری تھا________آپ بہت معصوم ہیں اور بے وقوف بھی______نوید نے اپنی گال پر ہاتھ رکھتے ہوئی آسمان کی طرف دیکھا

"زندگی دو دلوں کی کہانی ہے اور کبھی کبھی_____وہ دل کبھی نہیں مل پاتے"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع نے تقریباً اسے گھسیٹتا ہوئے تہہ خانے میں لا کر پٹخا

دل تو کر رہا ہے دو تین تھپڑ تمہارے اس منہ پر لگاؤں مگر تربیت روک دیتی ہے.

آج یہ حرکت کر کے تم نے بڑی سرکار کی ہر بات پر "سہی ہے" کی مہر لگا دی ہے.

Posted On Kitab Nagri

میں اکثر سوچتا تھا کہ وہ خامخواہ تمہارے پیچھے پڑیں رہتیں ہیں مگر نہیں__________وہ تمہارے ساتھ جو بھی کرتیں ہیں بلکل ٹھیک کرتیں ہیں.

تمہارے ساتھ تو اس سے بھی برا سلوک کرنا چاہیے.........؟؟؟یوشع نے اپنے الجھے بالوں میں ہاتھ پھیرا.

میں نے کچھ نہیں کیا_________جو آپ مجھے یوں طعنے دے رہے ہیں.........؟؟؟بتول نے اٹھتے ہوئے کہا

تم نے کچھ نہیں کیا_______کیونکہ نوید نے تمہیں کچھ کرنے نہیں دیا.

اگر وہ ڈیوٹی پر نہ ہوتا اور تمہیں کوئی ملازم نہ دیکھتا_______تو تم پھر بھی یہی کہتیں کہ "تم نے کچھ نہیں کیا".............؟؟؟یوشع نے اپنے غصے پر قابو پاتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

ابھی تو یہ بات صرف مجھے معلوم ہے مگر جب صبح سب کو پتہ لگے گا تو سوچو تمہارے ساتھ کیا ہو گا ....؟؟؟یوشع نے بتول کی خاموشی پر پھر اسے کہا

کیا ہو گا_____کیا ہو گا............؟؟؟؟؟یہ جملہ سن سن کر میرا دماغ خراب ہو گیا ہے. جو ہو گا دیکھا جائے گا .

ہونا کیا ہے.........؟؟؟وہی ہو گا جو ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے. ان قبروں میں ایک قبر کا اضافہ ہو جائے گا .

بتول نے تہہ خانے میں موجود قبروں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

یعنی تمہیں اپنے کیے پر نہ کوئی شرمندگی ہے اور نہ ڈر_______یوشع کو حیرت ہوئی

ڈر کیسا.......؟؟؟روز روز مرنے سے بہتر ہے کہ ایک بار ہی مار دیں .

Posted On Kitab Nagri

یہاں نہ جاؤ_____وہاں نہ جاؤ____یہ نہ کرو_____وہ نہ کرو_____پڑھو مت________ ہنسو مت_______ہر کام_____ہر چیز پر پابندی_____بتول تو جیسے اپنے حواسوں میں نہیں تھی .

جب میں نے آرام سے پوچھا تھا کہ کوئی پسند ہے تو بتا دو_______تب موت پڑتی تھی بتاتے ہوئے ....؟؟؟

اور اگر کوئی پسند نہیں تو پھر یوں بھاگنے کی ک ءاضرورت تھی .

میں اندھا، گونگا، بہرہ، لنگڑا ہوں_____کیا خرابی ہے مجھ میں.......؟؟؟

جو تم نے مجھے ریجیکٹ کیا ہے______میرا دل اس وقت اپنی ذات کی بے عزتی پر تمہارا منہ لال کرنے کو کر رہا ہے .

کتنی بات بتاؤں مجھے کسی سے محبت نہیں ہے_______کچھ دیر پہلے نوید کی حرکت یاد کرتی وہ چلائی .

Posted On Kitab Nagri

جب کوئی لڑکی شادی سے انکار کرتی ہے تو لوگ خود ہی فرض کر لیتے ہیں کہ اس کا کسی سے چکر ہو گا تبھی انکار کیا............؟؟؟بتول کی بات پر یوشع نے ہنکار بھری

بس کرو یہ ڈرامے______میں کوئی بچہ نہیں ہوں_____اب تم اپنی خیر مناؤ .

جب تک بڑی سرکار جاگ نہیں جاتیں تمہیں یہاں رہنا ہو گا پھر وہ فیصلہ کریں گی کہ کیا کرنا ہے...........؟؟؟یوشع کہتا ہوا تہہ خانے کی سیڑھیاں چڑھنے لگا

نہیں پلیز_____مجھے یہاں نہیں رہنا. مجھے ڈر لگتا ہے_______وسیع عریض تہہ خانے میں خاموشی، تنہائی اور قبریں______بتول کو اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس ہوا .

www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے______میں تمہیں یہاں سے باہر نکال دیتا ہوں اور کسی کو کچھ بتاؤں گا بھی نہیں مگر______یوشع واپس اترتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

مگر___بتول کو عجیب سا احساس ہوا .

مگر تمہیں میرا ایک کام کرنا ہو گا وہ بھی پوری رازداری ساتھ______یوشع نے کہتے ہوئے قدم بتول کی طرف بڑھائے جبکہ اس نے پیچھے موجود دیوار کی طرف دیکھا

ماہم اور حرم دونوں کیفے ٹیریا کی سیڑھیوں پر بیٹھیں چائے پی رہیں تھیں جب دور سے عکاشہ آتا نظر آیا.

چلو حرم اندر کیفے میں چلتے ہیں_____ماہم نے حرم کا ہاتھ پکڑا

یہ اچانک تمہیں کیا ہو جاتا ہے.......؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ابھی تو تم نے خود ہی کہا تھا کہ باہر بیٹھ کر چائے پیتے ہیں اور برستی بارش کے مزے لیتے ہیں پھر اب ______حرم منہ بناتی کھڑی ہو گئی.

دل تو میرا ابھی بھی یہی کر رہا ہے مگر وہ مصیبت آ گئی ہے ________ماہم کی بات پر پہلے حرم حیران ہوئی اور پھر ہنسنے لگی

تم تو بلکل عکاشہ جیسی باتیں کرنے لگی ہو ______حرم کے الفاظ ابھی منہ میں ہی تھے کہ عکاشہ قریب آ کر کھڑا ہو گیا.

لو جی ابھی شیطان کو یاد کیا ہی تھا کہ وہ حاضر ہو گیا______حرم کی بات پر عکاشہ کا چلتا منہ بند ہوا

ایسا نہیں بولتے بری بات ہے _____یوں کہتے ہیں کہ "ابھی ڈھونڈ ہی رہی تھی تمہیں یہ نظر ہماری تم آ گئے اچانک بڑی عمر ہے تمہاری" ________عکاشہ شرارتی سا مسکرا کر ماہم کو دیکھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

خبر دار_____ مجھ سے بات بھی مت کرنا. تم جب بھی مجھ سے بات کرتے ہو میں کسی نا کسی مصیبت میں پھنس جاتی ہوں_________اس سے پہلے کہ عکاشہ ماہم کو کچھ کہتا وہ بول پڑی .

ارے یہ اپنی ماہم ہی ہے_____ یہ تو بڑی سمجھدار ہو گئی ہے. اب اس کے لیے رشتہ تلاش کرتے ہیں. بچیاں جب سمجھدار ہو جائیں تو ان کی فوراً شادی کر دینی چاہیے .

عکاشہ نے بڑی عورتوں کی طرح ایک ہاتھ کمر پر جبکہ دوسرا اپنی گال پر رکھتے ہوئے کہا

بکواس بند کرو، تمہیں کرنے کے لیے کوئی کام نہیں ہے________ماہم نے اپنے ہاتھ میں پکڑی فائل زور سے اسے ماری .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کام ہی کر رہا ہوں_______اپنا بازو سہلاتے ہوئے جواب دیا تبھی زور و شور سے اس کا موبائل بجا

دیکھا کس قدر مصروف بندہ ہوں ہر وقت میرا موبائل-فون بجتا رہتا ہے اور تم کہتی ہو کہ مجھے کوئی کام نہیں.........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ نے اپنا موبائل نکالا کر ان کے آگے ہلایا جس پر " my darling" ________ لکھا آرہا تھا.

کتنوں کو بے وقوف بنا رکھا ہے..............؟؟؟

حرم کی بات پر عکاشہ نے بے ساختہ قہقہ لگایا.

جنتی بن جائیں ______ اور ماہم کو چڑاتا فون کان ساتھ لگاتا چلا گیا.

تم نے اس کی حرکتیں دیکھیں ہیں...........؟؟؟ عکاشہ کے جاتے ہی ماہم نے حرم سے کہا

دفع کرو اور چائے پیو اس سے پہلے کہ کلاس کا وقت ہو جائے ________ حرم کی بات پر ماہم نے سر ہلایا.

جی بھائی جانی کیسے یاد کیا ________ عکاشہ کی چہکتی آواز سپیکر سے ابھری

Posted On Kitab Nagri

ویسے ہی________یوشع نے سنجیدہ ساجواب دیاجو اس وقت ڈرائیونگ کر رہا تھا.

اگر ایسا ہے تو ویسے ہی مت یاد کرتے نااااا_________اچھا خاصا لڑکی سیٹ کر رہا تھا آپ کی کال نے سب گڑبڑ کر دی________عکاشہ نے مڑ کر ماہ، حرم کو دیکھا جو اب کیفے کے اندر جا رہیں تھیں.

میں نے کیسے سٹینگ خراب کر دی_________یوشع حیران ہوا

آپکا نمبر my darling کے نام سے سیو ہے ناااااا_______عکاشہ نے منہ بنایا جبکہ یوشع نے قہقہ لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم بھی کمال چیز ززززہو غلطی اپنی ہوتی ہے الزام دوسرے کو دیتے ہو اور یہ وہی لائبریری والی لڑکی ہو گی...........؟؟؟یوشع نے پوچھا موڈ اب پہلے سے کافی خوشگوار ہو گیا تھا

جی بلکل وہی ہے محترمہ ماہم بی بی________عکاشہ نے تصدیق کی

Posted On Kitab Nagri

تمہیں اس سے محبت وغیرہ________یوشع کے پوچھنے پر عکاشہ کے ہاتھ سے موبائل چھوٹتے چھوٹتے بچا.

کیا بھائی آج ہی سارا نقصان کرنے کی قسم کھائی ہے..........؟؟؟

اتنی ڈراؤنی بات_____وہ بھی دن دیہاڑے_____میرے ہاتھ سے موبائل گرتے گرتے بچا ہے. عکاشہ کی مظلومیت بھری آواز آئی.

مجھے تمہاری حرکتوں سے اندازہ ہوا تھا خیر_______یوشع نے جیپ ندی کنارے روکی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

محبت کرنے کے لیے سب سے پہلے پتہ کیا چیز آپ کو متاثر کرتی ہے...........؟؟؟

کیا............؟؟؟(عکاشہ کے سوال پر یوشع جیپ سے نکل کر ندی کنارے بیٹھ گیا).

Posted On Kitab Nagri

نام____نام____سب سے پہلے دیکھا جاتا ہے. جبکہ اس بے وقوف کا نام ہی "ما" سے شروع ہوتا ہے. اب بندہ "ما" سے کیسے رومنس کر سکتا ہے........؟؟؟

ہاں اگر_____"جاناں یا صنم"_____ہوتا تو سوچا جا سکتا تھا

عکاشہ کے تجزیہ پر یوشع کا دھیان فوراً امثال کی طرف گیا.

امثال نام کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے........؟؟؟

ویسے تو یہ بھی "ام" سے شروع ہو رہا ہے تھوڑی اماں والی آواز آتی ہے مگر چلے گا_____خیریت........؟؟؟عکاشہ کے جواب پر یوشع مسکرا دیا.

خیریت ہی ہے یہ بتاؤ شادی کرو گے...........؟؟؟

یوشع کے سوال پر عکاشہ جو مزے سے ببل چبا رہا تھا ببل کا غبارہ اپنے ہی منہ پے پھاڑ گیا.

Posted On Kitab Nagri

آج مجھے ہارٹ اٹیک ضرور آئے گا ______بس کر دیں______کیا کر رہے ہیں.........؟؟؟

ویسے مجھے بچپن سے ہی دلہنیں بہت پسند ہیں. یونی کی مصروفیت بھی تین ماہ بعد ختم ہو جائے گی .

پھر میں بلکل فارغ _____مصروف تو خیر اب بھی نہیں ہوں مگر چلو آپ کہتے ہیں تو شادی کر کے دیکھتے ہیں کیسا تجربہ رہتا ہے........؟؟؟

عکاشہ نے چہکتے ہوئے جواب دیا .

چلو پھر گاؤں آجاؤ_____تمہیں تمہاری ایک کزن سے ملواتا ہوں______امید ہے کہ مل کر خوشی ہو گی.........؟؟؟

اور اگر اسے نہ ہوئی تو.........؟؟؟ عکاشہ نے یونی کے کوریڈور میں چلتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

آؤ تو سہی______یوشع نے دعوت دی .

ماما نہیں مانیں گی.......؟؟؟عکاشہ نے اب کی بار سنجیدہ جواب دیا .

تم وہ مجھ پر چھوڑ دو_____میں دیکھ لوں گا_____بس پیپرز ختم ہوتے ہی مجھے اطلاع کرنا میں لینے آ جاؤں گا.یوشع نے کہتے ہوئے پتھر مارا

بھائی ایسی باتیں میرے ساتھ مت کیا کریں.مجھے کچھ کچھ ہوتا ہے .

ایسا لگتا ہے جیسے میری نئی نئی شادی ہوئی ہو اور میاں مجھے باہر بلا رہا ہو کہ میں "ائیر پورٹ سے تمہیں لے لوں گا پریشان مت ہونا"______عکاشہ کے جواب پر یوشع نے سر نفی میں ہلایا

تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا______اچھے خاصے جملہ کا بیڑہ غرق کر دیا ہے .

بس ماما کی طرح آپ نے بھی ہار مان لی ہے اور مجھے لاعلاج قرار دیا ہے______عکاشہ چہکا

Posted On Kitab Nagri

چلو ملتے ہیں_____پھر بات کریں گے.یوشع کہتا ہوا پتھر سے اٹھ کر اپنے کپڑے جھاڑنے لگا

اس سے پہلے کہ وہ اپنی جیپ تک پہنچتا اسے کچھ دور امثال بیٹھی ہوئی نظر آئی.

امثال جو اپنے دھیان میں بیٹھی کنکر پھینک رہی تھی آہٹ پر چونکی

آپ_______شناسائی کی رمق ابھر کر معدوم ہو گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس میں اتنی بھی حیران ہونے والی بات نہیں جتنا تم ہو رہی ہو...............؟؟؟اس کے قریب تھوڑے فاصلہ پر بیٹھتے ہوئے یوشع نے کہا

ویسے آپ یہاں کیا کر رہے تھے.........؟؟؟امثال نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

اور اگر یہی سوال میں کروں تو.........؟؟؟یوشع نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے ایک کنکر اٹھا کر ندی میں پھینکا

تو میں جواب دے دوں گی بھلا اس میں چھپانے والی کیا بات ہے.........؟؟؟ امثال نے کندھے اچکائے

اچھا تو بتاؤ تم یہاں ندی میں کنکر پھینکنے کے علاوہ کیا کر رہی تھی..........؟؟؟

میں لکڑیاں چننے آئی تھی. تھک گئی تو کچھ دیر یہاں بیٹھ گئی______امثال کی سادگی اسے اچھی لگی

مجھے تمہاری فیملی کا سن کر دکھ ہوا______یوشع کو خود بھی سمجھ نہیں آئی کہ اس نے یہ بات کیوں کہی.........؟؟؟

ایسی باتوں پر ایک رحمدل انسان کو افسوس ہی ہوتا ہے. امثال کے جواب پر یوشع چونکا

Posted On Kitab Nagri

رحمدل_____ یہ رحمدل مجھے کہا ہے.یوشع نے اپنے سینے پر انگلی رکھی

نہیں اپنے ابا کو_____ امثال نے منہ بنایا جبکہ یوشع اس کے یوں روٹھنے پر اسے دیکھنے لگا

اچھا ایک بات بتاؤ..........؟؟؟

یہ گھر سے بھاگی ہوئی لڑکی ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے.......؟؟؟

یوشع کے سوال پر امثال نے اسے گھور کر دیکھا

یہ سوال مجھ سے پوچھا ہے......؟؟؟امثال نے یوشع کی نقل اتارتے ہوئے اپنے سینے پر ہاتھ رکھا

نہیں اپنی اماں سے_______ یوشع نے بھی اس کی نقل اتاری جس پر دونوں ہنسنے لگے

Posted On Kitab Nagri

بڑے دنوں بعد نظر آئی ہو______کہاں تھی______؟؟؟اب وہ دونوں بہت دوستانہ ماحول میں گفتگو کر رہے تھے.

مجھے بچھو نے کاٹ لیا تھا. بہت تیز بخار ہو گیا تھا______امثال کی بات پر یوشع نے سر ہلایا

میں تمہارے گھر آیا تھا. خاصی گندی جگہ پر ہے______یوشع نے منہ بناتے ہوئے ایک کنکر ندی میں پھینکا

اتنی "گندی جگہ" نہیں جتنی گندی آپ نے شکل بنائی ہے______امثال کی بات پر یوشع کا منہ کھل گیا اسے امثال سے ایسی امید نہ تھی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم جانتی ہو کہ میں کون ہوں..........؟؟؟یوشعنے رعب سے پوچھا

یوشع حیدر آفندی_____بڑی سرکار کے بڑے پوتے______امثال کا اطمینان بھرا لہجہ یوشع کے لیے حیران کن تھا.

Posted On Kitab Nagri

یعنی تم "شروع" سے ہی میرے بارے میں جانتی تھی _____ امیزنگ ، اور مجھے پتہ ہی نہیں چلا.......؟؟؟یوشع نے اپنے اوپر افسوس کیا .

ابا نے بتایا تھا آپ کے بارے میں کہ آپ حویلی والے______ ابھی امثال نے اتنا ہی بتایا تھا کہ اسے اندازہ ہوا کہ ساری بات بتانے والی نہیں ہے .

حویلی والے_____یوشع نے امثال کو اچانک چپ ہوتا دیکھ کر پکارا

یہی کہ حویلی والے بہت اچھے ہیں. امثال نے زبردستی مسکراتے ہوئے جملہ پورا کیا اور اٹھ کھڑی ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سنو کیا تم روز یہاں آتی ہو........؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر امثال نے اسے مڑ کر دیکھا

نہیں، مگر آپ کیوں پوچھ رہے ہیں........؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

امثال کے جواب پر یوشع کو اپنی جلد بازی پر افسوس ہوا .

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کیا ہم روز مل سکتے ہیں........؟؟؟امثال کو جاتا دیکھ کر یوشع نے پیچھے سے آواز لگائی

Posted On Kitab Nagri

ہاں کیوں نہیں_____ مگر ایک شرط پر______امثال کو شرارت سوجھی

کیسی شرط.........؟؟؟

آپ مجھے لکڑیاں کاٹ دیے کریں. جب تک آپ مجھے لکڑیاں کاٹ کے دیے کریں گے تب تک میں آپ َسے باتیں کر لیا کروں گی.........؟؟؟

لڑکی تمہارا دماغ ٹھیک ہے. اگر تم یہ بات پہلے کہتی تو میں سمجھتا کہ شاید تم مجھے جانتی نہیں ہو اسی لیے کہہ رہی ہو.........؟؟؟

مگر تم میرے بارے میں سب جانتے ہوئے بھی ایسا کہہ رہی ہو. مجھے حیرت ہے_____ میرے آگے دو سو نوکر اور کئی کتے کام کرتے ہیں .

سمجھی______یوشع کو شدید غصہ آیا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تو پھر روز ان سے ہی مل کر بات کر لیا کریں______ آئندہ مجھے ایسی بیہودہ آفر مارنے کی ضرورت نہیں .

غریب ہوں مگر بے غیرت نہیں________ امثال کہتی ہوئی پلٹ گئی جبکہ یوشع اپنی اور اس کی بات کا موازنہ کرنے لگا

کون غلط تھا_____ اور کہاں......؟؟؟

سارا دن گزر گیا ہے اور آج تم نے باہر قدم نہیں رکھا. پتہ تمہارے چچا کتنے پریشان ہو رہے تھے. ________ راشدہ بیگم نے بتول کے کمرے میں آتے ہی اس کی حالت سے بے خبر بولنا شروع کیا مگر جیسے ہی نظر اس کے چہرے پر پڑی ایک دم ان کی زبان کو بریک لگی.

تمہیں تو بہت تیز بخار ہو رہا ہے_________ انہوں نے بتول کو چھوا تو حرارت کا احساس ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

کل پھر کھڑکی کھول کر سوگئی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟لاپرواہی کی بھی حد ہوتی ہے________راشدہ بیگم نے اٹھ کر کمرے کی کھڑکیوں کو چیک کیا جو خلافِ معمول بند تھی

مجھے سمجھ نہیں آتا میں اکیلی سب کچھ کیسے کروں گی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

شادی میں دن ہی تھوڑے سے رہ گئے ہیں سوچا تھا آج تمہیں ساتھ لے کر شہر جاؤں گی اور تمہاری پسند کے کپڑے تمہیں لے دوں گی۔

آخر کو تم نے پہننے ہیں۔ میں نے تھوڑی________راشدہ بیگم کی بات پر بتول کی آنکھیں گیلی ہونے لگی مگر وہ خاموش رہی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے اتنی خوشی ہے کہ تم میری بہو بن رہی ہو________میرا ایک ہی بیٹا ہے اگر کوئی تیز طرار سی شہر کی پڑھی لکھی لڑکی آجاتی تو میرا کیا ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

لیکن شکر ہے کہ میرے یوشع نے تم سے شادی پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟اب ہم دونوں ماں بیٹی ساری زندگی مل کر رہیں گی

راشدہ بیگم نے بتول کا ماتھا چوم۔اپنی خوشی میں انہیں محسوس نہیں ہوا کہ بتول نے آج ایک بھی لفظ ان کی باتوں کے جواب میں نہیں بولا ہے

میں تمہارے لیے کچھ کھانے کو لے کر آتی ہوں۔بتاؤ کچھ میٹھا بنوا دوں یا مرچ مصالحے والا_______ ویسے بیماری میں تو چٹ پٹا ہی کھانا اچھا لگتا ہے۔

چچی جان اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ مجھے یہ شادی نہیں کرنی تو ________ بہت ہمت جمع کر کے بتول نے گویا راشدہ بیگم کے سر پر بم پھوڑا۔

یہ کیا بات ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

میں یوشع سے شادی نہیں کرنا چاہتی______وجہ یہ نہیں کہ مجھے یوشع سے مسئلہ ہے وجہ کچھ اور ہے
_________؟؟؟

اگر آپ وعدہ کریں کہ کسی سے ذکر نہیں کریں گی تو میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں________بتول نے ایک دم حیران پریشان سی راشدہ بیگم کے ہاتھ کو اپنے حرارت والے ہاتھوں میں لیا

یہ تم کیا بول رہی ہو اگر کسی نے سن لیا تو________راشدہ بیگم پریشان سی ہو گئی تھی

آپ ایک دفعہ میری بات سن لیں پھر جو آپ کہیں گی میں وہی کروں گی_________بتول کے منت بھرے لہجے پر راشدہ بیگم نرم پڑ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوید کی طبیعت آج صبح سے ہی بہت بوجھل تھی اور احساس جرم سکون نہیں لینے دے رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

کیوں____آخر کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ میں نے بی بی کے ارمانوں کا خون کیا_________وہ کتنے مان سے کہہ رہی تھی۔نوید کبھی ٹہلنے لگتا تو کبھی بیٹھ جاتا۔

باؤ نوید آپ کو یوشع سائیں نے ڈیرے پر یاد کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

نوکر کے کہنے پر نوید مردہ قدموں ساتھ ڈیرے کی طرف چل دیا جو اس کے جھونپڑی نما گھر کے بہت قریب تھا

سائیں آپ نے یاد کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے باادب کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں_____بیٹھو_____آج خلافِ معمول یوشع سگریٹ پی رہا تھا جس پر نوید کو شدید حیرت ہوئی

سائیں آپ تو یہ استعمال نہیں کرتے پھر_______نوید نے یوشع کی انگلیوں میں جلتی سگریٹ دیکھ کر کہا

Posted On Kitab Nagri

باؤنوید تم سے ایک ذاتی کام پڑ گیا ہے______یوشع نے نوید کی بات کو یکسر نظر انداز کیا

حکم سائیں ہم تو آپ کے نوکر ہیں______نوید کی بات پر یوشع نے مسکراتے ہوئے سگریٹ ایش ٹرے میں مسلا

مجھے ماسٹر کی بیٹی سے شادی کرنی ہے_______یوشع کی بات پر نوید اپنی جگہ پر کھڑا ہو گیا وہ تو سمجھا تھا کہ بتول کے بارے میں بات کرنا ہو گی مگر یہاں تو معاملہ ہی الٹ نکلا

مگر سائیں نوید نے ڈرتے ڈرتے مخاطب کیا۔

میں نے تم سے کچھ مشورہ نہیں مانگا لہذا یہ "میں میں" بند کرو اور میری بات تفصیل سے سنو۔

اس سے پہلے نوید مزید کچھ کہتا یوشع نے اسے ٹوک دیا

جی سائیں______نوید اپنی بے عزتی پر خاموش ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

وہ جو اس دن ہمیں لڑکی جھاڑیوں میں ملی تھی یاد ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے نوید کی طرف دیکھا

سائیں اس کا نام امثال ہے______نوید نے اپنی طرف سے اطلاع دی

ہاں وہی_____مجھے اس سے شادی کرنی ہے تم میرا پیغام ماسٹر تک پہنچاؤ گے۔

اور ہاں بڑی سرکار کو بالکل پتہ نہیں چلنا چاہیے نہ اس بات کا اور نہ ہی بتول والی________یوشع نے تنبیہ کی

جی سائیں______نوید نے سر ہلایا

ٹھیک ہے اب تم جا سکتے ہو اور ہاں______اس سے پہلے کے نوید جاتا یوشع نے اسے روکا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میرا چھوٹا بھائی کچھ دنوں کے لیے گاؤں آرہا ہے اس کے لیے حویلی کا مہمان خانہ سجادو مگر اس بات کا علم بھی بابا اور بڑی سرکار کو نہ ہو______یوشع نے دوسری سگریٹ سلگائی

امثال تم نے مجھے بے غیرت بولا ہے______ان چھوٹے لوگوں کو منہ لگاؤ تو یہ اپنی اوقات ضرور دکھاتے ہیں۔

مجھے____مجھے_____یعنی "یوشع حیدر آفندی" کو_______یوشع نے زور سے ہاتھ میں پکڑا لائٹر دیوار پر دے مارا

پہلے بتول بی بی ریجیکٹ کر کے چلتی بنی اور اب امثال______ان دونوں کا تو میں وہ حشر کروں گا کہ یہ یاد رکھیں گی______یوشع نے خود کو ریلکس کرنے کے لیے گہرا سانس لیا

بڑی سرکار نے ہی ان کو قابو کیا ہوا ہے ورنہ تو یہ عورتیں پاگل کر دیں______یوشع اونچی آواز میں خود کلامی کر رہا تھا جب کے باہر کھڑے اس کے نوکر یوشع کی حالت پر حیران تھے

Posted On Kitab Nagri

باؤنوید_____سائیں کو کیا ہوا ہے---------؟؟؟ایک ملازم نے نوید کے باہر نکلتے ہی رازداری سے پوچھا

بڑے لوگوں کا کیا پتا چلتا ہے ابھی تولہ ابھی ماشا_______چچا میں تو خود آپ کی طرح ایک نوکر ہوں۔نوید چپ چاپ ڈیرے سے نکل گیا

پتا نہیں یوشع سائیں نے بتول بی بی ساتھ کیا سلوک کیا ہو گا---------؟؟؟

اگر پوچھا تو خدا جانے کیا مطلب ہے--------؟؟؟

Kitab Nagri

نوید نے بری طرح چکراتا ہوا اپنا اثر پکڑا۔کل رات سے وہ سو نہیں پا رہا تھا۔

www.kitabnagri.com

بی بی مجھے معاف کر دیں مگر یقین مانے میں نے آپ کے لئے بہترین سوچا تھا_______نوید کو بتول کی غم زدہ آنکھیں بار بار اذیت دے رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

ایسا کرتا ہوں کہ حویلی کا چکر لگا کر آتا ہوں شاید کوئی خیر خبر مل جائے______ہاں یہ ٹھیک ہے۔

نوید نے اپنی بے چینی کو کم کرنے کے لئے حویلی جانے کا فیصلہ کیا

میں نے ایک بات کہہ دیا ہے دوبارہ نہیں کہوں گی________تم گاؤں نہیں جاؤ گے۔

سمجھے______میں تمہیں کھو نہیں سکتی۔عدن کی آواز افسردہ ہو گئی۔

ماما میں بس سیر کرنے جا رہا ہوں۔واپس آجاؤں گا______عکاشہ نے مسز آفندی کو کندھوں سے پکڑ کر بیڈ پر بیٹھایا۔

تم بات کو سمجھتے کیوں نہیں ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟جب تک تمہارے بابا خود نہیں کہیں گے میں تمہیں وہاں نہیں بھیجوں گی۔عدن کا انداز دوٹوک تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے آپ نے کہہ دیا سمجھو کہ ہو گیا۔ آپ ٹینشن مت لیں ورنہ آپ کا بی پی ہائی ہو جائے گا ______عکاشہ نے محبت سے انہیں ساتھ لگایا

نہ ہی میں تمہاری شادی آفندی خاندان میں کروں گی ______کبھی نہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن کے کہنے پر عکاشہ ہنسا

اچھا آج ہم دونوں ماں بیٹا فری ہیں تو کچھ دل کی باتیں کر لیتے ہیں ______عکاشہ کی بات پر عدن نے اسے گھور کر دیکھا

صاحبزادے میری اطلاع کے مطابق تم تو ہمیشہ ہی فری ہوتے ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوہو ______ایک تو آپ ہر وقت استاد بنی رہتی ہیں کبھی تو صرف عکاشہ کی ماں بن جایا کریں ۔۔۔۔۔۔۔؟؟ عکاشہ نے گلہ کیا

میں ہر وقت تمہاری ماں ہی ہوتی ہوں ______عدن نے جتلایا

Posted On Kitab Nagri

جی نہیں_____ آپ ہر وقت مسز آفندی ہوتی ہیں۔ عکاشہ کی بات پر عدن کے چہرے پر اداسی چھا گئی

آپ کو مسٹر حیدر بہت اچھے لگتے ہیں______عکاشہ کے پوچھنے پر عدن زخمی سا مسکرائیں۔

ایسا کرتا ہوں۔ آج میں آپ کا انٹرویو لیتا ہوں۔ کیسا آئیڈیا ہے ایک دم زبردست نا!!!!
---------؟؟؟عکاشہ ایک دم پرجوش ہوا

مسز آفندی آپ یہ بتائیں کہ مرد اور عورت دونوں میں سے کون محبت جیسی بیماری کا جلد شکار ہو جاتا ہے اور کیوں......؟؟؟عکاشہ کے غیر متوقع سوال پر عدن نے اسے حیرانگی سے دیکھا

بتائیں نا!!!!________وہ بضد ہوا.

Posted On Kitab Nagri

میرے خیال سے فیملیز اس جزبے کو زیادہ محسوس کرتیں ہیں. کیونکہ وہ زیادہ حساس ہوتیں ہیں

________عکاشہ کو عدن کا جواب پسند نہیں آیا.

یہ تو غلط بات ہے. مرد بھی بہت حساس ہوتے ہیں. ان کے پاس بھی دل ہوتا ہے. انھیں بھی کسی کے ہرٹ کرنے پر اتنا ہی دکھ ہوتا ہے جتنا کہ فیملیز کو________عکاشہ کے ناراض چہرے کو دیکھ کر مسز آفندی ہنس دیں.

میں نے صرف اپنی رائے دی ہے. اگر تم اس طرح منہ بناؤ گے تو پھر میں کسی سوال کا جواب نہیں دوں گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ایک تو آپ فوراً بلیک میلنگ پر اتر آتیں ہیں. خیر دوسرے سوال کا جواب دیں.

اس بات کا کیسے اندازہ ہوتا ہے کہ فلاح شخص آپ کو بہت اچھا لگ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کے سوال پر عدن نے اسے مشکوک نظروں سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

یہ تم میرا انٹرویو کر رہے ہو یا اپنے کسی مسئلے کا حل تلاش______ مسز آفندی کی بات پر عکاشہ نے قہقہ لگایا

اسی لیے میں پڑھی لکھی ماں کے خلاف ہوں_______ اور ہنستا چلا گیا.

عکاشہ مجھے اصل بات بتاؤ-----------؟؟ مسز آفندی اب بلکل سیریس تھیں.

جب کوئی بات ہو گی تو سب سے پہلے آپ کو ہی بتاؤں گا ابھی تو مجھے خود بھی کنفرم نہیں مگر _______ عکاشہ نے سوچنے کی ایکٹنگ کی.

آپ کے خیال سے کیا مجھے ماہم سے محبت ہو سکتی ہے-----------؟؟؟ عکاشہ نے کچھ دیر سوچنے کے بعد پوچھا

محبت تو کسی سے بھی ہو سکتی ہے مگر وہ لڑکی________ مسز آفندی کچھ چپ سی ہو گئیں.

Posted On Kitab Nagri

مجھے اسے تنگ کر کے سب سے زیادہ مزہ آتا ہے_______اور اگر وہ چھٹی کرے تو میرا دن اداس گزرتا ہے.

مجھے اس کی کزن بہت بری لگتی ہے ہر وقت اس کے ساتھ چپکی رہتی ہے. کزن ہونا کا یہ مطلب تو نہیں کہ آپ دوسرے کی آکسیجن ہی بند کر دیں. یہ کزن لوگ بھی نااااا________عکاشہ کہتے کہتے رکا

میرے خیال سے ہم استاد شاگرد_____ماں بیٹا_____بعد میں ہیں اور ایک اچھے دوست پہلے_______لہذا یہ اگر مگر چھوڑ کر صاف بات کرو. یوں گھمانے پھرانے کی ضرورت نہیں

آپ کا انجام دیکھ کر محبت کرنے کو دل نہیں کرتا مگر_______عکاشہ نے ایک گہرا سانس کھینچا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر کیا________مسز آفندی نے پیار سے اس کے ماتھے پر آنے بال پیچھے کیے.

مگر یوشع بھائی کہتے ہیں کہ میری حرکتوں سے لگتا ہے کہ میں اس لڑکی سے محبت کرتا ہوں جبکہ مجھے ایسا محسوس نہیں ہوتا______عکاشہ الجھا ہوا تھا.

Posted On Kitab Nagri

تم خود کو تھوڑا وقت دو پھر سب کچھ کلئیر ہو جائے گا. مسز آفندی کی بات پر عکاشہ نے سر ہلایا.

ایک اور مسئلہ بھی ہے نااااا________ اگر ایک ساتھ مجھے دو لڑکیوں سے محبت ہو گئی تو.......؟؟؟ عکاشہ ابھی بھی سیریس تھا.

عکاشہ________ اور کچھ نہیں تو محبت ڈھنگ سے کرنا. مسز آفندی نے ڈانٹا.

اب اتنی پیاری پیاری لڑکیاں ہیں اوپر سے "اللہ جی" نے بھی اجازت دے رکھی ہے تو آپ کا غصہ ناجائز ہے_______ عکاشہ کی معصومیت پر عدن کا دل کیا اسے دو تھپڑ لگائے.

چلو ہٹو. مجھے کام کرنے دو تمہاری ٹرین پٹری سے نیچے اتر گئی ہے _______ مسز آفندی اسے پیچھے کرتیں ہوئیں بستر سے کھڑی ہو گئیں.

Posted On Kitab Nagri

ماسٹر جی میں ایک بہت ضروری کام سے آپ کے پاس آیا ہوں اگر کچھ وقت مل جائے تو________ نوید نے آہستہ آواز میں سلام کرنے کے بعد کہا

برخردار آپ کھل کر بات کر سکتے ہیں______ماسٹر جی کے جواب پر نوید نے کلاس میں موجود بچوں کی طرف دیکھا

نوید یہ معصوم بچے ہیں اور ایسا بھی کیا ہے جو تم اتنا کترا رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی تھوڑے حیران تھے.

ماسٹر جی یہ سب تقریباً ہمارے گاؤں کے بچے ہیں. جو بات میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں اگر ان میں سے کسی نے سن لی تو شام تک پورے گاؤں میں پھیل جائے گی. جو میں نہیں چاہتا_________ نوید کی بات پر ماسٹر جی کچھ پریشان سے ہو کر اسے کلاس سے دور لے آئے.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں اب بولو کیا بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی نے بے تابی سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

میں نے آپ کو بتایا تھانا!!!کہ اس دن بھی یوشع سائیں آپ سے ملنے آپ کے گھر گئے تھے مگر آپ سے ملاقات نہ ہو سکی.

Posted On Kitab Nagri

نوید بات سیدھی کرو اور جلدی مجھے کام ہے دیکھو بچوں نے کتنا ادھم مچا دیا ہے. ماسٹر جی نے کلاس کی طرف اشارہ کیا جہاں بچے مستیاں کر رہے تھے.

یوشع سائیں آپ کی بیٹی امثال سے شادی کرنا چاہتے ہیں_______نوید کی بات پہلے ماسٹر جی پہلے ناسمجھی سے اسے دیکھتے رہے پھر اچانک بھڑک اٹھے.

یہ نہیں ہو سکتا______امیر جب بھی کسی غریب گھر سے رشتہ کرتا ہے تو اس کے پیچھے "سازش" ہوتی ہے.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور تم اچھی طرح جانتے ہو مجھے اپنے سب بچوں میں سے امثال کتنی پیاری ہے------------؟؟؟ماسٹر جی ناراض ہو گئے.

ارے آپ ناراض مت ہوں. میری اس میں کیا غلطی ہے--------------؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں تو نوکر ہوں مجھے جو حکم ملا میں نے بس اس کی تکمیل کی ہے.

اگر تم نے اپنے لیے رشتہ مانگا ہوتا تو خوشی خوشی ہاں کر دیتا کیونکہ تم مجھے بہت پیارے ہو مگر ______اب باری نوید کے پریشان ہونے کی تھی.

مجھے تم بہت بیٹوں کی طرح عزیز ہو. میں اپنی بیٹی کے لیے ایک ایسا ہی شخص چاہتا ہوں .

کاش تم نے اپنے لیے بات کی ہوتی تو آج میرے کندھوں سے ایک بوجھ اتر جاتا______ماسٹر جی کی بات پر نوید نے سر جھکا لیا

تم یوشع سائیں کو بول دینا کہ امثال کی بچپن میں منگنی ہو گئی تھی اس لیے میں معزرت خواہ ہوں ______ماسٹر جی نے ایک افسردہ نظر نوید پر ڈالی اور واپس کلاس کی طرف پمٹ گئے

Posted On Kitab Nagri

نوید نے حویلی کے باہر جیپ روکی اور کافی دیر بلاوجہ گیٹ پر ہارن دیا مگر آج کوئی بھی کھڑکی کے پاس اس کا منتظر نہیں تھا۔

باؤ نوید کیا ہو گیا ہے ہم نے تو پہلے ہارن پر ہی گیٹ کھول دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

گیٹ کیپر نے نوید کے بار بار ہارن دینے پر تعجب سے پوچھا جس پر نوید سر کھجاتا جیب سے باہر نکل آیا مگر نگاہ بار بار بھٹک کر اوپر کھڑکی پر رک جاتی تھی

چاچا حویلی میں سب خیریت ہے نا!!!!! ______ میرا مطلب بڑی سرکار وغیرہ ______ نوید براہ راست بتول کا نہیں پوچھ سکتا تھا لہذا بڑی سرکار سے مراد حویلی کی عورتیں تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی باؤ نوید سب خیریت ہے آج کل حویلی میں ویسے بھی بہت گھما گھمی ہے ______ ملازم نے مسکراتے ہوئے جیب سے سامان نکالا

گھما گھمی _____ مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید چونکا

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنی بتول بی بی کی یوشع سائیں سے اگلے مہینے شادی ہے نا!!!!______ آپ کو نہیں پتا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ تو سائیں کے بہت قریبی ملازم ہے______ ملازم نے تعجب سے نوید کی طرف دیکھا جو پریشان کھڑا تھا

بتول بی بی ٹھیک ہیں میرا مطلب ہے کہ وہ خوش ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے فوراً جملہ ٹھیک کیا

خوش کیوں نہیں ہوں گی یوشع سائیں ہیں ہی اتنے اچھے اور پیارے________ملازم پرجوش تھا

حیرت کی بات ہے بتول بی بی کے بھاگنے کا کیسے کسی کو پتا نہیں چلا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اور یوں شاہ سائیں نے انہیں کوئی سزا نہیں دی میرا دل نہیں مانتا________کچھ نہ کچھ ایسا ضرور ہے جو "راز" ہے_

Posted On Kitab Nagri

اگر یوشع سائیں بتول بی بی سے شادی کر رہے ہیں تو پھر امثال________امثال کا خیال آتے ہی نوید کو یاد آیا کہ اس نے ماسٹر جی کا جواب یوشع کو دینا ہے

یوشع سائیں گھر پر ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے ایک بار پھر کھڑکی کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

جی________ملازم نے مختصر اجواب دیا

مگر آج وہ کسی سے نہیں مل رہے ہیں پتہ نہیں کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟مگر موڈ کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا ۔

صبح بغیر وجہ کے نوکروں کی پریڈ کروادی________ملازم نے بے عزتی کے لئے لفظ پریڈ استعمال کیا جس پر دونوں ہی مسکرادیئے۔

چاچا میرے آنے کی اطلاع کر دیں اگر وہ ملنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ورنہ پھر میں جاؤں__________نوید کے کہنے پر گیٹ کیپر نے "انٹر کام" پر نوید کے آنے کی اطلاع یوشع کو دی۔

Posted On Kitab Nagri

نوید باؤ آپ کو کبھی پہلے یوشع سائیں نے منع کیا ہے جو آج کریں گے آپ اندر جا سکتے ہیں __________ گیٹ کیپر کے کہنے پر نوید حویلی کے اندر داخل ہو گیا

ہلکے آسمانی رنگ کی شلوار قمیض پہنے _______ پاؤں میں پشاوری چپل _______ آستین اوپر چڑھائے _______ وہ جیسے ہی سیڑھیاں چڑھنے لگا تو بتول کو ریلنگ ساتھ کھڑے پایا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی۔

یعنی وہ یہاں سے اسے مسلسل دیکھ رہی تھی یہ احساس ہی عجیب تھا _______ نوید کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بی بی کیسی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ تھوڑے سے فاصلے پر کھڑے ہو کر نوید نے پوچھا

تم نے تو اپنی طرف سے دفنا دیا تھا زندہ دیکھ کر حیران تو ہوئے ہو گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بتول نے سلگتی نظروں سے دیکھتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

کیسی باتیں کرتی ہیں_______مجھے تو آپ کو ٹھیک ٹھاک دیکھ کر بہت خوشی ہو رہی ہے۔نوید کو بتول کی بات پر دکھ ہوا۔

اور اب تم اس خوشی میں یوشع سے میری شادی کا کارڈ لے کر پورے گاؤں میں تقسیم کرو گے ہے ناااااا_________بتول بتا کم اور شرمندہ زیادہ کر رہی تھی

آپ کی ناراضگی سر آنکھوں پر_______مگر مجھے اپنے کئے پر ذرا بھی دکھ یا ملامت نہیں ہے۔

جو کچھ باہر لڑکیوں ساتھ ہو رہا ہے وہ آپ سوچ بھی نہیں سکتیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ کو اپنے گھر میں محفوظ دیکھ کر مجھے بہت سکون ملا ہے۔اللہ آپ کو بھی سکون دے________ نوید کہتا ہوا یوشع کے کمرے کی طرف بڑھ گیا

Posted On Kitab Nagri

کسی کا سکون برباد کر کے یہ ڈرامے اچھے نہیں لگتے________تم نے میری محبت ہی نہیں میری ذات کی بھی تذلیل کی ہے۔

تم تو کہتے تھے کہ اگر میں سب کے سامنے کہہ دوں تو ساتھ دو گے پھر ـــــــــــــــ؟؟؟ بتول اچانک نوید کے سامنے کھڑی ہو گئی جس کی اسے بالکل امید نہیں تھی

چلیں ٹھیک ہے پھر آپ میرے ساتھ بڑی سرکار کے سامنے جا کر کہہ دیں کہ آپ کو مجھ سے شادی کرنی ہے_________اس کے بعد میں جانو اور میرا کام_________نوید نے بتول کے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا کیونکہ بڑی سرکار کے نام پر بتول کے چہرے کا رنگ اڑ گیا تھا۔

یہ کام شاید آپ کے لئے تھوڑا مشکل ہو ـــــــــــــ؟؟؟ تو میں آسانی کر دیتا ہوں

آپ میرے ساتھ ابھی یوشع سائیں کے کمرے میں چلیں اور کہہ دیں جو ابھی مجھے کہا ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تب بھی میرا وعدہ ہے کہ آپ کی حفاظت میری ذمہ ________ بشرطیہ میں خود زندہ رہوں

________نوید نے ایک اور مشورہ دیا جو کہ بتول کو کوئی خاص پسند نہیں آیا

کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ تم اس سب کے بغیر ہی مجھے یہاں سے لے جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے افسردگی سے سر جھکا لیا کیونکہ وہ یہ دونوں کام ہی نہیں کر سکتی تھی

نہیں________جیسا آپ چاہتی ہیں ویسا میں نہیں کر سکتا۔

میں آپ کو اس کی وجہ بھی بتا دیتا ہوں تا کہ آپ کے دل میں میرے لئے نفرت پیدا نہ ہو کیونکہ میں آپ کے دل میں اپنے لیے نفرت برداشت نہیں کر سکتا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں اپنی بیوی کو معاشرے میں ذلیل ہوتا نہیں دیکھ سکتا۔میں نہیں چاہتا لوگ اسے ایک بھاگی ہوئی لڑکی کہیں یا اس کی اپنے اس سے منہ موڑ لیں۔

Posted On Kitab Nagri

میں اپنی بیوی کو دھوم دھام سے ساری دنیا کے سامنے لے کر جانا چاہتا ہوں اور اس کی وہ تمام خواب پورے کرنا چاہتا ہوں جو ایک لڑکی اپنی شادی کے حوالے سے دیکھتی ہے۔

اور سب سے بڑی اہم وجہ_______ میں کبھی یہ پسند نہیں کروں گا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسے اپنی محبت ایک "خطا" لگے۔

بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ اپنی محبت نے "فخر" کرے_____ جو کم از کم ایک بھاگنے والی لڑکی کو نہیں ہو سکتا۔

ایک وجہ اور بھی ہے______ اور وہ یہ کہ مجھے اپنے آپ سے بھی بہت "محبت ہے "اور میں کبھی ایک "مجرم "کی طرح نہیں جی سکتا۔

اگر میں آپ کو بھگا کر جاؤں تو مجھے ساری زندگی چھپ چھپ کر گزارنا پڑے گی جو میرے جیسے آزاد بندے کے لئے ایک "سزا" ہے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ سب کے سامنے اقرار کریں پھر بے شک "ایک دن" کی زندگی ملے یا "ایک گھنٹے" کی ________سر اٹھا کر آپ کے ساتھ رہوں گا۔

چلتا ہوں______کوشش کروں گا آئندہ میرا آپ سے سامنا نہ ہو کیونکہ میں کسی کی "عزت" کو اپنی "محبت" میں برباد ہوتا نہیں دیکھ سکتا آپ اور یوشع سائیں خوش رہیں۔

بتول کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے جو زیادہ دیر تک وہ نہیں دیکھ سکتا تھا۔

"اُن کی آنکھوں نے سہولت ہی نہیں دی ورنہ

کتنا آسان تھا کہنا کہ انھیں چاہتے ہیں"

دستک کی آواز ساتھ نوید اندر داخل ہوا مگر خلاف توقع کمرہ خوشبو سے مہکا ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

کل ڈیرے پر جو یوشع اسے ملا تھا اس کا کوئی عکس آج کے یوشع میں دکھائی نہیں دے رہا تھا

یوشع شیشے کے آگے کھڑا اپرفیوم کا چھڑکاؤ خود پر کر رہا تھا______چمکتا چہرہ______قیمتی لباس ________وہ بہت خوش دکھائی دے رہا تھا۔

سرکار آج آپ بہت خوش نظر آرہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے حیرت سے پوچھا جس پر یوشع ہنس دیا۔

تم نے ہی کل لیکچر دیا تھا تو میں نے سوچا عمل کرلوں کہیں بھری جوانی میں اوپر کا ویزہ نہ لگ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے جواب دیتے ہوئے قیمتی گھڑی کلائی پر باندھی۔

اللہ آپ کی عمر دراز کرے ______سائیں کیسی باتیں کرتے ہیں ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے برملا جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

پھر کمرے میں طویل خاموشی چھا گئی______نوید شش و پنج میں مبتلا تھا کہ کیسے ماسٹر صاحب کا جواب بتائیں______کہیں پھر موڈ خراب نہ ہو جائے______سائیں تو بہت خوش نظر آرہے ہیں ________؟؟؟

ماسٹر نے "نہ" کر دی ہے______یوشع نے موبائل اور اپنے بلیک گلاسس سائیڈ ٹیبل سے اٹھاتے ہوئے نوید کی طرف دیکھا جو بالکل بت بنا کھڑا تھا۔

اتنے حیران کیوں ہو________؟؟؟ تم سوچ رہے ہو گے کہ مجھے کیسے پتہ چلا______جب کہ تم نے ابھی مجھے بتایا بھی نہیں۔

Kitab Nagri

تو باؤ نوید مجھے تو اور بھی بہت کچھ ایسا پتا ہے جو تم نے نہیں بتایا______یوشع نے نوید کے مقابل کھڑے ہوتے ہوئے گلاسس لگائے مگر نوید کو اپنا اب زمین میں گڑتا ہوا محسوس ہوا

www.kitabnagri.com

سرکار______نوید نے کمزور سی آواز میں مخاطب کیا۔

Posted On Kitab Nagri

سر اٹھا کر بات کرو______ مجھے جھکے ہوئے سر پسند نہیں______یوشع کی آواز پر نوید نے سر اٹھایا

اس وقت میرے لئے ماسٹر کا انکار کوئی معنی نہیں رکھتا کیونکہ اگر میں شادی کرنا چاہو تو مجھے کوئی روک نہیں سکتا______لہذا اس کا انکار بالکل بے معنی ہے تم اس کے لیے پریشان مت ہو۔

ہاں مگر بتول کا انکار میرے لئے بہت معنی رکھتا ہے ________ تمہیں پتا ہے بتول نے مجھ سے یعنی "یوشع حیدر آفندی" سے شادی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

یوشع اب نوید کے سامنے کمرے میں چکر لگا رہا تھا جبکہ نوید کو اپنا آپ پسینے میں بھیگا محسوس ہونے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پوچھو گے نہیں کہ کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے نوید کی خاموشی پر رک کر اسے دیکھا

سرکار مرضی آپ کی_____ اگر آپ بتانا چاہتے ہیں تو میں سن رہا ہوں________ نوید کی آواز میں واضح لرزش تھی

Posted On Kitab Nagri

بتول بی بی نے "یوشع حیدر آفندی" کو چھوڑ کر پتہ ہے کس کا انتخاب کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟
یوشع کا لہجہ ایک دم بدل گیا تھا

کس کا______؟؟؟لرزتے ہاتھوں کو دباتے ہوئے نوید نے پوچھا

تمہارا_______یوشع نے اپنی جیب سے پستول نکال کر نوید کے ماتھے پر رکھ دی۔

تو آپ کو سب سے پہلے سے پتا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید پہلے حیران ہوا مگر پھر سنبھل گیا

اگر ہم اتنے بے فکر ہوں تو سرداری کیسے کریں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اب پستول ہٹا لی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے لئے اب کیا حکم ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کے پوچھنے پر یوشع مسکرا دیا

وہی حکم تم پر بھی لگتا ہے جو میں نے بتول پر لگایا ہے______جب جرم ایک ہو تو سزا بھی ایک ہی ملنی چاہیے

Posted On Kitab Nagri

میں نے کوئی جرم نہیں کیا______میرا دامن بالکل صاف ہے۔ مگر میں "سزا" کے لیے تیار ہوں۔ میرے خون میں "نمک حرامی" شامل نہیں_____نوید کے مستحکم لہجے پر یوشع نے اس کا کندھا تھپکا

ابھی تو میں اپنے شہزادے کو لینے جا رہا ہوں پھر شہر سے واپسی پر تم سے بات کرتا ہوں۔

تم نے اس کا کمرہ تیار کروا دیا تھا نا!!!!______یوشع نے دروازہ کھولتے ہوئے پلٹ کر پوچھا

جی سرکار مہمان خانہ بالکل تیار ہے_______یوشع سر ہلاتا باہر نکل گیا جب کہ نوید حیران پریشان یوشع کو دیکھتا رہ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع نہایت خوشگوار موڈ میں اپنے گارڈز کے ساتھ گاؤں کی کچی پکی سڑکوں سے گزر رہا تھا جب ایک جگہ کچھ بھیڑ دکھائی دی۔

Posted On Kitab Nagri

یہاں کیا ہوا ہے______ لوگوں نے رش کیوں لگا رکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے سرسری سا اپنے ڈرائیور سے پوچھا

ہونا کیا ہے سرکار______ یہاں پر ایک بڑا کنواں ہے______ آئے دن کوئی نہ کوئی جانور یا بچہ بیچ میں گر جاتا ہے اب بھی ایسا ہی ہوا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کتنی دفعہ لوگوں کو منع بھی کیا ہے کہ ادھر اپنی جانور لے کر مت آیا کریں______ یہ کنواں اب سوکھ چکا ہے مگر کیونکہ بہت بڑا اور گہرا ہے تو اس میں جانور گر جاتے ہیں۔ مگر لوگ سنتے ہی نہیں۔

ڈرائیور کے جواب پر یوشع نے سر ہلایا اور اپنے موبائل میں مصروف ہو گیا۔

لگتا ہے ماسٹر کا کوئی بچہ گرا ہے یا اس کا جانور______ کیونکہ اسی کے بچے پاس کھڑے دکھائی دے رہے ہیں۔ جیپ جب بھیڑ کے قریب سے گزری تو گارڈ نے دیکھ کر اپنا تبصرہ کیا

Posted On Kitab Nagri

جیپ ریورس کرو____جلدی کرو______یوشع جو پورے انہماک سے موبائل پر مصروف تھا گارڈ کی بات سن کر فوراً چونکا

عجیب بیوقوف لڑکی ہے_____ کہیں نہ کہیں چوٹ لگا لیتی ہے_____ یا خود گر جاتی ہے پاگل _____یوشع نے بڑبڑاتے ہوئے دل میں سوچا

جو پتہ کرو کہ کیا معاملہ ہے----------؟؟؟ جیسے ہی جیپ بھیڑ کے پاس روکی۔یوشع کے حکم پر ملازم تیزی سے باہر نکلے جبکہ یوشع بے چینی سے موبائل اپنے ہاتھ پر مار رہا تھا۔

سائیں_____زیادہ پریشانی والی بات تو نہیں ہے مگر_____نوکر نے ہچکچاتے ہوئے یوشع سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سیدھی طرح بکواس کرو گے کہ کیا بات ہے----------؟؟؟میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ یہاں کھڑے ہو کر ضائع کروں______مجھے شہر پہنچنا ہے۔یوشع نے لاپرواہی سے اپنے موبائل پر ٹائم دیکھا

Posted On Kitab Nagri

سائیں وہ بکری کے بچے کو بچاتے ہوئے ماسٹر کی بیٹی کنواں ہے میں گر گئی ہے مگر اب باہر آنے کو تیار نہیں_______ملازم کی بات پر یوشع سر نفی میں ہلاتا جیب سے باہر نکل آیا

یوشع کو دیکھتے ہیں سب لوگ ادھر ادھر باادب انداز میں کھڑے ہو گے۔

جب آپ لوگوں نے کچھ کرنا نہیں ہے تو یہ "میلہ" لگانے کا فائدہ_______فورا یہاں سے غائب ہو جائیں۔

یوشع کے کہنے کی دیر تھی کہ دیکھتے ہی دیکھتے ساری بھیڑ ختم ہو گی۔

جیب سے رسی نکال کر لاؤ_______یوشع نے لوگوں کے جاتے ہی ملازم کو حکم دیا جو سر ہلاتا جیب کی طرف بھاگا

ملازم کے جاتے ہی یوشع نے کنواں میں جھانکا_____جو واقع ہی بہت بڑا اور گہرا تھا۔کنواں کے ایک کونے میں امثال بکری کا چھوٹا سا بچہ گود میں لیے بیٹھی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ پلیز میرے ابا کو بلا دیں______امثال نے یوشع کو دیکھتے ہیں منت بھرے لہجے میں کہا

کیوں بی بی ہم تمہارے باپ کے نوکر لگے ہیں اور ہم نے مشورہ دیا تھا چھلانگ مارنے کا______یوشع نے اس دن کا غصہ نکالا

تو پھر اندر جھانک کر کیا دیکھ رہے ہیں-------؟؟؟ ویسے بھی اب تک میرے ابا کو پتہ چل گیا ہو گا وہ آتے ہی ہوں گے______امثال نے کہتے ہوئے منہ پھیر لیا

تمہارا صرف نام ہی نہیں______تمہاری حرکتیں بھی غریبوں والی نہیں ہے______غریب لوگ اتنا نخرے نہیں کرتے------؟؟؟

چلو شاباش جلدی سے رسی کو پکڑو اور باہر آجاؤ________یوشع نے ملازم سے رسی پکڑتے ہوئے کنواں میں پھینکی

Posted On Kitab Nagri

آپ تکلیف نہ کریں میرے ابا آتے ہی ہوں گے____وہ ہمیں نکال لیں گے۔ امثال کو کچھ عجیب سا لگا تو اس نے انکار کر دیا

میری اطلاع کے مطابق تمہارا ابا "ماسٹر" ہے "سپر مین" نہیں_____جو تمہیں ایک منٹ میں باہر نکال لے گا۔ اسی پکڑو اور چپ چاپ باہر آؤ_______یوشع کے کہنے پر امثال نے ایک نظر اپنے گود میں بیٹھے بکری کے بچے کو دیکھا

آپ اسے (بکری کے بچے کو) باہر لے جائیں میں خود ہی نکل آؤ گی_____امثال نے رسی بکری کے بچے کے گرد لپیٹتے ہوئے کہا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ٹھیک ہے جیسے تمہاری مرضی______یوشع کے اشارے پر نوکر نے رسی اوپر کھینچ لی۔

ٹھیک ہے اب ہم چلتے ہیں اپنے ابا کو بھیج کر ڈیرے سے یہ بچہ منگوالینا______یوشع نے اپنے ہاتھ میں پکڑے بکری کے بچے کی طرف اشارہ کیا

چلو________یوشع کے حکم پر سب جیپ کی طرف بڑھ گئے جبکہ یوشع نے گود میں بکری کا بچہ رکھ لیا

Posted On Kitab Nagri

سرکار گستاخی کی معافی چاہتا ہوں مگر وہ بچی________ڈرائیور نے جیپ سٹارٹ کرتے ہوئے یوشع سے کہا

فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے وہ ابھی خود ہی دس منٹ میں باہر آجائے گی_____اپنی تسلی چاہتے ہو تو جیپ تھوڑی دور جاکر روک دو۔

یوشع کے کہنے پر ڈرائیور نے ایسا ہی کیا____تھوڑی دور جاکر جیپ روک دی۔ جہاں سے کنواں صاف دکھائی دے رہا تھا جبکہ یوشع مسکراتے ہوئے بکری کو پیار کر رہا تھا۔

تقریباً پندرہ منٹ کے بعد امثال کنواں سے باہر آتی دکھائی دی________تو سب گارڈز اور ڈرائیور حیران رہ جائیں گے

زیادہ حیران ہونے کی ضرورت نہیں ہے_______کنواں میں اینٹوں کے "سٹیپس" بنے ہوئے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ آرام سے باہر آگئی ہے۔ صرف بکری کا بچہ اسے مشکل میں ڈال رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

یوشع کی بات پر سب ہاں میں سر ہلانے لگے اور جیپ دوبارہ اپنے راستے پر رواں دواں ہو گئی۔

لڑکی بہادر ہے ماننا پڑے گا______یوشع نے دل میں سوچا اور بکری کا بچہ پیچھے گارڈز کو دے دیا۔

عام سے چہروں پر بھی عشق اترتا ہے______کہانیاں فقط شاہ زادیوں کی نہیں ہوتی۔

تم کسی سیارے کی ہجرت زدہ لگتی ہو______ایسی آنکھیں زمیں زادیوں کی نہیں ہوتی۔

یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کی بات پر حیدر کو شدید حیرت ہوئی۔

www.kitabnagri.com

میں نے آج تک آپ سے جھوٹ نہیں بولا میں بالکل سچ کہہ رہی ہوں______یوشع ابھی آیا ہے اور بہت ضد کر رہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ بھی ساتھ جانے کو تیار ہے مگر مجھے آپ کی اجازت کا انتظار ہے________عدن نے ہمیشہ کی طرح آہستہ اور نرم لہجے میں پوچھا دونوں کے رشتے میں اب "محبت" سے زیادہ "احترام" رہ گیا تھا۔

آپ اکیلی ہو جائیگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر کو فکر ہوئی۔

میں تب بھی اکیلی تھی جب آپ مجھے چند ماہ کے دودھ پیتے بچے کے ساتھ اس فلیٹ پر چھوڑ گئے تھے۔

اگر تب کچھ نہیں ہوا تو اب کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے گلہ کیا یا مثال دی مگر حیدر کو بہت بری لگی

آپ ایسی باتیں کیوں کرتی ہیں جس سے میرا دل دکھتا ہے______آپ وہ تمام باتیں بھول نہیں سکتی ________؟؟؟حیدر نے افسردگی سے پوچھا

اور میرے دل کا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

جو آپ کی دی گئی "قید تنہائی" کاٹ رہا ہے۔اس کی سزا ختم یا کم نہیں ہو سکتی_______یا مرتے دم تک رہے گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عدن کے سوال پر حیدر نے اپنے ماتھے کو بے دردی سے مسلا۔

اس کے پیپرز کب تک ہیں_____بات بدلی

ابھی ایک مہینہ رہتا ہے______عدن تلخی سے مسکرائی۔حیدر کے پاس ہمیشہ ہی اس کی باتوں کا کوئی جواب نہیں ہوتا تھا

چلو ٹھیک ہے بھیج دوں اسے_____سیر کر لے گا_____اور شاید مجھے اپنے سامنے دیکھ کر بات بھی کر لیں_______حیدر کے لہجے میں حسرت نمایاں تھی

اس کا خیال رکھیے گا_____دیکھنے میں جوان ہے مگر حقیقت میں بالکل چھوٹا سا بچہ ہے_______عدن کے الفاظ میں ممتا جھلک رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ بے فکر رہیں جتنا آپ کا اس سے رشتہ ہے اتنا ہی میرا بھی ہے ______ پھر بھی آپ کی "نسبت" سے زیادہ خیال رکھوں گا______ حیدر کی یقین دہانی پر عدن پر سکون ہو گئی۔

آپ کو میری یاد نہیں آتی _____ مجھے دیکھنے کو دل نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ کچھ دیر خاموشی کے بعد عدن نے پوچھا

یاد انہیں کیا جاتا ہے جو بھول جائیں اور آپ تو ______ خیر چھوڑیں _____ اپنا خیال رکھیے گا اور اس کے لیے پریشان مت ہوئے گا۔

حیدر نے تسلی دیتے کال بند کر دی وہ آج بھی عدن کے سوالوں کا جواب دینے سے کترا رہے تھے۔

" کوئی فلسفہ نہیں عشق کا جہاں دل جھکے وہیں سر جھکا______ وہیں ہاتھ جوڑ کے بیٹھ جا، نہ سوال کر، نہ جواب دے "

Posted On Kitab Nagri

یہ یوشع آج کل کہاں مصروف رہتا ہے-------؟؟؟راشدہ بیگم کو دیکھتے ہی بڑی سرکار نے بے صبری سے پوچھا

بڑی سرکار مجھے تو خود بھی معلوم نہیں شاید آفندی صاحب نے کہیں بھیجا ہو گا-------؟؟؟ راشدہ بیگم کی لاعلمی پر بڑی سرکار نے انہیں نہایت ناگواری سے گھورا

تم کیسی عورت ہو-------؟؟؟نہ تمہیں خاوند کے بارے میں کچھ معلوم ہوتا ہے اور نہ بیٹے کے ______کبھی کبھی مجھے اپنے فیصلے پر افسوس ہونے لگتا ہے۔

اگر جنگل سے کسی جانور کو پکڑ کر بھی اس حویلی میں چند دن رکھا جائے تو وہ بھی تم سے زیادہ سمجھدار ہو جائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

خیر چھوڑو ان باتوں کو تمہیں کون سا اثر ہونا ہے_______کارڈ چھپنے کو دے دیے ہیں کہ وہ بھی تمہیں نہیں پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے اک ادا سے فروٹ کھاتے ہوئے راشدہ بیگم کی کلاس لی۔

میں معافی چاہتی ہوں مگر مجھے واقعی ہی کچھ معلوم نہیں______میں بتول کو شہر شاپنگ پر لے جانا چاہتی تھی پر اسے بھی بخار ہے_____راشدہ بیگم کی بات پر بڑی سرکار کے ماتھے پر کئی بل پڑ گئے

تم کبھی کوئی کام ڈھنگ سے نہیں کر سکتی______کیا ضرورت ہے اسے شاپنگ پر لے کر جانے کی______اور بخار کس خوشی میں ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار نے طنز کیا مگر راشدہ بیگم خاموش ہوگئی______کیا کہتی کہ خوشی نہیں بلکہ غم میں ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ابھی راشدہ بیگم کچھ بولنے کا سوچ رہی تھی کہ حیدر آفندی اندر داخل ہوئے جو خلافِ معمول بہت خوشگوار موڈ میں لگ رہے تھے

Posted On Kitab Nagri

بیوی کو دیکھ کر مسکرا رہے ہو یا کوئی اور خوشخبری ملی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کیونکہ اب ماں کو دیکھ کر مسکرانے کے دن نہیں رہے ______ عادت کے عین مطابق بڑی سرکار نے حیدر کو دیکھتے ہی طنز کیا۔

آپ کا لاڈلہ "میرے چھوٹے" کو لے کر آرہا ہے۔ پہلی بار وہ اپنے باپ کی حویلی میں قدم رکھے گا ________ حیدر کے انگ انگ سے خوشی پھوٹ رہی تھیں جو راشدہ بیگم اور بڑی سرکار کو ایک آنکھ نہ بھائی۔

کیوں آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے نہایت تلخ لہجے میں پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو لا رہا ہے اس سے پوچھے میں آپ کو جواب دے نہیں ہوں ______ ہاں مگر ایک خواہش ضرور ہے کہ وہ یہاں سے اچھی یادیں لے کر جائے۔

Posted On Kitab Nagri

چند دن سیر کرنے کے بعد واپس چلا جائے گا حیدر آفندی دونوں پر ایک نظر ڈالتے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گے۔

یاررررر بھائی______یہ جو لوگ آپ کے پیچھے جیپ میں آرہے ہیں میرے خیال سے یہ آپ کو واش روم تک چھوڑتے ہوں گے_________عکاشہ نے ڈرائیونگ کرتے یوشع کی طرف جھک کر سرگوشی کی

یہ لوگ ہم جیسوں کے لئے بے حد ضروری ہیں_____ایک تو دشمن پر ہمارا "رعب" رہتا ہے_____دوسرا یہ ہماری حفاظت بھی کرتے ہیں تیسرا اپنا آپ ذرا "شہزادہ شہزادہ" سا لگتا ہے______اپنی بات کے آخر میں یوشع نے آنکھ ماری

یاررر بھائی میں تو کنفرم شہزادہ ہوں۔شک تو آپ میں بھی نہیں ہے مگر_______عکاشہ کی شکل اس وقت کسی شرارت کی پیشگوئی کر رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ آفندی_____ اگر آپ نے اس وقت میرے ساتھ ذرا سی بھی شرارت کرنے کی کوشش کی تو ہم دونوں "گاؤں" پہنچنے کی بجائے "ایمر جنسی" وارڈ میں پہنچ جائیں گے۔

جو کہ ہم دونوں کی خوبصورتی کے لئے یقینی نقصان دہ جگہ ہے۔ لہذا اپنی زبان اور ہاتھ قابو میں رکھنا _______یوشع نے تنبیہ کی

آنکھوں پر تو کوئی پابندی نہیں ہے نا!!!!______عکاشہ نے پوچھا

تم مجھ پر اپنی "مردانہ صلاحیت" مت ضائع کرو____انھیں سنبھال کر رکھو______ مستقبل میں تمہارے کام آئیں گی______یوشع کے جواب پر عکاشہ کا پورا منہ کھل گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مردانہ صلاحیتیں_____ کتنی غلط بات بولی ہے۔ میں تو معصوم ہوں اور آپ مجھے کیا کہہ رہے ہیں _______؟؟؟ عکاشہ کے دہائی دینے پر یوشع نے اسے ایک مکا رسید کیا

Posted On Kitab Nagri

آپ مجھے تشدد کرنے کے لیے اپنے ساتھ لائے ہیں______عکاشہ نے اپنا بازو سہلایا

نہیں تمہیں یہاں لانے کا "عام مقصد" گاؤں کی سیر جبکہ "خاص مقصد" کچھ اور ہے______یوشع کی بات پر عکاشہ نے منہ بنایا

میں "گاؤں کی سیر" پر مضمون لکھنے میں ذرا بھی دلچسپی نہیں رکھتا ہوں______عکاشہ نے کندھے اچکائے

دیکھ بھائی ہی بھائی کے کام آتا ہے____ آخر میں تیرا بھائی ہوں_____کیا تو نہیں چاہتا کہ تیرے بھائی کا گھر بس جائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے مکھن لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور میں آپ کا کیا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے آبرو اچکا کر پوچھا

تو تو میری جان ہے______یوشع کی بات پر عکاشہ خوب ہنسا

Posted On Kitab Nagri

سوچ لیں میں جس کی" جان" ہوں_____ اس کا کیا حال ہونے والا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کی بات کا مفہوم سمجھتے ہوئے دونوں ہنسنے لگے

سیدھا حویلی چلو گے یا پہلے ڈیرے کی سیر کراؤں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے گاؤں میں داخل ہوتے ہوئے پوچھا

جو دل چاہتا ہے کریں_____ میرا کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میں تو دوسروں کی خوشی میں خوش ہوتا ہوں۔ ویسے بھی مجھے جانوروں سے زیادہ کزن دیکھنے میں دلچسپی ہے_____ وہ کیا ہے ناااااا میں اس نعمت سے محروم رہا ہوں______ عکاشہ کی بات پر یوشع نے اسے حیرت سے دیکھا

محروم کا لفظ تو ایسے استعمال کر رہے ہو جیسے_______ پھر کچھ خیال آنے پر خاموش ہو گیا (کیونکہ وہ اس وقت حیدر آفندی کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا)۔

Posted On Kitab Nagri

جیسے میں باپ کی محبت سے محروم رہا ہوں______عکاشہ نے جملہ پورا کیا اور پھر جیپ میں خاموشی چھا گئی۔

حویلی میں ایک بڑی سرکار بھی ہیں۔ شاید چھوٹی ماما نے ان کے بارے میں تمہیں بتایا ہو________ان کا احترام لازم ہے باقی سب چلے گا کوئی پروا نہیں______یوشع نے خاموشی کو توڑا

میری تو ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے اور ماما نے بھی یہی سکھایا ہے کہ "بڑوں کا احترام کرو"_______آگے جو خدا کو منظور______عکاشہ نے اوپر کی طرف دیکھا اور پھر چونکا

یہ اتنے سارے رومال یہاں کیوں رکھے ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے گاڑی کے ساتھ لگا رومال کا پیکٹ پکڑا

ان کی ضرورت بھی پڑ جاتی ہے_____آج کل لوگ عجیب ہیں۔ رومال واپس بھی نہیں کرتے ہیں رکھ ہی لیتے ہیں جیسے ان کے باپ کا مال ہو______یوشع نے امثال کو سوچتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

باپ کا مال ہو یا نہ ہو مگر________عکاشہ نے رومالوں کو الٹ پلٹ کیا

اگر مگر کچھ نہیں_______ڈیرہ آگیا ہے چل تجھے اپنے پسندیدہ کتے اور گھوڑے بھی دکھاتا ہوں۔ اس کے بعد حویلی چلیں گے_______یوشع کے کہنے پر عکاشہ نے جیپ سے باہر قدم رکھا

یوشع بہت جوش ساتھ عکاشہ کو پورے ڈیرے کی سیر کرا رہا تھا_______اپنے پسندیدہ گھوڑے، کتے ________جن میں عکاشہ کو ذرہ برابر دلچسپی نہیں تھی

اب بتا کیا پیئے گا دودھ منگواؤں یا کچھ اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے چارپائی پر بیٹھتے ہوئے پوچھا

ویسے لگتا نہیں ہے کہ آپ باہر سے پڑھ کر آئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ کی حرکتیں اور شوق بالکل پینڈو ہیں_____عکاشہ نے منہ بناتے ہوئے ادھر ادھر دیکھا تو اس کی نظر چھوٹے سے سفید بکری کے بچے پر پڑی۔ جسے اس نے فوراً اٹھ کر گود میں اٹھا لیا

Posted On Kitab Nagri

پورے ڈیرے میں صرف یہی ایک کام کی چیز ہے______ ویسے اس معصوم جانور کا ایک پورے ڈیرے میں ایک ہی پیس ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے اسے پیار کرتے ہوئے پوچھا

یہ میں نے نہیں پالا بلکہ کسی کی امانت ہے_______ یوشع کا دل اس وقت امثال سے ملنے کو کیا

کیوں اس کی ماں کی بددعا لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ اسے اس کی ماں پہ چھوڑ دیں_______ عکاشہ نے پیار سے اسے نیچے رکھا

ماں کی بددعا لگے یا نہ لگے مالکن کی ضرورت لگے گی______ یوشع کے جواب پر عکاشہ نے اس کی طرف دیکھا

صبح ملواؤں گا بہت ہی دلچسپ شخصیت ہے______ بے عزتی کرنے میں ایک دم ماہر اور رعب ایسے ڈالتی ہے جیسے ہم اس کے نوکر ہوں_____ یوشع کی بات پر عکاشہ نے اسے مشکوک نظروں سے گھورا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس کی مالکن مستقبل قریب میں حویلی کی مالکن بننے والی ہے_____ بحیثیت نجومی نے پیشگوئی کر دی ہے۔

اب آپ اپنے فراغ دل ہونے کا ثبوت دیں اور فی الحال میری دلی مراد پوری کر دیں_______ عکاشہ کی ڈرامے بازی پر یوشع نے ہنستے ہوئے پوچھا

تمہیں کیا چاہیے-----؟؟؟ ہم تمہاری بات سے خوش ہوئے_______ تمہیں منہ مانگا انعام دیا جائے گا۔

مجھے زیادہ نہیں بس واش روم کا پتہ بتا دیں_______ اتنا لمبا سفر میں نے بہت صبر سے کیا ہے۔

عکاشہ کی خواہش فوراً پوری کی جائے______ یوشع نے ہنستے ہوئے ملازم کو آواز دی اور خود محبت سے بکری کے بچے کو دیکھنے لگا

Posted On Kitab Nagri

حیدر آفندی نے پوری حویلی کو دلہن کی طرح سجایا تھا روشنی اتنی تیز تھی کہ دور دور تک پھیلی صاف دکھائی دے رہی تھی۔

امثال جو اپنے گھر کی چھت سے حویلی کی سجاوٹ دیکھ رہی تھی دل میں سوچنے لگی

حویلی میں رہنے والے لوگ بھی بالکل ہمارے جیسے ہی ہوتے ہیں۔ پھر یہ کیا بات ہوئی وہ خاص اور ہم عام________امثال نے آسمان کی طرف دیکھا

بیٹا اتنی سردی میں ادھر کیا کر رہی ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نیچے اپنی بہنوں اور بھائی کے پاس جاؤ________ماسٹر صاحب نے پیار سے امثال کو نیچے بلایا

ابا کیا ایسا نہیں ہو سکتا ہم بھی آج حویلی چلیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ سارا گاؤں گیا ہے_______مجھے حویلی دیکھنے کا بہت شوق ہے______امثال کی خواہش پر ماسٹر جی نے نظریں چرائیں

Posted On Kitab Nagri

بیٹا یہ دھوم دھام ایک دھوکا ہے تم نے سنا ہو گا "ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی" ______ ماسٹر جی نے امثال کا دھیان حویلی سے ہٹایا

ابا آپ ڈیرے سے میری بکری کیوں نہیں لائے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ایک دم امثال کو اپنی بکری کا خیال آیا تو وہ اداس ہو گئی

میں گیا تھا مگر یوشع سائیں کی غیر موجودگی میں نوکروں نے دینے سے انکار کر دیا اب صبح جاؤں گا ______ ماسٹر جی خود بھی یوشع کا سامنا نہیں کرنا چاہتے تھے

ابا ایسا کرتے ہیں ہم دونوں ابھی بکری کا بچہ لینے جاتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ حویلی بھی دیکھ آئیں گے ______ امثال نے ایک بار پھر کوشش کی

امثال بیٹا آپ حویلی اور حویلی والوں سے دور رہا کرو یہ لوگ اچھے نہیں ہیں ______ ماسٹر جی نے سمجھایا

Posted On Kitab Nagri

مگر وہ تو اچھا خاصا ہے پتہ نہیں کیوں ابا کہتے رہتے ہیں______ امثال کو اپنی اور یوشع کی آخری ملاقات یاد آئی

بیٹا میں نے تم سے ایک ضروری بات کرنی ہے اگر تمہاری والدہ زندہ ہوتی تو شاید مجھے اتنی مشکل پیش نہ آتی مگر اب_____ماسٹر صاحب نے ایک گہرا سانس لیا

میں چاہتا ہوں کہ تمہارا رشتہ کر دوں۔ حالانکہ تمہارے جانے سے میرا گھر ویران ہو جائے گا اور ذمہ داریاں بہت بڑھ جائیں گی۔

مگر کچھ سخت فیصلے بندے کو اپنی بہتری کے لیے کرنے پڑتے ہیں_______ماسٹر صاحب کو امثال کا بار بار حویلی جانے کے لیے ضد کرنا سخت برا لگ رہا تھا

یہ کیا بات ہوئی میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گی اور نہ ہی شادی کروں گی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ آپ دوبارہ ایسی بات نہیں کریں گے ورنہ میں آپ سے ناراض ہو جاؤں گی۔

Posted On Kitab Nagri

امثال غصے سے کہتی ہوئی نیچے چلی گئی جب کہ ماسٹر جی کسی گہری سوچ میں ڈوبے جگمگ کرتی حویلی کو دیکھنے لگے

حیدر آفندی بڑی بے قراری سے بار بار ہلکی پھلکی بارش کے باوجود کی کا چکر لگا رہے تھے_____ بے قراری تو راشدہ بیگم اور بڑی سرکار کو بھی تھی مگر تینوں کی بے قراری میں بہت فرق تھا __________؟؟؟

حیدر فون دی کو اپنے لاڈلے بیٹے کی اور محبت کی نشانی سے ملنے کی بے قراری تھی _______وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ ان کی عدن کی جھلک ان کے بیٹے میں نظر آتی ہے------؟؟؟

بڑی سرکار کو جائیداد میں یوشع کے علاوہ کوئی دوسرا حقدار پسند نہ تھا _________وہ دیکھنا چاہتی تھی کہ کیا وہ جائیداد کے لیے آیا ہے--------؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

راشدہ بیگم کو بے قراری تھی کہ آج بیٹا آیا ہے تو کل ماں بھی آسکتی ہے ________ اور اگر ایک بار عدن اس حویلی میں آگئی تو ان کی کیا حیثیت رہ جائے گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بے قراری ہی بے قراری تھی ______ تینوں بار بار اپنی اپنی گھڑیوں پر لمحے گزرتے محسوس کر رہے تھے۔

ایک خوش تھا تو دو اداس _______ پھر جیسے یکدم وقت رک گیا ہو۔ جیسے ہی یوشع کی جیب کا ہارن سنائی دیا تینوں پر سکوت چھا گیا

یہ سب کیا ہے ______ کیا آپ کے آنے پر ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ نے سجی سجائی حویلی کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا اور یوشع کے اشارے پر جیپ سے باہر نکل آیا

نہیں ہمارے اتنے نصیب کہاں ______ یہ تو عدن کے بیٹے کے لئے ہے _______ یوشع نے اپنے اور عکاشہ کے اوپر برستی پتیوں کو دیکھتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

بلیو جینز______سفید شرٹ_____بازو پر لیدر کی جیکٹ ڈالے_____پاؤں میں جاگرز______ چہرے پر کچھ خوشی کچھ حیرانی کے تاثرات لئے وہ آگے بڑھ رہا تھا_______جبکہ حیدر آفندی کی نظر اس کی ایک ایک حرکت پر تھی۔

یوشع نے محبت سے آگے بڑھ کر عکاشہ کو حیدر آفندی کے سامنے کھڑا کیا_______(جیسے کہہ رہا ہو یہ لیں اپنی امانت میں نے وعدہ پورا کیا)۔

باوجود شدید اختلاف کہ عکاشہ اپنے باپ کو پہلی بار اپنے سامنے دیکھ کر کنفیوز ہو گیا______بلاشبہ حیدر آفندی کی شخصیت کسی کو بھی پہلی نظر میں متاثر کر سکتی تھی پھر عدن بی بی کس کھیت کی مولی تھی _______؟؟؟عکاشہ نے دل میں سوچا

آپ کے ہاں مہمان کو ملنے کا فیشن نہیں_____صرف دیکھنے پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔حیدر آفندی کسی ٹرانس کی کیفیت میں تھے جب عکاشہ کی آواز پر چونکے۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ صرف چند ماہ کا بچہ تھا جب بڑی سرکار کے ایک حکم پر وہ اسے اپنے سے دور کر آئے تھے اور اب وہ ان کے برابر سینہ تان کر کھڑا تھا۔

حیدر نے آگے بڑھ کر عکاشہ کو گلے لگایا______کیسے ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کافی دیر بعد بمشکل منہ سے نکلا ورنہ جذبات کا سیلاب اتنا تھا کہ صرف خاموشی بول رہی تھی۔

اول تو آپ لوگ گلے ملتے نہیں_____اور اگر غلطی سے کسی کو گلے لگا لیں تو کیا اگلے کا دم نکال کر چھوڑتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی کی خود پر سخت گرفت محسوس کرتے ہوئے عکاشہ بڑبڑایا جبکہ یوشع نیچے کر کے ہنسنے لگا

خوش رہو_______حیدر آفندی نے اسے اپنے سے جدا کیا۔

اپنے گھر سے تو خوش ہی آیا ہوں اب آگے کا پتا نہیں______؟؟؟ عکاشہ نے کندھے اچکائے

Posted On Kitab Nagri

اندر چلو________حیدر نے عکاشہ کو راستہ دیا جبکہ یوشع بھی اس کے پیچھے چل پڑا۔

تم نے آج مجھے بہت خوشی دی ہے_______جو میں نہ کر سکا وہ تم نے کر دیا ہے______نہ چاہتے ہوئے بھی میں تمہارا شکر گزار ہوں______یوشع جیسے ہی حیدر آفندی کے پاس سے گزرا وہ بول پڑے۔

ایک وعدہ میں نے اپنے آپ سے کیا تھا وہ آج پورا کر دیا ہے۔

جبکہ ایک وعدہ عکاشہ کی ماں سے کر کے آیا ہوں______اب سے پورا کرنا باقی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع کے جواب پر حیدر آفندی نے اسے چونک کر دیکھا جیسے پوچھ رہے ہوں کہ کیسا وعدہ ________؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اب آپ کو عدن حیدر کی "دہلیز" پر لے کر جانا ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح آج عکاشہ آپ کی دہلیز پر آیا ہے۔

یوشع کہتا ہوا اندر بڑھ گیا جب کہ حیدر آفندی پیچھے زلزلوں کی زد میں تھے۔

یار ویسے آج کل یہاں کتنی خاموشی ہے نااااا______لائبریری میں اسائنمنٹ بناتے ہوئے ماہم نے آہستہ آواز میں حرم سے کہا

میرے خیال سے لائبریری میں خاموشی ہی ہوتی ہے آج کل سے کیا مراد۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مصروف سے انداز میں کہتے حرم نے ایک نظر سامنے لگی وال کلاک کی طرف دیکھا۔

میرا مطلب تھا عکاشہ کے بغیر کتنا سکون ہے نااااا______ماہم کو حرم پر سخت غصہ آیا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے تو اس کے بغیر بہت بوریت ہو رہی ہے_____وہ ہوتا ہے تو کچھ نہ کچھ "ہوتا رہتا" ہے۔

جس کی وجہ سے رونق رہتی ہے_____اب صرف پڑھ پڑھ کر سر درد ہو گیا ہے_____حرم کی بات پر ماہم نے اسے گھورا۔

وہ کچھ نہ کچھ "کرتا رہتا" ہے "ہوتا نہیں" رہتا_________اگر ہوتا رہتا تو اب بھی اس کی غیر موجودگی میں ہو رہا ہوتا_______ماہم کا دل بالکل اسائنمنٹ بنانے کو نہیں کر رہا تھا۔

تم کیوں فارغ بیٹھی ہو______کیا تمہارے نوٹس مکمل ہو گئے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم کو فارغ پن سے کھیلتا دیکھ کر حرم نے تعجب سے پوچھا

اسائنمنٹ بنانے کو دل نہیں کر رہا________ماہم نے بیزاریت سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

دل نہیں کر رہا ہے یا دل نہیں لگ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے شرارت کی جس پر ماہم نے اسے ایک مکا رسید کیا

اچھا یہ بتاؤ کہ کل جو لوگ آئے تھے وہ کہیں______ ماہم نے گھر میں آئے مہمانوں کے بارے میں دریافت کیا۔

تم پریشان نہ ہو وہ میرے لئے آئے تھے______ حرم نے انتہائی آسانی سے ایک اہم بات اسے بتائی۔

مگر نانو تو کہہ رہیں تھیں کہ______ ماہم کو اپنا نام لینا عجیب لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں ماما چاہتی تھی کہ میری جگہ تمہارا رشتہ ہو جائے مگر بابا نہیں مانے______ حرم نے انگلیوں میں پن گھماتے ہوئے جواب دیا

اور ممانی ایسا کیوں چاہ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ماہم کو تجسس ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

تم چھوڑو ان باتوں کو اور یہ بتاؤ کہ کہیں تمہیں کوئی پسند تو نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم کے پوچھنے پر ماہم کو غصہ آگیا

میں دن رات تمہارے ساتھ ہی رہتی ہوں اور تم مجھ سے یوں پوچھ رہی ہو جیسے ______ ماہم کے غصے پر حرم مسکرا دی۔

وہ بابا نے کہا تھا کہ تم سے پوچھ لوں۔ حالانکہ میں نے پہلے ہی بتا دیا تھا مگر وہ چاہتے تھے کہ میں پوچھ کر جواب دوں _____ تاکہ تمہارے ساتھ کسی قسم کی کوئی زیادتی نہ ہو۔

حرم کی وضاحت پر ماہم کو اپنے ماموں پر بہت پیار آیا۔

ماں مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں _____ ماہم کی آواز نم ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

صرف ماموں سے کیا مراد ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ میں، حارث بھائی، دادو______ تمہیں نظر نہیں آتے۔حرم نے مصنوعی غصہ کیا

ابھی وہ دونوں آپس میں بحث کر رہیں تھیں کہ فائق نے ان کے قریب ٹیبل پر آکر اپنی کتابیں زور سے رکھیں۔

تمہارا دوست آج کل نظر نہیں آرہا______کچھ لوگ اسے بہت یاد کر رہے ہیں______ حرم نے شرارت سے ماہم کو دیکھا

کچھ لوگوں کو "اپنی شامت" بہت پسند ہے کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟فائق نے مزاح کیا۔

یہ بکواس کر رہی ہے میں نے ایسا کچھ نہیں کہا______ماہم نے فوراًاپنی صفائی دی۔

وہ کچھ دنوں کے لیے گاؤں گیا ہے______اب کی بار فائق نے حرم کو دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے جواب دیا۔

Posted On Kitab Nagri

اللہ خیر کرے_____گاؤں سلامت رہے____حرم کی بات پر تینوں ہنسنے لگے تبھی لائبریرین نے ٹیبل بجایا

ششششششش_____چپ وہ تمہیں گھور رہی ہے_____فائق نے لائبریرین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا۔

لو جی اب یہ کسر رہ گئی تھی کہ لائبریرین بھی ہمیں گھورتیں______حرم کی بات پر تینوں ایک بار پھر دبا دبا سا مسکرانے لگے

عُکاشہ نے جیسے ہی لاؤنج میں قدم رکھا چاہنے کے باوجود بڑی سرکار اور راشدہ بیگم اس سے منہ نہ پھیر سکیں۔

Posted On Kitab Nagri

یہ بڑی سرکار ہیں اور یہ میری ماما______یوشع نے حیرت سے دیکھتیں بڑی سرکار اور اپنی ماں کا تعارف عکاشہ سے کروایا_____جس پر وہ سر ہلانے لگا۔

ماں نے کچھ تمیز بھی سکھائی ہے یا اس سے صرف یہ خوبصورتی ہی لی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار کی بات پر اندر آتے حیدر آفندی کے اعصاب تنے_____وہیں عکاشہ مسکراتا ہوا ان کے قریب بیٹھ گیا جیسے دونوں میں بہت بے تکلفی ہو۔

خوبصورتی تو مجھے اپنی دادو سے وراثت میں ملی ہے______میری ماما کہتی ہیں کہ "تم خوبصورتی اور حرکتوں میں بالکل اپنی دادو پر ہو"______عکاشہ کے جواب پر یوشع لفظ "حرکتوں" پر مسکرادیا۔

ہم سب انہیں "بڑی سرکار" کے نام سے بلاتے ہیں تم بھی اسی نام سے بلاؤ_____یوشع نے عکاشہ کو تھوڑی آنکھیں دکھائیں۔

مجھے تو یہ کہیں سے بھی اتنی بڑی نہیں لگ رہیں_____اچھی خاصی جوان ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

آپ ناراض کیوں نہیں ہوتیں ______ ان لوگوں کے یوں " بڑی سرکار" کے مخاطب کرنے پر ______؟؟؟ عکاشہ نے یوشع کی نقل اتاری

یہ لقب مجھے تمہارے مرحوم دادا نے دیا تھا ______بڑی سرکار مسلسل عکاشہ کو دیکھ رہیں تھیں جو ان کے بالکل برابر بے نیازی سے بیٹھا ٹانگیں ہلا رہا تھا۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

خیر دادا کا تو بنتا تھا______عکاشہ نے جس شرارت سے یہ بات کہی حیدر آفندی، یوشع سمیت پہلی بار راشدہ بیگم بھی اپنی ہنسی چھپا نہ سکیں۔

دیکھو لڑکے______بڑی سرکار نے عکاشہ کو مخاطب کیا۔

میرا نام بقول میری ماما کے میرے بابا نے عکاشہ رکھا ہے آپ چاہیں تو اسی نام سے بلا سکتیں ہیں نہیں تو ____عکاشہ نے حیدر آفندی کی طرف دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں تو______بڑی سرکار کے ماتھے پر بل پڑے

نہیں تو عدن کا بیٹا کہہ لیں _____جو زیادہ مناسب لگتا ہے ____عکاشہ کی بات پر بڑی سرکار نے ایک غصیلی نظر یوشع پر ڈالی جو انہیں دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

نام بھی اچھا ہے اور شکل بھی مگر تمیز نہیں ہے تم میں______بڑی سرکار نے طنز کیا

وہی تو سیکھنے آیا ہوں آپ پلیز اچھی طرح سکھا دیجئے گا______میں نے سنا ہے جسے آپ تمیز سکھا دیں وہ مرتے دم تک بد تمیز نہیں ہوتا۔

عکاشہ کے جواب پر یوشع نے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے حیدر آفندی اور راشدہ بیگم کی طرف دیکھا جو اسے ہی گھور رہے تھے۔

خیر گلے تو ملیں ناااا______ہم زندگی میں پہلی بار مل رہے ہیں______عکاشہ نے اٹھ کر بڑی سرکار کو گلے لگایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پرفیوم کون سا لگاتیں ہیں۔۔۔۔؟؟؟بہت اچھا ہے______عکاشہ نے پیچھے ہٹتے سرگوشی کی جس پر بڑی سرکار کے تیور بگڑ گئے۔

Posted On Kitab Nagri

حق نواز چھوٹے کو مہمان خانہ دکھاؤ_____ یہ ذرا ہاتھ منہ دھو کر فریش ہو جائے پھر مل کر کھانا کھاتے ہیں_____حیدر آفندی کی آواز پر ایک ملازم فورن حاضر ہوا

عکاشہ نے جاتے جاتے راشدہ بیگم کو اپنے ساتھ لگایا اور ماتھے پر پیار کیا جس پر راشدہ بیگم کے ساتھ ساتھ لاؤنج میں موجود ہر شخص حیران رہ گیا۔

میں اپنی ماں کو ایسے ہی ملتا ہوں۔برا مت منایئے گا_____عکاشہ کہتا ہوا ملازم کے ساتھ باہر نکل گیا جبکہ راشدہ بیگم کی آنکھیں نم ہو گئیں

انہیں آج تک یوشع کبھی ایسے نہیں ملا تھا۔نہ اتنا مان اس نے بخشا تھا_____شاید بڑی سرکار کی تربیت تھی۔عکاشہ کے جاتے ہی یوشع بھی اپنی جگہ سے اٹھا۔

یوشع تم رکو____ ہم نے تم سے ایک ضروری بات کرنی ہے____ بڑی سرکار کی آواز پر یوشع نے ایک گہرا سانس لیا جب کہ حیدر آفندی کے پیچھے پیچھے راشدہ بیگم بھی لانچ سے باہر نکل گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھی تم نے تربیت_____عدن کی تربیت بولتی ہے اس کی غیر موجودگی میں بھی_____حیدر آفندی کے لہجے اور آنکھوں میں ایک غرور تھا وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے اپنے آپ کو دیکھ رہے تھے۔

مجھے یوشع کی تربیت آپ ماں بیٹا نے کبھی کرنے ہی نہیں دی پھر اب گلہ کیسا۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم بے ساختہ بول اٹھیں۔

بس کرو____تم ایک ناشکری عورت ہو_____اور آج میں کسی بحث کے موڈ میں نہیں ہوں۔

جا کر کھانا لگواؤ____مجھے آج بہت عرصے بعد بھوک لگی ہے_____حیدر آفندی کے حکم پر راشدہ بیگم نے ایک افسوس بھری نظر ان پر ڈالی اور کمرے سے باہر نکل گئی۔

Posted On Kitab Nagri

اپنے عکس کو آخری بار آئینے میں غور سے دیکھتے ہوئے وہ روم سے باہر جانے ہی لگے تھے کہ ان کے موبائل پر میسج ٹیون بجی۔

بغیر دیکھے بھی بتا سکتے تھے کہ یہ میسج کس کا ہو گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ پھر بھی مسکراتے ہوئے میسج پڑھا۔

"عکاشہ خیریت سے پہنچ گیا ہے____بڑی سرکار نے آپ پر زیادہ غصہ تو نہیں کیا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ "

عدن کے میسج پر حیدر نے انہیں کال کی جو پہلی بل پر ہی اٹھالی گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو اپنے بیٹے کی زیادہ فکر ہے یا ہماری۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ایک ماں سے پوچھا گیا

اس وقت بھی اور ہمیشہ_____آپ کی فکر مجھے زیادہ رہتی ہے______عدن کے منہ سے وہ یہی سننا چاہتے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے کہ میں اس وقت کیا سننا چاہ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر کے پوچھنے پر عدن پھیکا سا مسکرائیں۔

میں آپ کو آپ سے زیادہ جانتی ہوں مگر فی الحال یہ بتادیں کہ عکاشہ کے آنے سے حویلی میں کوئی گڑبڑ تو نہیں ہوئی۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کو تشویش تھی

نہیں فی الحال تو کچھ نہیں ہوا اور اگر کچھ ہو گا تو میں سارا "ملبہ "یوشع پر ڈال دوں گا۔

وہ جانے اور یہ حویلی______مجھے تو اپنے بیٹے سے ملنا تھا جو میں نے مل لیا_____حیدر کے لہجے میں ایک خوشی تھی جسے عدن نے واضح محسوس کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ "ملبہ" ہمیشہ دوسروں پر کیوں ڈال دیتے ہیں۔۔۔۔؟؟؟عدن کے سوال پر حیدر کے چہرے سے خوشی ایک دم غائب ہو گئی۔

کیا مطلب۔۔۔۔۔۔؟؟؟وہ بات سمجھ کر بھی انجان بنے۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں بس ویسے ہی کہہ دیا تھا۔ آپ بتائیں بیٹے سے مل کر خوشی ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن پرانی باتوں کو دہرانا نہیں چاہتی تھی مگر پھر بھی زبان سے گلہ نکل ہی جاتا تھا

اب آپ بات کو بدل رہیں ہیں____میں نے آپ سے کہا تھا کہ میں آپ کو آزاد کر دیتا ہوں مگر آپ باضد تھیں کہ آپ کو کچھ نہیں چاہئے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ میرے نام ساتھ ہی ساری زندگی گزار دیں گئیں____پھر اب کیوں بار بار مجھے میرے ضمیر کی عدالت میں کھڑا کر دیتی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

بولیں نااااا______حیدر آفندی قدرِ سخت لہجے میں پوچھنے لگے تو عدن کی آنکھیں بھیگ گئیں۔

سوری آفندی صاحب_____عورت ہوں نااااا____وہ بھی کمزور دل والی____اپنا خیال رکھیے گا اور عکاشہ کو جلد واپس بھیج دیجئیے گا۔

Posted On Kitab Nagri

عدن نے کہتے ہوئے فون بند کیا جبکہ حیدر آفندی کو اپنی سختی پر بہت غصہ آیا۔

حیدر آپ کو میں کیسے بتاؤں کہ آپ ساتھ میں نے گزارہ نہیں کرنا تھا۔

"کر تو لینا تھا تیرے ساتھ گزارا لیکن ______ اب تیرے ساتھ بھی کرتے، تو گزارا کرتے ______؟؟؟"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع تم کس کی اجازت سے اسے لینے گئے تھے۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے پہلی بار یوشع کو اپنی عدالت میں کھڑا کیا۔

ہمیں تم پر بہت مان تھا جو آج تم نے توڑ دیا ہے ______ ہم صرف تمہاری عزت کی خاطر سب کے سامنے خاموش رہے مگر ______ بڑی سرکار کی بات پر یوشع نے مسکراتے ہوئے انہیں گلے لگایا

Posted On Kitab Nagri

پیچھے ہو جاؤ____آج تم نے میرا دل جلا دیا ہے۔ کیا ضرورت تھی ایک غیر عورت کے بچے کو حویلی لانے کی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میرا اوارث صرف اور صرف "یوشع حیدر آفندی" ہے میں اس لڑکے کو اپنے حیدر کا بیٹا نہیں مانتی۔ کیا پتا کس کا خون ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار کی زبان شعلے اگل رہی تھی

اچھا اچھا آپ غصہ نہ کریں میں ایک خاص مقصد کے لیے اسے حویلی لایا ہوں۔ آخر آپ کا بیٹا ہوں مذاق تھوڑی ہے_____یوشع کی بات پر جہاں بڑی سرکار نے اسے حیرت سے دیکھا وہیں ایک شخص دیوار ساتھ رکا۔

کیسا مقصد۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے یوشع کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

تھوڑا صبر کریں___سب کو معلوم ہو جائے گا اور مجھ پر اعتبار رکھیں میں آپ کا اعتبار کبھی نہیں توڑوں گا_____یوشع نے مسکراتے ہوئے بڑی سرکار کا ہاتھ عقیدت سے چوما۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے پہلے ہی یقین تھا میرا یوشع کچھ بھی میری مرضی یا مجھ سے پوچھے بغیر نہیں کر سکتا۔

ٹھیک ہے جو تو کرنا چاہتا ہے کر مگر______اس لڑکے کو حویلی سے جلدی رخصت کر دے۔مجھے اس کا وجود زیادہ دیر یہاں برداشت نہیں______بڑی سرکار نے پیار سے یوشع کے بال سنوارے۔

ایک بات اور بھی آپ سے کرنی تھی اس میں ہمارا بڑا افائدہ ہے______یوشع نے موقع غنیمت جانا۔

ہاں بولو______بڑی سرکار نے ہمیشہ کی طرح اس کی حوصلہ افزائی کی۔

میں الیکشن لڑنا چاہتا ہوں______جیسے ہی یوشع نے اپنی فرمائش بتائی بڑی سرکار کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔

الیکشن______بڑی سرکار نے زیرلب دہرایا

Posted On Kitab Nagri

کھانے والی میز پر بہت سے کھانے سجے تھے جبکہ کھانے والے صرف چند لوگ ______عکاشہ نے رنگ برنگے کھانوں پر ایک نظر ڈالتے ہوئے اپنی کرسی سنبھالی

بڑی سرکار ہمیشہ کی طرح سربراہی کرسی پر براجمان تھیں_____جبکہ حیدر آفندی کے سامنے یوشع اور اس کے برابر عکاشہ بیٹھا تھا

بھائی یار وہ کزن کہاں ہے-----؟؟؟ جس کے چکر میں تم مجھے یہاں تک لائے ہو_____عکاشہ کے سوال پر چاول کا چمچ منہ میں رکھتے ہوئے یوشع کو شدید پھندا لگا

کیا ہوا____عکاشہ نے معصومیت سے کھانسی کرتے یوشع سے پوچھا

www.kitabnagri.com

بیوقوف انسان___ابھی سب کے سامنے چپ کر جاؤ اور بعد میں تفصیل سے بات کرتے ہیں_____یوشع نے پانی کا گھونٹ بھرتے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

وہ جو تفصیل سے کریں گے وہ "بات" ہو گی___تو قسم کہاں ہو گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے یوشع کو مزید کھانے سے روکا

عکاشہ اب کوئی مزید بے وقوفی نہیں_____اپنا منہ بند کرو_____یوشع نے دانت پیستے ہوئے جواب دیا

بیٹا آپ کچھ لو_____حیدر نے عکاشہ کو کچھ نہ لیتے ہوئے دیکھ کر کہا

ماما ٹھیک کہتی تھیں_____آپ لوگ عجیب ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بیٹا کہتا ہے "منہ بند کرو"_____بند منہ ساتھ کیسے کھانا کھاؤں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

جبکہ باپ کہتا "کچھ لو نا!!!"_____یعنی اتنے بڑے میز سے صرف "کچھ "لوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عُکاشہ نے اپنی کہنیاں میز پر رکھیں اور ہاتھوں کی V بنا کر اس پر اپنا منہ رکھ لیا۔

Posted On Kitab Nagri

یوشع نے عکاشہ کے تماشے پر اسے دیکھا اور مسکرایا۔

داد دینے کا شکریہ مگر ابھی میں نے اپنا ڈرامہ شروع نہیں کیا ہے ______ عکاشہ نے یوشع کے مسکرانے پر سرگوشی کی

کمینے باز آجا____ ضروری نہیں کہ ایک ہی دن میں تو اپنا آپ سب کو دکھا دے______یوشع نے اپنی پلیٹ میں کباب رکھتے ہوئے جواب دیا

میرا مطلب تھا کہ تم کھانا کھاؤ ایسے کیوں بیٹھے ہو۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے اپنا جملہ درست کیا۔

جی اچھا کوشش کرتا ہوں کہ "منہ بند" رکھ کر "کچھ کھا" سکوں_____ عکاشہ کے طنز پر ی حیدر اور یوشع نے ایک دوسرے کو دیکھا جبکہ بڑی سرکار نے نیپکن سے منہ صاف کیا۔

Posted On Kitab Nagri

اسے کہتے ہیں تربیت______"پروفیسر عدن حیدر" کی تربیت_____اس سے پہلے کہ بڑی سرکار طنز کرتے ہوئے کرسی چھوڑتیں عکاشہ کے جواب پر تیزی سے کھڑی ہوئیں۔

"اور اسے کہتے ہیں اصلیت_____بڑے لوگوں کی اصلیت"

زبیر صاحب میں تو کہتی ہوں اب اپنی بھانجی کو رخصت کر ہی دوں_______تم نے اس کا ساری زندگی کے لیے ٹھیکہ تو نہیں لے رکھا ہے۔

مجھے ہر وقت اپنے حارث کی فکر رہتی ہے۔کہیں ایسا نہ ہو وہ اسے لے اڑے اور میں دیکھتی رہ جاؤں______کلثوم بیگم نے الماری میں کپڑے رکھتے ہوئے کہا

تم ہر وقت اس کے پیچھے کیوں پڑی رہتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

رہی بات حارث کی شادی کی تو میری دلی خواہش تھی کہ میں اپنی بھانجی کو اپنی بہو بناؤں جو حارث کے انکار پر دم توڑ گئی ہے لہذا بے فکر رہو________زبیر صاحب نے اخبار پڑھتے ہوئے جواب دیا

شکر ہے حارث نے کچھ تو عقل سے کام لیا______اب تم دیکھنا میں اپنے بیٹے کے لئے چاند جیسی دلہن لاؤں گی۔

سارا محلہ اور خاندان والے دیکھتے رہ جائیں گے_______کلثوم بیگم کے چہرے اور زبان کے رنگ ہی بدل گئے۔

وہ دیکھیں گے یا نہیں------؟؟؟

اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہو گا مگر ہم سب تمہاری "شامت" اس کے ہاتھوں ضرور دیکھیں گے_______زبیر صاحب نے انتہائی آہستہ آواز میں جواب دیا

کیا کہا آپ نے______کلثوم بیگم نے زبیر صاحب سے اخبار چھینتے ہوئے جارحانہ انداز میں پوچھا

Posted On Kitab Nagri

وہ میں کہہ رہا تھا کہ________زبیر صاحب نے اتنا ہی کہا تھا کہ حارث اندر داخل ہوا

آؤ حارث میاں______آج تو تم میرے لئے رحمت کا فرشتہ بن کر آئے ہو______زبیر صاحب کے مسکرانے پر حارث بھی ہنستا ہوا ان کے برابر بیٹھ گیا

ہاں جی تم سب فرشتے ہو۔ بس تم لوگوں کو میں ہی بری لگتی ہوں۔ جس دن نہ رہی لگ پتا جائے گا________کلثوم بیگم غصہ کرتی جانے لگیں کہ حارث نے ان کا ہاتھ پکڑ کر بٹھالیا

اماں یہ تو زیادتی ہے۔ آپ ذرا ذرا سی بات پر اتنی بڑی دھمکی دیتی ہیں۔ ہم سب تو آپ سے مزاق کرتے ہیں تاکہ گھر میں رونق لگی رہے۔ ورنہ یہ بات تو ابا بھی اچھے سے جانتے ہیں کہ آپ کے بغیر ہماری زندگی کچھ نہیں ہے________حارث کی بات ہے زبیر صاحب نے سر ہلایا

ویسے حارث میاں آج کس کام سے آئے ہو جو اماں کو اتنا مکھن لگایا جارہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں تو دوسری شادی کی حسرت قبر میں ہی لے جاؤں گا کیونکہ ان کو کچھ ہونا نہیں ______ اور سہرا میرے سر پر سجنا نہیں۔زبیر صاحب کی بات پر کلثوم بیگم جو ابھی نرم پڑیں تھیں پھر بھڑک اٹھیں۔

دیکھا تم نے اس شخص کی حرکتیں _____ ارے تمہارے بیٹے کے سر پر سہرا سجانے کے دن ہیں تمہارے نہیں _____ کلثوم بیگم نے پہلے حارث اور پھر زبیر صاحب کی طرف دیکھ کر کہا

اچھا آپ دونوں ذرا خاموش ہو کر میری بات سنیں ______ مجھے کمپنی کی طرف سے چین جانے کی آفر آئی ہے۔بہت ہی اچھا سیلری پیکج مل رہا ہے۔

میری اپنی بھی یہی خواہش ہے کہ میں دو سال کے لئے چلا جاؤں۔بس آپ لوگوں کی اجازت چاہیے _______ حارث نے اپنی بات مکمل کر کے دونوں کی طرف دیکھا جو اس کی بات پر ذرا بھی خوش دکھائی نہیں دے رہے تھے۔

ابا کم از کم آپ تو اس طرح مت کریں _____ حارث نے زبیر صاحب کے گھٹنے پر ہاتھ رکھا

Posted On Kitab Nagri

دوسال ہم تمہارے بغیر کیا کریں گے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ایک ہی بیٹا ہے میرا_____نہیں مجھے کچھ نہیں چاہئے_____تم جتنا کما لیتے ہو وہی بہت ہے۔ کلثوم بیگم کہتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی جب کہ زبیر صاحب نے دوبارہ اخبار کھول لیا۔

ابا_______حارث نے بلانا چاہا مگر زبیر صاحب نے اپنے چہرے کے آگے اخبار کر لی۔

عکاشہ میں نے آپ کے آگے ہاتھ جوڑے تھے کہ بڑی سرکار کے آگے اپنا منہ بند رکھنا۔

مگر آپ تو آپ ہیں_______کہاں کسی کی بات سنائی دیتی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے بھڑکتے ہوئے عکاشہ سے پوچھا

میں نے انہیں کچھ نہیں کہا_____میں تو اپنے آپ سے باتیں کر رہا تھا_____مجھے خود کلامی کی عادت ہے۔ عکاشہ نے معصوم شکل بنائی اور سلیپر اتار کر بیڈ پر نیم دراز ہو گیا۔

Posted On Kitab Nagri

یہ میرا کمرہ ہے_______یوشع نے اسے یوں لیٹا دیکھ کر بتانا ضروری سمجھا

تو میں نے کب کہا ہے کہ میرا ہے_______عکاشہ اب کمبل سیدھا کر رہا تھا

تمہارے لئے مہمان خانہ سیٹ کرایا ہے۔وہاں جا کر مرو نا!!!!!_______یوشع نے کمبل کھینچا

میں اس سجے سنورے کمرے میں اکیلا نہیں سو سکتا_______یا تو آپ میرے ساتھ سوئیں_______ یا پھر کسی اور کا بندوبست کر دیں۔

وہ کیا ہے نا!!!!!_______میں اپنی ماں کا سب سے چھوٹا بچہ ہوں اور اکیلے سونے سے مجھے ڈر لگتا ہے ۔

دوسرا آپ جناب جب ہمارے گھر آتے ہیں تو اپنی یاداشت پر زور دیں کہ کس کے ساتھ سوتے ہیں ؟؟؟_______عکاشہ نے کمبل واپس اپنے اوپر لیا

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہارے فلیٹ میں کمرے ہی "دو" ہے تو مجبوراً مجھے تمہارا کمرہ شیئر کرنا پڑتا ہے۔

مگر حویلی میں ایسی کوئی مجبوری نہیں ہے لہذا شرافت سے اپنے کمرے میں جاؤ_______یوشع نے ایک بار پھر کمبل کھینچا

اگر میں سکون سے سو نہ سکا______جس کا مجھے سو فیصد یقین ہے تو آج اس حویلی میں مجھے کوئی سو کے دکھائے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ چیلنج کرتا بستر سے نیچے اترا۔

او بھائی ٹھہر جا_____اتنا غصہ اچھا نہیں ہوتا_____تو مہمان ہے اور تیری فرمائش سر آنکھوں پر _____سو جا_____جہاں تیرا دل کرتا ہے وہیں سو جا_____یوشع نے پیار سے اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرا جس پر عکاشہ مسکرا دیا

اتنی جلدی تو اچھی بیویاں بھی نہیں مانتی______جتنی جلدی بھائی یار آپ مان جاتے ہیں۔

I loveeeee youuuuuuuu

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ فلائنگ کس اچھالتا دوبارہ بستر پر لیٹ گیا۔ جبکہ یوشع اس وقت کو کوس رہا تھا جب اس مصیبت کو خود لے کر آیا تھا۔

ابھی یوشع ٹھیک سے صوفے پر لیٹا بھی نہیں تھا کہ عکاشہ ایک دم اٹھ بیٹھا

بھائی یارررررر______ تم نے نہ تو مجھے کزن سے ملوایا ہے اور نہ ہی وہ خاص وجہ بتائی ہے جس کی وجہ سے تم آج صوفے پر لیٹے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟ عکاشہ کے پوچھنے پر یوشع نے اسے خطرناک تیوروں سے گھورا

مجھے پوری امید ہے کہ ہم دونوں میں سے ایک بھی آج رات "فوت" ہونے والا نہیں لہذا صبح بات کریں گے۔

اب میں بہت تھک گیا ہوں۔ سارا دن ڈرائیونگ نے اتنا نہیں تھکایا جتنا تیری باتوں نے میرا "بیڑہ غرق" کیا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

پتا نہیں چھوٹی ماما تجھے کیسے برداشت کرتی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کہتا ہوا دوبارہ لیٹ گیا۔

تو کس نے کہا تھا ڈرائیونگ کرنے کو۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے بڑبڑاتے ہوئے کمبل اوپر لیا

بس دل کیا تھا اپنے بھائی کو خود ڈرائیو کر کے گھر لاؤں____(کہاں پتا تھا وہ بھائی بھائی کم اور بندر زیادہ ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟)یوشع نے دل میں سوچا

ایک تو پنجاب کے لوگ جذباتی بہت ہیں۔ اگر بندے کو گاڑی چلانا نہیں آتی تو اتنا رعب ڈالنے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہہ دیتے عکاشہ یارررررر_____مجھے گاڑی چلانا نہیں آتی۔عکاشہ نے لیٹے لیٹے طنز کیا

مجھے گاڑی چلانا آتی ہے مگر کیونکہ بابا سائیں نے ڈرائیور رکھ کر دیا ہوا ہے تو کافی وقت سے لمبا سفر نہیں کیا۔

Posted On Kitab Nagri

اور ویسے بھی میں نے گاڑی خود اس لیے ڈرائیو کی تھی کہ "تمہیں اچھا لگے گا"______یوشع نے وضاحت دی۔

مگر مجھے پھر بھی اچھا نہیں لگا پوچھو کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے گردن اوپر کر کے یوشع کو دیکھا جو اسے ہی گھور رہا تھا

شب بخیر______یوشع نے اس سے مزید بحث کو ختم کیا اور کمبل منہ تک اوڑھ لیا

بھائی یارررررر اتنی بے رخی_____یہ تو تم ہو ورنہ میں تو کسی کو منہ بھی نہیں لگاتا______عکاشہ مزید باتیں کرنے کے موڈ میں تھا نئی جگہ تھی اسے نیند نہیں آ رہی تھی۔

مہربانی_____مگر مجھے اصلیت معلوم ہے وہ تمہیں منہ نہیں لگاتی۔ کتنے سکون میں ہو گی ؟؟______

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"اب وہ فُرصت سے سوچتی ہو گی، کِس مُصیبت سے جان چُھوٹی ہے!۔"

یوشع نے کمبل کے اندر سے ہی آواز لگائی تو عکاشہ کا دھیان فوراً ماہم کی طرف چلا گیا

بھائی یارررر______بس ایک آخری بات______عکاشہ نے کہتے ساتھ بیڈ سے سیدھا صوفے پر چھلانگ لگائی جبکہ اس اچانک حملے پر یوشع کی چیخ نکل گئی

تم کتنی فضول حرکتیں کرتے ہو۔ مجھے آج احساس ہو رہا ہے۔ چھوٹی ماما کی ہر شکایت تمہارے بارے میں بالکل جائز ہے______یوشع غصہ کرتے ہوئے اٹھ بیٹھا

یارررر بھائی______کیسے پتہ چلتا ہے کہ کوئی لڑکی آپ کے دل پر قبضہ کر چکی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ مطلب عشق محبت وغیرہ

عکاشہ کے پوچھنے پر یوشع کو پہلا خیال "امثال" کا آیا جس پر وہ خود بھی حیران ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا دروازہ نوک ہوا اور حیدر آفندی اندر داخل ہوئے

بستر کس کے لیے خالی چھوڑا ہے ______ اور چیخ کیسی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ وہ دونوں کو صوفے پر بیٹھا دیکھ کر بولے

آپ بھی آجائیں _______ صوفے میں بڑی گنجائش ہے۔

عکاشہ نے حیدر آفندی کے لئے جگہ بنائی اور پھر وہی ہوا جس کا کبھی یوشع نے سوچا بھی نہیں تھا

یعنی حیدر آفندی _____ عکاشہ اور یوشع کے درمیان بیٹھے اپنے بچپن اور لڑکپن کی شرارتیں بتانے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مجھے سمجھ نہیں آرہی جب میں نے منع کیا تھا کہ وہ بکری کا بچہ میری اجازت کے بغیر کسی کو نہیں دینا تو پھر کیوں دیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ڈیرے پر بکری کے بچے کو نہ پا کر یوشع کا غصہ آسمانوں سے باتیں کر رہا تھا

سرکار ہم نے نہیں دیا وہ باؤ نوید نے دیا ہے______نوکروں نے اپنی جان بچاتے ہوئے نوید کو آگے کیا

باؤ نوید تمہیں آجکل مرنے کا زیادہ شوق چڑھا ہوا ہے____حالانکہ کے تمہارے گھوڑی چڑھنے کے دن ہیں_____یوشع نے پلٹ کر نوید کی طرف دیکھا

سائیں غلطی کی معافی چاہتا ہوں مگر وہ ماسٹر جی کی بیٹی آئی تھی بہت منتیں کر رہی تھی۔

میں نے بتایا تھا کہ آپ کی اجازت نہیں پھر وہ آپ سے ملنے کی ضد کرنے لگی مگر آپ حویلی تھے_____نوید نے تفصیل بتائی۔

Posted On Kitab Nagri

حویلی تھا قبرستان تو نہیں تھا______کہ تم بلا نہیں سکتے تھے۔اگر آئندہ وہ لڑکی میرا پوچھے یا مجھ سے ملنا چاہے تو اسی وقت مجھے بتانا_______یوشع کہتے کہتے رکا وہ جذبات میں بہہ رہا تھا

میں اس بکری یا لڑکی سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتا مگر آج کے بعد اگر تم لوگوں نے میری حکم عدولی کی تو جان سے جاؤ گے_______یوشع نے کہتے ہوئے نوکروں کو جانے کا اشارہ کیا

باؤ نوید پھر کیا سوچا ہے۔۔۔۔؟؟؟نوکروں کے جاتے ہیں یوشع نے نوید کو مخاطب کیا

سائیں جو آپ کا حکم_______نوید نے سنجیدہ لہجے میں جواب دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تمہیں آج عکاشہ سے ملوا دوں گا۔پھر تم دونوں دیکھ لو کہ کیا_____کب اور کیسے کرنا ہے______؟؟؟

بس میرا کام ہونا چاہیے______یوشع کہتے ہوئے ڈیرے سے باہر نکل آیا

Posted On Kitab Nagri

یہ مجھے اتنا غصہ کیوں آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے جیپ کے بونٹ پر زور سے ہاتھ مارا

امثال بی بی تم اچھا نہیں کر رہی۔میں اچھا بندہ نہیں ہوں میرے سے دور رہو۔تمہارے لئے یہی بہتر ہے۔

یہ کیا کہ بار بار مجھے ڈسٹرب کرنے آجاتی ہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اتنا بڑا گاؤں ہے خبردار جو اب میرے راستے میں آئی تو______یوشع نے وسیع و عریض کھیتوں پر نظر ڈالتے ہوئے سوچا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیلو مس چُونا کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے جیسے ہی کال اٹینڈ کی عکاشہ کی آواز نے اس کا استقبال کیا

Posted On Kitab Nagri

ہم نے سوچا تم اب تک اوپر پہنچ چکے ہو گے لہذا تم پر فاتحہ بھی پڑھ دی تھی لیکن تم تو حیات ہو _______حرم نے طنز کیا

ہم سے کیا مراد ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ اپنی گندی سوچ کو اس سے منسوب مت کرو_____میں جانتا ہوں وہ ایسا نہیں سوچ سکتی۔عکاشہ کے حتمی لہجے پر حرم ٹھٹھکی۔

تم اسے مجھ سے زیادہ نہیں جانتے_____حرم نے دعوی کیا

اچھا دفع کرو یہ بتاؤ تم لوگ میرے بغیر کیسے بور زندگی گزار رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟سوچا تم لوگوں کی خیریت ہی دریافت کر لوں_____عکاشہ نے تازہ ہوا کو انجوائے کرتے ہوئے پوچھا

بہت شکریہ مگر ہم آج کل یونی نہیں جا رہے ہیں_____وجہ یہ ہے کہ میرا بھائی چین جا رہا ہے تو ہم سب بہت اداس ہیں_____حرم اپنی بات کے آخر میں خود ہی اداس ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

ہمممم____مطلب صاف کہو نااااا_____میرے بغیر یونی میں دل نہیں لگ رہا۔ عکاشہ نے مذاق کیا

ہاں یہ تو ہے____آرام سکون سے دن گزرتا ہے نہ کوئی مصیبت نہ پریشانی____خود پر حیرت ہوتی ہے کہ ہم یونی میں ہی ہیں۔ حرم کے جواب پر عکاشہ نے سر نفی میں ہلایا

وہ مس موسلادھار ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟ عکاشہ کے پوچھنے پر حرم نے ماہم کی طرف دیکھا

جی بالکل ٹھیک ہے۔ برتن دھو رہی ہے____پھر کھانا بنائے گی____وہ کیا ہے نااا ہم اس کو رخصت کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حرم کی بات پر ماہم نے اسے گھور کر دیکھا جب کہ حرم نے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا

یعنی تم اس موسلادھار کی شادی کرنے لگے ہو____زبردست_____مجھے ضرور بلانا۔

Posted On Kitab Nagri

میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ کون اس "ڈیم" کو لے کر جا رہا ہے۔۔۔۔۔؟؟عکاشہ نے طنز کیا

کیوں نہیں ضرور____ اگر تم نہ بھی کہتے تو میں نے تمہیں ضرور بلانا تھا پوچھونا اا کیوں۔۔۔۔۔؟؟ حرم نے چسکا لیا

میں پاگل ہوں____ جو پوچھوں گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حرم بی بی عقل ہے مجھ میں_____ عکاشہ کی بات پر حرم نے منھ بنایا

پلیز پوچھونا اااا____ حرم نے ضد کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بالکل بھی نہیں____ کبھی نہیں_____ عکاشہ نے کال کاٹ دی

تم نے اس کے ساتھ جھوٹ کیوں بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟ عکاشہ کی کال بند کرتے ہی ماہم نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

میں کچھ جاننا چاہ رہی تھی مگر شاید میں غلط تھی______حرم سوچتی ہوئی کچن سے باہر چلی گئی جبکہ ماہم اس کی بات کا مطلب سمجھ کر مسکرا دی

نوید کو جب سے یوشع کا پیغام ملا تھا وہ بے چینی سے ڈیرے کا چکر لگائے جا رہا تھا.

کیا بات ہو سکتی ہے. مجھے کیوں بلایا ہے اور وہ نیا مہمان، مجھے کیوں لگ رہا ہے کہ کوئی گڑبڑ ہونے والی ہے----------؟؟

اب یوشع سائیں کیا کرنا چاہتے ہیں----------؟؟؟

جبکہ وہ تمام حقیقت سے آگاہ بھی ہیں پھر_____نوید کو چکر کاٹتے اب خود چکر آنے لگے تھے.

Posted On Kitab Nagri

کیا ہی اچھا ہو وہ میری اور بتول بی بی کی شادی خود اپنے ہاتھوں سے کر دیں_____ ایک لمحے کہ لیے بتول کا ساتھ اسے فرحت بخش گیا.

اور اگر بڑی سرکار کو ان تمام باتوں کا پتہ چل گیا پھر صورت حال کتنی خوفناک ہو سکتی ہے ___________؟؟؟

میری تو خیر ہے مگر بتول بی بی______اس سے آگے سوچنا اس کے بس کی بات نہ تھی.

باؤ نوید آپ کو بڑی سرکار نے یاد کیا ہے_______ابھی وہ اپنی سوچوں میں گم تھا کہ ملازم کے پیغام نے اس کے رہتے سہتے اوسان بھی خطا کر دیے

یہ اچانک اب انھیں کیا ہوا ہے______ کہیں کچھ علم تو نہیں ہو گیا___________؟؟؟ نوید نے کچھ سوچتے ہوئے یوشع کا نمبر ڈائل کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سائیں حویلی سے مجھے بڑی سرکار نے یاد کیا ہے _____ حکم کریں کدھر پہلے حاضری دوں ؟؟؟_____________.

ٹھیک ہے باؤ نوید______ تم پہلے بڑی سرکار سے مل لو. میں بعد میں بات کرتا ہوں ابھی ویسے بھی چھوٹے ساتھ مصروف ہوں .

یوشع نے کہتے ساتھ ہی کال کاٹ دی جبکہ نوید یوشع کے خشک لہجے کو محسوس کرتا مزید خوف زدہ ہو گیا .

حویلی میں قدم رکھتے ہوئے آج پہلی بار نوید کا دل کانپا تھا .

بڑی سرکار آپ نے مجھ ناچیز کو یاد کیا ہے_____ نوید نے باادب کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا

ہاں بیٹھو_______ بڑی سرکار کے اشارے پر نوید پاس پڑی کرسی پر بیٹھ گیا

Posted On Kitab Nagri

ہم نے تمہیں کبھی نوکر نہیں سمجھا______بڑی سرکار نے جتلایا اور یہ بات نوید کا مزید سر جھکا گئی .

آج ہم تم سے ایک ذاتی کام کہنا چاہتے ہیں. بولو کرو گے----------؟؟؟

بڑی سرکار کی نظریں اور لہجہ ایسا تھا کہ نوید انکار کر ہی نہیں سکتا تھا .

آپ کا حکم سر آنکھوں پر، میری اوقات ہی کیا ہے جو انکار کروں۔نوید کے جواب پر بڑی سرکار بے ساختہ مسکرا دیں

یہ ماسٹر کی بیٹی دیکھنے میں کیسی لگتی ہے------؟؟؟ بڑی سرکار کے سوال پر نوید نے ایک جھٹکے سے سر اوپر اٹھایا

جی ٹھیک ہے______نوید نے نہ کبھی کسی لڑکی کی تعریف کی تھی اور نہ اس کی طبیعت ایسی تھی اس لیے بمشکل جملہ ادا کیا

Posted On Kitab Nagri

میرا مطلب تھا کہ وہ اتنی بڑی ہو گئی ہے کہ اس کی شادی کی جا سکے_________بڑی سرکار کے پوچھنے پر نوید نے سر ہلایا

میں چاہتی ہوں تم اس لڑکی سے چپ چاپ نکاح کر کے شہر چلے جاؤ_______نکاح اور تمہاری رہائش کا سارا خرچہ ہم دیں گے مگر اس بات کا علم یوشع کو بھی نہ ہو۔

بڑی سرکار کی بات کسی "بم" کی طرح نوید کے سر پر پھٹی۔ یہ سب میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے لگتا ہے میں پاگل ہو جاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار بھی وہی چاہتی ہیں جو ماسٹر صاحب چاہتے ہیں مگر میں اور یوشع سائیں ________ نوید مسلسل اپنی جوتیوں پر موجود گرد کو دیکھ رہا تھا

مجھے جلد نکاح کی خبر دو اب تم جا سکتے ہو اور ہاں اگر ہمارا راز تم نے فاش کیا تو سزا بتانے کی مجھے ضرورت نہیں پڑے گی_______بڑی سرکار نے جاتے جاتے تنبیہ کی

Posted On Kitab Nagri

نوید جتنے بوجھل دل ساتھ آیا تھا اس سے کئی گناہ زیادہ بوجھ لے کر واپس مڑا۔

ایک نظر بند کھڑکی کو دیکھا شاید اس کھڑکی کے بند ہونے پر اس کی قسمت بھی اس پر بند ہو گئی تھی۔

ابھی اور کتنی مسافت باقی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

دل کی خواہش______ایک بار وہ چہرہ ہی دیکھ لے۔

مگر کچھ دیر اپنی جیپ میں بیٹھنے کے بعد اس نے ڈرائیونگ شروع کی۔

سارے راستے اسے بتول کی باتیں یاد آتی رہی تھیں کہ "کاش تمہیں بھی میری طرح کسی سے عشق ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"؟

Posted On Kitab Nagri

تو آپ ہیں بتول آفندی_____عکاشہ نے اس سادہ سی لڑکی کو ایک نظر سر سے پاؤں تک دیکھا جس کی آنکھیں کافی اداس تھیں۔

جی مجھے ہی بتول کہتے ہیں آپ شاید حیدر چچا کے "دوسرے بیٹے" ہیں______بتول نے عکاشہ کو دیکھتے ہوئے پوچھا

جی نہیں میں ان کا "دوسرا بیٹا" نہیں ہوں_____عکاشہ کی آنکھوں میں شرارت تیر رہی تھی۔

پھر آپ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا

میں ان کا "چھوٹا بیٹا" ہوں_____عکاشہ کے جواب پر بتول حیرت زدہ سی ہوئی اتنی دیر میں یوشع کمرے میں داخل ہوا

یہ ہماری یعنی ہم دونوں کی مشترکہ اکلوتی کزن ہے بتول آفندی______یوشع نے باآواز بلند عکاشہ سے تعارف کروایا

Posted On Kitab Nagri

یارررررربھائی____اب میرا تعارف بھی تو کرائیں نا۱۱۱۱______عکاشہ نے مسکراتے ہوئے بتول کو دیکھا

یہ میرا دوسرا_____ابھی یوشع نے اتنا ہی کہا تھا کہ بتول بول پڑی

دوسرا نہیں "چھوٹا بھائی" ہے عکاشہ حیدر____مجھے ابھی انہوں نے خود بتایا ہے

بتول کی تیزی پر یوشع حیران جبکہ عکاشہشہ ہنسنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو بتول بی بی آپ کو یاد ہے نا۱۱۱۱ کہ میں نے آپ سے کیا کہا تھا--------------؟؟؟ جیسے ہی یوشع نے بات شروع کی بتول کا رنگ ایک دم اڑ گیا

یارررربھائی_____تمہیں شرم نہیں آتی معصوم پلس اکلوتی کزن کو خوفزدہ کرتے ہوئے۔عکاشہ کو بتول پر ترس آیا

Posted On Kitab Nagri

یہ جو معصوم سی اکلوتی کزن ہے نااااا____ آپ پہلے ان کا کارنامہ بھی سن لیں۔ پھر رائے دیجئے گا۔

یوشع نے بتول پر طنز کیا جس پر سر نیچے کر گئی

میری یعنی آپ کے اس بھائی کی شادی بڑی سرکار نے ہم دونوں کی اس مشترکہ اکلوتی کزن سے طے کی ہے۔

مگر یہ جناب ہمارے ایک نوکر ساتھ رات کے اندھیرے میں بھاگنے کی پوری کوشش کر رہی تھی۔

وہ تو بھلا ہو اس نوکر کا جس نے مجھے اطلاع کر دی ورنہ____ یوشع نے عکاشہ کو تفصیل بتائی جبکہ اپنی اس تذلیل پر بتول کے آنسو نکل آئے

یارررررر کزن_____ مجھے تم سے بہت ہمدردی ہے اگر محبت کرنا ہی تھی تو کسی شیر دل سے کرتی۔

Posted On Kitab Nagri

اس چوہے سے محبت کرنے سے بہتر ہے کہ تم اس شیر سے شادی کرلو_____عکاشہ نے اپنی رائے دی۔

دوسرا آپ کو بھی یوں اس طرح انہیں رلانے کا حق نہیں غلطی تو کسی سے بھی ہو سکتی ہے_____ عکاشہ نے یوشع سے کہا جو مسلسل بتول کو گھور رہا تھا

میں نے یہ جان بوجھ کر کہا ہے تاکہ بتول آفندی کو اندازہ ہو کہ اپنے لئے ایسے الفاظ سننا آسان نہیں اور وہ یہ حرکت دوبارہ کرنے کا کبھی نہ سوچیں______یوشع نے اپنے رویے کی وضاحت دی۔

اب آتے ہیں اس "خاص مقصد" کی طرف جس کے لیے میں تمہیں یہاں لایا ہوں______ویسے تو یہ کام میں خود بھی کر سکتا تھا مگر پھر بڑی سرکار کو دکھ ہوتا

میں انہیں دکھ نہیں دے سکتا لہذا تم یہ کام کروگے____یوشع نے عکاشہ کو دیکھا جو مزے سے اپنے پاؤں ہلا رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اور مجھے یہ کام کرنے سے کیا ملے گا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے شرارت سے یوشع کو دیکھا

تمہیں کیا ملے گا یہ بات بعد میں سوچتے ہیں مگر پہلے اس کزن کا سوچنا ہے کیونکہ میری اور اس کی شادی میں صرف چند دن باقی ہیں_____ یوشع کی بات پر عکاشہ نے حیرت سے دونوں کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میری مانو تو تم دونوں شادی کر ہی لو____ اتنے کم دنوں میں مزید کسی پنگے میں پڑنے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے بھی تم دونوں ایک دوسرے ساتھ اچھے لگ رہے ہو______ عکاشہ کی بات پر یوشع اور بتول نے ایک دوسرے کو دیکھا

کمینے تو میری مدد کے لیے آیا ہے یا بڑی سرکار کی______یوشع نے اسے ایک مکا اسے رسید کیا

بڑی سرکار کی تو میں ایسی مدد کروں گا کہ وہ مجھے دعائیں دیں گی۔بھائی آپ ان کی فکر مت کریں______عکاشہ نے اپنا بازو سہلایا اور یوشع کے یوں مارنے پر ایک دم اسے ماہم یاد آگئی

تم دونوں فی حال خاموشی سے میری بات سنو______یوشع نے انگلی اٹھا کے دونوں کو خاموش رہنے کا کہا

Posted On Kitab Nagri

محبت کرنے کا شوق ہے مگر ہمت نہیں______تو بندہ ایسے کام ہی نہ کرے۔

بتول اگر تم نے اب کوئی گڑبڑ کی تو آئندہ مجھ سے امید مت رکھنا______یوشع نے اپنی بات شروع کرنے سے پہلے بتول کو سمجھایا

پھر اپنے موبائل سے یوشع نے نوید کو کال کر کے آنے کا کہا اور دونوں کی طرف متوجہ ہو گیا۔

آج دل کافی ہلکا پھلکا تھا۔ تازہ ہوا میں پھولوں کی بھینی بھینی خوشبو آ رہی تھی۔ یوشع جیپ لے کر گاؤں کی طرف جا رہا تھا مگر پھر اچانک ندی کا رخ کیا

کچھ دیر خاموشی سے ندی کے پانی کو دیکھا بہار کی آمد آمد تھی نئی کونپلیں پھوٹ رہیں تھیں۔

کیا واقعی محبت کی کونپلیں اس بہار کے ساتھ میرے دل میں بھی پھوٹ رہی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

کیا امثال اس قابل ہے کہ میں اس سے محبت کروں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اگر مجھے امثال سے ہی محبت کرنا تھی تو بتول میں کیا خرابی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کیا میں اس سے صرف اس لئے شادی نہیں کر رہا کہ وہ نوید کو پسند کرتی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یا امثال اس کی وجہ ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع کے دماغ میں اس وقت سوالوں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔

وہ ندی پر سکون کی تلاش میں آیا تھا مگر تنہائی ملتے ہی وہ مزید الجھ گیا

Posted On Kitab Nagri

یوشع نے ندی سے واپسی پر جیپ کو ڈیرے کی طرف موڑا۔ شاید دل کو دل سے راہ ہوتی ہے راستے میں اسے امثال سرسوں کے کھیتوں میں کھڑی نظر آگئی مگر اس دفعہ وہ اکیلی نہیں تھی بلکہ دو اور لڑکیاں بھی اس کے ساتھ تھیں۔

یوشع نے اس کے قریب جیپ روک کر بار بار ہارن دیا۔ مگر اس نے ایک بار بھی نگاہ اٹھا کر نہیں دیکھا بالآخر یوشع کو خود ہی باہر نکلنا پڑا

بہری ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ اتنی دیر سے میں ہارن دے رہا تھا بندہ کم از کم دیکھ ہی لیتا ہے کہ کون ہے ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

امثال جو سرسوں کے کھیت سے پیلے پھول چن رہی تھی یوشع کی آواز پر پلٹی۔

بہری میں نہیں یہ دونوں ہیں۔ دوسرا میرا کوئی رشتہ دار گاڑی نہیں رکھتا تو مجھے کیا ہزار لوگ گزرتے ہیں کیا میں اپنا کام چھوڑ کر سب کو دیکھتی رہوں ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال کہتی ہوئی دوبارہ کام کرنے لگی

Posted On Kitab Nagri

تم صرف مجھے ہی نخرے دکھاتی ہوں یا سب کے ساتھ ایسا ہی رویہ ہے تمہارا______یوشع اس کے برابر پگڈنڈی پر بیٹھ گیا

آپ حویلی والے لوگ اچھے نہیں ہوتے۔ اس لیے دور رہا کریں۔ ویسے بھی کتنا عجیب لگتا ہے اتنے بڑے پڑھے لکھے "یوشع حیدر آفندی" غریبوں سے بے عزتی کرواتے ہوئے۔

امثال کی بات پر یوشع کو غصہ تو بہت آیا مگر اس کے منہ سے اپنا نام سن کر بہت اچھا لگا

ارے واہ تمہیں تو میرا پورا نام آتا ہے_____ویسے مجھے تمہارے منہ سے اپنا نام سننا بہت اچھا لگا ہے______یوشع کی بات پر امثال نے اسے حیرت سے دیکھا

اور اپنی بے عزتی کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے میں نے صرف نام تو نہیں لیا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال اب اس کی طرف منہ کر کے کھڑی تھی

Posted On Kitab Nagri

یوشع پگڈنڈی سے چھلانگ لگا کے اس کے برابر کھڑا ہو گیا جس پر ایک لمحے کیلئے امثال کے چہرے پر خوف کا سایہ لہرایا

یہ جو تم میرے سامنے اتنی زبان چلاتی ہو اس کی وجہ پتہ کیا ہے---------؟؟؟یوشع نے امثال کے ہاتھوں سے سرسوں کے پیلے پھول لیے

اس کی وجہ یہ ہے کہ تم اچھی طرح جانتی ہو کہ میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گا اور نہ ہی کوئی نقصان پہنچاؤں گا_____یوشع نے ہاتھ میں پکڑے پھول امثال پر اچھال دیے۔

جس دن میں برا بنا"امثال بی بی"_____تم میرے سائے سے بھی پناہ مانگو گی بے عزتی کرنا تو بہت دور کی بات ہے۔یوشع کا لہجہ ایک دم سخت ہوا تو امثال کو اس سے خوف آیا

مفت کے ساگ توڑ کر کھانے والوں کو اتنے نخرے سجتے نہیں مگر تم پر اچھے لگتے ہیں پتا ہے کیوں --------؟؟؟یوشع نے اپنے ہاتھ جھاڑتے ہوئے پیچھے باندھے

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ تم مستقبل میں "امثال یوشع حیدر آفندی" بننے والی ہو اور تمہارے نام کے ساتھ یہی نام سجتا بھی ہے اسی لئے تمہارے نخرے مجھے اچھے لگتے ہیں۔

یوشع امثال کی حیرت زدہ شکل پر مسکراہٹ اچھالتا واپس پلٹ گیا کیونکہ آج اسے اپنے تمام سوالوں کے جواب مل گے تھے

امثال جب سے گھر آئی تھی کچھ گم صم سی تھی۔یوشع کی باتیں اسے ہضم نہیں ہو رہی تھیں۔

یہ کیا بات ہوئی بھلا_______کہاں میں کہاں وہ_______کوئی جوڑ ہے_______یقیناً میرا مذاق اڑایا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مگر ہو سکتا ہے کہ سیریس ہوں اور میرے ساتھ بدلے کی نیت سے ایسا کرنا چاہ رہے ہوں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں نے خود کئی بار ناولز میں پڑھا اور ڈراموں میں دیکھا ہے۔یہ بڑے لوگ ایسا ہی کرتے ہیں توبہ مجھے تو اب بہت ڈر لگ رہا ہے۔

میں ایسا کیا کروں کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔۔۔۔۔؟؟؟

اللہ جی میرے "نخرے" کا بھرم بھی رہ جائے اور اس سے شادی بھی نہ ہو۔بس کچھ ایسا کر دیں ______امثال اپنے بھائی کے پاؤں پر تیل سے مساج کرتی ہوئی مسلسل سوچ رہی تھی

میرے خیال سے مجھے ابا کو کہہ دینا چاہیے کہ میں شادی کے لیے تیار ہوں۔انہوں نے اس دن پوچھا تو تھا۔ہاں یہ ٹھیک رہے گا______امثال نے دل میں سوچتے ہوئے اپنے معذور بھائی کی طرف دیکھا

اگر میرا بھائی بھی اپنے قدموں پر کھڑا ہوتا تو کیا ہی بات تھی۔مگر۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

امثال کبھی اپنے بھائی کی طرف دیکھتی تو کبھی اپنی چھوٹی بہنوں کی طرف______میرے بعد ان کا کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

امثال کی سوچوں کا رخ دروازے پہ ہوتی دستک نے اپنی طرف موڑا

یہ اس وقت کون آگیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے جلدی سے تیل کی بوتل بند کی اور دروازہ کھولنے کے لئے چل دی۔

آپ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ دروازہ کھولتے ہی نوید کو اپنی دہلیز پر دیکھ کر امثال کو عجیب لگا

ابا تو اس وقت سکول میں ہوتے ہیں اور میرے خیال سے مجھ سے زیادہ یہ بات آپ جانتے ہیں______امثال کے طنز پر نوید نے سر ہلایا

مجھے ماسٹر جی سے نہیں بلکہ تم سے بات کرنی ہے کیا میں اندر آ سکتا ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے کچھ ہچکچاتے ہوئے اجازت طلب کی

Posted On Kitab Nagri

مگر اس وقت ابا گھر پر نہیں ہیں اور مجھ سے آپ کو کیا کام ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یہاں سے ہی بتا دیں۔ میں سن رہی ہوں______ امثال کے جواب پر نوید نے ایک گہرا سانس لیتے ہوئے اپنے ارد گرد کا جائزہ لیا

دیکھو اس طرح دروازے پر کھڑے ہو کر بات کرنا اچھی بات نہیں لگتا ہے ہمسائے دیکھ رہے ہیں۔ پتہ نہیں وہ کیا سوچیں گے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تم میری بات سمجھنے کی کوشش کرو۔ میں تمہارا زیادہ وقت نہیں لوں گا_____ نوید نہیں چاہتا تھا کہ کوئی بھی اسے اس کی دہلیز پر کھڑا دیکھے

امثال بالکل عام سے نقوش رکھنے والی سادہ سی لڑکی ہے پھر یوشع سائیں کو اس میں ایسا کیا نظر آیا کہ ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے اپنی سوچ پر سر جھٹکا

Posted On Kitab Nagri

اگر تم مجھ پہ اعتبار کرو تو ایک راز کی بات تم سے کرنی ہے اس میں ہم دونوں کا فائدہ ہے نوید اپنی بات اسے سمجھانے سے قاصر تھا

میرے فائدے سے آپ کا کیا تعلق ہے۔۔۔۔۔۔؟؟

آپ یہاں سے تشریف لے جائیں۔ ویسے ابا آپ کے بارے میں بہت اچھی رائے رکھتے ہیں اور میں نہیں چاہتی کہ وہ رائے آج کے بعد خراب ہو______امثال نے جتلاتے ہوئے دروازہ بند کرنا چاہا جسے نوید نے ہاتھ سے روکا

دیکھو ایک بار میری بات سن لو میں بھی بہت مجبور ہوں_____نوید نے التجا کی جس پر امثال نے راستہ چھوڑ دیا اور ایک سائیڈ پر دیوار کے ساتھ لٹکی کلہاڑی پاس کھڑی ہو گی۔

ڈرو نہیں ہے تمہیں کچھ نہیں کہوں گا_____نوید نے اسے یوں کلہاڑی پاس کھڑا دیکھ کر کہا

Posted On Kitab Nagri

دراصل بات کچھ یوں ہے کہ_____پھر نوید نے امثال کو یوشع، ماسٹر جی اور آخر میں آج بڑی سرکار سے ہونے والی تمام گفتگو تفصیل سے بتادی۔

یہ سب امثال کے لئے کسی دھماکے سے کم نہیں تھا کہ کون کون اس کے بارے میں کیا کیا سوچ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟

آپ مجھے یہ سب کیوں بتا رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ اپنی حیرت کو کنٹرول کرتے ہوئے امثال نے پوچھا

کیونکہ میں_____میں کسی اور سے محبت کرتا ہوں۔ نوید چاہ کر بھی بتول کا نام نہیں لے سکا

مجھے آپ کی کسی بات پہ اعتبار نہیں ہے ہو سکتا ہے کہ آپ مجھ سے جھوٹ بول رہے ہوں اپنے کسی فائدے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال کو نوید پر شک ہوا

Posted On Kitab Nagri

اگر میں جھوٹ بول رہا ہوں تو آپ آج ماسٹر جی سے پوچھ لیجئے گا کہ کیا میں ان کے پاس یوشع سائیں کا پیغام لیکر نہیں آیا تھا____نوید کے اس قدر اعتماد پر امثال مزید پریشان ہو گی

دیکھو ہم دونوں اس مسئلے کا حل نکال سکتے ہیں اگر تم میری بات مان لو۔

پھر تم اپنی مرضی سے زندگی گزار سکتی ہو بصورت دیگر تمہیں میرے ساتھ بڑی سرکار کے مطابق زندگی گزارنا پڑے گی جو میرا نہیں خیال تم پسند کرو گی۔

مجھے محبت نہیں ملے گی اور تمہارا بھی تو کچھ نہ کچھ نقصان ضرور ہو گا۔ آخر تم نے بھی اپنی زندگی کو لے کر کچھ خواب دیکھے ہونگے۔ نوید نے امثال کو قائل کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کیا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ کچھ دیر سوچنے کے بعد امثال نے پوچھا

پہلے تم وعدہ کرو کہ یہ بات صرف ہم دونوں کے درمیان رہے گی اور تم کسی کو نہیں بتاؤ گی______ نوید کے پوچھنے پر امثال نے سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

میں چاہتا ہوں کہ تم________اپنی بات کے آخر میں نوید نے امثال کو دیکھا جواب کافی مطمئن نظر آ رہی تھی۔

عدن اپنے آفس میں بیٹھی عکاشہ کے بارے میں سوچ رہی تھی کیونکہ آج کل گھر میں مکمل اداسی تھی تبھی اس کی نظر کوریڈور سے گزرتی ماہم اور حرم پر پڑی۔

ان دونوں کو دیکھتے ہی عدن آفس سے نکل کر باہر سیڑھیوں میں آگئی پاس سے گزرتے ہوئے اخلاقاً ان دونوں نے عدن کو سلام کیا

آپ لوگ شاید کلاس لینے جا رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے سر ہلا کر سلام کا جواب دیا اور پوچھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں میم ہم تو اب کینٹین کی طرف جا رہے تھے اب ہماری کوئی کلاس نہیں ہے۔ ماہم نے مسکرا کر جواب دیا

اچھا اور آپ لوگوں کی پڑھائی کیسی چل رہی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے ماہم کو دیکھتے ہوئے خاص طور پر پوچھا

میں ان دنوں تو کچھ خاص نہیں ___ پیپرز شروع ہونے والے ہیں تو بس دہرائی وغیرہ _____ ماہم نے بھی تفصیلاً جواب دیا

عکاشہ تو گاؤں جا کر بیٹھ ہی گیا ہے اپنے بابا کے پاس ______ عدن یہ بتاتے ہوئے کہ وہ اپنے بابا پاس گیا ہے بہت خوشی محسوس کر رہی تھی۔

جی ہاں ہمیں فائق نے بتایا تھا۔ حرم نے بھی اسی خوش مزاج سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

تم لوگ تو بہت خوش ہو گے بہت تنگ کرتا تھا تمہیں ہے نااااا______مگر میں اس کے بغیر بہت اداس ہوں۔عدن نے پھیکی سی مسکراہٹ ساتھ پوچھا

نہیں میم اب ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے۔ہم کلاس فیلوز ہیں تو "تھوڑا بہت" چلتا ہے______حرم کے "تھوڑا بہت" کہنے پر ماہم نے اسے حیرت سے دیکھا

وہ جو ہمارے ساتھ کرتا ہے تمہارے خیال سے وہ "تھوڑا بہت" ہے______ماہم نے دل میں سوچا

میرا تو سارا دن اس کے بغیر بہت اداس گزرتا ہے اور ایک وہ ہے وہاں جا کر بیٹھ گیا ہے_____عدد نے بے خیالی میں اپنے دل کی بات ان سے دوبارہ شیئر کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میم آپ کا کیا ایک ہی بیٹا ہے۔۔۔۔؟؟؟ماہم کو عدن سے ہمدردی ہوئی۔

ہاں______وہ ایک ہی ہے مگر مجھے کبھی ایک نہیں لگا۔عدن مسکرائیں

Posted On Kitab Nagri

آپ شاید اسے بہت زیادہ مس کر رہی ہیں۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے اندازہ لگایا

شاید نہیں میں یقیناً اسے بہت زیادہ یاد کر رہی ہوں مگر وہ وہاں بہت مست ہے کسی کی پرواہ ہی نہیں کرتا_____عدن کے کہنے پر حرم کو بہت دکھ ہوا

میم یہ بیٹے ایسے ہی ہوتے ہیں کسی کی پروا نہیں کرتے۔میرا بھائی بھی چین چلا گیا ہے حالانکہ ماما بابا اسے وہاں بھیجنا نہیں چاہتے تھے پھر بھی وہ چلے گئے____حرم کی اداسی پر ماہم نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر تسلی دی

عدن کا ابھی مزید ان دونوں سے باتیں کرنے کو دل کر رہا تھا جب آفس میں ان کا فون بجنے لگا

چلو پھر بات ہوتی ہے مجھے اچھا لگا تم دونوں سے باتیں کر کے____عدن معذرت کرتی ہوئی اپنے آفس کی طرف پلٹ گئی

Posted On Kitab Nagri

میم اسے بہت زیادہ یاد کر رہی ہیں مگر نواب زادے کو کسی کی پرواہ ہو تب نا!!!!____ کتنے دن ہو گئے ہیں یہاں سے گئے ہوئے۔۔۔۔۔؟؟؟ ماہم نے عدن کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہا

کتنے دن ہو گئے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے شرارت سے ماہم سے پوچھا

بکو مت، میں تو میم کے لئے کہہ رہی تھی____ماہم نے اسے ایک گھوری سے نوازا

ماہم اگر میں آج تم سے ایک بات پوچھوں تو کیا تم مجھے سچ سچ جواب دو گی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے کچھ رک کر سوال کیا

یہ تمہیں مجھ سے اجازت لینے کی کب سے ضرورت پڑ گئی ہے۔ جس طرح سارا دن بکواس کرتی ہو ویسے ہی کرو نا!!!!!____ماہم کھکھلا کر ہنس دی

مر و اب نہیں پوچھنا____پھر بہت اصرار کرنے پر بھی حرم میں کچھ نہیں پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

عدن جب تک آفس میں داخل ہوئیں ان کا فون بج کر بند ہو چکا تھا۔اس سے پہلے کہ وہ اپنا موبائل اٹھا کر نمبر چیک کرتیں دوبارہ فون بجا اور اس پر "خوشی کالنگ" کا لفظ جگمگایا

کیسی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے جیسے ہی کال اٹینڈ کی حیدر کی آواز سنائی دی

بالکل بھی ٹھیک نہیں ہوں۔اب آپ میرا بیٹا واپس کر دیں۔عدن نے اداسی سے جواب دیا

بس صرف بیٹا ہی چاہئے آپ کو______ حیدر شرارت سے مسکرائے کیونکہ عکاشہ کی وجہ سے وہ آج کل بہت خوش تھے۔

اگر بیٹے کے ساتھ اس کا باپ بھی مل جائے تو میں خوشی سے مر نہ جاؤں______ عدن کے حسرت بھرے لہجے پر حیدر خاموش ہو گے۔

آپ ہر دفعہ مجھے لاجواب کر دیتی ہیں ایسا نہ کیا کریں____ حیدر کے لہجے میں التجا تھی

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سوری____اور یہ بتائیں کہ عکاشہ کو واپس کب تک بھیج رہے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میری اب بس ہو گئی ہے____عدن نے فوراً معذرت کی کیونکہ وہ حیدر کو ناراض نہیں کر سکتی تھی۔

عدل مجھے آپ کی یہ بات بہت اچھی لگتی ہے کہ آپ ہمیشہ بہت space دے کر بات کرتی ہیں اگلے بندے کو تنگ یا پریشان نہیں کرتیں____حیدر کی تعریف پر وہ مسکرا دیں۔

رہی بات عکاشہ کی تو میرا دل ہی نہیں کر رہا اسے اپنی نظروں سے دور کروں۔ ایک رونق سی حویلی میں لگ گئی ہے۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اور پتہ اس کی "مسکراہٹ" مجھے بالکل آپ جیسی لگتی ہے مجھے اس سے آپ کی خوشبو آتی ہے______
حیدر ایک جزب میں بولتے جا رہے تھے جب کہ عدن کی آنکھیں بھیگنے لگیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور مجھے اس کی "آنکھیں" بالکل آپ جیسی لگتی ہیں مجھے بھی اس سے آپ کی خوشبو آتی ہے_____
عدن کے جواب پر حیدر نے قہقہ لگایا

یعنی اب آپ ادلے کا بدلہ دے رہی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر نے شرارت سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں تو____میں تو صرف یہ بتا رہی ہوں کہ مجھے بھی وہ آپ جیسا لگتا ہے۔کاش آپ بھی میرے پاس آجائیں ہمیشہ کے لئے_____عدن نے اپنی خواہش بتائی۔

تو آپ ایسا کریں کہ کسی عامل سے مجھ پر تعویذ کروا دیں تاکہ میں آپ کے قدموں میں آ جاؤں ______حیدر نے عدن کو اداسی سے بچانے کے لیے کہا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آجکل عدن اکیلی اور تنہائی کا شکار ہیں۔

"میں نے مناسب ہی نہ سمجھا عامل تک رسائی—
اب محبوب بھی قدموں میں لاؤں تو مر نہ جاؤں؟"

میں باتوں میں کبھی بھی آپ سے نہیں جیت سکتا آپ نے مجھے لاجواب کر دیا ہے____عدن کے شعر پر حیدر مکمل خاموش ہو گئے۔کیونکہ اب بولنے کا مقصد ہی ختم ہو گیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس وقت حویلی کے تمام افراد لیونگ روم میں بیٹھے مونگ پھلی کھا رہے تھے۔

عکاشہ یہ جو تم موم پھلی کھا رہے ہو یہ ہماری اپنی زمینوں کی ہے۔اس کا ذائقہ اور رنگ ہی جدا ہے ۔حیدر نے پیار سے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جو بڑے مزے سے یوشع ساتھ نیچے کارپٹ پر بیٹھا تھا

اسے کیا پتا اپنوں کی محبت____یہ تو اپنے باپ دادا سے بھی بے خبر ہے_____بڑی سرکار کے یوں بولنے پر عکاشہ مسکرایا

یعنی شکار خود ہی پھسنے کو ہر وقت تیار رہتا ہے۔اب میں کیا کروں۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے دل میں سوچا

اگر اپنے محبت دیں گے تو میں ضرور لوں گا بلکہ میرا تو یہاں سے اب جانے کو دل ہی نہیں کر رہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں نااااا بھائی یاررررر_____ میں یہاں ہی رہ جاؤں تاکہ اپنے باپ دادا کی تاریخ بھی اچھے سے معلوم کر سکوں کہ میرا تعلق کس بڑے خاندان سے ہے۔ عکاشہ نے یوشع کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

عکاشہ کے اس سوال پر جہاں دو لوگ خوش تھے وہیں دو پریشان_____ جبکہ بتول بالکل ایسے بیٹھی تھی جیسا کہ وہاں موجود ہی نہ ہو۔

کوئی ضرورت نہیں ہے ہمیں یا اس حویلی کو تمہاری_____ تم واپس اپنی ماں پاس لوٹ جاؤ اور دوبارہ کبھی ادھر کا رخ نہ کرنا۔ ہماری چپ کو ہماری کمزوری مت جانو_____ بڑی سرکار کی گرجدار آواز پر حیدر اور یوشع ان کی طرف متوجہ ہوئے

ٹھیک ہے آپ کہتی ہیں تو میں چلا جاتا ہوں مگر ایک شرط پر_____ عکاشہ نے اب بڑی سرکار کی طرف اپنا رخ کیا

Posted On Kitab Nagri

ہم جائیداد میں سے ایک پھوٹی کوڑی بھی نہیں دیں گے۔یہ حویلی ___ یہ زمین ___ یہ شان و شوکت ___ صرف اور صرف میرے یوشع کا حق ہے۔بڑی سرکار کا جواب عکاشہ کی سوچ کے عین مطابق تھا

مجھے جائیداد یا زمین نہیں چاہیے۔میں بھائی یار کی طرح پینڈو نہیں ہوں۔

شہری ماں کا شہری بچہ ہوں ہاں مگر ایک چیز ہے جو مجھے بہت پسند آئی ہے۔پر مجھے افسوس ہے آپ لوگ وہ مجھے دے نہیں سکیں گے ___ عکاشہ نے اپنا سر کھجاتے ہوئے ہمدردی سے کہا

تم نے پہلی دفعہ کچھ مانگا ہے بولو کیا چاہیے ___ تمہیں میں دوں گا۔۔۔۔۔؟؟اس سے پہلے کہ بڑی سرکار کچھ کہتی حیدر آفندی بیچ میں بول پڑے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ تو رہنے ہی دیں۔آپ سے جو کچھ مجھے اور میری ماں کو چاہیے وہ آپ کبھی نہیں دے سکتے۔لہذا میری اور بڑی سرکار کی ڈیل میں مت بولیں ___ عکاشہ نے حیدر آفندی کو ٹوکا تو بڑی سرکار نے سر اکڑا کر حیدر آفندی کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

ہم تو سائل کو بھی دروازے سے خالی ہاتھ نہیں لوٹاتے۔ تم تو پھر مہمان بن کر آئے ہو۔ بولو کیا چاہیے ______؟؟؟

بڑی سرکار کی بات پر عکاشہ نے یوشع کو دیکھا دونوں کی مسکراہٹ یہ ثابت کر رہی تھی کہ پلان بالکل درست جا رہا ہے۔

سوچ لیں شاید مجھے کچھ قیمتی چاہئے ہو________؟؟؟ عکاشہ نے بڑی سرکار کو مزید پکا کیا۔

ہم جو کہتے ہیں اس سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹتے۔ چاہے کئی سال گزر جائیں۔ یقین نہ ہو تو اپنے باپ سے پوچھ لو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بڑی سرکار کی بات پر حیدر آفندی کی مسکراہٹ سمٹی جو عکاشہ کو دیکھ کر ان کے چہرے پر تھی

مجھے یہ گاؤں اور اس گاؤں کے رہنے والے ______ حویلی اور حویلی کے رہنے والے _____ بہت پسند آئے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

میں چاہتا ہوں کہ آپ اپنی اکلوتی "پوتی" کی شادی بھائی کی بجائے مجھ سے کر دیں۔ تا کہ کبھی کبھی میں بھی یہاں آسکوں۔ اس طرح میرا آپ ساتھ رشتہ جڑ جائے گا۔

ویسے بھی بات تو ایک ہی ہے چاہے یوشع حیدر سے شادی ہو یا پھر عکاشہ حیدر سے ______ عکاشہ کی بات پر بتول اور یوشع نے سر جھکا لیا جبکہ راشدہ بیگم، بڑی سرکار اور حیدر آفندی کو سانپ سونگھ گیا۔

یہ کیا کہہ رہے ہو۔ وہ تمہاری ہونے والی بھابھی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر فندی کو سب سے پہلے ہوش آیا۔

"ہونے والی" کیا ہوتا ہے _____ یہاں تو "ہوتی ہے" _____ کو لوگ نہیں پوچھتے ______ عکاشہ کا اشارہ عدن کی طرف تھا۔

حیدر آفندی اپنے غصے کو قابو کرتے باہر نکل گئے کیونکہ وہ عکاشہ کو کچھ نہیں کہنا چاہتے تھے مگر یہ بات ان کی برداشت سے باہر تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر آفندی کے باہر نکلتے ہی بڑی سرکار نے یوشع کی طرف دیکھا جیسے اس کی رائے جاننا چاہ رہی ہوں۔

میں تو آپ کے حکم کا غلام ہوں مگر بڑی سرکار اگر دیکھا جائے تو عکاشہ کی بات میں کوئی عیب نہیں ہے ____یوشع کے جواب پر راشدہ بیگم کا پورا منہ کھل گیا

بہو تم اور بتول اپنے کمرے میں جاؤ اور مجھے بات کرنے دو_____ راشدہ بیگم نے یوشع کو کچھ کہنے کے لئے اپنا منہ کھولا ہی تھا کہ بڑی سرکار نے روک دیا

ہاں اب بولو کیا کہنا چاہتے ہو۔۔۔۔؟؟؟ان کے جاتے ہی بڑی سرکار نے یوشع سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ تم بھی باہر لان میں جاؤ میں ابھی آتا ہوں____یوشع نے عکاشہ کو بھی باہر بھیجا

آپ جانتی ہیں کہ مجھے بتول کچھ خاص پسند نہیں اور جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے تو آپ بھی اسے پسند نہیں کرتیں۔

Posted On Kitab Nagri

ہم اس کی شادی خاندان سے باہر اس لیے نہیں کر سکتے تھے کیونکہ ہماری جائیداد باہر چلی جائے گی۔

پہلے تو ہمارے پاس کوئی دوسری آپشن نہیں تھی اس لیے میں مان گیا تھا مگر اب تو ہے۔ جائیداد اس صورت میں بھی خاندان سے باہر نہیں جائے گی۔

اور بتول آپ کی نظروں سے دور بھی ہو جائے گی_____یوشع کی بات بڑی سرکار نے مسکراتے ہوئے سرہلایا جیسے اس نے ان کے دل کی بات کی ہو۔

اور میری بات کا بھرم بھی رہ جائے گا کہ ہم کسی کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتے_____بڑی سرکار کی بات پر یوشع نے انہیں داد دی۔

ٹھیک ہے بتول کی شادی تمہاری جگہ عکاشہ سے کر دیتے ہیں۔ مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے_____ بڑی سرکار کی حامی پر یوشع نے سکھ کا سانس لیا۔

Posted On Kitab Nagri

آدھا کام ہوا ہے اور آدھا ابھی باقی ہے جو زیادہ خطرناک ہے ____ یوشع نے باہر آتے عکاشہ کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے لاڈ سے کہا

تم حویلی والے بہت سازشیں ہوتے ہو۔ہمارے شہر میں تو صاف صاف کہہ دیتے ہیں کہ "نہیں کرنی شادی" یوں ڈرامے کرنے کی نوبت نہیں آتی ہے ____ عکاشہ نے سر نفی میں ہلایا اسے یہ سب اچھا نہیں لگ رہا تھا

ہمیں روایات کی پاسداری کرنی پڑتی ہے ____ اور بزرگوں کو راضی بھی رکھنا پڑتا ہے۔

سرداری بھی ہاتھ سے نہ جائے اور لڑکی بھی مل جائے ____ یوشع نے اپنے دھیان میں بول تو دیا تھا مگر اس کے آخری فقرے پر عکاشہ چونکا

ایک منٹ ___ ایک منٹ ___ "لڑکی بھی مل جائے" ____ کون سی لڑکی ؟؟؟؟_________

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسے تو تم اپنے ہاتھوں سے کسی اور کو دے رہے ہو_____عکاشہ کے سوال پر یوشع ہوش میں آیا اور ھنسنے لگا

ہے کوئی___میرے آس پاس___بہت پاس___دل کے قریب____مگر بہت بد تمیز_____ یوشع نے دل پہ ہاتھ رکھتے ہوئے رازداری سے عکاشہ کے کان میں سرگوشی کی

اسے بتمیززز کہہ رہے ہیں جو دل کے قریب ہے۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے حیرت سے پوچھا

ہاں____کیونکہ وہ مجھے "برا" سمجھتی ہے۔یوشع نے ہنستے ہوئے جواب دیا

تو آپ اچھے ہیں_____اس قسم کی حرکتوں کے باوجود بھی______عکاشہ کا اشارہ اس کی شادی کنسل کرنے کی طرف تھا۔

www.kitabnagri.com

مانا کہ ہم برے ہیں مگر "وہ" کہے تو برا لگتا ہے______یوشع نے پیار سے عکاشہ کو مکا مارا

Posted On Kitab Nagri

ہائے پسلی توڑ دی ۔لوگ عشق میں نہر نکالتے ہیں اور آپ مجھے اس دنیا سے نکالنے کی تیاری کر رہ______عکاشہ کی دہائی پر یوشع نے پھر اسے اپنے ساتھ لگالیااور چکر لگانے لگا

اب میں سمجھا یہ سب ڈرامہ بلکہ ڈرامہ سیریل اس کے لیے ہے_____عکاشہ نے سوالیہ انداز میں پوچھا

نہیں بتول کے لیے بھی ہے____یوشع بالکل سنجیدہ تھا۔

مجھے بیرون ملک سے منگوانے کے یہی "دو" مقصد تھے۔۔۔۔۔۔؟؟عکاشہ نے کنفرم کیا

نہیں "دو" اور بھی ہیں____یوشع کے جواب پر عکاشہ نے رک کر اسے دیکھا

سب پتہ چل جائے گا مگر آہستہ آہستہ آہستہ_____یوشع کہتا ہوا اور عکاشہ کو لے کے لان سے اندر کی طرف بڑھ گیا

Posted On Kitab Nagri

یہ سب کیا ھو رہا ھے کوئی مجھے بھی تو بتائیے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ نے مجھے تربیت کا طعنہ دیا تھا اب دیکھی اپنی لاڈلی کی______راشدہ بیگم شدید غصے میں حیدر آفندی سے مخاطب تھی

اس حویلی میں اتنی اونچی آواز صرف بڑی سرکار کی ہی ہوتی ہے اور کسی عورت کو اجازت نہیں______بتول میری ہی بہو بنے گی اس سے کیا فرق پڑتا ہے کہ یوشع ہو یا عاکاشہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی کے مطمئن انداز پر راشدہ بیگم مزید غصے میں آ گئیں۔

آپ کو فرق نہیں پڑتا مگر مجھے بہت فرق پڑتا ہے____میں بتول کو اس حویلی سے کہیں نہیں جانے دوں گی

Posted On Kitab Nagri

سمجھا آپ نے______راشدہ بیگم کو بتول بہت عزیز تھی پھر وہ کیسے اسے عدن کو دے سکتی تھیں۔ ___؟؟؟

راشدہ بیگم آپ شاید بھول رہی ہیں کہ آپ کس سے مخاطب ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟ حیدر آفندی نے تھوڑا سا اپنے الفاظ پر زور دیا

جی مجھے پتا ہے کہ میں کس سے بات کر رہی ہو۔۔۔۔۔؟؟؟

دیکھیں میں نے آپ سے کبھی کچھ نہیں مانگا۔ آج میں بتول مانگتی ہوں۔ بتول مجھے اپنی بیٹی کی طرح پیاری ہے میں اس کی جدائی برداشت نہیں کر سکوں گی_____راشدہ بیگم غمزدہ ہوئی جس پر حیدر آفندی نے ٹھنڈی آہ بھری

اچھا میں بتول سے بات کرتا ہوں پھر دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی بھی کچھ پریشان دکھائی دے رہے تھے تبھی یوشع نے کھلے دروازے پر دستک دی

Posted On Kitab Nagri

راشدہ بیگم نے اسے ایک ناگوار نظر سے دیکھا جبکہ وہ مسکراتا ہوا ان کے پاس آگیا

تم میں غیرت نہیں ہے اور اس بات کا مجھے شدید دکھ ہے____راشدہ بیگم کہتی ہوئی باہر چلی گئی

بولو کیا کہنے آئے ہو۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے اس کے بولنے سے پہلے ہی سوال کر دیا

اس دن آپ نے میری اور بڑی سرکار کی تمام باتیں آرام سے سن لیں تھی۔لہذا اب ایسا ظاہر نہ کریں کہ آپ کو کچھ بھی معلوم نہیں_____یوشع کے جواب پر حیدر آفندی نے مسکراتے ہوئے اسے گھورا

تم مجھ پر الزام لگا رہے ہو مجھے چوری چھپے دوسرے کی باتیں سننے کا شوق کبھی بھی نہیں رہا_____جبکہ دل میں وہ اپنے بیٹے پر حیران تھے

میں کسی پر الزام نہیں لگا رہا بس یہ چاہتا ہوں کہ بتول خوش رہے اور____یوشع نے جان بوجھ کر بات ادھوری چھوڑی

Posted On Kitab Nagri

اور تم بھی خوش ہو جاؤ______حیدر آفندی اس کے باپ تھے کیسے بیٹے کی بات کا مطلب نہیں سمجھتے ______؟؟؟

جو تم چاہتے ہو وہ بہت مشکل ہے______حیدر آفندی نے اسے حقیقت سے روشناس کرایا

جانتا ہوں_____اگر آپ میرا کام کر دیں گے تو میں بھی آپ کے لئے آسانی پیدا کروں گا۔ورنہ آپ جانتے ہیں کہ بڑی سرکار میری کسی بات سے انکار نہیں کرتیں______یوشع نے اٹھتے ہوئے اپنی چادر جھاڑ کر کندھے پر ڈالی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

دھمکی دے رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے اس سے پوچھا

دھمکی نہیں دے رہا بتا رہا ہوں بہت فسادی بیٹا ہے آپ کا____یوشع جتلاتی نظروں سے حیدر آفندی کو دیکھ کر پلٹ گیا

بتول کا دل آج بہت خوش تھا یہ احساس ہی بہت خاص ہوتا ہے کہ جسے آپ اپنے ساتھ دیکھنا چاہیں وہ ہمیشہ کے لئے آپ کا ساتھی بن جائے۔

Posted On Kitab Nagri

اپنے خیالوں میں گم مستقبل کے خواب بننے میں مصروف بتول کو پتہ ہی نہیں چلا کہ کب حیدر آفندی اسے لان میں بیٹھا دیکھ کر اس کے پاس چلے آئے۔

بیٹا سائیں اتنی سردی ہو رہی ہے اور آپ یوں باہر بیٹھی ہیں خیریت۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے پیار سے بتول کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا

چچا سائیں آپ یوں اچانک_____ مجھے آپ کے آنے کا علم ہی نہیں ہوا______ بتول کچھ شرمندہ ہوئی۔

کوئی بات نہیں میں سمجھ سکتا ہوں کہ آپ آج کل کس ذہنی اذیت سے گزر رہی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی کی بات پر بتول کو شدید حیرت ہوئی وہ تو آج کل جتنا خوش تھی______ کبھی پہلے نہیں رہی پھر چچا سائیں کس ذہنی اذیت کی بات کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

یوشع یا عکاشہ____ میرے لئے دونوں ہی ایک جیسے ہیں۔یوشع کو بہت سارے لوگوں کا پیار بچپن سے ملا ہے۔مگر عکاشہ نے صرف اپنی ماں کی محبت دیکھی ہے۔میں چاہتا ہوں تمہاری شادی اس سے ہو جائے۔

عدن بہت ہی نفیس اور اچھی طبیعت کی خاتون ہے۔یقین جانو اس میں روایتی عورتوں والی کوئی بات نہیں ____ عدن کے ذکر پر حیدر آفندی کے چہرے پر عجیب سی چمک تھی جسے بتول نے واضح محسوس کیا

چچا سائیں آج ایک بات پوچھوں ____ اگر آپ برا نہ منائیں تو مجھے بے انتہا خوشی ہو گی ______؟؟؟بتول کے ذہن میں اچانک ایک سوال آیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پوچھو بیٹا سائیں میں تمہیں ضرور جواب دوں گا۔ویسے بھی اب تم اس گھر میں مہمان ہو۔حیدر آفندی خلاف معمول آج بہت خوشگوار موڈ میں تھے۔

آپ کو عدن آنٹی کہاں اور کیسے ملی تھی______؟؟؟بتول کے سوال پر وہ مسکرا دیئے

Posted On Kitab Nagri

بیٹا سائیں یہ تو بہت ہی پرانی بات ہے یاد کرنا پڑے گی_____ان کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی۔

مگر آپ کی مسکراہٹ دیکھ کر تو نہیں لگتا کہ آپ کو یہ بات یاد کرنا پڑے گی______بتول کی بات پر وہ مزید اپنی مسکراہٹ چھپا نہ سکے اور کھل کر ہنس پڑے

ہاں یہ الگ بات ہے کہ آپ مجھے بتانا نہیں چاہتے۔ چلیں کوئی بات نہیں _____بتول کی اداسی پر انہوں نے اسے پیار سے اپنے ساتھ لگایا

میں اور عدن پہلی بات لندن کے ایک پارک میں ملے تھے۔وہ اپنی "سکالرشپ" پر وہاں "پی-ایچ-ڈی" کرنے گئی تھی اور میں حیدر آفندی نے اپنے سینے پر انگلی رکھی

اور میں سدا کا نالائق گھومنے پھرنے یعنی سیر کرنے گیا تھا_____وہ پارک میں بہت اداس بیٹھی تھی اس کے پیسے اور ڈاکومنٹ گم گئے تھے۔حیدر آفندی اپنے ماضی کے دریچے کھول رہے تھے جس پر انہوں نے کبھی بھی گرد پڑنے نہیں دی تھی

Posted On Kitab Nagri

پھر۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کو بہت اچھالگ رہا تھا کیونکہ وہ بھی اسی کشتی کی مسافر تھی جس کشتی کے حیدر آفندی ملاح تھے۔

پھر میں نے اس کی مدد کی۔ اس کی رہائش کا بندوبست کیا۔ اس کے ڈاکومنٹس بنوا کر دیے۔ وہ میری بہت شکر گزار تھی۔

وہ اکثر مجھے اپنے کام کے وقت یاد کرتی اور میں دوڑا چلا جاتا۔ مجھے اس کی مدد کرنا اچھا لگتا تھا۔ ہم دونوں ایک دوسرے کو پسند کرنے لگے۔ کسی نہ کسی بہانے ایک دوسرے سے ملتے۔

حیدر آفندی ہنسے _____ پھر پتہ ہی نہیں چلا کہ کب یہ پسندیدگی محبت میں تبدیل ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے ڈھلتے سورج کو دیکھ کر اداسی سے کہا

آپ دونوں میں سے محبت کا اقرار پہلے کس نے کیا تھا۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کے سوال پہ حیدر آفندی میں اسے گھور کر دیکھا

Posted On Kitab Nagri

تمہارا کیا خیال ہے کس نے کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے بتول کا سوال اسی پر الٹ دیا۔

یقیناً عدن آنٹی نے_____بتول ایک دم پر جوش ہوئی۔

ہاں بالکل درست_____مجھے آج بھی وہ صبح یاد ہے جب پارک میں واک کرتے ہوئے میں نے اسے بتایا تھا کہ میں کچھ دنوں تک پاکستان واپس لوٹ جاؤں گا۔

اس کا چہرہ ایک تم اداس ہو گیا تھا_____آنکھیں پانیوں سے بھرنے لگیں_____گالا لال سرخ_____حیدر آفندی اس طرح نقشہ کھینچ رہے تھے جیسے عدن ان کے بالکل سامنے بیٹھی ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کی دلچسپی بڑھتی جا رہی تھی

پھر کیا_____وہ بیچاری رات بھر نہیں سوئی اور دوسرے دن صبح صبح ہی میرے فلیٹ پر آ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

کہنے لگی "میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی_____مجھے اس ملک میں ڈر لگتا ہے۔ آپ مجھے اکیلا چھوڑ کر مت جائیں "_____میں آپ کے بغیر کیا کروں گی ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی اس کی معصومیت پر مسکرائے۔

میں نے کہا_____"صرف اس لیے نہ جاؤں کہ آپ کو ڈر لگتا ہے اور آپ کو میری مدد کی ضرورت ہے"_____میرے پوچھنے پر وہ چپ کر گئی۔

بس اس کی اس ادا پر میں نے اپنے ویزے سے کی معیاد بڑھا دی_____وہ "پی-ایچ-ڈی" کرتی رہی اور میں اس کے مسئلے حل_____حیدر آفندی خود پر ہنسے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جس دن اس کی "پی-ایچ-ڈی" مکمل ہوئی وہ بہت خوش تھی اور میں اسے دیکھ کر خوش تھا۔

میں نے پوچھا کیا گفٹ لو گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

کہنے لگی____"اگر آپ مجھے کوئی تحفہ دینا چاہتے ہو تو زیادہ مت سوچنا قیمتی اور مہنگی چیزوں کی تلاش مت کرنا بس ایک سادہ سی شال خریدنا اور میرے کندھوں پر ڈال کر بولنا_____تم آج سے میری ہو"۔

مطلب۔۔۔۔۔۔؟؟؟اس کا جواب میں سمجھ گیا تھا پھر بھی انجان بنا۔

مطلب یہ کہ "بس آپ کا نام چاہیے"_____یہ وہ جملہ تھا جو مجھے حیران کر گیا۔

میرے دل کی بات اس کے دل تک کیسے پہنچی____یہ بات آج تک مجھے سمجھ نہیں آئی

۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے اپنی حیرت کا اظہار کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا پھر آگے کیا ہوا۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کو تجسس ہوا۔

پھر میں نے بڑی سرکار سے بات کی تو وہ نہیں مانیں_____حیدر آفندی کے چہرے سے ایک دم مسکراہٹ غائب ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں وہ اتنی پیاری تو ہے پھر۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کی بات پر حیدر آفندی حیران ہوئے

تمہیں کیسے پتا کہ وہ خوبصورت ہے تم نے تو کبھی اسے دیکھا ہی نہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی کے سوال پر بتول کچھ شرمندہ سی ہوئی

وہ عکاشہ جو خوبصورت ہے آپ کہتے ہیں نا!!!کہ اپنی ماں پر گیا ہے_____بتول نے وضاحت دی تو حیدر آفندی نے سر ہلایا

اگر تم اس سے پوچھو تو وہ کہے گی کہ عکاشہ اپنے باپ پر گیا ہے۔وہ ایسی ہی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟میری دیوانی____پاگل____حیدر آفندی اب بہت سنجیدہ تھے مگر لہجہ زخمی سا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدن ایک معمولی گھرانے سے تعلق رکھتی تھی۔اپنی ذہانت پر وہ باہر پڑھنے گئی۔بڑی سرکار کو نہ تو اس کا خاندان پسند تھا اور نہ مالی حیثیت_____ایک اور سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ وہ لڑکی ہو کر اکیلی بیرون ملک پڑھنے کیسے گئی۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں ایک اعتراض دور کرتا تو وہ دوسرے اعتراض کو لے کر بیٹھ جاتیں۔

وہ دن میری زندگی کے سب سے اذیت ناک تھے۔ایک طرف بڑی سرکار نے ضد لگا رکھی تھی تو دوسری طرف عدن _____ میں دونوں کے درمیان پھنس گیا تھا۔ حیدر آفندی بتاتے ہوئے کسی گہری سوچ میں ڈوب گئے

پھر۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے بازو ہلایا

پھر میں اس کی محبت کے آگے ہار گیا اور میں نے اپنے خاندان اور بڑی سرکار سے زندگی میں پہلی بار "بغاوت" کرتے ہوئے اس سے لندن میں شادی کر لی۔

ہماری شادی کا علم جب عدن کے گھر والوں کو ہوا تو وہ ناراض ہو گئے اور اس سے ہر طرح کا تعلق توڑ لیا _____اس نے میری محبت میں بہت قربانی دی ہے جس کا مجھے مرتے دم تک افسوس رہے گا۔حیدر آفندی شدید دکھی نظر آ رہے تھے

Posted On Kitab Nagri

اور جب بڑی سرکار کو پتہ چلا تو گویا ایک طوفان ہی کھڑا ہو گیا انہوں نے مجھے فوراواپس آنے کا کہا اور ساتھ ہی ساتھ "طلاق" کا مطالبہ بھی رکھ دیا

میں عدن کو لے کر پاکستان واپس آیا مگر میں اسے حویلی نہیں لا سکتا تھا اس وقت میری حیثیت بہت کمزور تھی میں مالی طور پر بڑی سرکار پر منحصر تھا۔

اور حویلی کے سب ہی لوگ میرے اپنے والد____ تمہارے باباسائیں____ سب میرے خلاف تھے۔ میں مجبور تھا۔لہذا عدن کو اپنے ایک دوست کی فیملی پاس چھوڑ آیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حویلی آتے ہی مجھے اپنی غلطی کا شدید احساس ہوا جو میں نے عدن سے شادی کر کے کی تھی۔ان لوگوں نے مجھے جذباتی،مالی ہر طرح کا بلیک میل کیا۔میرا دماغ کام کرنا چھوڑ گیا۔

میں نے سب کی باری باری منتیں کیں مگر کوئی نہیں مانا______ بالآخر تمہارے باپ کو میری حالت پر ترس آگیا۔

Posted On Kitab Nagri

انہوں نے بڑی سرکار سے اتنی رعایت لے دی کہ میں اسے طلاق نہ دوں______باقی میں عدن کو کبھی حویلی نہیں لے کر آؤں گا اور نہ ہی اسے ملنے جاؤں گا۔

وقتی طور پر میں نے یہ باتیں مان لیں مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مجھے اپنی بیوقوفی پر شدید غصہ آنے لگا

تو آپ چوری چھپے ملنے چلے جاتے نا!!!!۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کے مشورے پر وہ ہنسے

میں ایسا ہی کرتا تھا۔مہینے میں ایک آدھ بار اس سے ملنے چلا جاتا مگر اس کی بے تابی مجھے خوشی کی بجائے مزید شرمندہ کر دیتی۔

پھر بڑی سرکار نے میری شادی زبردستی راشدہ بیگم سے کرا دی۔میں نے شادی سے پہلے انہیں ساری بات تفصیل سے بتائی کہ میرے گھر میں تو وہ رہ سکتیں ہیں مگر میرے دل میں نہیں_____لہذا سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں مگر انہوں نے کوئی اعتراض نہیں کیا۔

Posted On Kitab Nagri

جیسے تیسے میرا وقت گزرنے لگا پہلے یوشع اور بعد میں عکاشہ پیدا ہوا_____ عکاشہ کی پیدائش پر عدن بہت رنجیدہ ہو گئی۔اب اسے میری ضرورت تھی کیونکہ راشدہ پاس تھے مگر عدن بالکل اکیلی تھی۔

میں نے تب تک اپنے قدم کافی جما لئے تھے۔اب مجھے مالی طور پر بڑی سرکار کی محتاجی نہیں تھی۔

میں نے عکاشہ کی پیدائش پر عدن کو ایک خوبصورت سا فلیٹ گفٹ کیا۔پھر ہم تینوں وہاں شفٹ ہو گے۔وہ چند ماہ میری زندگی کے خوشگوار ترین دن تھے۔ہم نے جیسا سوچا تھا ویسے زندگی گزارنا شروع کی_____ حیدر آفندی جوش سے سب بتا رہے تھے جبکہ بتول چپ چاپ سن رہی تھی۔

مگر پھر ہماری خوشیوں کو کسی کی نظر لگ گئی____ پہلے میرے بابا سائیں اور بعد میں تمہارے والد اس دنیا سے چل بسے۔

بڑی سرکار بالکل اکیلی رہ گئی۔حویلی___ جائیداد___ زمینیں____ بڑی سرکار ان سب کو اکیلے نہیں سنبھال سکتی تھی انہیں میری ضرورت تھی۔آخر وہ میری ماں تھی مجھے مجبوراً واپس آنا پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار نے مجھے میرے باپ اور بھائی کے "جنازے" پر بھی صرف اسی شرط پر شامل ہونے دیا کہ میں عدن کو کبھی حویلی نہیں لاؤں گا____حیدر آفندی اب بہت آہستہ بول رہے تھے

میں نے ماں اور عدن میں سے ایک کو چننا تھا____میں ہر مہینے باقاعدگی سے عدن کو خرچہ بھیجتا رہتا تھا۔

گو کہ اسے میرے پیسوں کی ضرورت نہیں تھی۔ وہ خود ایک یونی میں پڑھا رہی تھی مگر اس طرح میرے دل کی کچھ تسلی ہو جاتی تھی_____حیدر آفندی نے کسی مجرم کی طرح اپنی گردن جھکالی

آپ آخری بار ان سے کب ملے تھے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کے سوال پر انہوں نے سر اٹھایا

دس سال پہلے____بہت کرب سے جواب دیا

پھر کیوں نہیں ملے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کو حیرت ہوئی

Posted On Kitab Nagri

راشدہ بیگم کی شکایت پر بڑی سرکار نے قسم دی کہ اگر آئندہ تم اس سے ملے تو "میرا مرا ہوا منہ دیکھو گے"____بس پھر میں نے جدائی کو گلے لگا لیا۔

پہلے بھی کونسا میں روز جاتا تھا___۔ یہاں کی خاصی ذمہ داریاں تھیں مجھ پر____ حیدر آفندی ہارے ہوئے لگ رہے تھے۔

وہ اب بھی آپ سے اتنی ہی محبت کرتی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بتول کے سوال پر حیدر آفندی نے اپنا موبائل کھول کے اس کے آگے کر دیا جہاں وٹس ایپ پر ان کی تصویر چمک رہی تھی۔

اور آپ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بتول کے پوچھنے پر وہ کھڑے ہو گئے۔

مرد کبھی محبت نہیں کرتا وہ محبت کر ہی نہیں سکتا۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اسے گھر سنبھالنا ہوتا ہے_____خاندان کی بقا کے لیے لڑنا ہوتا ہے_____اپنے گھر والوں کے لیے سخت فیصلے لینے ہوتے ہیں_____انہیں مالی مستحکم کرنا ہوتا ہے۔

وہ محبت کر ہی نہیں سکتا اگر وہ محبت کرے گا تو یہ کام کون کریں گے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی پتہ نہیں خود پر طنز کر رہے تھے یا بڑی سرکار پر مگر آج بتول کو نوید کی تمام باتیں سمجھ آ گئیں تھیں۔

کہ وہ بالکل ٹھیک تھا_____وہ محبت کر ہی نہیں سکتا تھا_____وہ مرد تھا۔

چچا سائیں مجھے بھی کسی سے بہت محبت ہے عدن آنٹی کی طرح_____حیدر آفندی جانے کے لئے مڑے تھے جب بتول کی بات کرنٹ کھا کر پلٹے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس وقت میرا دل کر رہا ہے کہ اس "بتول کی بچی" کا گلا دبا دوں____جب میں نے سختی سے منع کیا تھا کہ اپنی طرف سے بونگی نہیں مارنی۔

جیسا کہا ہے بالکل ویسا ہی کرنا ہے مگر______یہ لڑکیاں سمجھتی ہیں کہ ان کے دماغ میں بہت عقل ہے اگر عقل ہوتی تو کیا وہ لڑکیاں ہوتیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع شدید غصے میں جیپ کے بونٹ پر بیٹھا عکاشہ سے باتیں کر رہا تھا۔

مجھے تو یہ حویلی والے بالکل سمجھ نہیں آرہے۔ عجیب لوگ ہیں____بھئی اگر لڑکی "ڈائیلاگ" بھول گئی ہے تو اس میں اتنا غصہ کرنے والی کونسی بات ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ عکاشہ نے ببل چباتے ہوئے سرسری انداز میں جواب دیا

"ڈائیلاگ کے بچے"_____اس نے سب کچھ سچ سچ بابا سائیں کو بتا دیا ہے اور ابھی تھوڑی دیر میں جو کلاس ہماری ہوگی تم نے ویسے کلاس کبھی یونی میں نہیں لی ہوگی____یوشع نے غصے سے عکاشہ کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میں یونی میں کلاس لیتا نہیں ہوں بلکہ_____عکاشہ کی شرارت پر بریک تب لگی جب نوید کی جیپ ان کے قریب آ کر رکی۔

یوشع سائیں آپ کو حیدر سائیں ڈیرے پر بلا رہے ہیں۔وہ کافی غصے میں لگ رہے ہیں____نوید نے سر جھکاتے ہوئے احترام سے اطلاع دی

باؤ نوید فلحال تم اپنی یہ شکل میرے سامنے سے گم کرو____ایسا نہ ہو کہ میں اپنے ہاتھوں سے اپنی کزن کو شادی سے پہلے ہی بیوہ کر دوں۔

یوشع کے جواب پر عکاشہ نے اپنی مسکراہٹ دباتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے نوید کو جانے کا کہا

تجھے بہت ہنسی آ رہی ہے_____یوشع نے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتے ہوئے عکاشہ پر طنز کیا جو اس کے برابر بیٹھا گنگنا رہا تھا

"اے محبت تیرے انجام پر رونا آیا"_____گانا گاتے ہوئے وہ مصنوعی رو بھی رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ اپنا منہ بند کر لے۔اس سے پہلے کہ میں تجھے جیپ سے باہر پھینک دو ____ ابھی وہ عکاشہ کو غصے ہو ہی رہا تھا کہ ایک بکری کا بچہ اچانک اس کی جیپ کے آگے آگیا۔

یوشع نے بمشکل اسے بچایا مگر بکری کے پیچھے امثال کو بھاگتا دیکھ کر اس کا غصہ مزید بڑھ گیا

ایک منٹ میں ابھی آیا ____ یوشع نے عکاشہ کو کہتے ہوئے جیپ سڑک کنارے لگائی اور باہر نکلا

مجھے کوئی ضروری کام نہیں ہے۔بے شک ایک گھنٹہ لگا کر آرام سے آنا _____ عکاشہ کے جواب پر یوشع نے پوری طاقت سے جیپ کا دروازہ بند کیا جس کا مطلب تھا کہ وہ شدید غصے میں ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چل مسٹر عکاشہ ذرا اپنی مس موسلا دھار کی خبر لے۔کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ تجھے مکمل ہی بھول جائے اور پتہ کر آج کہاں کہاں بارش ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے خود کلامی کرتے ہوئے حرم کا نمبر ڈائل کیا

Posted On Kitab Nagri

ہیلو مس چونا_____عکاشہ نے کال اٹینڈ ہوتے ہی اپنی دھن میں حرم کو مخاطب کیا

یہ کسی مس چونا کا نمبر نہیں ہے_____حرم کی جگہ ماہم کی آواز سن کر وہ سیدھا ہو کر بیٹھا

ارے واہ آپ کے منہ میں بھی زبان آگئی ہے۔میری غیر موجودگی میں کیسے کیسے لوگوں کے پر نکل آئے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے اسے چھڑا اور وہ سچ مچ چھڑ بھی گئی

میرے منہ میں پیدائشی طور پر زبان موجود ہے____ماہم کا جواب عکاشہ کو مزہ دے گیا۔

اچھا پھر مجھے کیوں ان دو سالوں میں پتہ نہیں چل سکا کہ آپ کے منہ میں زبان ہے_____؟؟؟ عکاشہ نے سوچنے کی ایکٹنگ کی

کیوں کہ میں اپنی زبان صرف بولنے کے لئے استعمال کرتی ہوں____ماہم کا طنز سمجھتے ہوئے عکاشہ نے سیٹی بجائی

Posted On Kitab Nagri

یہ سب قیامت کی نشانیاں ہیں جب لڑکیاں زبان چلانے لگیں_______عکاشہ کو مزہ آرہا تھاتپ کر ہی وہ بول تو رہی تھی۔

عکاشہ کام کی بات کرو۔کیوں فون کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے جلدی سے پوچھا

اور اگر کوئی کام نہ ہو تو پھر۔۔۔۔۔؟؟؟آپ کو فون کرنا منع ہے۔

جی بالکل_____میں فون بند کرنے لگی ہوں۔ماہم نے دھمکی دی

تم فون بند نہیں کرسکتی کیونکہ یہ تمہارا نہیں ہے۔جس کا ہے پہلے اسے بلاؤ______ عکاشہ نے حرم کا پوچھا

وہ تو اس وقت کلرک آفس گئی ہوئی ہے۔ماہم کے جواب پر عکاشہ چونکا

کیوں___خیریت۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

جی آپ کے کارنامے کی وجہ سے ہی_____جرمانہ جو رہ گیا تھا وہ جمع کرانا ابھی باقی تھا_____ماہم اپنے غصے کو دباتی ہوئی بولی جبکہ عکاشہ نے قہقہ لگایا

ویسے میں تمہیں کبھی بھولوں گا نہیں______؟؟؟عکاشہ نے جتلایا

جی بالکل آپ بھولنے والی چیز نہیں ہیں_____ماہم نے تصدیق کی

اچھا میرے بغیر اداس تو نہیں ہو گی______یونی تو سنی سنی نہیں لگتی______ہر وقت میرا انتظار تو نہیں رہتا_____؟؟؟عکاشہ اس وقت فل ماہم کو تنگ کرنے کے موڈ میں تھا

جی ہر طرف امن و امان ہے اور ہم ذہنی اور جسمانی سکون محسوس کر رہے ہیں۔ لہذا آپ جہاں ہیں وہیں آرام سے رہیں اور ہمیں یہاں رہنے دیں۔ ماہم کے جواب پر پہلی بار عکاشہ کو غصہ آیا

Posted On Kitab Nagri

سوچ لو اگر میں کبھی واپس نہ آیا تو۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے اس طرح پوچھنے پر ماہم کو عجیب سا احساس ہوا

توکیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے آہستہ سی آواز میں پوچھا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

سوچ اگر کبھی ایسا ہو کہ تم مجھے آج کے بعد کبھی نہ دیکھ سکوں____نہ سن سکوں____میں وہاں چلا جاؤں جہاں سے کوئی کبھی واپس نہیں آتا____تو تمہیں کیسا لگے گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے اس اچانک سوال پر ماہم پریشان ہو گی

عکاشہ تم کہاں ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے انتہائی فکر مندی سے پوچھا جس پر عکاشہ نے قہقہ لگایا

میں اس وقت بالکل خیریت سے جیپ میں بیٹھا ہوں اور بھائی کسی سے ملنے تھوڑی دیر کے لئے باہر گئے ہیں تو میں نے سوچا کیوں نہ آپ کے ساتھ وقت گزارا جائے آخر آپ میرے بغیر اداس ہوں گئی ۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے جواب پر ماہم کو شدید غصہ آیا

جہنم میں جاؤ تم اور جہنم میں جائیں تمہاری ڈرامے بازیاں______ماہم کے دل میں جو ابھی ہمدردی کا جذبہ عکاشہ کے لیے پیدا ہوا تھا وہ ایکدم انتقال کر گیا۔اتنی دیر میں اسے دور سے حرم آتی ہوئی نظر آئی۔

Posted On Kitab Nagri

رکو____یوشع نے امثال کو پیچھے سے آواز دی جس پر امثال کے دل کی دھڑکن تیز ہوئی کیونکہ اب وہ یوشع کے خیالات اپنے بارے میں جانتی تھی۔

یہ کیا بندروں کی طرح پورے گاؤں میں بھاگتی پھرتی ہو گھر پر آرام سے بیٹھ نہیں سکتیں ۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کا سانس پھولا ہوا تھا

میں گھر میں آرام سے ہی بیٹھتی ہوں اور یہ بندروں کیا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ پڑھے لکھے ہیں کسی اچھی چیز سے تشبیہ نہیں دے سکتے ______ امثال نے اپنے جذبات کو کنٹرول کرتے ہوئے ازلی روکھے پن سے پوچھا

امثال_____یوشع اس وقت آگے ہی بہت الجھا ہوا تھا اس پر امثال کی زبان درازی مزید غصہ دلا گئی ۔

Posted On Kitab Nagri

اگر غلطی سے میرا نام یاد ہو ہی گیا ہے تو یوں ہر وقت پکارنے کا فائدہ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال کے سوال پر یوشع کا دل کیا اسے ایک زوردار تھپڑ لگا دے

اگر تم میرے آگے زبان چلانے سے باز نہ آئی تو قسم سے میں بہت برے سے پیش آؤں گا۔میری بات چپ چاپ مان لیا کرو۔بحث نہ کیا کرو اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے۔میں اس علاقے کا سردار ہوں یہ بات یاد رکھا کرو______یوشع نے انگلی اٹھا کر وارننگ دی

یوشع کو یوں غصے سے بولتا دیکھ کر امثال کے چہرے پر ایک دم اداسی چھا گئی اور وہ چپ چاپ وہاں سے جانے لگی۔

آئندہ میں تمہیں یوں گاؤں میں بھاگتا نہ دیکھو سمجھی______یوشع دوبارہ اپنی جیب کی طرف بڑھ گیا ۔یوشع کو واپس آتا دیکھ کر عکاشہ نے کال بند کر دی۔

آپ اتنی ایمرجنسی میں کہاں گئے تھے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کے سخت اثرات دیکھ کر عکاشہ نے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بکری ذبح کرنے_____یوشع نے چڑ کر جواب دیا اسے اپنا کھیل خراب ہوتا دکھائی دے رہا تھا

ارے واہ آپ نے کبھی بتایا نہیں کہ آپ یہ کام بھی کر لیتے ہیں۔ بھائی یارررر آپ کتنے ٹیلنٹڈ ہیں _______عُکاشہ نے اس شرارت بھرے لہجے میں داد دی جس پر یوشع نے جیپ کو بریک لگائی

تم پیدل ڈیرے جاؤ گے یا میں جاؤں--------؟؟؟یوشع نے پوچھا

سوری_____عکاشہ باہر دیکھنے لگا تو یوشع نے دوبارہ جیپ سٹارٹ کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گدھے____الو کے پٹھے_____تم دونوں نے مجھے کیا سمجھ رکھا ہے____کیا لگتا ہوں میں تمہارا -------؟؟؟حیدر آفندی نے سخت غصے میں چکر لگاتے ہوئے پوچھا جب کہ وہ دونوں سر جھکائے چارپائی پر بیٹھے تھے

Posted On Kitab Nagri

یوشع تم میرے باپ ہو یا میں تمہارا باپ ہوں۔ بولو_____؟؟؟ دونوں کو خاموش دیکھ کر حیدر آفندی نے یوشع کو مخاطب کیا کیونکہ وہ عکاشہ کو کچھ کہہ نہیں سکتے تھے

مصدقہ اور آخری اطلاع کے مطابق آپ ہمارے باپ ہیں_____یوشع حیدر کو چپ دیکھ کر عکاشہ نے اس کی مشکل آسان کی۔

عکاشہ آپ چپ رہیں ابھی ہم یوشع سے بات کر رہے ہیں______حیدر آفندی نے اپنے غصے کو قابو کرتے ہوئے عکاشہ سے کہا

ابھی میں زندہ ہوں اور میرا دماغ بھی بالکل ٹھیک کام کر رہا ہے۔ پھر سارے مسئلے تم خود اکیلے کیوں حل کر رہے ہو۔ وہ بھی اتنے غلط طریقے سے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اتنے ڈرامے کرنے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ مجھے بتا دیتے میں خود دیکھتا اس مسئلہ کو _____حیدر آفندی اب یوشع کے بالکل سامنے بیٹھ گئے تھے

Posted On Kitab Nagri

یہ مسئلہ آپ سے حل ہونے والا نہیں تھا اسی لیے نہیں بتایا_____ بالآخر یوشع نے اپنی جگہ سے کھڑے ہوتے ہوئے جواب دیا

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے اتنے زور سے پوچھا کہ ان کی آواز کی گونج پوری ڈیرے میں سنائی دی

جی باباسائیں یہ مسئلہ آپ حل نہیں کر سکتے تھے۔اگر کر سکتے تو آپ کا اپنا مسئلہ آج تک یوں لٹک نہ رہا ہوتا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع کے جتلانے پر حیدر آفندی کا ہاتھ ہوا میں بلند ہوا مگر یوشع کے گال پر پڑنے سے پہلے ہی رک گیا

اگر میں آپ کو بتاتا تو آپ یقیناً اماں سائیں اور بڑی سرکار سے بات کرتے_____ بتول کو طعنے سننے پڑتے اور بڑی سرکار "نہ" کر دیتیں۔

Posted On Kitab Nagri

اور آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر وہ ایک بار کسی کام کے لیے "نہ" کر دیں تو مرحوم دادا سائیں بھی قبر سے اٹھ کر آ جائیں تو وہ بھی ان سے ہاں نہیں کہلوا سکتے۔

لہذا مجھے یہ سارا ڈرامہ رچانا پڑا ____ یوشع اب پیچھے ہاتھ باندھے بالکل سنجیدہ کھڑا تھا جب کہ عکاشہ ببل چبانے میں مصروف تھا

اس معصوم کو بیچ میں کیوں گھسیٹا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے عکاشہ کی طرف اشارہ کیا

معصوم اور یہ ______ ایک رات اس کے ساتھ گزاریں ____ لگ پتہ جائے گا کہ کون کتنا معصوم ہے ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے اپنا غصہ نکالا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع کیا بکواس کر رہے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟ میں تمہارا باپ ہوں اور یہ چھوٹا بھائی ____ ذرا اپنے مشورے پر غور کرو۔ حیدر آفندی کی بات پر عکاشہ منہ نیچے کیے ہنس رہا تھا جبکہ یوشع کو بھی احساس ہوا کہ اس نے کیا کہا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

تو اس کا مطلب میں یہ سمجھوں کہ یہ سب تم بتول کے لیے کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے پوچھا

ہاں___ظاہر سی بات ہے____یوشع نے کندھے اچکائے

تو پھر یہ ماسٹر کی بیٹی کہاں ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے یوشع سے پوچھا مگر جواب عکاشہ نے دیا

بکری کے بچے ساتھ پورے علاقے میں کھیل کود کر رہیں ہیں۔ میں نے خود آج پہلی بار دیکھا ہے۔ ویسے اس فسادی سے اچھی ہے کم از کم کھیلوں میں تو دلچسپی رکھتی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ کے جواب پر حیدر آفندی نے اپنی مسکراہٹ دبائی جبکہ یوشع نے اس کا بازو مروڑ دیا۔

کمینے___ذلیل____تجھے تو میں جیپ میں چھوڑ کر گیا تھا پھر میرا پیچھا کیوں کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اس سے پوچھا جب کہ عکاشہ چیخا

Posted On Kitab Nagri

میری آنکھیں دور تک دیکھتی ہیں۔اب میں کیا کروں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے بھی میری جگہ کوئی اور بھی ہوتا تو سمجھ جاتا "سردار یوشع حیدر آفندی" صرف ایک بکری کے پیچھے تو جانے سے رہے______عکاشہ نے دہائی دیتے ہوئے جواب دیا

حیدر آفندی دونوں بھائیوں پر مسکراتے ہوئے ڈیرے سے باہر نکل گئے کیونکہ اب انہوں نے بہت سے الٹے کام سیدھے کرنے تھے وہ ماضی کی غلطیوں کو دہرانا نہیں چاہتے تھے جبکہ ڈیرے کے باہر تک بھی یوشع اور عکاشہ کے لڑنے کی آوازیں آرہی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جذبے سچے ہوں تو منزل مل ہی جاتی ہے۔دیکھا تم نے میں جیت گئی اور تم ہارے گئے۔بتول اپنے کمرے میں بیٹھی نوید سے مخاطب تھی۔

ویسے مجھے پہلے ہی چچا حیدر سے بات کرنی چاہیے تھی۔انہوں نے کتنے پیار سے میری بات سنی۔

Posted On Kitab Nagri

"اللہ جی میرے چچا کو ان کی عدن سے ملا دے آمین "______بتول نے معصومیت سے اوپر دیکھتے ہوئے دعا مانگی

ایک زوردار دھماکے سے دروازہ کھلا بتول جو اپنی دھن میں مگن تھی یوشع کو لال انگارہ آنکھوں سے گھورتا دیکھ کر ڈر گئی۔

جب میں نے منع کیا تھا تو تم اپنی زبان منہ کے اندر نہیں رکھ سکتی تھی_____کر رہا تھا ناااا تمہاری "دو ٹکے "کی محبت کے لئے سب کچھ_____پھر کیا تکلیف تھی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کسی اور کے آگے تمہاری زبان پر تالے پڑ جاتے ہیں مگر بابا سائیں کے سامنے یہ "یو پی ایس" پر چلتی رہی بولو_______یوشع کے اس اچانک حملے کے لیے بتول ہر گز تیار نہ تھی اس لیے گھبرا گئی

اب بولتی کیوں نہیں ہو_____کیا تمہاری زبان کی بجلی کٹ گئی ہے یا"یو پی ایس" کی بیٹری ختم ہو گئی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟یوشع اس کے مزید قریب ہوا

Posted On Kitab Nagri

میں نے کچھ نہیں کیا وہ چچا سائیں اپنے اور عدن آنٹی کے بارے میں بتا رہے تھے تو میں نے بھی کہہ دیا ______بتول نے دوسرا جملہ قدر آہستہ آواز میں کہتے ہیں ہوئے گردن جھکالی

یعنی تم نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے مناسب سمجھے اور بابا سائیں کا بھی "سولہ سال" کی لڑکیوں والا حال ہے۔ جسے دکھا اسے اپنی پہلی محبت کے قصے سنانا فرض سمجھا۔

مجھے تو کبھی سنائے نہیں اور جس کو سنانا نہیں چاہیے تھے اسے بیٹھ کر پوری "رام کہانی" سنادی ______ یوشع بڑبڑایا

بہر حال جو بھی ہے تم نے بڑی سرکار کو وہی کہنا ہے جو میں نے کہا تھا۔ اگر بڑی سرکار کے سامنے تم نے ذرا سی بھی غلطی کی تو میں خود اپنے ہاتھ سے تمہیں تہہ خانے میں دفنادوں گا۔

ہاں مگر ایک وعدہ ہے تم سے کہ تمہاری "نماز جنازہ" میں نوید کو شرکت کی اجازت ہو گی ______یوشع جاتے جاتے پلٹا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں آپ ایسا کچھ مت کیجئے گا_____بتول نے التجا کی

ہاں میں ایسا کچھ نہ کروں کیونکہ تم نے کرنا ہوتا ہے___واہ بتول بی بی تمہاری سائنس_____یوشع نے طنز کیا

پکا وعدہ اب میں کچھ بھی اپنے پاس سے نہیں کروں گی۔ جیسا آپ نے کہا ہے ویسا ہی کروں گی______
بتول کے چہرے پر اس وقت خوف، اداسی اور نوید سے بچھڑنے کا خطرہ صاف دکھائی دے رہا تھا

اگر آپ تم نے ذرا سی بھی گڑبڑ کی تو میں زبردستی تم سے شادی کرلوں گا اور اس کے بعد جو سلوک میں تمہارے ساتھ کروں گا تم بڑی سرکار کو بھی بھول جاؤں گی لہذا احتیاط______یوشع نے بتول کے آگے چٹکی بجائی اور کمرے سے باہر نکل گیا

میری توبہ جواب کسی کے آگے بھی اپنا منہ کھولوا چھا خاصہ فرشتہ (نوید) مل رہا ہے پھر گناہوں کی سزا کہیں اسی دنیا میں یوشع حیدر کی صورت میں نہ مل جائے۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بتول احتیاط_____بتول نے خود کلامی کی اور اپنے کانوں کو ہاتھ لگاتی بند دروازے کو دیکھنے لگی جو ابھی ابھی پوری قوت سے بند کیا گیا تھا

اگر آئندہ میں نے تمہیں گاؤں میں بھاگتے ہوئے دیکھا تو تمہاری خیر نہیں ______مت بھولو میں "سرداریوشع حیدر آفندی"ہوں۔

بڑا آیا سردار_____امشال گھر کے کام کرتے ہوئے مسلسل یوشع کی باتیں دہرا رہی تھی .

بیٹا کس سے باتیں ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر صاحب کے اچانک آنے پر امشال کچھ شرمندہ سی ہو گئی۔

کچھ نہیں بابا وہ بس ذرا آج مجھے کسی پر بہت غصہ آیا ہوا ہے تو اس لیے______خیر آپ بیٹھیں۔

Posted On Kitab Nagri

امثال نے چارپائی پر چادر درست کرتے ہوئے ماسٹر صاحب کو بیٹھنے کا اشارہ کیا اور خود ان کے پاس بیٹھ گئ

بیٹے یہ بچوں کے پرچے ہیں۔جب تمہیں فرصت ملے تب چیک کر دینا________ماسٹر صاحب نے اپنے ہاتھ میں پکڑی ہوئی فائل امثال کو دیتے ہوئے کہا

آپ فکر نہ کریں میں چیک کر دوں گی۔امثال نے فائل لیتے ہوئے محبت سے جواب دیا

اچھا تم نے کیا بات کرنی تھی۔اس دن تم کچھ کہہ رہی تھی مگر مجھے ذرا جلدی تھی۔آج اتوار ہے میں بالکل فارغ ہوں اب بتاؤ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی کے پوچھنے پر امثال کچھ پریشان سی ہو گی

اب بھلا میں اپنی شادی کے بات کیسے کروں۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال نے دل میں سوچا

Posted On Kitab Nagri

کچھ خاص نہیں بس ویسے ہی میرے دل میں یہ خیال آیا تھا کہ شادی________امثال نے ابھی لفظ شادی استعمال کیا ہی تھا کہ ماسٹر جی چونک پڑے

شادی____کس کی شادی۔۔۔۔؟؟؟انہوں نے امثال کو دیکھتے ہوئے سنجیدہ لہجے میں پوچھا

بابا آپ کی شادی____آپ شادی کرلیں۔ ہمیں بھی اب گھر میں کسی بڑی کی ضرورت ہے اور ویسے بھی سب سوتیلی مائیں بری تھوڑی ہوتی ہیں۔

امثال کا حوصلہ ہی نہیں پڑا کہ وہ اپنی شادی کی بات کرے لہذا اس نے لفظ شادی کو ماسٹر جی ساتھ جوڑ دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عجیب بیوقوف لڑکی ہو۔جب میری عمر تھی تب تم نے ہی سب سے زیادہ مخالفت کی تھی اور اب میرے اللہ اللہ کرنے کے دن ہیں تو کیا واہیات مشورہ دے رہی ہو۔ جاؤ اپنا کام کرو۔ماسٹر جی کو غصہ آیا

Posted On Kitab Nagri

ابا پھر میرے جانے کے بعد چھوٹوں کا کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال نے اپنے ہاتھوں کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

ہممممم_____ یہ تو خیر میں بھی سوچتا ہوں مگر تم پریشان مت ہو اللہ مالک ہے۔ماسٹر جی کے جواب دے امثال نے سر ہلایا تبھی دروازے پر دستک ہوئی

ننھی ذرا دروازے پر دیکھو کون ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال نے بیٹھے بیٹھے چھوٹی کو آواز لگائی

رہنے دو میں خود ہی دیکھ لیتا ہوں_____ماسٹر جی نے چارپائی سے اٹھتے ہوئے کہا

ابا آپ کچھ دیر تو آرام کر لیں یہ گاؤں والے تو آپ کو لوہے کی مشین سمجھتے ہیں_____امثال کو غصہ آیا

اباوہ باہر کوئی آدمی آپ کو بلا رہا ہے کہتا ہے حویلی سے آیا ہوں_____جیسے ہی ننھی نے آکر بتایا امثال اور ماسٹر جی کے چہرے کا رنگ اڑ گیا مگر دونوں ہی ایک دوسرے سے رخ موڑ گے

Posted On Kitab Nagri

اچھا بیٹا میں بات سن کر آتا ہوں۔ دروازہ بند کر لو___۔ماسٹر جی کہتے ہوئے باہر نکل گئے جبکہ امثال سوچنے لگی کہ کیا بات ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تمہیں میرے بیٹے کا پیغام نہیں ملا تھا______حیدر آفندی کے پوچھنے پر ماسٹر جی نے گلا صاف کرتے ہوئے ایک گہرا سانس خارج کیا

بڑے سائیں ملا تھا_____ماسٹر جی نے ایک نظر کچھ فاصلہ پر کھڑے نوید کی طرف دیکھا

پھر۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے ٹانگ پر ٹانگ رکھتے ہوئے وضاحت طلب کی

پھر سائیں میں نے نوید کو جواب دے دیا تھا کہ میری بیٹی "منگنی شدہ" ہے_____ماسٹر نے ایک نظر نوید کو دیکھا جو خود بھی انہیں دیکھ رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

منگنی شدہ ہے تو کیا ہوا______اگر وہ "شادی شدہ" بھی ہوتی تو میں "طلاق" دلوا دیتا۔مجھے اپنے بیٹے کی خوشی عزیز ہے

فوراًاس لڑکی کی منگنی ختم کرو اور یہ بات اپنے دماغ میں اچھے سے بٹھالو کہ اب وہ تمہارے گھر میں یوشع کی امانت ہے۔

تمہیں تو خوش ہونا چاہیے کہ تمھاری بیٹی کی شادی اتنی اچھی جگہ ہو رہی ہے۔الٹا تم ہمیں نخرے دکھا رہے ہو۔کیا ہمارے باپ دادا کے احسان بھول گئے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟

یہ سکول حکومت نے نہیں ہم نے بنا کر دیا ہے۔تمہاری تنخواہ ہم دیتے ہیں۔تمہارے اچھے برے وقت میں بڑی سرکار مدد کرتی ہیں اور تم "نہ" کرو گے۔تمہاری اتنی اوقات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے غصے سے کہتے ہوئے پاس پڑے پانی کے گلاس کو زور سے زمین پر مارا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یاد رکھو مجھے نمک حرام لوگ بالکل پسند نہیں۔ میں کسی ساتھ زیادتی نہیں کرتا مگر مجھے اپنے بچوں کی خوشیاں سب سے زیادہ عزیز ہیں۔

تم تو خود ماسٹر ہو وہ محاورہ سنا ہو گا کہ "ماس سے ناخن زیادہ پیارا ہوتا ہے" ____ حیدر آفندی کی باتیں پر ماسٹر جی کا دماغ گھمانے لگا .

جی سرکار _____ آپ کی تمام باتیں درست ہے مگر ایک تو اس کی عمر بہت کم ہے دوسرا میرے گھر کو وہی سنبھالتی ہے _____ ماسٹر نے عذر پیش کیا۔

تو کیا تم ساری زندگی اسے اپنے گھر بٹھائے رکھو گے۔ ماں اس نے ماری تھی ---------؟؟؟ حیدر آفندی کے جواب میں ماسٹر خاموش ہو گے۔

نوید گاؤں میں پتہ کرو کتنی عورتیں بیوہ ہیں---------؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ہم ماسٹر کی بیٹی کے ساتھ ساتھ اس کا گھر بھی بسا دیتے ہیں۔ آخر کو ماسٹر ہمارا ہے تو خیال بھی ہمیں ہی کرنا ہو گا______حیدر آفندی کی بات پر ماسٹر جی نے سر اٹھا کر دیکھا

جیسا کہا جائے بالکل ویسا ہی کرنا مجھے خود سری کرنے والے لوگ پسند نہیں______شکر کرو عزت سے رشتے کی بات کی ہے ورنہ ہمارے پاس اور بھی بہت سے طریقے ہیں جو ہم استعمال نہیں کرنا چاہتے۔ کیونکہ وہ تمہیں پسند نہیں آئیں گے۔

حیدر آفندی نے دھمکی صرف ماسٹر کو خوفزدہ کرنے کے لیے دی تھی اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب بھی ہو گے کیونکہ ماسٹر جی کے چہرے کا رنگ اڑ گیا تھا

جاؤ اور ہمارے اگلے پیغام کا انتظار کرو______ماسٹر جی کو جانے کا اشارہ کرتے ہوئے حیدر آفندی نے نوید کو باآواز بلند حکم دیا تاکہ ماسٹر جی بھی آسانی سے سن لیں۔

پورے گاؤں میں یہ بات پھیلا دو کہ ماسٹر نے اپنی بیٹی ہمارے یوشع کو دے دی ہے تاکہ کوئی اور اس بچی کی طرف دیکھنے کا سوچے بھی نہ______نوید سر ہلاتا ماسٹر جی کے پیچھے پیچھے چل دیا

Posted On Kitab Nagri

میں نے آپ کو سمجھایا تھا کہ یہ بڑے لوگ ہیں کبھی بھی کچھ بھی کر سکتے ہیں اور ویسے بھی یوشع سائیں بہت اچھے انسان ہیں۔ آپ پریشان نہ ہوں_____نوید نے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ماسٹر جی کو تسلی دی

نوید ماسٹر جی کو تسلی دیتے ہوئے گھر تک آیا تاکہ وہ امثال سے بات کر سکے

نوید بیٹا آپ کا بہت بہت شکریہ میں اب بالکل ٹھیک ہوں. اب تم جاسکتے ہو ایسے ہی تم نے اپنا وقت برباد کیا_____ماسٹر جی نے دروازے پر رکتے ہوئے نوید سے کہا

کوئی بات نہیں۔ استاد کا کام کرنے سے عزت ملتی ہے اور مجھے تو ویسے بھی آپ کا کام کر کے خوشی ہوتی ہے_____نوید کے جواب میں مسٹر جی کچھ افسردہ ہو گئے۔

آپ پریشان نہ ہوں سب ٹھیک ہو گا_____نوید کے کہنے پے ماسٹر جی سر ہلاتے جانے لگے تب نوید نے پکارا

Posted On Kitab Nagri

ماسٹر جی ایک گلاس پانی مل جائے گا---------؟؟؟نوید نے بہانہ بنایا

امثال بیٹا نوید کو ایک گلاس پانی دو______ماسٹر جی تھکے قدموں سے آواز لگاتے ہوئے اپنے کمرے میں چلے گئے

امثال نے پانی کا گلاس بھر کے نوید کی طرف بڑھا دیا

جو کہا تھا وہ یاد ہے نااااا-------؟؟؟نوید نے پانی کا گلاس پکڑتے ہوئے پوچھا

ہاں یاد ہے مگر______امثال نے کمرے کی طرف دیکھا جہاں ابھی ماسٹر جی گئے تھے

کیا بڑے سائیں نے کچھ کہا ہے-------؟؟؟امثال نے رازداری سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں بہت کچھ کہا ہے_____فی الحال ماسٹر جی کو چھیڑ نا نہ مگر تمہارے لئے ایک خوشخبری بھی ہے

_____نوید نے گلاس پانی پیے بغیر ہی واپس کیا جس پر امشال کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا

تمہاری نئی اماں آرہی ہیں مجھے بڑی سائیں نے ماسٹر جی کی شادی کا کام سونپا ہے_____نوید کی بات پہ امشال نے حیرت سے اسے دیکھا

بالکل سچ کہہ رہا ہوں اب اگر تمہیں کوئی خاتون پسند ہے تو بتا دو مجھے آسانی رہے گی______نوید کی بات پر امشال بالکل سن کھڑی اسے دیکھ رہی تھی

شاید تم کوئی اور خوشخبری بھی سننا چاہ رہی ہو_____نوید نے سوچتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی نہیں مجھے کسی قسم کی کوئی خوشخبری نہیں چاہیے اب آپ جا سکتے ہیں_____امشال نے کہتے ہوئے باہر کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

ویسے آپ سوچ لیں کہ پہلے اپنے ابا کی شادی کرنی ہے یا اپنی_____کیونکہ اب یوشع سائیں کے علاوہ بڑے سائیں بھی سیریس ہیں۔

نوید کہتا ہوا باہر نکل گیا جب کہ امثال نے دروازہ بند کیا اور ماسٹر جی کی طرف چلی آئی

ابا کیا ہوا ہے_____بڑے سائیں نے کیا کہا ہے------؟؟؟ امثال نے ماسٹر جی کو اپنا سر دباتا دیکھ کر پوچھا

کچھ نہیں میری بیٹی تم پریشان مت ہو اور مجھے ذرا آرام کرنے دو۔

ابا میں تو کہتی ہوں کہ ہم ملتان چلے جاتے ہیں خالہ جی کے پاس____وہیں رہیں گے. یہاں رہے تو کوئی نہ کوئی مصیبت آتی ہی رہے گی۔

امثال کے مشورے پر ماسٹر جی پھیکا سا مسکرائے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر وہ اتنے اچھے ہوتے تو دکھ کس بات کا تھا۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی کے جواب پر امثال کمرے سے باہر آگئی

میں خود بات کروں گی اس سردار کے بچے سے ______ صبح حویلی جاؤنگی بلکہ بڑی سرکار سے ان کے پوتے کی شکایت کروں گی کہ آپ کے پوتے کو ہم غریب ہی ملے ہیں. اپنے برابر والوں میں کیوں رشتہ نہیں کر رہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

پھر دیکھتی ہوں کہ کیسے کرتے ہیں مجھ سے شادی ______ امثال نے ایک نظر اندر پریشان حال لیٹے ماسٹر جی کی طرف دیکھا اور دوسری نظر اوپر آسمان پر کی طرف ______ پیارے اللہ جی میری مدد کرنا۔

عکاشہ اب تم واپس آرہے ہو یا پھر میں ______ عدن نے اپنا غصہ کنٹرول کرتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

آپ تو آ نہیں سکتیں لہذا مفت کی دھمکیاں اپنے پاس رکھیں_____عکاشہ چہکا

عکاشہ واپس آجاؤ_____عدن کچھ نرم پڑیں۔

ہاں ایسے بولے نا!!!_____تا کہ میرا دل بھی کرے۔ آپ دھمکیاں لگا رہی ہیں تو پھر میں کیسے واپس آؤں گا۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے واش روم سے نکلتے ہوئے یوشع کی طرف دیکھا

ماما آپ کو پتہ ہے بھائی کی شادی ہو رہی ہے____ابھی عکاشہ نے اتنا ہی بتایا تھا کہ یوشع نے گیلا تولیہ اس کے منہ پر مارتے ہوئے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا

آپ کو پتا ہے بھائی مجھ پر بہت تشدد کرتے ہیں آپ ہر وقت بھائی کی تعریفیں کرتی رہتی ہیں کہ وہ مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔عکاشہ نے ایک دم اپنی آواز تبدیل کی جس پر عدن پریشان ہو گی اور یوشع کے برش کرتے ہوئے ہاتھ رکے

Posted On Kitab Nagri

چھوٹی ماما یہ بکواس کر رہا ہے میں اسے مار ہی نہیں سکتا____یوشع نے عکاشہ سے فون چھینا اور ہیئر برش اس کی طرف اچھال دیا جسے عکاشہ نے فورا کیچ کیا

آپ کیسی ہیں۔۔۔۔۔؟؟یوشع کے حال پوچھنے پر عدن مسکرائیں

میرے دونوں بیٹے ایک ہفتے سے غائب ہیں تو میں کیسی ہوں گی۔۔۔۔۔؟؟عدن کے کہنے پر یوشع کچھ شرمندہ ہوا

سوری چھوٹی ماما بس میں اتوار تک اسے خود چھوڑنے آؤں گا_______یوشع نے آئینے میں اپنے آپ کو دیکھتے ہوئے جواب دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ زیادہ تنگ تو نہیں کرتا۔۔۔۔؟ عدن کے پوچھنے پر عکاشہ نے کچھ کہنا چاہا جبکہ یوشع نے اس کے منہ پے ہاتھ رکھ دیا

نہیں چھوٹی ماما یہ تو بہت معصوم ہے_____یوشع نے اپنی ہنسی دبائی۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا اسے کچھ سمجھاؤ بھی تا کہ اس میں ذمہ داری پیدا ہو میں چاہتی ہوں کہ یہ تمہاری طرح ہو جائے
_____عدن نے اپنے دل کی بات کی جس پر عکاشہ چیخ پڑا

جی یہ تو اتنے ذمہ دار ہیں کہ گاؤں کی بکریوں کو بھی اکیلا گھومنے نہیں دیتے انھیں بھی گھر چھوڑ کر آتے ہیں______عکاشہ کی بات کا مطلب عدن کو سمجھ نہیں آیا مگر یوشع نے اسے دو تین مکے رسید کیے

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

چھوٹی ماما آپ کو تو اس کی عادت کا پتا ہے۔ آپ چھوڑیں اسے اور اپنی طبیعت کا خیال رکھیں۔

ہم اتوار کو آ رہے ہیں اور ہاں آپ کے لیے ایک "سرپرائز" بھی ہے میرے پاس______یوشع کے لفظ سرپرائز پر عدن چونک پڑی

کیسا سرپرائز_______؟؟؟عدن نے بے ساختہ پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہی کے بکری کے ساتھ ساتھ اس کی "مالکن" بھی انہیں پسند آ گئی ہے_____ماما یہ لوگوں کی بچیوں پر آنکھ رکھتے ہیں _____ ان کے پیچھے جاتے ہیں _____ کبھی میں نے ایسی حرکتیں کی ہیں _______؟؟؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

پھر بھی آپ میری تعریف نہیں کرتی_____یوشع نے عکاشہ کے منہ پر ہاتھ رکھا مگر وہ چیخ رہا تھا

ماما یہ بکواس کر رہا ہے آپ اس کی کسی بات پر دھیان مت دیں۔ میں ایسا نہیں ہوں______یوشع نے کہتے ہوئے کال کاٹ دی۔

تیری تو______کال بند کرتے ہی یوشع نے عکاشہ کی پٹائی شروع کر دی۔

عجیب شخص ہے پل میں تولہ پل میں ماشہ_____مگر میں کیوں اس کے بارے میں سوچ رہی ہوں کیا میں اسے مس کر رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟ ماہم نہ چاہتے ہوئے بھی عکاشہ کے بارے میں سوچ رہی تھی.

کس کے خیالوں میں گم ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟ حرم نے چائے کی ٹرے کارپٹ پر رکھتے ہوئے ماہم کے آگے چٹکی بجائی.

Posted On Kitab Nagri

کچھ خاص نہیں بس ویسے ہی______ماہم کے جواب پر حرم نے اسے گھورتے ہوئے چائے کا کپ دیا.

میرے خیال سے بلکہ مجھے کافی حد تک یقین ہے کہ عکاشہ تمہیں سچ مچ پسند کرتا ہے مگر کہتا نہیں ______حرم کی بات پر ماہم کے چائے منہ سے باہر آگئی.

اگر تم مزاق کر رہی ہو تو مجھے بلکل اچھا نہیں لگا لیکن اگر سیریس ہو تو ثبوت دو______ماہم کی بات پر حرم کو حیرت ہوئی وہ تو سوچ رہی تھی کہ یہ برا منائے گی.

چاہے جانے کا احساس لڑکے اور لڑکی دونوں کے لیے ہی بہت خوش کن ہوتا ہے_________حرم نے ماہم کو دیکھتے ہوئے کہا جس پر ماہم نے کندھے اچکا دیے.

دیکھو میں نے محسوس کیا ہے کہ وہ جب بھی مجھ سے بات کرتا ہے اس کی گفتگو کا محور صرف "تم" ہوتی ہو. آخر اسے تم میں دلچسپی ہے تو تب نا!!!!!_______حرم نے اپنا تجزیہ پیش کیا

Posted On Kitab Nagri

اگر ایسا ہے تو وہ مجھے اتنا ستاتا کیوں ہے-------؟

اور جان بجھ کر تمام وہ حرکتیں کرتا ہے جس سے مجھے تکلیف پہنچے جبکہ محبت کرنے والے شخص کو ہم تکلیف دے ہی نہیں سکتے.

میں اس کے لیے صرف entertainment piece ہوں اور بس______ماہم نے دکھ سے جواب دیتے ہوئے سر نفی میں ہلایا.

پتہ میرا ابھی دل کرتا ہے کوئی ایسا ہو جس کے لیے میں بہت خاص ہوں.

جسے میرے ہونے نہ ہونے سے فرق پڑے____جسے میں نخرے دکھاؤں تو وہ خوشی خوشی اٹھانے_____جس سے میں جھوٹ بولوں تو وہ اسے سچ مانے مگر_____ماہم بولتے بولتے ایکدم خاموش ہو گئی.

مگر کیا-------؟ حرم دلچسپی سے ماہم کے تاثرات نوٹ کر رہی تھی.

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مگر میری زندگی میں ایسا کوئی نہیں ہے. ماہم نے منہ بناتے ہوئے چائے کا کپ ٹرے میں رکھا

یہ تو سب ہی چاہتے ہیں میں بھی _____ حرم نے کہا

نہیں تم میں اور مجھ میں بہت فرق ہے. میں شاید تمہیں سمجھا نہیں پا رہی ہوں .

تم اپنے والدین کو بہت یاد کرتی ہو. شاید اس لیے چھوٹی چھوٹی باتوں کو بہت محسوس کرتی ہو۔ حرم نے چائے کا گھونٹ بھرا۔

ورنہ اس دنیا میں سب ہی نا مکمل ہیں۔ یقین مانو میں نے ایسے لوگ دیکھے ہیں جو بظاہر بہت زبردست زندگی بسر کر رہے ہیں. مگر جب ان سے بات کی جائے تو وہ اپنی زندگی سے مطمئن نہیں ہوتے .

اس لیے سب سے پہلے تم احساس کمتری سے باہر نکلو پلیززززز _____ حرم کی باتوں پر ماہم نے سر ہلایا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تم نے بات ہی ساری گھمادی میں یہ پوچھ رہی تھی کہ اگر عکاشہ تمہیں "پرپوز" کرے تو تمہارا جواب کیا ہو گا....؟

اچھا تو اتنے دنوں سے یہ سوال تمہارے دماغ میں گھوم رہا تھا....؟ ماہم نے اسے گھور کر دیکھا

ہاں بلکل______ مجھے تمہارا ردعمل دیکھنا ہے. حرم پرجوش ہوئی .

تمہارے خیال سے میرا جواب کیا ہونا چاہیے------؟ ماہم نے حرم کی دلچسپی دیکھتے ہوئے سوال کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کوئی پوچھنے والی بات ہے. کنفرم "ہاں"_______ حرم خوش تھی .

تو پھر میرا جواب "نہ" ہے______ ماہم نے اطمینان سے جواب دیا.

Posted On Kitab Nagri

مگر کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔؟حرم کو شدید حیرت ہوئی

کیونکہ میں اس کے ساتھ اچھی نہیں لگوں گی. یہ ایک بے جوڑ شادی ہو گی اور جلد ہی ٹوٹ جائے گی ____ماہم کے انتہائی سفاک تجزیہ پر حرم سکتے میں آگئی.

تم صرف ایک ناشکری لڑکی ہو میں نے سوچا تھا کہ "ہم" دونوں کوشش کر کے تم دونوں کو ایک پیارے سے کپل کی شکل دیں گے مگر نہیں______حرم افسوس سے سر ہلاتی ٹرے لے کر جانے لگی

ہم سے کیا مراد ہے تمہاری____ایک تو تم اور دوسرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟ماہم کے لیے دوسرا شخص اہم تھا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں اور فائق____حرم کا جواب ماہم کے لیے سرپرائز تھا.

یہ سب کب ہوا ___ مجھے کیوں نہیں پتہ چلا ____ مجھے بتائے بغیر ہی "ہم" ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے غصہ کیا

Posted On Kitab Nagri

ہم سنگل لوگوں سے بات نہیں کرتے. اگر تم ہم سے بات کرنا چاہتی ہو تو تمہیں بھی ہم ہونا پڑے گا
____حرم کے چہرے پر انوکھی خوشی تھی.

خیالی پلاؤ بنانا بند کرو. وہ جس کا نام عکاشہ ہے نااااسے آنے تو دو.

اس سے تم واقف نہیں ہو وہ خود تو ہم ہو گا نہیں الٹا تم سب کو بھی سنگل کر دے گا. ماہم نے ہنستے ہوئے انجوائے کیا.

ماہم کی بچی مجھے بد دُعا دے رہی ہو ____ حرم جارحانہ عزائم سے واپس پلٹی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بد دُعا نہیں دے رہی بتا رہی ہوں کیونکہ وہ ہر چیز کو الٹ پلٹ کر دیتا ہے اسے سیدھی چیزیں پسند نہیں.

اگر غلطی سے کسی دن اس سے کوئی سیدھا کام ہو گیا تو وہ معجزہ ہو گا _____ ماہم دوبارہ اپنی کتابیں کھولنے لگی

Posted On Kitab Nagri

چلو دیکھتے ہیں کہ اس دفعہ کیا ہوتا ہے. محبت تو بڑوں بڑوں کو ہلا کر رکھ دیتی ہے یہ عکاشہ کس کھیت کی مولی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟ حرم کی بات پر ماہم نے بے ساختہ قہقہ لگایا

یہ تمہیں اتنی ہنسی کس خوشی میں آرہی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟ حرم نے پوچھا

اگر عکاشہ سن لے کہ تم نے اس کا نام "مولی" رکھا ہے تو سوچو وہ تمہارے کیسے کیسے نام رکھے گا ؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیونکہ بنیادی طور پر یہ اس کی فیلڈ ہے بس مجھے یہ سوچ کر ہنسی آرہی ہے.

ماہم کے جواب پر حرم نے ٹرے سائیڈ ٹیبل پر رکھی اور کشن سے ماہم کو مارنے لگی.

رہتی میرے ساتھ ہو اور ہمدردی دشمنوں سے ___ غدار _____ حرم کے بولنے پر ماہم سوری کہتی اپنے آپ کو بچانے لگی.

Posted On Kitab Nagri

جو نیوز ابھی ابھی ٹی وی چینلز پر نشر ہو رہی تھی اس نے یوشع کے قدموں سے زمین کھینچ لی۔وہ ریموٹ پھینکتا ہوا بجلی کی تیزی سے اپنے کمرے سے نکلا

بابا سائیں بابا سائیں______زور زور سے باپ کو آوازیں دیتے ہوئے وہ ادھر ادھر دیکھنے لگا جس کی آواز پر بہت سے نوکر لیونگ روم میں اکٹھے ہو گئے تھے

نوید گاڑی نکالو_____عکاشہ کہاں ہے------؟؟؟

ہم ابھی اسی وقت اسلام آباد جا رہے ہیں_______یوشع مسلسل موبائل پر کسی کا نمبر بھی ڈائل کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم کے پوچھنے پر یوشع نے ایک نظر اپنی ماں کو دیکھا جس کے پیچھے بڑی سرکار کی فکرمند شکل بھی نظر آ رہی تھی

مبارک ہو_______ آپ لوگوں کی دلی مرادیں پوری ہو گئی ہے۔عدن آنٹی کی یونی میں آگ لگی ہے اور ان کا فون رسپانس نہیں کر رہا۔

جبکہ پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی جو ابھی عکاشہ کے ساتھ ڈیرے سے گھر میں داخل ہوئے تھے یہ الفاظ سن کر سکتے میں آ گئے۔

ماما کی یونی میں آگ_____ مگر کب_____ کیسے۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کے چیخنے پر حیدر آفندی کو ہوش آیا۔عکاشہ عدن کا نمبر ملانے لگا

چلیں______ یوشع نے چلنے کا اشارہ کیا۔حیدر آفندی ابھی تک لیونگ روم کی دہلیز پر کھڑے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر اور یوشع ______ تم لوگ کہیں نہیں جاؤ گے۔بڑی سرکار کی آواز پر یوشع پلٹا جبکہ عکاشہ نے کان ساتھ لگے فون پر زیادہ توجہ دی جو کسی نے اٹینڈ کر لیا تھا

ٹھیک ہے میں نہیں جاتا _____ یوشع کہتا ہوا صوفے پر گرنے کے انداز میں بیٹھ گیا جب کہ حیدر آفندی نے حیرت سے بڑی سرکار کی طرف دیکھا

بڑی سرکار نے سب پر ایک مغرورانہ نظر ڈالی (جیسے جتلا رہی ہوں کہ میں کیا ہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟) اور اپنے کمرے کی طرف پلٹیں۔

میں جاؤں گا _____ اور اگر آپ نے آج مجھے روکا تو میرا مرا ہوا منہ دیکھیں گی اسے میری دھمکی مت سمجھنا۔

حیدر آفندی کی آواز نے گویا بساط ہی پلٹ دی ______ یوشع داد دینے والے سٹائل میں صوفے سے اٹھا اور حیدر آفندی کے قریب پہنچا

Posted On Kitab Nagri

امپریسو بابا جانی____میں متاثر ہوا اور باپ کا کندھا تھپک کر باہر کی طرف بڑھ بڑھنے لگا۔

اب تم بڑھاپے میں مجھے بلیک میل کرو گے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار کی کاٹ دار آواز گونجی

نہ میں نے آگے کبھی بلیک میل کیا ہے اور نہ اب کروں گا۔۔۔۔۔؟؟؟

مگر یہ سچ ہے کہ اگر آپ نے مجھے آج جانے سے روکا تو پھر آپ میر امر امنہ دیکھیں گئی______حیدر آفندی کے جواب پر بڑی سرکار نے ایک نفرت بھری نظر عکاشہ پر ڈالی اور اپنے کمرے کی طرف چلی گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع مت جاؤ______راشدہ بیگم نے سب کو جاتا دیکھ کر کمزور سی آواز میں اپنے بیٹے کو پکارا

میں نہ جاتا مگر جتنا مان اس کے بیٹے نے آپ کو دیا ہے مجھے وہ لوٹانا ہے "یوشع حیدر آفندی" کسی کا ادھار نہیں رکھتا______یوشع دروازے سے ہی جواب دے کر پلٹ گیا

Posted On Kitab Nagri

یارررررر بھائی________آپ کو کم از کم بابا کی گاڑی میں آنا چاہیے تھا۔وہ پریشان ہیں کہیں کچھ الٹا سیدھا نہ کر دیں______عکاشہ کو اپنے باپ سے ہمدردی ہوئی

"سیدھے "____کا لفظ استعمال مت کرو۔وہ ہمیشہ "الٹا"______ہی کرتے ہے۔مگر آج نہیں کریں گے۔یوشع نے ڈرائیو کرتے ہوئے عکاشہ کو آنکھ ماری

اگر میری ماں آپ کی وجہ سے "بیوہ"ہوئی تو میں "بکری کا بچہ "نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔عکاشہ کی دھمکی پر یوشع نے قہقہ لگایا

چھوٹی ماما آگے کون سی شادی شدہ زندگی گزار رہی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

اور رہی بات "بکری کے بچے"کی تو اسے میں خود اپنے ولیمے پر ذبح کر دوں گا۔اب خوش______یوشع نے عکاشہ کی گال پر چٹکی کاٹی

آپ کو سچ بتا دینا چاہیے تھا۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کی بات یوشع نے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

تم چاہتے ہو کہ "فلم کا کلائمکس" خراب ہو جائے______یار کم از کم ہیرو ہیروئن کا "ملن" تو زبردست ہونا چاہیے۔یوشع نے کہتے ہوئے اپنی آنکھ ونک کی

ایسی حرکتیں کر کے آپ ثابت کر رہے ہیں کہ آپ بالکل (گدھے ہیں)_____عکاشہ نے اپنی زبان کو لگام دی۔کیونکہ وہ پیدل یونی نہیں پہنچنا چاہتا تھا۔

کہ میں بالکل تمہارا بھائی ہوں_____یوشع کے جواب پر عکاشہ ہنسنے لگا

دونوں گاڑیاں آگے پیچھے یونی پہنچیں۔مگر وہاں کے حالات دیکھ کر حیدر آفندی حیران رہ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آگ کہاں لگی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے انتہائی غصے سے یوشع کی طرف دیکھا جو عکاشہ کے ساتھ کھڑا انہیں کا انتظار کر رہا تھا۔

یونی کے دوسرے کیمپس میں آگ لگی ہے مگر یہاں بھی ایک آگ ہے جسے صرف آپ بجھا سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

بابا سائیں میں نے عدن آنٹی سے وعدہ کیا تھا کہ میں آپ کو لے کے ان کی "دہلیز" پر آؤں گا مجھے بہت اچھا لگا کہ ابھی بھی آپ کے دل میں ان کی محبت زندہ ہے ورنہ آج آپ ایسے بڑی سرکار سے بات نہ کرتے۔

یہاں تک آ ہی گئے ہیں تو ان سے مل لیں______یوشع کہ جواب پر حیدر آفندی نے ایک زوردار تھپڑ اسے رسید کیا

شرم نہیں آتی ایسا مذاق کرتے ہوئے _____ میں تمہارا باپ ہوں تم مجھے کیا سمجھتے ہو ؟؟؟_______

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع نے خاموشی سے سر جھکا دیا کیونکہ اس وقت وہ حیدر آفندی کی ذہنی کیفیت سے بخوبی واقف تھا۔

حیدر آفندی کچھ دیر سوچنے کے بعد یونی کے اندر چلے گئے۔ جس پر عکاشہ شدید حیران ہوا

Posted On Kitab Nagri

یہ ماما سے ملنے جارہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ بے یقین تھا

نہیں اپنی بیگم سے ______یوشع بالکل مطمئن گاڑی کے بونٹ پر چڑھ کر بیٹھ گیا

عکاشہ کچھ دیر یونی کے گیٹ کو دیکھتا رہا اور پھر خود بھی اندر جانے لگا

اب تم کہاں چل دیے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟"دس سال" بعد جو دونوں مل رہے ہیں انہیں "دس منٹ" تو تنہائی کے دو_____یوشع کی آواز پر عکاشہ پلٹا

بھائی یاررر وہ کیا ہے نااا کہ ہمارے یہاں "بکری کا بچہ" نہیں ہوتا تو ________ عکاشہ نے اپنی مسکراہٹ دبائی جبکہ یوشع اس کی بات کا مطلب سمجھ گیا۔

تو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے نا سمجھی سے پوچھا

تو یہ کہ یہاں سگنلز نہیں آرہے ہے______عکاشہ نے اپنے موبائل کی طرف اشارہ کیا

Posted On Kitab Nagri

تیرے یا موبائل کے ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کے پوچھنے پر عکاشہ قہقہ لگاتا ہوا یونی کی طرف بڑھ گیا کیونکہ آج اتنے دنوں بعد ماہم کو تنگ کرنا تھا۔

کبھی کبھی محبت میں بندہ خامخواہ بدنام ہو جاتا ہے اب مجھے یہ ساری زندگی بکری کے بچے کا طعنہ دے گا. امشال بی بی بس کچھ دن اور_____ پھر میرا انتظار ختم اور تمہارا شروع_____ اچھی لگو گی جب میں کمرے میں داخل ہوں گا تو تمہیں اپنا منتظر پاؤں گا .

یوشع مسکراتا ہوا بونٹ سے چھلانگ مار کر اترا اور یونی کے گیٹ کی طرف چل دیا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدن اپنے کام میں بری طرح مصروف تھی جب ایک جانی پہچانی سی خوشبو اس سے ٹکرائی۔

حیدر بھی یہی پرفیوم استعمال کرتے ہیں کتنی پیاری خوشبو ہے_____ عدن سوچتے ہوئے مسکرانے لگی

Posted On Kitab Nagri

مگر پھر وہ خوشبو تیز سے تیز ہوتے ہوئے عدن کے قریب تر ہونے لگی جس پر عدن نے اوپر کی طرف دیکھا اور پھر دیکھتی ہی رہ گئی۔

"بس نظروں سے اوجھل ہونے کی دیر تھی______لوگ یاداشت کے بڑے کمزور ثابت ہوئے"
حیدر کی آواز پر عدن کو ہوش آیا

حیدر آپ_________عدن اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی۔جب کہ حیدر نے آگے بڑھ کے انہیں اپنے ساتھ لگالیا

عدن کی آنکھوں سے پانی رواں تھا جس نے جلد ہی حیدر کی شرٹ بھگو دی۔بڑی لمبی مسافت تھی جو اب ختم ہوئی۔

یونہی تو پلکوں پہ یاقوت نہیں آویزاں—
کچھ تو ہے جو میرے سینے میں پگھلتا ہو گا

Posted On Kitab Nagri

اس وقت سبھی خوش گوار موڈ میں کھانا کھا رہے تھے. دس سال بعد آج پھر حیدر کی ہنسی عدن کے فلیٹ میں گونج رہی تھی.

وہ کھانا کھاتے ہوئے بار بار حیدر کو چور نظروں سے دیکھتیں جو یوشع اور عکاشہ کی باتوں پر ہنس رہے تھے.

اگر کوئی عدن سے اس وقت پوچھتا کہ کھانے کے دوران حیدر نے کتنے لقمے لیے ______ یا پانی کے کتنے گھونٹ پیئے ______ یا وہ کتنی بار ہنسے تو عدن بلا جھجک درست تعداد بتا سکتی تھیں.

ماما آج کھانا آپ نے اچھا بنایا ہے ورنہ روز تو ______ عکاشہ نے شرارت سے حیدر آفندی کو دیکھتے ہوئے ٹشو سے ہاتھ صاف کیے.

آج سے کیا مراد ہے ______ میں نے جتنی بار بھی چھوٹی ماما کے ہاتھ کا کھانا کھایا ہے وہ مزے دار ہی تھا. یوشع کی تعریف پر عکاشہ نے تاسف سے سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

آپ نے اور انھوں نے میری ماں کو اس خوش فہمی میں مبتلا کر رکھا ہے کہ وہ ایک بہترین شیف ہیں. حالانکہ کے حقیقت اس کے بلکل برعکس ہے. یہ صرف سینڈوچ مزے کے بناتی ہیں. عکاشہ دستر خوان سے پیچھے ہٹتے ہوئے صوفے سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا.

خیر اب تم زیادتی کر رہے ہو عدن سے اچھا کھانا کوئی بنا ہی نہیں سکتا______ حیدر آفندی کی تعریف پر عدن کھل اٹھیں اور دستر خوان سے برتن سمیٹنے لگیں.

آپ تو کہیں گے_____ بندہ دس سال بعد اتنا بھی نہ کہے تو بڑی شرم کی بات ہے_____ مگر میں نہیں کہہ سکتا. عکاشہ نے معزرت کی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اصل میں تمہارے ساتھ "گھر کی مرغی دال برابر" والی صورتحال ہے. روزانہ مزے کے کھانے کھا کر تم ناشکری ہو گئے ہو. تمہیں قدر نہیں______ یوشع نے بھی کھانے سے ہاتھ اٹھا کر کارپٹ پر اپنی ٹانگیں سیدھی کیں اور عکاشہ کے برابر بیٹھ گیا.

Posted On Kitab Nagri

میرے دونوں بچے ہی بہت پیارے ہیں بلکل اپنے بابا کی طرح______آج کتنی رونق لگی ہوئی ہے ان کے دم سے_____عدن نے دل میں دونوں کی نظر اتاری.

آپ براہ راست حیدر صاحب کی تعریف کر سکتیں ہیں. ہمارا سہارا لینے کی ضرورت نہیں. ہم بلکل برا نہیں منائیں گے______عکاشہ کے جواب پر حیدر مسکرا دیے.

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

بیٹا سائیں تم ہماری بیوی کے ساتھ کچھ زیادہ ہی سختی سے پیش آتے ہو زرا تمہاری بیگم صاحبہ آجائے پھر بات کریں گے کہ کون کتنا سگھڑ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بھائی کی بیگم تو خیر آپ کی بیوی سے ہار جائے گی مگر میری تو پھر میری ہو گی______وہ ضرور آپ کی بیوی کو ٹف ٹائم دے گئی. عکاشہ نے چہکتے ہوئے جواب دیا۔

ہاں یہ تو ہے۔ اب سارا دن بکریاں چرانے والی کو کیا پتہ کہ سلیقہ اور گھرداری کیا ہوتی ہے __________؟؟؟

مجھے یوشع کی پسند سخت ناپسند ہے مگر ________ پتہ نہیں بڑی سرکار کا کیا درعمل ہو گا ___________؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

عدن اس لڑکی سے ہزار درجے بہتر ہے مگر ابھی تک انھوں نے اسے قبول نہیں کیا تو وہ لڑکی __________حیدر آفندی نے پر سوچ انداز میں کہا

آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے میں سب دیکھ لوں گا_____ میری فکر چھوڑیں اور یہ سوچیں کہ نوید کو وہ کیسے قبول کریں گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع نے موضوع بدلا اسے حیدر آفندی کا یوں امثال کے بارے میں کہنا سخت برا لگ رہا تھا

یہ تو گاؤں چل کر پتہ چلے گا کہ بڑی سرکار کا موڈ کیسا ہے_____ وہ مجھ سے ناراض ہوں گی. میں نے انھیں ابھی منانا بھی ہے. حیدر آفندی افسردہ ہوئے

عدن کچن میں قہوہ بناتے ہوئے سب کی گفتگو غور سے سن رہیں تھیں.

تمہیں جو لڑکی پسند ہے وہ کیسی ہے میرا مطلب اس کا خاندان، سٹیٹس وغیرہ_______ حیدر آفندی نے عکاشہ سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے تو کوئی لڑکی نہیں پسند_______میں تو اپنی ماما کی پسند سے کروں گا_____عکاشہ کے جواب پر حیدر آفندی کے ساتھ ساتھ پاس بیٹھے یوشع نے بھی اسے حیرت سے دیکھا

اچھاااااااااااا________یوشع نے اچھا کو خوب لمبا کیا.

میں کوئی آپ کی طرح نافرمان تھوڑی ہوں باوجود مسز آفندی کے ساتھ لاکھ اختلافات کے میں شادی انھی کی پسند سے کروں گا______عکاشہ نے گردن موڑ کر کچن میں کھڑی عدن کو دیکھا جو قہوہ پیالیوں میں انڈیل رہیں تھیں.

دیکھا اسے کہتے ہیں تربیت_______حیدر آفندی کو عدن پر رشک آیا.

یوشع مجھے تمہارے فیصلے سے اختلاف ہے مگر______حیدر آفندی مگر پر رک گئے کیونکہ یہ ان کا "فسادی بیٹا" تھا جس کی بات نہ ماننا فساد کو دعوت دینے کے برابر تھا.

Posted On Kitab Nagri

آپ تو ابھی سے اس کے پیچھے پڑ گئے ہیں. پہلے آتو لینے دیں پھر دیکھتے ہیں کہ آپ کو میرا فیصلہ کیسا لگے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

وقت سے پہلے بات کرنا فضول ہے______یوشع کا اعتماد عدن کو بہت اچھا لگا

وہ لڑکی کتنی پڑھی لکھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے قہوے کی ٹرے نیچے کارپٹ پر رکھی تو سب سیدھے ہو کر بیٹھ گئے

پڑھائی کا تو پوچھیں مت______ محترمہ بکریوں کی ڈاکٹر ہیں اور کھیلوں کا شوق بھی کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے. پہاڑوں پر یوں چڑھتی ہیں کہ دیکھنے والا حیران رہ جائے_______عکاشہ نے ابھی اتنا ہی بولا تھا کہ یوشع نے اس کی بازو مروڑ دی.

اب اگر تو نے "بکریوں یا بکری کے بچے "کا ذکر کیا تو میں نے تجھے "قربانی کا بکرا" بنا دینا ہے .

Posted On Kitab Nagri

بول سوری_______کہہ آئندہ نہیں بولے گا______یوشع اب سچ مچ غصہ میں تھا جبکہ عدن کی جان پر بن گئی تھی.

یوشع اسے چھوڑ دو اس کی بازو ٹوٹ جائے گی______عدن نے یوشع سے کہا

پہلے یہ توبہ کرے گا پھر______اس نے میرا دماغ کھا لیا ہے. یوشع کے زور دینے پر بھی عکاشہ انکاری تھا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے اسی چیز کا ڈر تھا آخر وہ "دم کٹی مرغی" اپنی جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئی۔پہلے اپنے بیٹے کو بہانے سے گاؤں میں بھیجا اور اب میرے بیٹے کو اپنے پاس بلا لیا ہے۔

حیدر نے کبھی اتنی نافرمانی نہیں کی جتنی وہ آج کر کے گیا ہے میں اسے ہرگز معاف نہیں کروں گی______بڑی سرکار شدید غصے میں تھیں جبکہ راشدہ بیگم اور بتول خاموش تماشائی بنے ہوئے تھے

Posted On Kitab Nagri

جتنی محبت آج انھوں نے حیدر آفندی کی آنکھوں میں عدن کے لئے دیکھی تھی اس نے انہیں حیران کر دیا تھا۔

زبردستی آپ کسی کے سر پر مسلط تو ہو سکتے ہیں مگر اس کے دل پر قبضہ نہیں کر سکتے________راشدہ بیگم کو یہ بات آج بخوبی سمجھ آگئی تھی

کاش میں نے پہلے ہی اسے طلاق دلوادی ہوتی۔تو آج یہ نوبت نہ آتی۔یہ عشق کا بھوت بڑھاپے میں بھی نہیں اترا_________بڑی سرکار نے ایک بات پھر چیزوں کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے اپنا غصہ نکالا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے لڑکی ذرا حیدر کو فون کر اور اس سے پوچھ کے آج واپس آنا ہے یا اسے دفنا کر ہی آئے گا

________بڑی سرکار کے کہنے پر بتول نے حیدر فندی کو کال کی مگر بلز جانے کے باوجود بھی کال اٹینڈ نہیں ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

بالآخر اس نے میسج چھوڑ دیا کہ "آپ کو بڑی سرکار یاد کر رہی ہیں۔ شدید غصے میں ہیں۔ انہیں کال کر لیں______بتول نے میسج کرنے کے بعد بڑی سرکار کی طرف دیکھا جو سامنے دیوار پر لگی دادا جی کی تصویر کو گھور رہی تھیں

وہ چچا سائیں کال نہیں اٹھا رہے تو میں نے میسج بھیج دیا ہے بتول نے ڈرتے ڈرتے بتایا

بڑی سرکار ماسٹر جی کی بیٹی آئی ہے۔ کہتی ہے آپ سے ملنا ہے______اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتیں اتنی دیر میں ایک ملازم نے اندر داخل ہوتے ہوئے بڑی سرکار سے کہا جسے سن کر بڑی سرکار کے چہرے پر ایک شاطرانہ مسکراہٹ پھیل گئی

تم دونوں اندر جاؤ۔ میں ذرا اس لڑکی کو دیکھ لوں______بڑی سرکار کے حکم پر راشدہ بیگم اور بتول نے شکر کا کلمہ پڑھا اور اندر کی طرف چل دیں۔

بھیجو اسے______بڑی سرکار نے اپنے ازلی سخت لہجے میں حکم دیا

Posted On Kitab Nagri

انتہائی معمولی کپڑے_____پاؤں میں پلاسٹک کی چپل______سر پر ایک پرانی چادر________ جیسے ہی امثال نے لیونگ روم میں قدم رکھا بڑی سرکار نے اس کا تفصیلی جائزہ لیا

سلام بڑی سرکار______امثال نے کسی بھی قسم کی شان و شوکت سے متاثر ہوئے بغیر بلند آواز میں کہا

میں تمہاری بہادری کی داد دیتی ہوں________بڑی سرکار نے سلام کا جواب دیئے بغیر اس پر طنز کیا

بہادری______امثال نے زیر لب دہرایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں بہادری_____اپنی اور ہماری حیثیت کا فرق تو تم نے گیٹ سے یہاں تک پہنچنے میں لگا ہی لیا ہو گا پھر بھی سر اٹھا کر کھڑی ہو۔ بڑی سرکار کی بات پر امثال ہنسی

اگر یہی بات آپ اپنے پوتے اور بیٹے کو بھی بتا دیتیں تو میں آج یہاں نہ ہوتی_____امثال کا جواب بڑی سرکار کو آگ لگا گیا

Posted On Kitab Nagri

لڑکی اپنی اوقات مت بھولو____بڑی سرکار نے اپنی تخت نما کرسی سے کھڑے ہوتے ہوئے چیخ کر کہا

میں آپ کو اپنی اوقات ہی بتانے آئی ہوں۔میں صرف غریب نہیں بلکہ انتہائی غریب ہوں۔صدقہ اور زکوۃ کے پیسوں سے میری پرورش ہوئی ہے۔

تعلیم صرف میٹرک ہے ۔کسی قسم کا کوئی سلیقہ مجھ میں نہیں اور ایک راز کی بات بتاؤں ______؟؟؟

میں بہت بدزبان بھی ہوں۔کسی چھوٹے بڑے کی عزت کرنا مجھے نہیں آتی______امثال اپنے جتنے گر بتارہی تھی وہ بڑی سرکار کے لئے حیران کن تھے

تو______؟؟؟بڑی سرکار نے نخوت سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

تو یہ کہ میں کافی حد تک منحوس بھی ہوں اگر صبح کہیں جاتے ہوئے کوئی مجھے دیکھ لے تو اس کا کام نہیں ہوتا الٹا وہ مصیبت میں پھنس جاتا ہے_______ امثال کی باتیں بڑی سرکار کے خدشے کو درست ثابت کر رہی تھی کہ وہ کیا کہنے والی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

سیدھی طرح بات کرو میرے پاس تم "کمی کمینوں" کے لئے وقت نہیں_________ بڑی سرکار کی دھار پر ایک منٹ کے لئے امثال کا دل کانپا۔

اگر آپ کا بیٹا اور پوتا مجھے زبردستی اس حویلی میں لائے تو اپنی بربادی کے خود ذمہ دار ہوں گے_____ آگے آپ کی مرضی، سو منحوس مرے تھے تب کہیں جا کر میں پیدا ہوئی تھی_____ امثال نے بہت ہمت جمع کرتے ہوئے انھیں ڈرایا

اچھا تو یہ بات ہے۔ لڑکی دن میں خواب دیکھنا چھوڑ دوں۔ تم سے تو اچھی حالت میں ہماری حویلی کی نوکرانیاں ہیں۔ بڑی سرکار نے طنز کیا جب کہ اندر ہی اندر وہ خود بھی ڈر گئی تھیں۔

پھر بھی آپ کا پوتا میرے پیچھے پھرتا ہے کافی گندہ ذوق ہے______ امثال نے افسوس کیا

Posted On Kitab Nagri

دفع ہو جاؤ اور دوبارہ اس حویلی کی طرف مڑ کر نہ دیکھنا______ رہی بات یوشع کی تو اسے میں خود دیکھ لوں گی۔

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ وہ تم جیسی گندی لڑکی کی طرف دیکھے بھی______ میرے پوتے پر دوبارہ الزام لگایا تو جان لے لوں گی۔بڑی سرکار کے جواب پر امثال نے خود کو دل میں داد دی۔وہ یہی چاہتی تھی۔

یوشع اور تم________ زمین آسمان کا فرق ہے۔میری نظروں سے دور ہو جاؤ۔بڑی سرکار کا آگے ہی دماغ خراب تھا جو کسر رہ گئی تھی وہ امثال نے پوری کر دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کاش میں اس "سردار کے بچے" کی بے عزتی بڑی سرکار کے ہاتھوں اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتی کتنا مزہ آتا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

مگر افسوس کہ میں اس چیز سے محروم رہوں گی______حویلی سے باہر نکلتے ہوئے اپنے دل میں یوشع کی بے عزتی پر خوش ہوتی امثال گیٹ کی طرف چل دی اس بات سے بے خبر کے اب یوشع کے ہاتھوں اس کا کیا حال ہو گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اتنے عرصے بعد آئے ہیں۔ کچھ دن تو میرے پاس رہیں۔ ابھی تو مجھے یقین بھی نہیں آیا کہ آپ مجھ سے ملنے آئے ہیں______حیدر کے منہ سے جانے کا سن کر عدن نے لاڈ سے ان کا ہاتھ پکڑا

دل تو میرا ابھی نہیں کر رہا۔ مگر کیا کروں۔۔۔۔۔؟؟؟ گاؤں میں بہت سے کام ادھورے پڑے ہیں اگر میں یہاں کچھ دن یہاں رہ گیا تو وہ بگڑ جائیں گے______عدن کے ہاتھ پر حیدر نے اپنا ہاتھ رکھا

یعنی آپ جانے لگے ہیں______عدن نے غصے سے اپنا ہاتھ چھڑایا

Posted On Kitab Nagri

اب یہ تو غلط بات ہے____ایک تو آپ کے لاڈلوں نے اتنی ایمر جنسی میں مجھے بلایا۔

میرا دل کئی بار دھڑکتے دھڑکتے رکنے لگا تھا جو تھوڑی دھڑکن آپ کو دیکھ کر معمول پر آئی ہے۔اب آپ کی ناراضگی سے پھر بگڑنے لگی ہے۔

اس عمر میں دل ہماری نہیں سنتا۔خاصا خود سر ہو گیا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ روٹھ جائے اور ہم آپ سے ہمیشہ کے لیے دور ہو جائیں______حیدر نے زبردستی عدن کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا

حیدر آپ نہیں بدلے_____پہلے دن سے لے کر آج تک آپ اتنی ہی فضول باتیں کرتے ہیں جتنی تب کرتے تھے____عدن نے نفی میں سر ہلایا

مجھے آپ کی طرح لفظوں سے کھیلنا نہیں آتا۔اب میں کیا کروں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے کندھے اچکائے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ یہ کریں کہ جتنے دن عکاشہ کو اپنے پاس رکھا تھا کم از کم اتنے دن میرے پاس رہیں تا کہ میری تنہائی کا کچھ مداوا ہو سکے_____عدن کی بات پر حیدر مسکرانے لگے

سادہ الفاظ میں آپ یہ چاہتی ہیں کہ بڑی سرکار مجھے حویلی سے نکال دیں اور میں ہمیشہ کے لئے آپ کے پاس آجاؤں۔ کیوں کہ میرا اور کوئی ٹھکانہ نہیں ہے_____حیدر کی بات پر عدن نے زور زور سے سر ہلایا

حیدر کی جان_____یہ بہت غلط بات ہے۔ آپ مجھے جانے دیں پھر انشاءاللہ جلدی چکر لگاؤں گا۔ اب تو قسم ٹوٹ گئی ہے_____حیدر آفندی کہہ کر اٹھنے لگے مگر عدن نے انہیں اٹھنے نہیں دیا بلکہ اپنا سر ان کے کندھے پر رکھ دیا

آپ کہیں نہیں جا رہے اور بس_____اتنے لاڈ اور مان سے کہا گیا کہ حیدر کے پاس اب ماننے کے سوا کوئی چارہ باقی نہیں بچا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے جو آپ کا حکم_____ حیدر کے کہنے پر عدن مسکرائیں تبھی حیدر کے موبائل پر بتول کا میسج آیا

ارے اتنی کالززززز مجھے کیوں نہیں پتا چلا۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے میسج پڑھنے کے لئے موبائل نکالا تو کالزز دیکھ کر حیران رہ گے۔

کیوں کہ آپ کا موبائل سائلینٹ پر تھا تو کیسے پتہ چلتا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کے جواب پر حیدر نے انہیں گھور کر دیکھا جو کندھے کے ساتھ چپکی ہوئی تھیں۔

یہ دیکھو بڑی سرکار بلا رہی ہیں۔اب بتاؤ کیا کروں۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے موبائل عدن کے آگے کیا

عدن نے ایک نظر موبائل پر ڈالی اور یوشع کو آواز دی جس پر حیدر حیران ہوئے

اس گدھے کو کیوں بلا رہیں ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر کے الفاظ ابھی منہ میں ہی تھے کہ یوشع اور عکاشہ فورا کمرے میں داخل ہوئے

Posted On Kitab Nagri

تم دونوں کیا دروازے ساتھ چپکے ہوئے تھے ____ جو فوراً ہی ایک آواز پر حاضر ہو گے ہو ____؟؟؟

حویلی میں تو تمہیں دس بار نوکر بلانے جائیں تب آتے ہو____ حیدر نے آخری جملہ یوشع کو دیکھتے ہوئے کہا

شکر ہے آپ لوگوں نے ہمیں یاد کر لیا۔ ورنہ دروازے ساتھ چپکے چپکے اب ہماری "گوند" بھی ختم ہونے لگی تھی____ مطلب ہم تھک گئے تھے۔ عکاشہ نے عدن کے گھورنے پر اپنا جملہ فوراً درست کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع میں نے آج حیدر کو اپنے پاس رکھ لیا ہے امید ہے آپ کو برا نہیں لگے گا____ عدن کی بات پر یوشع مسکرایا

Posted On Kitab Nagri

اب آپ ایسا کرو کہ حویلی جاؤ اور اپنی بڑی سرکار کو سنبھالو کیونکہ میں حیدر کو فلحال جانے نہیں دوں گی ______ عدن کی بات پر یوشع نے عکاشہ کی طرف دیکھا جو مسکراتے ہوئے داد وصول کر رہا تھا

یہ کمینہ مجھے اتنی دیر سے کہہ رہا تھا کہ اب آپ حویلی جائیں۔ یہاں آپ کی دال گلنے والی نہیں بابا سائیں ابھی کچھ دن یہاں رہیں گے۔

مگر میں اس کی بات کا یقین نہیں کر رہا تھا کیونکہ بابا سائین تو کہیں رہتے ہی نہیں ______ یوشع نے حیدر کی طرف مشکوک نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا

جتنی محبت یہ عورت آپ سے کرتی ہے اگر اتنی آپ کرتے تو ہم آسمان میں موجود ستاروں جتنے ہوتے ______ عکاشہ کی بات پر یوشع نے قہقہ لگایا جبکہ عدن نے اس کے سر پر تھپڑ رسید کیا۔

بکواس کرنے کے علاوہ پڑھائی بھی کر لیا کرو۔ اتنے دن یونی سے غیر حاضر رہے ہو۔ اپنا کام پتا کرو ______ تمہارے امتحانات سر پر ہیں۔ تھوڑی پڑھائی پر بھی توجہ دو۔ اٹھو یہاں سے اور صبح یونی جانے کی تیاری کرو۔

Posted On Kitab Nagri

بندہ کبھی دو محبت کرنے والوں کو نہ چھیڑے ورنہ______عدن کے اتنے لمبے چوڑے لیکچر پر عکاشہ کانوں کو ہاتھ لگاتا اٹھ کھڑا ہوا۔

پھر میں جاؤں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے بھی کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا جس پر حیدر آفندی نے عدن کی طرف دیکھا

ہاں جاؤ______عدن کے جواب پر یوشع نے ایک گہرا سانس خارج کیا۔

بڑی سرکار کو دیکھ لینا اور نوید کو میں نے جو کام کہا تھا اس سے پوچھ کر مجھے اطلاع کرنا______ حیدر آفندی کی بات پر یوشع سر ہلاتا کمرے سے باہر نکل گیا

شکر ہے کہ آپ نے میری بات مان لی______عدن نے خوشی سے حیدر کی طرف دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ کی یہ خوشی مجھے بہت بھاری پڑنے والی ہے۔ لیکن خیر بعد کی بعد میں دیکھی جائے گی۔ پہلے آپ کو دیکھ لیں______حیدر نے عدن کے گرد اپنا بازو حائل کرتے ہوئے محبت سے جواب دیا۔

عکاشہ تم نے آخر کیا لینا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

پوری مارکیٹ چھان ماری ہے۔ اب بس کرو اور اگر مزید گھومنے کا دل کر رہا ہے تو مجھے جانے دو۔ آگے ہی دیر ہو رہی ہے______یوشع نے کلائی پر بندھی قیمتی گھڑی پر اک ادا سے وقت دیکھتے ہوئے کہا

بھائی یارررررر_____اب آپ شہر آئیں ہیں تو اپنی "اُن" کے لیے کچھ لیتے جائیں ناااااانہیں اچھا لگے گا______عکاشہ کہتا ہوا ایک گفٹ شاپ میں داخل ہوا۔

یوشع نے جیسے ہی شاپ میں قدم رکھا اس کی نظر سامنے ریک پر پڑی رنگ برنگی چوڑیوں پر گئی۔ تبھی اسے احساس ہوا کہ امثال چوڑیاں نہیں پہنتی۔

Posted On Kitab Nagri

چوڑیاں مت لینا پلیز______عکاشہ نے یوشع کی نظروں کا تعاقب کرتے ہوئے بیزاری سے مشورہ دیا

کیوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے شاپ میں ادھر ادھر دیکھتے ہوئے پوچھا

چوڑیاں نازک مزاج لڑکیوں کے لیے ہوتی ہے Atlantics کے لئے نہیں______عکاشہ کے جواب پر یوشع نے اسے گھور کر دیکھا

عکاشہ یہ شاپ ہے اور میں تمہیں یہاں مارتے ہوئے خاصا برا لگوں گا_____یوشع نے دانت پیسے

یوشع نے اپنی چادر کندھے پر درست کی تبھی اس کی نظر ایک بیل نما لاکٹ پر پڑی۔

یہ دکھائیں______شاپ کیپر کے دکھانے پر اس نے وہ لاکٹ اپنے ہاتھوں میں پکڑا

Posted On Kitab Nagri

چھوٹا سا بل نما لاکٹ ایک موتی ساتھ بہت ہی خوبصورت لگ رہا تھا۔

کیا بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کے اچانک بولنے پر یوشع نے اسے غصے سے دیکھا

اب آپ نے "بکری" پر پابندی لگادی ہے تو مجھے مجبوراً "بلی" پر گزارہ کرنا پڑے گا۔

ب سے بلی____ب سے بکری____ب سے بڑی سرکار____عکاشہ ہنسا جبکہ یوشع نے وہ لاکٹ واپس کر دیا

اگر تم نے کچھ لینا ہے تو ٹھیک____ورنہ میں نے کچھ نہیں لینا۔۔۔۔۔یوشع کہتا ہوا داخلی دروازے کی طرف پلٹا

اگر آپ برا نہ منائیں تو میں آپ کی مدد کر سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ایک چیز ایسی ہے جو آپ کی "اُن" کو بہت پسند آئے گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کی مسکراہٹ گہری ہوئی جبکہ یوشع نے ابرو اچکائے

پائل_____عکاشہ نے قدرے رازداری سے کہا

پائل____مجھے یہ جیولری کبھی بھی شریف لڑکیوں کے لئے مناسب نہیں لگی۔یوشع نے ناگواری سے منع کیا

تو میں نے کب کہا ہے کہ ان کے لئے لینا______عکاشہ کے جواب پر یوشع چونکا

Kitab Nagri

تو پھر۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بے ساختہ یوشع نے پوچھا حالانکہ اسے احساس ہو گیا تھا کہ پوچھنا نہیں چاہیے تھا۔

www.kitabnagri.com

وہ اپنی بکری کے لیے_____اس طرح آپ کی "اُن" کو اپنی بکری تلاش کرنے میں آسانی رہے گی اور آپ کو انہیں_____عکاشہ نے آنکھ ماری

Posted On Kitab Nagri

ہو گیا اب چلیں ______ یوشع نے ہاتھ اٹھاتے ہوئے ہار مانی۔

نہیں ابھی مجھے میری پسندیدہ چیزیں سیل مین لا کر دے گا پھر ______ عکاشہ نے سیٹی بجائی۔

تم نے کیا لیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے پوچھا

وہ لاتا ہی ہو گا۔ دیکھ لینا۔ میں نے کونسی چھپانی ہیں ______ عکاشہ مسکرایا

اتنی دیر میں انتہائی خوفناک شکل کی چھپکلی ___ چوہا اور کاکروچ _____ جو پلاسٹک کے بنے ہوئے تھے۔ سیل مین نے لا کر شوکیس پر رکھے۔

اور ورائٹی نہیں ہے ____ میرا مطلب سانپ وغیرہ۔۔۔۔۔؟؟؟ عُکاشہ نے انہیں الٹ پلٹ کرتے ہوئے پوچھا جب کہ یوشع کا حیرت کے مارے منہ کھل گیا۔

Posted On Kitab Nagri

سانپ تو ہے مگر آپ نے کیڑے مکوڑے کہا تھا۔میں ابھی لا دیتا ہوں______سیل مین کہتا ہوا واپس سٹور کی طرف چلا گیا

یہ کیا بکواس ہے____کیوں اس کی جان لو گے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے ان چیزوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

اچھا وہ آپ کے اس اکلوتے، ننھے منے، معصوم بھائی کی جان لے______تب ٹھیک ہے اور میں لوں تو غلط۔۔۔۔۔؟

نہ بابا نہ اپنا تو اصول ہے جو جیسا کرے بالکل اس کے ساتھ ویسا ہی کرو_____عکاشہ نے کہتے ساتھ ہی یوشع کو پیمنٹ کا کہا

میں کیوں ان چیزوں کی پیمنٹ کرو۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے غصے سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

تاکہ میں اس کے سامنے قسم کھا سکوں کہ میں نے یہ نہیں خریدے_____ عکاشہ ہنسا جبکہ یوشع نے سر نفی میں ہلاتے ہوئے اپنا کریڈٹ کارڈ نکال کر کاؤنٹر پر دیا

یہ لیں سر_____ سیل مین نے دو کالے رنگ کے سانپ بھی ان کے سامان میں رکھ دیئے۔

اگر سچ مچ اس کا "ہارٹ فیل" ہو گیا تو۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟یوشع نے پیچھے بیٹھتے ہوئے ڈرائیور کو گاڑی چلانے کا اشارہ کیا

اللہ کی مرضی جی ہم کیا کہہ سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ دلچسپی سے چیزوں کا معائنہ کر رہا تھا۔

تم بہت بے حس ہو_____ لڑکیاں بہت حساس ہوتی ہیں۔یوشع نے سمجھانا چاہا

اچھاااااا_____ عکاشہ نے یوشع کی نقل اتاری جس پر یوشع نے اسے زور سے مکا مارا۔

تمہارے ساتھ بحث کرنا بالکل فضول ہے۔کچھ دیر گاڑی میں خاموشی رہی۔

Posted On Kitab Nagri

اس کا نام کیا بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟پھر یوشع نے باہر دیکھتے ہوئے
پوچھا

بکواس نام رکھا ہے جس نے بھی رکھا ہے_____عکاشہ کے جواب پر یوشع نے اسے دیکھا

ویسے بھائی یار میں سوچتا ہوں جن مردوں کے نام ساتھ "ابو" کا لفظ آتا ہے جیسے ابو بکر ،ابو حنیفہ وغیرہ

انہیں باپ بننے کی تو کوئی خوشی نہیں ہوتی ہو گی کیونکہ وہ بچپن سے ہی اپنے لئے "ابو" کا لفظ سنتے ہیں۔

بالکل ایسے ہی جن لڑکیوں کے نام "اُم" یا "ما" سے شروع ہوتے ہیں انہیں بھی ماں بننے کی کوئی خوشی نہیں ہوتی ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کا کیا خیال ہے اس بارے میں۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے سوال پر یوشع کی برداشت جواب دے گئی۔

تم اتنی بکواس کیسے کرتے ہو یہ ایک الگ مسئلہ ہے لیکن لوگ تمہیں برداشت کیسے کرتے ہیں کبھی وقت ملے تو اس بارے میں سوچنا ضرور______یوشع نے ڈرائیور کو گاڑی روکنے کا کہا

یہ پکڑو کریڈٹ کارڈ اور کیپ لے کر گھر جاؤ۔مجھے آگے ہی گاؤں سے دیر ہو رہی ہے_______یوشع نے کریڈٹ کارڈ عکاشہ کے ہاتھ پر رکھتے ہوئے اسے نیچے اترنے کا اشارہ کیا

بھائی بھائی نہ رہا______دوست دوست نہ رہا______اللہ کرے ساری بکریاں مر جائیں۔ان کی نسل ہی ختم ہو جائے۔

مجھے پتا ہے آپ کو گاؤں پہنچنے کی اتنی جلدی کیوں ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں سب سمجھتا ہوں۔بچہ نہیں ہوں_____عکاشہ اترتے ہوئے مسلسل بڑبڑا رہا تھا جب کہ یوشع نے ڈرائیور کو گاڑی چلانے کا اشارہ کیا

بیک مرر میں عکاشہ کو ہاتھ ہلاتا دیکھ کر یوشع کے لب خود بخود مسکرانے لگے۔

کمینہ ہے ایک نمبر کا___ایک منٹ کے اندر اندر دماغ خراب کر دیتا ہے____مگر اچھا لگتا ہے۔یوشع نے اسے دیکھتے ہوئے سوچا

گاڑی اپنے راستے پر رواں دواں تھی مگر یوشع اس بات سے بے خبر تھا کہ گاؤں میں کیسی خبر اس کا انتظار کر رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا یہ سب درست ہے جو میں نے سنا ہے بولو۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار کے منہ سے وہ سب کچھ سن کر جو اس نے انہیں اپنے طریقے سے بتانا تھا خاصا برا لگا مگر وہ ضبط کر گیا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو مجھ پر کتنا اعتبار ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے نہایت احترام سے گھٹنے کے بل بڑی سرکار کے آگے بیٹھتے ہوئے ان کا ہاتھ تھاما

تم میرا مان ہو____میری آنکھیں ہو_____میرے دل کی دھڑکن ہو_____بلکہ یوں سمجھو کہ تم سے میں ہوں اور جتنا مجھے اپنے آپ پر اعتبار ہے اس سے کئی گناہ زیادہ تم پر ہے۔

بڑی سرکار نے محبت سے یوشع کے بالوں پہ ہاتھ پھیرتے ہوئے جواب دیا

تو پھر یقین رکھیں ایسا کچھ نہیں ہے جیسا آپ نے سنا ہے۔میں ایسا کچھ کر ہی نہیں سکتا جس میں آپ کی "انا" کو ٹھیس پہنچے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیونکہ آپ کی "انا" دراصل میری "انا" ہے_____یوشع اب ان کے برابر بیٹھ گیا تھا۔

مجھے لگتا ہے کہ حیدر نے کوئی بے وقوفی کی ہو گی۔کیونکہ وہ لڑکی بہت پر اعتماد تھی۔جھوٹی تو مجھے بالکل نہیں لگی_____بڑی سرکار نے کچھ سوچتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

یہ تو بابا سائیں کے آنے پر ہی پتہ لگے گا کہ کون جھوٹا ہے اور کون سچا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مگر آپ پریشان نہ ہوں آپ کی مرضی کے بغیر میں کچھ نہیں کروں گا______یوشع کے جواب پر بڑی سرکار کافی مطمئن ہو گئ

وہ کیسی ہے____ کیا ہوا تھا اسے____ کیا سچ مچ جل گئ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار کے پوچھنے پر یوشع نے ناسمجھی سے انہیں دیکھا

کون____ آپ کس کی بات کر رہی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کا ذہن اس وقت امثال کی باتوں میں الجھا ہوا تھا وہ سمجھ ہی نہیں سکا

وہی "دم کٹی"______بڑی سرکار نے نخوت سے کہا

Posted On Kitab Nagri

جی میں نے انہیں نہیں دیکھا۔ بابا سائیں ہی یونی گئے تھے۔ میں تو بس انہیں چھوڑ کر واپس آ گیا ہوں ۔یوشع نے صفائی سے جھوٹ بولا

وہ ادھر کیا کر رہا ہے____ آیا کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار کو تشویش ہوئی

بابا سائیں ان کے پاس تو نہیں ہیں۔ شہر میں اپنے کسی دوست کے پاس رک گئے ہیں شاید اس سے کوئی کام تھا______یوشع نے اپنے ساتھ ساتھ حیدر آفندی کو بھی بڑی سرکار کے غصے سے بچایا

یوشع میں نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ بتول کی شادی اس نمونے سے نہ کی جائے بلکہ_______بڑی سرکار کی بات پر یوشع کو اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس ہوا بتول نامی تلوار ایک بار پھر اس کے سر پر لٹک رہی تھی۔

بڑی سرکار میں ابھی بہت تھکا ہوا ہوں۔ اس بارے میں کل بات کریں گے۔ میں آرام کرنا چاہتا ہوں ۔یوشع نے بات بدلی اس سے پہلے کہ بڑی سرکار کوئی ایسا فیصلہ کرتیں جو اس کی دنیا ہلا دیتا

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے تم آرام کرو پھر کل اس بارے میں بات کرتے ہیں بلکہ صرف بتول ہی نہیں مجھے ماسٹر کی بیٹی کو بھی سزا دینی ہے۔

تاکہ آئندہ گاؤں کی کوئی لڑکی بھی اتنی جرأت نہ کرے کہ میرے آگے بدتمیزی کر سکے۔

اگر ہمیں ان "کمی کمینوں" کی باتوں کو نظر انداز کرتے رہے تو یہ ہمارے سر پر چڑھ جائیں گے۔

بڑی سرکار کے کہنے پر یوسع سر ہلاتا اپنے کمرے کی طرف جانے لگا جب سیڑھیاں اترتی بتول پر نظر پڑی

آیئے آیئے آپ کا دیدار کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ اتنے دن ہو گئے دیکھے ہوئے______یوشع سیڑھیوں کی ریلنگ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا

آپ واپس آگئے ہیں______آخری سیڑھی پر رک کر بتول نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں ابھی راستے میں ہوں یہ تو میرا بھوت ہے______یوشع کے طنز پر بتول نے اپنا ڈوپٹہ درست کیا

جو کہا تھا بالکل ویسا ہی کل بڑی سرکار کے آگے کہنا۔ میں کل تمہیں ان کے سامنے بلاؤں گا سمجھی ______اور ہاں اگر ذرا بھی گڑبڑ کی تو تہہ خانے میں قبر بالکل تیار ہے۔یوشع انگلی سے وارننگ دیتا ہوا اپنے کمرے کی طرف پلٹا جبکہ بتول نے سکھ کا سانس لیا

کمرے میں داخل ہوتے ہی یوشع نے پاؤں کی ٹھوکر سے دروازہ بند کیا اور ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا ہو گیا

امثال بی بی شکر کرو کہ بڑی سرکار نے مجھے یہ باتیں ابھی بتائیں ہیں۔ اگر رات کا وقت نہ ہوتا تو تم اب تک میرے ہاتھوں سے مر چکی ہوتیں۔

بڑی غلطی کر دی تم نے مجھے سمجھنے میں _____اب دیکھو میں کیا کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

کوئی میرا کہنا نہ مانے یا میرے بنے بنائے کھیل کو خراب کرے یہ میں برداشت نہیں کر سکتا۔

)یوشع نے ڈریسنگ ٹیبل پر پڑی تمام چیزوں نیچے پھینکیں مگر اس کا غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا۔(

تمہاری سوچ ہے کہ اب میں تمہارے ساتھ کیا کروں گا کیونکہ مجھے خود بھی نہیں معلوم کہ میں غصے میں کیا کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟

بس اتنا جانتا ہوں۔ جو بھی کروں گا بہت غلط کروں گا۔

میں یوشع حیدر آفندی بہت ہی برا انسان ہوں۔ تم نے سمجھنے میں غلطی کر دی ______ یوشع نے پاؤں سے ٹھوکر مارتے ہوئے واش روم کا دروازہ کھولا

لگاتار تین چار بار منہ دھونے کے بعد اس نے شیشے میں اپنا عکس دیکھا تو حیران رہ گیا۔ آنکھیں شدت ضبط سے لال انگارہ ہو رہی تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

صبح تو بہت دور ہے۔میں اتنی دیر اپنا غصہ نہیں سنبھال سکتا۔ویسے بھی مجھے نیند تو اب آئے گی نہیں تو کیوں نہ اس کی بھی اڑادی جائے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ایک بار پھر منہ پر پانی کے چھینٹے مارتے ہوئے یوشع نے سوچا اور مسکرادیا

" میں تجھ کو چھو کے تیری نیند تک اڑادوں

یہ معجزہ میرے "دستِ ہنر" میں رہتا ہے "

رات کا پتا نہیں کون سا پہر تھا۔۔۔۔۔۔؟؟؟جب صحن میں کسی کے کودنے کی آواز سے ماسٹر جی کی آنکھ کھلی

کون ہے۔۔۔۔۔؟؟؟آنکھیں ملتے ہوئے وہ اپنے کمرے سے باہر آئے مگر سارے گھر کا چکر لگانے کے باوجود انہیں کوئی نہیں ملا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اپنے کمرے میں واپس جانے سے پہلے انہوں نے بچوں کے کمرے میں جھانکا اور دوبارہ اپنے کمرے میں جا کر لیٹ گئے۔

Posted On Kitab Nagri

شاید بلی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟خود کلامی کرتے ہوئے ماسٹر جی نے رضائی اوپر لی

سوتے میں امثال کو اپنا سانس رکتا ہوا محسوس ہوا۔ جیسے کوئی اس کا منہ دبا رہا ہو۔

جب گھٹن بڑھنے لگی تو اس نے اپنی آنکھیں کھولتے ہوئے جو آواز سنی وہ اس کے ہوش اڑانے کو کافی تھی۔

اگر آواز نکالی تو میرا کچھ نہیں جائے گا مگر تمہارا کچھ بچے گا نہیں سوچ لو______یوشع نے سرگوشی کرتے ہوئے ہاتھ اٹھایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ یہاں______بمشکل ایک نظر اپنے اپنے پاس لیٹے بھائی بہنوں کو دیکھتے ہوئے امثال نے پوچھا

تم حویلی کس کی اجازت سے گئی تھی اور کیوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

جب میں نے منع کیا تھا تو اثر نہیں ہوا۔ کتنے پیار سے سمجھایا تھا مگر پیار کی بات تم لوگوں کو سمجھ نہیں آتی ______یوشع اب اس سے فاصلے پر بیٹھ گیا تھا جب کہ وہ اپنے آپ میں سمٹی

جائیں یہاں سے ______امثال کا دل بہت تیزی سے دھڑک رہا تھا

کیوں بکواس کی ہے بڑی سرکار کے سامنے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے دبا دبا ساغصہ کیا جس پر امثال خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی

اگر میں ابھی اسی وقت تمہاری گردن دبا دوں یا تمہارے سر میں گولی مار دوں تو کون تمہاری مدد کے لیے آئے گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کسی کو پتا بھی نہیں چلے گا اور تم اس دنیا سے اس دنیا میں پہنچ جاؤں گی سوچا اگر ایسا ہو تو کیا ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اس کے آگے پسٹل لہراتے ہوئے پوچھا

مم مم مم میں نے کچھ نہیں کیا______پسٹل دیکھ کے امثال کے حواس معطل ہونے لگے

Posted On Kitab Nagri

تم لڑکیاں کچھ بھی نہیں کرتی ہو۔نہ تم نے کچھ کیا ہے اور نہ ہی بتول نے مگر تم دونوں کو ایک ساتھ تہہ خانے میں دفن ہونا پڑے گا افسوس____یوشع نے سر نفی میں ہلایا

دیے کی مدھم روشنی میں یوشع کی لال سرخ آنکھیں اور خوفناک باتیں_____امثال کے ہاتھوں میں پسینہ آنے لگا تھا

تہہ خانہ____کون سا تہہ خانہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال کے پوچھنے پر یوشع مسکرایا

جو شخص ہر وقت تمہارے ساتھ حویلی والوں کی برائیاں کرتا رہتا ہے کہ "حویلی والے اچھے لوگ نہیں ہوتے"______یوشع نے نقل اتاری

اس نے یہ نہیں بتایا کہ حویلی کے اندر ایک بہت بڑا تہہ خانہ بھی موجود ہے۔جہاں حویلی والے اپنی نافرمان عورتوں کو دفنا دیتے ہیں_____یوشع مزے سے پسٹل آگے پیچھے گھمارہا تھا

Posted On Kitab Nagri

مگر میرا اس تہہ خانے اور آپ کی عورتوں سے کیا تعلق۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے اپنے آپ کو حوصلہ دیا

ابھی تو نہیں ہے مگر صبح تک بن جائے گا اور پھر میں تمہیں حویلی لے جا کے تہہ خانے میں قید کر دوں گا یہ تمہاری "منہ دکھائی" کا تحفہ ہو گا______یوشع کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔

نہیں آپ ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے روتے ہوئے سر نفی میں ہلایا

تمہیں کیسے پتا کہ میں ایسا نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

جب کہ میں بالکل ایسا ہی کروں گا۔ مجھے اپنی نافرمانی کرنے والے لوگ بہت برے لگتے ہیں۔ میں بہت برا انسان ہوں امثال بی بی تمہاری سوچ سے بھی زیادہ_____یوشع نے گھمبیر آواز میں سرگوشی کی

Posted On Kitab Nagri

مجھے موت سے بہت ڈر لگتا ہے اس طرح تو میں مر جاؤں گی ______ اس وقت امثال شدید خوفزدہ ہو گئی تھی

اچھا چلو پھر میں تمہیں چھوڑ دیتا ہوں اور تمہاری جگہ تمہارے کسی بہن بھائی کو مار دیتا ہوں اس بارے میں کیا خیال ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع نے کہتے ہوئے ارد گرد چارپائیوں پر لیٹے ہوئے لوگوں کی طرف دیکھا

آپ یہ سب کیوں کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال زچ ہوئی

ہاں اب تم نے اچھا بلکہ بالکل مناسب سوال کیا ہے۔میں یہ سب اس لئے کر رہا ہوں کیونکہ تم نے حویلی میں "وہ" سب کیا تھا_

میری بات سمجھ میں تو آ رہی ہو گی ______ یوشع نے پسٹل امثال کے ماتھے پر رکھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بہت شوق ہو رہا تھا سسرال جانے کا______کچھ دن صبر نہیں کر سکتی تھی اور بڑی سرکار کے سامنے بد تمیزی کیوں کی۔۔۔۔۔؟؟؟

جانتی ہو مجھے اس دنیا میں سب سے زیادہ محبت بڑی سرکار سے ہے اور جو ان کی عزت نہ کرے یا ان کے آگے بد تمیزی کرے تو میں ان کا وہ شروع کرتا ہوں جو اب تمہارا کروں گا_______یوشع کے انداز پر اب امثال کو اپنی بیوقوفی کا شدت سے احساس ہو رہا تھا

اچھا سوری_______اس وقت معذرت کرنے میں ہی امثال کو اپنی عافیت محسوس ہوئی۔

بات کیوں کہ سوری سے بہت بڑھ گئی ہے تو میں آپ کی سوری قبول نہیں کر سکتا اگر بات صرف میری ذات تک ہوتی تو شاید میں معاف کر دیتا مگر بڑی سرکار______نہیں نہیں اب سوری نہیں مل سکتی۔

میں نے سوچا تھا تمہیں دھوم دھام ساتھ پھولوں والی گاڑی میں بیٹھا کر حویلی لے جاؤں گا اور اپنے کمرے میں شہزادی بنا کر رکھوں گا مگر افسوس اب تمہیں تہہ خانے میں اپنی زندگی گزارنا ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

چلتا ہوں______یوشع کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا جب کے پیچھے امثال کی حالت ایسی تھی جیسے اس کے جسم میں خون کا ایک بھی قطرہ موجود نہ ہو

کیا میں چور ہوں___نشئی ہو___میرے باپ دادا اس گاؤں کی لڑکیوں پر بری نظر رکھتے تھے یا میں نے زنا کا اڈہ کھول رکھا ہے---------؟؟؟

یوشع کے سوال پر جہاں ماسٹر جی حیران ہوئے وہیں ڈیرے پر موجود ہر کام کرنے والا شخص حیرت سے اسے دیکھنے لگا یہاں تک کہ نوید نے بھی کبھی اسے اتنے غصے میں نہیں دیکھا تھا

سائیں آپ ایسا کیوں بول رہے ہیں--------؟؟؟ماسٹر جی نے ڈرتے ڈرتے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

میں بول نہیں رہا بلکہ تم سے پوچھ رہا ہوں میری بات کا جواب دو______یوشع کی دھاڑ پر ڈیرے میں ایک دم سکوت چھا گیا۔کام کرنے والے اپنی اپنی جگہ پر جم گئے۔

نہیں ایسا تو کچھ بھی نہیں ہے آپ تو بہت اچھے ہیں______ماسٹر جی کے جواب پر یوشع طنزا مسکرایا

اچھا پھر تم لوگ ہم سے زیادہ خاندانی ہو گے یا تمہاری بیٹی عرش سے اتری ہوئی ہے کوئی پری ہے ________؟؟

کس بات کا غرور ہے تم میں______یوشع نے کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا جس پر ماسٹر جی لال چہرے ساتھ سر جھکا گے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں ابھی اور اسی وقت تمہاری بیٹی سے نکاح کرنا چاہتا ہوں بقول تمہارے مجھ میں کوئی برائی نہیں ہے۔ تو انکار کی وجہ بنتی ہی نہیں_____یوشع کے کہنے پے ماسٹر جی نے اپنا سر گھمتا ہوا محسوس کیا۔

سائیں کچھ وقت دے دیں_____ماسٹر جی کو سمجھ نہیں آئی کہ کیا کہے-----؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ نکاح دھوم دھام سے نہیں بلکہ بالکل خاموشی سے تمہارے گھر پر ہو گا اور اس نکاح کا کسی کو پتا نہیں چلنا چاہیے______یوشع کی باتیں ماسٹر جی کو حیران کر گئیں۔

جی______ماسٹر جی کے منہ سے شدید حیرت میں نکلا

فلحال یہ نکاح بالکل خفیہ رہے گا پھر میں وقت آنے پر دھوم دھام سے اسے حویلی لے جاؤں گا۔

تب تک تم اپنا منہ بند رکھو گے اور کسی کو بھی اس نکاح کے بارے میں کچھ نہیں بتاؤ گے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر ذرا بھی ہوشیاری کرنے کی کوشش کی تو تم مجھے جانتے ہو اور اگر نہیں جانتے تو یہاں پہ کام کرنے والوں سے پوچھ لو یہ سب مجھے اچھی طرح جانتے ہیں______یوشع نے ملازموں کی طرف اشارہ کیا

Posted On Kitab Nagri

سائیں رحم کریں۔ ہم غریب لوگ ہیں۔ میری بچی بہت معصوم ہے ______ماسٹر جی نے دونوں ہاتھ جوڑے

پہلی بات کہ وہ معصوم نہیں ہے۔ کل وہ بڑی سرکار سے ملنے حویلی گئی تھی اور جو باتیں اس نے بڑی سرکار سے کیں وہ معصومیت کے زمرے میں نہیں آتیں ______یوشع کی بات پر ماسٹر جی نے بے یقینی سے اس کی طرف دیکھا

دوسرا تمہارا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ تمھاری بیٹی معصوم اور میں بدمعاش ہوں بولو ______یوشع ایک دم بھڑکا

ماسٹر جی اپنی ہی کہی بات پر بری طرح پھنس چکے تھے۔

ہم سردار لوگ ہیں اور تم "کمی کمین" مگر پھر بھی میں تمہاری بیٹی کو اپنی عزت بنانا چاہتا ہوں اور تم جانتے ہو کہ میں اپنی عزت کا کتنا خیال رکھتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟یوشع نے ماسٹر جی کے اڑے رنگ دیکھ کر تسلی بھی دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سائیں آپ کی سب باتیں حق سچ ہے مگر______ماسٹر جی نے لاچارگی سے نوید کی طرف دیکھا

اسے کیا دیکھ رہے ہو جو بھی کہنا ہے مجھ سے کہو ورنہ گھر جا کے نکاح کی تیاری کرو بلکہ تم رہنے دو۔

نوید تم ماسٹر جی کے ساتھ جاؤ۔کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونی چاہیے اور سارے بندوبست کر کے مجھے اطلاع دو______یوشع کے حکم پر نوید سر ہلاتا ماسٹر جی کی طرف مڑا۔

سائیں میں نے ابھی تک اپنی بچی سے نہیں پوچھا کیا پتا وہ نہ مانے تو______ماسٹر جی نے ایک اور کمزور دلیل دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہاری بچی کی تو ایسی کی تیسی۔ایک بچی کنٹرول میں نہیں ہے۔اگر تم خود اسے راضی نہیں کر سکتے تو یہ کام بھی میں کیے دیتا ہوں______یوشع کے جواب پر ماسٹر جی پھر پریشان ہو گئے

Posted On Kitab Nagri

نہیں نہیں سائیں آپ کچھ مت کیجئے گا میں اپنی بیٹی سے خود بات کرتا ہوں ماسٹر جی نے نفی میں سر ہلایا اور نوید کے اشارے پر اس کے ساتھ باہر کی طرف چل دیے۔

امثال بی بی نیک تمنائیں تمہارے لیے یوشع حیدر آفندی کی طرف سے ______ ماسٹر جی کی پشت کو دیکھتے ہوئے یوشع نے خود کلامی کی

تم ادھر بیٹھ جاؤ میں ابھی تمہارے لئے گرما گرم سموسے پلیٹ لے کر آتی ہوں وہ بھی فائق کے پیسوں سے جتنا مزہ دوسروں کے پیسوں سے چیز کھانے کا آتا ہے اتنا مزہ اپنے پیسوں میں کہاں۔۔۔۔۔؟؟ حرم شرارت سے مسکراتے کیفیٹیریا کے اندر چلی گئی جب کہ ماہم وہی سیڑھیوں پر بیٹھ گئی

ہائے مس موسلادھار کیسی ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ اچانک عکاشہ کی آواز آنے پر وہ بھی اتنے قریب سے ماہم ڈر گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ڈرو نہیں، ابھی ڈرنے میں کافی وقت ہے_____ عکاشہ نے ریلنگ سے چھلانگ لگائی اور بوتل کے جن کی طرح اس کے سامنے حاضر ہو گیا

انتہائی بدتمیز انسان ہو۔ کبھی تو انسانوں کی طرح سامنے آیا کرو۔ جب دیکھو بندروں کی طرح اچھل کود کرتے رہتے ہو_____ ماہم نے اپنا سانس بحال کرتے ہوئے کہا

یہ تو ابھی فیصلہ ہونا ہے کہ کون بندروں کی طرح اچھل کود کرتا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ شرارت سے کہتا ہوا اس کے قریب تھوڑے فاصلے پر بیٹھ گیا

ویسے تمہارا شمار ان لڑکیوں میں تو نہیں ہوتا نا!!!!!_____ جو چوہے، کاکروچ یا چھپکلی وغیرہ سے ڈرتی ہیں۔۔۔۔؟؟ عکاشہ کے پوچھنے پر ماہم نے اسے گھورا

تو اتنی جلدی میں صرف یہ پوچھنے آئے تھے۔۔۔۔۔؟؟؟ ماہم نے طنز کیا

Posted On Kitab Nagri

ظاہری سی بات ہے یہی پوچھنے آیا تھا میں نے سوچا کہ اگر کبھی اچانک یونی میں ایسی چیزیں نکل آئیں تو کم از کم تمہاری چیخیں تو سننے کو نہیں ملے گی ناااا۔۔۔۔۔؟؟؟

تم مانو یا نہ مانو مگر مجھے تمہاری فکر رہتی ہے_____عکاشہ کی معصومیت پہ ماہم کو شک ہوا

تم اپنے ڈرامے بند کرو۔ تمہیں میری جتنی فکر ہے میں اچھی طرح جانتی ہوں۔ پھر کچھ نہ کچھ تمہارے اس دماغ میں میرے خلاف چل رہا ہو گا۔

دوسروں کو تنگ کرنا تمہارا محبوب مشغلہ ہے خاص طور پر مجھے_____ اتنے دنوں سے کسی کو تنگ نہیں کیا ہو گا تو وہ اٹھا کر میرے پاس آ گئے ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہم کی باتوں پر عکاشہ نے ہنستے ہوئے سر ہاں میں ہلایا۔

بندہ منہ اٹھا کر ہی چلتا ہے اب منہ تو بندے کو اٹھا کر لانے سے رہا لہذا آپ ایسا مت بولنا یہ جملہ بالکل غلط ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اور رہی بات کہ تمہیں تنگ کرنے آیا ہوں تو ڈیئر کلاس فیلو بات کچھ یوں ہے کہ میں اپنے بھائی ساتھ ایک گفٹ شاپ میں گیا تھا۔

وہاں مجھے تمہارے مطلب کی کچھ چیزیں نظر آ گئیں سوچا لیتا جاؤں تم کیا یاد کرو گی۔۔۔۔۔؟؟؟
عکاشہ کی بات پر ماہم نے اسے شکی نظروں سے دیکھا

صرف میرے مطلب کی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے اپنی طرف اشارہ کیا

نہیں ویسے تو وہ سب لڑکیوں کے مطلب کی ہیں۔ بلکہ فائق جیسے لڑکوں کو بھی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر میں اب سب کو گفٹ تو نہیں دے سکتا نا!!!! عکاشہ نے کیفے ٹیریا سے فائق اور حرم کو باہر آتا دیکھ کر کہا

اچھا پھر یہ نوازش صرف مجھ پر ہی کیوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم کو حیرت ہوئی

Posted On Kitab Nagri

دیکھو میں نے تمہیں دو سال بہت تنگ کیا ہے۔اب ہمارا آخری سمسٹر بھی ختم ہونے والا ہے۔تو میں نے سوچا معذرت کے طور پر تمہیں گفٹ دوں۔

وہ کیا ہے نااااااااالوگ کہتے ہیں گفٹ دینے سے محبت بڑھتی ہے۔اب پتہ نہیں میرے گفٹ دینے سے محبت بڑھتی ہے یا______ عکاشہ نے شرارت بھرے لہجے میں ماہم کو دیکھتے ہوئے کندھے اچکائے

اچھا دکھاؤ کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے اپنا ہاتھ آگے پھیلایا جس پر عکاشہ مسکرا دیا

صبر کرو دیتا ہوں پہلے تم مجھ سے ایک وعدہ کرو کے گفٹ لینے کے بعد تم مجھ سے ناراض نہیں ہو گی______ کیونکہ وہ گفٹ زیادہ قیمتی نہیں ہے میں غریب بندہ ہوں۔

عکاشہ نے نہایت مظلومیت سے کہا جبکہ نظر حرم اور فائق کے ہاتھوں میں سموسے کی پلیٹوں پر تھی۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟فائق نے عکاشہ کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

اور اگر یہی سوال میں تم سے کروں تو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کے سوال پر فائق ہنسا

تو میں یہ کہوں گا کہ میں کیفے ٹیریا سموسے لینے گیا تھا۔

اچھا اب سموسے اتنے وزنی ہو گئے ہیں کہ تم اکیلے اٹھا کر نہیں لا سکتے امیزنگ____ عکاشہ نے حرم کو دیکھتے ہوئے کہا

پتہ عکاشہ ہم سب کے لیے گلفٹ لایا ہے_____ ماہم نے سموسہ کھاتے ہوئے حرم اور فائق کو حیران کیا جب کہ عکاشہ نے حیرت سے ماہم کی طرف دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار میں جھوٹ نہیں بولوں گا گفٹ تو صرف ماہم کے لیے تھا مگر چلو کوئی بات نہیں۔اب اس کی خواہش کا احترام کرنا بھی ضروری ہے تو تم تینوں اپنی آنکھیں بند کرو۔

Posted On Kitab Nagri

پھر عکاشہ نے سانپ فائق_____ کاکروچ اور چوہا ماہم_____ جبکہ چھپکلی حرم کے آگے رکھی _____چلو شاباش جلدی سے آنکھیں کھولو اور یہ بتاؤ کہ گفٹ کیسے لگے۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کی آواز پر سب نے آنکھیں کھولیں اور اپنے سامنے ان خوفناک نمونوں کو دیکھ کر ایک ساتھ چیخ اٹھے۔

جو سٹوڈنٹ ادھر ادھر موجود تھے وہ بھی سانپ، چوہا، چپکلی کی آوازوں پر اکٹھے ہونے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے اچھا خاصہ مجمع لگ گیا۔ڈیوٹی انچارج پروفیسر شہاب الدین بھی آن پہنچے

یہ سب کیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟انہوں نے انتہائی غصے سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر وہ وہ_____ حرم نے بتانا چاہا مگر عکاشہ وہاں کہیں نہیں تھا

سر وہ عکاشہ______ماہم نے بھی ادھر ادھر دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

اب یہ مت کہنا کہ یہ سب عکاشہ نے کیا ہے جبکہ وہ تو یہاں ہے ہی نہیں_____ توبہ ہے "بد سے بد نام برا_"

تم لوگ جب بھی کوئی تماشہ لگاتے ہو اسی کا نام لیتے ہو۔ شرم آنی چاہیے_____ پروفیسر شہاب الدین نے ڈانٹنے پر تینوں خاموش ہو گے

سوری سر_____ غلطی ہو گئی۔فائق نے معذرت کی

یہ سب یہاں سے اٹھاؤ_____ پروفیسر شہاب الدین کہتے ہوئے چل دیئے۔

یہ اس کی محبت ہے۔ہمیشہ شرمندہ ہی کرواتا ہے_____ ماہم نے غصے اور دکھ کے ملے جلے تاثرات سے حرم کو دیکھا ہے جس پر وہ سر جھکا گی

Posted On Kitab Nagri

ہاں بولو کیا کہنا چاہتی ہو---------؟؟ بڑی سرکار نے یوشع کی سفارش پر بتول سے پوچھا ورنہ وہ بتول سے بات نہیں کرنا چاہتیں تھیں جبکہ بتول نے یوشع کی طرف دیکھا جو آنکھوں سے بولنے کا اشارہ کر رہا تھا .

وہ میں عکاشہ یا یوشع _____ میرا مطلب ہے کہ میں ان دونوں کو پسند نہیں کرتی اس لیے میں ان میں سے کسی سے بھی شادی نہیں کر سکتی ہوں .

بتول کی بات پر بڑی سرکار نے اسے ایسے دیکھا جیسے یقین کرنا چاہ رہی ہوں کہ یہ بات کون کہہ رہا ہے..؟

تمہارا دماغ تو درست ہے. یہ کیا بکواس کر رہی ہو---------؟؟

اول تو ہمارے خاندان کی لڑکیاں اپنی شادی کے بارے میں بلکل خاموش رہتیں ہیں. دوسرا یوشع اور اس بندر میں کیا کمی ہے-------؟؟ بڑی سرکار ایک دم سانپ کی طرح پھنکاری .

Posted On Kitab Nagri

کمی تو مجھ میں بھی نہیں ہے-----------؟؟؟بتول کے جواب نے بڑی سرکار کو پتنگے لگا دیے .

گستاخ__بتمیززز____اب اس لڑکی کو سزا ملے گی کیونکہ اس نے اپنے مرحوم باپ کی خواہش سے انکار کیا ہے .

کیا تجھے معلوم نہیں کہ اس کی کیا خواہش تھی. خاندانی روایات کیا ہیں---------؟؟بڑی سرکار کے چیخنے پر راشدہ بیگم بھی وہاں آ گئیں .

آپ جو مرضی سمجھیں مگر یہ میری زندگی ہے اور اسے میں اپنے من پسند شخص ساتھ گزارنا پسند کروں گی.بتول کا جواب بڑی سرکار کے ساتھ ساتھ راشدہ بیگم کو بھی حیران کر گیا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں وہ ڈرپوک سی لڑکی اور کہاں یہ بتول جو ان کے سامنے کھڑی بڑی سرکار ساتھ بحث کر رہی تھی ______راشدہ بیگم کو اپنی سماعتوں پر شک ہوا .

Posted On Kitab Nagri

تم کیوں سر جھکائے بیٹھے ہو یہ سب تمہاری نرمی کا نتیجہ ہے اب بولو______بڑی سرکار نے سر جھکائے یوشع کو مخاطب کیا وہ اپنی ہنسی کنٹرول کرتا بتول کو داد دے رہا تھا .

اچھا اگر آپ کو لگتا ہے کہ یہ سب میری نرمی کا نتیجہ ہے تو اب فیصلہ بھی میرا ہو گا______یوشع نے زبردستی چہرے پر سختی لاتے ہوئے کہا

)(توبہ یہ ایکٹنگ کتنا مشکل کام ہے عکاشہ کیسے کر لیتا ہے.........؟؟)یوشع نے دل میں سوچا

اسے اتنی بتمیزی پر اب نہ میں ملوں گا اور نہ ہی عکاشہ______بلکہ اس کی شادی اب کسی "کمی کمین" ساتھ ہو گئی. تاکہ یہ ساری زندگی آپ کی نظروں کے سامنے رہے اور آپ اپنی آنکھوں سے اس کی بربادی دیکھ سکیں .

یوشع کے فیصلہ پر بڑی سرکار نے ایک حقیر نظر بتول پر ڈالی (جیسے جتلا رہیں ہوں دیکھ لیا مجھ سے ٹکر لینے کا انجام......؟)جبکہ راشدہ بیگم کے دل کو کچھ ہوا .

Posted On Kitab Nagri

خبردار جو کوئی ایسی حرکت کی. یہ میری بیٹی ہے. یوشع تم اس سے شادی کروگے اور بس ______ راشدہ بیگم نے پیار سے بتول کو اپنے ساتھ لگایا .

بس زیادہ رونے ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے. جو میرے شہزادے نے کہہ دیا وہی ہو گا. یہ لڑکی اسی قابل ہے .

جب کتے کو کھیر مافق نہیں آتی تو جو سلوک اس ساتھ کیا جاتا ہے وہی اب بتول ساتھ ہو گا .

بڑی سرکار کی بات پر یوشع اور بتول نے سکھ کا سانس لیا جبکہ راشدہ بیگم شدید غصے میں آ گئیں .

آپ دونوں اس طرح بتول ساتھ نہیں کر سکتے میں حیدر سے بات کروں گی _____ راشدہ بیگم نے لاچاری سے کہا

بہو اپنی اوقات مت بھولو اور یہ دھمکی کسے لگا رہی ہو..؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ابھی میں زندہ ہوں اور اس حویلی میں وہی ہو گا جو میں چاہوں گی. حیدر کی ہمت نہیں کہ میرے سامنے بول سکے_____بڑی سرکار نے طنز میں ڈوبا ہوا جواب راشدہ بیگم کو دیا .

اچھا اگر یہ بات ہے تو وہ ابھی تک آپ کی مرضی کے خلاف اس پاس بیٹھے ہیں. راشدہ بیگم نے بھی پہلی بار طنز کا جواب طنز سے دیا

وہ اس پاس نہیں بلکہ اپنے کسی دوست پاس ٹھہرا ہوا ہے. مردوں کے اپنے کاروباری معاملات ہوتے ہیں جو تم جیسی کم عقل عورتیں نہیں سمجھ سکتیں_____بڑی سرکار کے منہ سے اپنے لیے توہین آمیز الفاظ سن کر راشدہ بیگم بتول کو لے کر اندر چلی گئیں جبکہ یوشع نے مسکراتے ہوئے بڑی سرکار کو دیکھا

آپ کبھی کبھی اماں سائیں سے بہت سخت بول جاتیں ہیں____یوشع کی بات پر بڑی سرکار نے اسے گھورا تو وہ ہنس دیا .

میں ان کی حمایت نہیں کر رہا بس آپ کے لیے کہہ رہا ہوں غصہ نہ کیا کریں____یوشع نے اٹھ کر بڑی سرکار کو اپنے ساتھ لگا یا

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ مسئلہ تو تم نے بہت اچھے سے سنبھالا ہے اب ماسٹر کی بیٹی کے بارے میں کیا خیال ہے ـــــــــــــ؟؟بڑی سرکار نے یوشع کا کندھا تھپکتے ہوئے اسے داد دی.

اس کے بارے میں میرے خیالات زیادہ اچھے نہیں ہیں مت پوچھیں کچھ پردہ رہنے دیں.یوشع نے مسکراتے ہوئے شرارت سے جواب دیا اور پیچھے ہو کر بیٹھ گیا.

یوشع______بڑی سرکار نے غصے سے پکارا

بڑی سرکار میرے ہوتے ہوئے آپ کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے.میرے پاس ایک آئیڈیا ہے اس پر عمل کرنے سے مجھے الیکشن میں کافی مدد ملے گی.لوگوں کی ہمدردیاں اور ووٹ بھی ملیں گے.

رہی بات اس لڑکی کی تو وہ ہر وقت آپ کی خدمت میں حاضر رہے گی پھر آپ جی بھر جر بدلہ لے لیجیے گا______یوشع کی پر جوش نظروں کا مفہوم بڑی سرکار کو سمجھ آ رہا تھا.

Posted On Kitab Nagri

تم کھل کر بات کرو. کیا کہنا چاہتے ہو---------؟؟ بڑی سرکار کے پوچھنے پر یوشع نے سانس خارج کرتے ہوئے اسے دیکھا کیونکہ بڑی سرکار کو چکر دینا کافی مشکل تھا.

حیدر بس اتنے سے دن_____مجھے تو ان دنوں کے گزرنے کا پتہ بھی نہیں چلا اور آپ جانے لگے ہیں. عدن نے شکایتی نظروں سے ڈریسنگ ٹیبل کے آگے کھڑے حیدر آفندی سے گلہ کیا.

عدن اب آپ بلکل نئ نویلی دلہن یا بچوں جیسی حرکتیں کر رہی ہیں. میں صرف اور صرف آپ کے لیے ہفتہ ادھر رکا ہوں ورنہ مجھے گاؤں میں اتنے کام ہیں کہ کیا بتاؤں---------؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں آپ کو ناراض چھوڑ کر جانا نہیں چاہتا تھا مگر اب آپ پھر وہی کام کر رہیں ہیں.

اگر مجھے معلوم ہوتا کہ ہفتہ بعد بھی آپ یونہی کریں گی تو میں رکتا ہی نہ______حیدر آفندی نے بالوں میں برش کرتے ہوئے جواب دیا.

Posted On Kitab Nagri

یعنی آپ کو میری ناراضگی کی کوئی پرواہ نہیں_____عدن نے گھورا

چلو جی یہ جو میں نے ابھی اتنا بھاشن دیا ہے یہ "فارسی" میں تھا_______ حیدر آفندی نے زور سے برش ٹیبل پر رکھا

فارسی یا عربی کی نہیں مجھے صرف محبت کی زبان سمجھ آتی ہے اور آپ ابھی محبت سے بات نہیں کر رہے یہ بات بھی مجھے بری لگ رہی ہے_____عدن کے روٹھے چہرے کو دیکھتے ہوئے حیدر آفندی ان کے برابر آبیٹھے

میں آپ سے ملنے آتا رہوں گا بشرطیہ آپ مجھے اب جانے دیں. حیدر آفندی نے عدن کا ہاتھ پکڑا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھاااااا آپ جائیں. میں کب روک رہی ہوں ویسے بھی میرے روکنے سے کونسا آپ نے رک جانا ہے. عدن نے اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے رخ موڑا

Posted On Kitab Nagri

اپنا خیال رکھیے گا. میں اب آتا جاتا رہوں گا. میری مجبوری سمجھیں میں اب مزید نہیں رک سکتا.

حیدر آفندی نے عدن کے سر پر پیار کرتے ہوئے کہا اور کمرے سے باہر نکل گئے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اب اگر وہ رونے لگیں تو پھر وہ جا نہیں سکیں گے.

تم جیسا ذلیل اور کمینہ انسان میں نے ساری زندگی نہیں دیکھا۔ اتنے دن بعد آئے تھے ہم نے سوچا کچھ تو فرق پڑا ہو گا________حرم نے عکاشہ کے قریب جاتے ہوئے چیخ کر کہا

میں گاؤں گیا تھا حج کرنے نہیں کہ مجھے فرق پڑا ہو گا________دوسرا لوگ حج کر کے بھی آ جائیں تو سوائے سر گنجا کرنے کے ان کی طبیعت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

تم لوگوں کو میرا شکر گزار ہونا چاہیے تھا کے میں تمہارے لئے گفٹ لے کر آیا مگر یہ عورت ذات تو ہوتی ہی ناشکری ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے حیرت صرف فائق پر ہے کہ اسے کیا ہوا وہ تو تمہاری برادری سے تعلق نہیں رکھتا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے جواب پر حرم کا پارہ مزید چڑھ گیا۔

اپنی بے غیرتی پر فخر کرنا صرف تم ہی زیب دیتا ہے پتہ میری بہت دلی خواہش تھی کہ تم اور ماہم مگر تم نے میری ساری محنت پر پانی پھیر دیا حرم نے افسوس سے سر ہلایا

پانی نہیں میں نے کیڑے مکوڑے چھوڑے ہیں اور تم نے میری اجازت کے بغیر میرے ساتھ ماہم کا نام کیوں لیا۔ کس چکر میں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ اب حرم کے برابر کھڑا پوچھ رہا تھا

کچھ نہیں ویسے ہی میرے منہ سے نکل گیا تھا حرم کہتی ہوئی چل دی جب کہ عکاشہ کچھ دیر سوچتا رہا پھر ماہم کی تلاش میں نکلا جو اسے جلدی ہی لان میں بیٹھے مل گئی

ایک سہیلی باغ میں بیٹھی پڑھ رہی ہے اس کو پڑھانے والا کوئی نہیں ہے اٹھ کر اپنا استاد چونگ لو عکاشہ زور زور سے بولتا اس کے سامنے بیٹھ گیا

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ میرا موڈ بہت سخت خراب ہے آگے ہی تمہاری وجہ سے میری حرم سے لڑائی ہو گئی ہے اب مزید مجھے غصہ مت دلاؤ۔جاؤ یہاں سے_____ماہم کہتی ہوئی دوبارہ اپنے پیپرز پر جھک گئی

میں بھی ٹھیک کہوں آج اکیلی کیوں ہو۔۔۔۔۔؟؟جب کہ صبح تو بڑا سموسوں کے ساتھ "لویو____لویو" چل رہا تھا۔عکاشہ نے سوچنے کی ایکٹنگ کی جبکہ ماہم اپنی چیزیں سمیٹ کر جانے کے لیے کھڑی ہوئی۔

اک عربی شاعر لکھتا ہے کہ اگر علم فلکیات نہ ہوتا تو لوگ سمجھتے رہتے کہ سورج تمہارے چہرے کی وجہ سے چمک رہا ہے______عکاشہ نے ماہم کے غصیلے تاثرات دیکھتے ہوئے شرارت کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ میرے آگے سے ہٹو_____ماہم نے ہاتھ سے اشارہ کیا اور خود آگے بڑھ گئی

اتنا غصہ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اور اگر تم مجھ سے شرم آرہی ہو تو کم از کم تمہیں مجھ سے شرمانا بالکل نہیں چاہیے ہم دونوں دو سال سے اکٹھے پڑھ رہے ہیں____عکاشہ نے ماہم کے ساتھ چلتے ہوئے کہا جبکہ لفظ "شرمانا" پر ماہم نے رک کر اس کی طرف دیکھا

میں تم سے کیوں شرماؤں گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے تیوری چڑھاتے ہوئے پوچھا

کیونکہ تم مجھے پسند کرتی ہو۔ مجھ سے محبت کرتی ہو اور اب مجھ سے شادی بھی کرنا چاہتی ہو تو شرم آنا ایک فطری بات ہے______عکاشہ نے جیکٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالتے ہوئے مزے سے جواب دیا

اور یہ سب بکواس تمہارے ساتھ کس نے کی ہے۔۔۔۔؟؟؟ماہم کا چہرہ اس وقت اپنی بے عزتی اور غصے سے لال ہو رہا تھا

تمہاری "رازدان" آج میرے پاس آئی تھی کہنے لگی "پلیز ماہم سے شادی کر لو وہ تم سے بہت محبت کرتی ہے تمہارے بغیر مر جائے گی"_____عکاشہ ابھی اور بھی کچھ بولتا مگر ماہم چیخ پڑی

Posted On Kitab Nagri

بس اب ایک لفظ اور نہیں اگر اب ایک لفظ بھی منہ سے نکالا تو میں تمہارا منہ نوچ لوں گی ______ ماہم نے اسے بیچ میں سختی سے ٹوکا

اچھا میں سمجھا کہ منہ چوم لو گی میں بھی حیران تھا یہ ایک دم مشرق کی لڑکی کو کیا ہو گیا سر عام ایسی باتیں یہ تو مجھے شرمانے پر مجبور کر رہی ہے _____ عکاشہ کی بکواس اب ماہم کی برداشت سے باہر ہو رہی تھی۔

میں جانتا ہوں یہ سب حرم کو بہت مہنگا پڑنے والا ہے مگر پلیز اسے کچھ مت کہنا وہ تو تمہاری ہمدرد ہے نااااا______ عکاشہ نے معصومیت کے تمام ریکارڈ توڑتے ہوئے کہا

عکاشہ اب بس کرو_______ ماہم نے بغیر مڑے تیز تیز چلتے ہوئے جواب دیا

ویسے یارررر اگر تم خود مجھ سے اقرار محبت کرتی تو مجھے بہت اچھا لگتا مگر اب مزہ نہیں آیا پھر بھی میں ماما سے پوچھ کر جواب دوں گا۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کیا ہے نااااا میں ایک مشرقی مرد ہوں اپنی ماں کی اجازت کے بغیر شادی نہیں کر سکتا۔عکاشہ اپنی دھن میں بول رہا تھا کہ اچانک ماہم پلٹی

اگر تم آج رات ہسپتال میں گزارنا نہیں چاہتے ہو تو چپ چاپ یہاں سے چلے جاؤ ورنہ میں اپنے مستقبل کی پرواہ کیے بغیر تمہارا سر پھاڑ دوں گی ______ ماہم نے کریڈور میں پڑے گملے کی طرف اشارہ کیا

اوکے اوکے ____ عکاشہ نے "ہینڈز اپ" کرتے ہوئے الٹے قدم لیے۔ماہم اسے دیکھتی ہوئی واپس پلٹی

حرم تم نے اچھا نہیں کیا مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی۔ماہم نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے خود کلامی کی

Posted On Kitab Nagri

اب حرم بی بی تمہیں مزا آئے گا کہ کیسے عکاشہ حیدر آفندی کی سرعام کلاس لیتے ہیں تمہارا تو مس موسلادھار وہ حال کرے گی کہ بس______عکاشہ مسکراتا ہوا راستے میں پڑے پتھر کو پاؤں سے ٹھوکر لگانے لگا

میں تمہیں کس طرح یقین دلاؤں کے میں نے اس کے ساتھ کوئی بکواس نہیں کی وہ تو ہے ہی ایک نمبر کا جھوٹا______حرم کوئی دسویں بار یہی جملہ دہرا رہی تھی

حرم تم اب جھوٹ بول رہی ہو میں جانتی ہوں کہ یہ بات تمہارے دماغ میں پچھلے کئی دنوں سے چل رہی تھی مگر اسے بتانے کی کیا ضرورت تھی__________؟؟؟

اس نے مجھے سرعام پتہ نہیں کیا کیا کہا ہے اففففف میرے خدایا_______ماہم نے اپنا سر پکڑا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جب سے وہ یونی سے آئی تھی اسی طرح رو رو کر چیخ رہی تھی اب تو اس کا سر چکرانے لگا تھا اور آنکھیں مسلسل رونے کی وجہ سے بھاری ہو رہی تھیں۔

ماہم تمہیں اس پر یقین ہے اور مجھ پر نہیں ______ حرم نے سوالیہ نظروں سے ماہم کی طرف دیکھا

تم نے میرا اعتماد توڑا ہے مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی۔چلی جاؤ اور مجھے اکیلا چھوڑ دو ________ ماں ہم نے روتے ہوئے جواب دیا

ٹھیک ہے اگر تم بات سننے اور یقین کرنے کے موڈ میں نہیں ہو تو میں کیا کر سکتی ہوں ویسے بھی تم صرف نیگیٹیو سوچنا جانتی ہو ______ حرم کہتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی جبکہ ماہم اور شدت سے رونے لگی

دادو آپ اسے سمجھاتی کیوں نہیں ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم پاؤں پٹختی دادو کے پاس بیٹھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کیا سمجھاؤں اور کس کس کو سمجھاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یہاں تو سارے ہی نا سمجھ ہیں۔ سمیرا بیگم نے سامنے سے آتی کلثوم بیگم کی طرف دیکھ کر کہا

دادو میں اس وقت بہت سنجیدہ ہوں_____ حرم نے پاؤں پر کیے اور آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئی

اچھا تو یقیناً ماہم کی بات کر رہی ہوں_____ سمیرا بیگم مسکرائیں

کیا میرے چوزوں میں لڑائی ہو گئی ہے جو اتنا غصہ آیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ زبیر صاحب اپنے کمرے سے لاؤنج میں داخل ہوتے ہوئے پوچھنے لگے

پاپا وہ دوسروں کی باتوں پر اتنی جلدی یقین کر لیتی ہے۔ ہماری کلاس کے ایک شرارتی لڑکا نے میرے نام سے اس کے ساتھ آج ایک شرارت کی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں بار بار کہہ رہی ہوں کہ میں نے کچھ نہیں کیا وہ لڑکا جھوٹ بول رہا ہے تھا مگر یہ بے وقوف میری بات سننے کو تیار ہی نہیں______حرم نے جلدی سے اٹھ کر زبیر صاحب کے پاس جاتے ہوئے شکایت لگائی

اچھا اچھا زیادہ پریشان مت ہو میں خود اس سے بات کرتا ہوں۔ویسے بھی وہ تم سے زیادہ دیر ناراض تو رہ نہیں سکتی_____زبیر صاحب نے حرم کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے تسلی تبھی ماہم کی چیخوں سے پورا گھر گونج اٹھا

اللہ رحم کرے یہ بچی کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟ سمیرا بیگم نے اپنے سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے خیر مانگی جبکہ زبیر صاحب اور حرم نے تیزی سے کمرے کی طرف دوڑ لگائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حرم نے جیسے ہی کمرے کا دروازہ کھولا آگے ماہم کی کلائی خون سے لت پت دیکھی

پاپا خون___ماہم نے اپنی نس کاٹ لی ہے۔حرم نے بولتے ہوئے جلدی سے آگے بڑھ کر ماہم کی کلائی پکڑی جبکہ زبیر صاحب بھی اس صورتحال سے پریشان ہو گے

Posted On Kitab Nagri

ایسا کیا گل کھلایا ہے جو یوں خود کشی کرنی پڑ گئی مجھے تو اس لڑکی پر پہلے ہی شک تھا_____ کلثوم بیگم نے حسب عادت زہریلی گفتگو کی مگر پھر وہ ہوا جو کسی کے وہم و گمان میں نہیں تھا۔

چٹاخ_____ زبیر صاحب نے ایک زوردار تھپڑ رسید کیا جس پر وہ ہکا بکا رہ گئی

زبیر_____ خبردار جو بہو پر ہاتھ اٹھایا تو، یہ بات ہماری خاندانی روایات کے خلاف ہے۔ سمیرا بیگم نے روکا

اور تم بھی سوچ سمجھ کر بولا کرو اب بچی نہیں ہو بلکہ بچوں والی ہو_______ پھر کلثوم بیگم کو بھی ڈانٹا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اماں اگر میں نے پہلے اس پر ہاتھ اٹھا لیا ہوتا تو اس کی زبان آج اتنی لمبی نہ ہوتی_____ زبیر صاحب نے حقارت سے کلثوم بیگم کو دیکھا جو اپنی گال پر ہاتھ رکھے انہیں کو دیکھ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

دفع ہو جاؤ یہاں سے اور مجھے اپنی شکل مت دکھانا____ زبیر صاحب کہتے ہوئے دوبارہ ماہم کی طرف متوجہ ہوئے

حرم بیٹا میں گاڑی نکالتا ہوں تم اسے باہر لے کر آؤ۔زبیر صاحب کی بات پر حرم سر ہلاتے ہوئے ماہم کی کلائی پر کپڑا باندھنے لگی جبکہ ماہم بالکل خاموش تماشائی تھی

عدن اور عکاشہ شام کے وقت لیونگ روم میں ڈرامہ دیکھتے ہوئے مزے سے پکوڑے کھا رہے تھے

مسز آفندی آپ کو ان ڈراموں سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے ------؟؟ عکاشہ نے عدن کی محویت کو نوٹ کرتے ہوئے سوال کیا

عکاشہ کچھ دیر خاموش رہو بعد میں ہم بات کرتے ہیں____ عدن پورے طریقے سے ڈرامے میں کھوئی ہوئی تھی

Posted On Kitab Nagri

میرے خیال سے آپ کو ہر ڈرامے کا ہیرو حیدر اور ہیروئن عدن لگتی ہو گی۔ ویسے آپ نے حیدر صاحب کو اتنی جلدی کیسے جانے دیا۔۔۔۔۔؟؟

عکاشہ نے شرارت سے عدن کے آگے پڑی کیچپ کی بوتل اٹھائی۔

عکاشہ پلیز تنگ مت کرو______عدن نے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا جس پر اس نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ لی مگر اس کے چپ ہوتے ہی اس کا موبائل بجنے لگا

جاؤ تمہارے کسی آوارہ دوست کا فون ہو گا_____عدن نے نخوت سے فون کی طرف اشارہ کیا جو چارجنگ پر لگا ہوا تھا

میرے دوست آوارہ نہیں بلکہ میری طرح قابل، لائق اور فائق ہیں____عکاشہ آنکھ مارتا ہوا فون اٹھانے لگا مگر نمبر دیکھ کر خاموش ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

کس کا فون ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے اسے کال اٹینڈ نہ کرتا دیکھ کر پوچھا

کلاس فیلو کا ہے______عکاشہ جواب دیتا ٹیرس پر آگیا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

جی مس چونا کیسی کلاس لی آپ کی مس موسلادھارنے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے آپ نے کال کرنے میں بہت دیر کر دی میں تو دوپہر سے آپ کی کال کا انتظار کر رہا تھا_______ عکاشہ نے ڈوبتے سورج کو دیکھ کر کہا

عکاشہ اگر تمہاری وجہ سے ماہم کو کچھ ہوا تو میں تمہارا قتل کر دوں گی سمجھے_____ اس نے تمہاری بکواس کی اتنی ٹینشن لی ہے کے اپنی نبض کاٹ لی ہے۔

شرارت ضرور کرنی چاہیے مگر کسی کی جان نہیں لینی چاہیے_____ حرم کی روتی آواز ساتھ جو کچھ عکاشہ نے سناوہ اسے سچ مچ پریشان کر گیا

یہ کیا بات ہوئی_____ اس میں خود کشی کرنے والی بھلا کیا بات تھی۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ عکاشہ نے بلیک موبائل کی سکرین کو گھورتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

کہیں مجھے یہ دونوں بے وقوف تو نہیں بنا رہیں______عکاشہ نے خود کلامی کرتے ہوئے فائق کو کال کی۔

سنو مجھے جلدی سے یہ بتاؤ کہ حرم اور ماہم اس وقت کہاں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟عکاشہ نے جلدی سے فائق کی بات سنے بغیر ہی کال کاٹ دی

ایسا کیسے ہو سکتا ہے مس موسلا دھار اتنی بہادر ہو ہی نہیں سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ بڑبڑاتے ہوئے لیونگ روم میں داخل ہوا تو عدن ٹی وی بند کر چکی تھیں۔

آپ کا ڈرامہ ختم ہو گیا۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے سوالیہ نظروں سے پوچھا اور صوفے پر بیٹھ گیا

ہاں ہو گیا_____عدن نے پلیٹ سے پکوڑا اٹھاتے ہوئے جواب دیا

مگر اب آپ کی سٹوڈنٹ نے ڈرامہ لگا لیا ہے۔پھر عکاشہ نے سب سچ سچ عدن کو بتا دیا

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ تم نے کتنی گندی حرکت کی ہے۔ایسے کرتے ہیں۔ تمہیں جھوٹ بولتے ہوئے شرم کیوں نہیں آتی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کو حیرت ہوئی

ماما مذاق تھا______ عکاشہ نے کندھے اچکائے اسی وقت فائق کا واٹس ایپ آیا جس میں اس نے ہسپتال کا ایڈریس سینڈ کیا تھا

کس کا میسج ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے پوچھا

فائق نے ہسپتال کا ایڈریس بھیجا ہے_____ عکاشہ نے بتاتے ہوئے موبائل دوبارہ پاکٹ میں رکھا

چلو اسے دیکھ کر آتے ہیں_____ عدن نے ٹشو پیپر سے ہاتھ صاف کرتے ہوئے کہا

کیا مطلب ہے میں اسے دیکھنے جاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے اپنی طرف اشارہ کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جی بالکل تم ناصرف اسے دیکھنے جاؤ گے بلکہ (شرارت کی سزا کے طور پر) شاید اس کی بارات بھی لے کر جاؤ______عدن مسکرائی

آپ کو اچانک کیا ہو گیا ہے۔کیسی باتیں کر رہی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ اسے جانتی نہیں ہیں مگر میں جانتا ہوں ایک نمبر کی ڈرامے باز ہے۔ذرا ذرا سی بات پر رونے لگتی ہے مجھے نہیں چاہیے ایسی بیوی______عکاشہ نے کانوں کو ہاتھ لگایا

فی الحال تو تم میرے ساتھ ہسپتال جاؤ گے اور پھر ہم سوچتے ہیں کہ کیا کرنا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے اگر تمہیں یاد ہو تو تم نے حیدر کے سامنے کہا تھا کہ تم شادی میری پسند سے کرو گے______ عدن نے اپنا پرس لیتے ہوئے عکاشہ کو چلنے کا اشارہ کیا

وہ تو میں حیدر صاحب کو امپریس کر رہا تھا ورنہ مجھے آپ کی پسند بالکل پسند نہیں۔

Posted On Kitab Nagri

آگے ایک نمونہ "حیدر آفندی"پسند کیا تھااور اب دوسرا"ماہم"______ نہیں_____عکاشہ چیخا

اپنی بکواس بند کرو اور گاڑی نکالو_____عدن نے پرس سے گاڑی کی چابی نکال کر اسے دی اور خود فلیٹ لاک کرنے لگیں۔

اس وقت ماسٹر جی کے صحن میں یوشع اور نوید کے علاوہ مولوی صاحب اور کچھ یوشع کے خاص بندے گواہوں کی صورت میں موجود تھے

مولوی صاحب نکاح شروع کریں_____یوشع کی آواز پر سب نے اسے دیکھا اور پھر مولوی صاحب نے نکاح پڑھانا شروع کیا۔

کچھ دیر بعد انہوں نے دلہن کی اجازت اور سائن کی غرض سے نکاح نامہ ماسٹر صاحب کی طرف بڑھایا

۔

Posted On Kitab Nagri

ماسٹر جی ذرا جلدی کیجئے گا مجھے اور بھی بہت کام ہیں_____یوشع نے ماسٹر جی کی سستی کو دیکھتے ہوئے طنز کیا

ماسٹر جی، مولوی اور گواہوں کے ساتھ امثال کے کمرے میں داخل ہوئے جہاں اس کے باقی بچے بھی موجود تھے۔

بیٹا آپ کو یوشع حیدر آفندی ولد حیدر آفندی اپنے نکاح میں منظور ہیں۔

نہیں_____مولوی صاحب کے پہلی بار پوچھنے پر ہی امثال نے باآواز بلند انکار کیا جس پر کمرے میں سناٹا چھا گیا

امثال کی انکار پر یوشع نے کمرے کی طرف دیکھا جبکہ نوید منہ نیچے کرتا ہوا مسکرانے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بتول خوشی خوشی لان میں چکر لگا رہی تھی۔ آج کتنے دنوں بعد وہ اپنے کمرے سے باہر نکلی تھی۔ سب کچھ اچانک بہت اچھا لگنے لگا تھا۔ وہ ننگے پاؤں گھاس پر آہستہ آہستہ چہل قدمی کرنے میں مصروف تھی کہ گیٹ پر حیدر آفندی کی مرسڈیز کے ہارن پر رکی۔

چچا سائیں آ گئے ______ بتول نے دل میں سوچتے ہوئے اپنا دوپٹہ درست کیا

حیدر آفندی اپنی پوری شان و شوکت ساتھ گاڑی سے باہر نکلے۔

تمام ملازم انھیں دیکھتے ہی باادب کھڑے ہو کر سلام کرنے لگے۔ اس سے پہلے کہ وہ حویلی کے اندرونی حصے میں داخل ہوتے۔ لان میں ہرا دوپٹہ دیکھ کر رکے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ یہاں کیا کر رہی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے بتول کے قریب آتے ہوئے پیار سے پوچھا

سلام چچا سائیں ______ بتول نے سلام کیا

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم السلام______ آج تو بڑی خوش نظر آ رہی ہو۔حیدر آفندی نے اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے کہا جس پر بتول نے سر ہلایا

کوئی خاص وجہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے مسکراتے ہوئے پوچھا

وہ یوشع نے ______ پھر بتول نے ان کی غیر موجودگی میں ہونے والی بڑی سرکار کے ساتھ ساری گفتگو دہرا دی اور یوشع کا فیصلہ بھی سنایا۔

اچھا تو یہ بات ہے۔ہماری بیٹی اس فیصلے سے خوش ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر آفندی کے پوچھنے پر بتول نے سر جھکا لیا مگر اس کی گالوں پر موجود سرخی اس کی خوشی کا پتہ دے رہی تھی۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہاری چچی تو اس بات پر بہت ناراض ہوں گئی۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی کو اچانک راشدہ بیگم کا خیال آیا

وہ تو بہت غصے میں ہیں کہہ رہیں تھیں "آنے دیں حیدر کو میں ان سے بات کروں گی"_____بتول کی فکر مندی پر حیدر مسکرائے

میرے ہوتے ہوئے تم بالکل فکر مت کرو۔میں اس سب کو دیکھ لوں گا_______حیدر نے بتول کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اندر جانے لگے مگر پھر کچھ سوچ کرر کے۔

فلحال تو تم میرے لئے دعا کرو کیونکہ بڑی سرکار کو منانا بہت مشکل ہے_______حیدر آفندی کی بات پر بتول ہنس دی۔

بڑی سرکار اپنے کمرے میں ڈریسنگ ٹیبل کے آگے بیٹھیں تیار ہو رہیں تھیں۔

دروازے پر دستک کا انداز بتا رہا تھا کہ کون ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

مگر وہ جان بوجھ کر خود کو مصروف ظاہر کرتیں انگلیوں میں انگوٹھیاں پہننے لگیں۔

حیدر آفندی نے تین بار دستک دینے کے بعد دروازہ کھولا تو سامنے ہی بڑی سرکار کو اکیلا دیکھ کر دکھ کا سانس لیا۔

کیوں آئے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار نے حیدر کو اپنے قریب آتا دیکھ کر تلخی سے پوچھا

بچہ ماں پاس کیوں آتا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے محبت سے ان کے گرد اپنے بازو حائل کرتے ہوئے سر پر پیار دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا اب تمہیں ممتا کی محبت یاد آگئی اس دن "وہ" گھاس چرنے گئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار نے نفرت سے بازو اپنے کندھوں سے ہٹائے اور کھڑی ہو گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

اماں سائیں اب جانے بھی دیں آخر کب تک ناراض رہیں گی۔۔۔۔۔؟؟؟ مجھ سے آپ کی ناراضگی برداشت نہیں ہوتی_____حیدر آفندی نے کہتے ہوئے بیڈ پر پڑی گرم چادر اٹھا کر انہیں پہنائی

لہجے میں بڑی شیرنی گھلی ہوئی ہے۔کیا پلاتی رہی ہے وہ تمہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے اپنے کندھوں پر چادر درست کرتے ہوئے پوچھا جس پر حیدر کھل کے مسکرا دیئے

اماں سائیں آپ جیلس ہو رہی ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ انہوں نے چھیڑا

جیلس ہوتی ہے میری جوتی_____دوبارہ مجھے اس سے کمپئر کرنے کی کوشش مت کرنا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نے ایک ہی ہوں۔ میرے ماں باپ نے میرا نام "پیر بانو" جب کہ شوہر نے "بڑی سرکار" رکھا ہے _میرا مقابلہ کوئی معمولی عورت نہیں کر سکتی_______بڑی سرکار نے غرور سے اپنی گردن اکڑائی۔

ہم بھی تو آپ کو اماں سائیں کہتے ہیں ہماراذ کر ہی نہیں______حیدر آفندی نے گلہ کیا۔

Posted On Kitab Nagri

کہتے تو ہو مگر سمجھتے نہیں ہو______بڑی سرکار نے بھی اپنا دکھ بیان کیا

اچھا اب معاف کر دیں۔ آئندہ نافرمانی نہیں ہو گی______حیدر نے بڑی سرکار کے آگے گھٹنوں کے بل جھکتے ہوئے معافی مانگی

میری اجازت کے بغیر اب تم اس سے نہیں ملو گے______بڑی سرکار کی سوئی پھر اسی جگہ جا رکی۔

آپ اس بات کو چھوڑ کیوں نہیں دیتیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے پاؤں کو ہاتھ لگاتے ہوئے کہا

Kitab Nagri

یعنی تم اس سے ملتے رہو گے پھر معافی کا کیا فائدہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار ایک قدم پیچھے ہٹیں۔

www.kitabnagri.com

اماں سائیں اب میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ اب تو رحم کریں۔ میں بہت تھک گیا ہوں ماں اور بیوی کے درمیان______حیدر کی لاچارگی پر بڑی سرکار کو اپنے بیٹے پر ترس آیا۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے نیچے سے اٹھو۔ ہمیں تم سے کچھ ضروری باتیں کرنی ہیں۔ بڑی سرکار کے نارمل لہجے پر حیدر نے سکھ کا سانس لیا اور صوفے پر بیٹھ گئے۔

اماں سائیں خیریت کیا بات ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حالانکہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ کیا بات ہے پھر بھی انجان بنے۔

ہمیں تم سے بتول کے بارے میں ایک بات کرنی ہے۔ بلکہ "بات" نہیں ایک "فیصلہ" سنانا ہے اور پتا یہ فیصلہ یوشع نے کیا ہے۔

مجھے تم سے زیادہ یوشع پر فخر ہے۔ وہ بالکل میری طرح سوچتا اور فیصلہ کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ لوگوں کو انکی اوقات میں کیسے رکھنا ہے_____بڑی سرکار کے لہجے میں یوشع کے لئے فخر تھا

الو کا پٹھا_______حیدر آفندی نے دل میں اسے گالی سے نوازا۔

جی بڑی سرکار آپ بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں_____جب کہ منہ سے اقرار کیا

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ کو اس کے فیصلے پر کوئی اعتراض نہیں تو بھلا مجھے کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے

مجھے تم سے یہی امید تھی اب یہ بات اپنی بیوی کو بھی اچھی طرح سمجھا دینا_____بڑی سرکار کے کہنے پر حیدر آفندی سر ہلاتے جانے کے لیے کھڑے ہوئے

بیٹھو ابھی ایک اور بات بھی رہتی ہے اور تمہیں اتنی جلدی کیوں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے طنز کیا جب کہ حیدر آفندی دوسری بات کے بارے میں سوچنے لگے

وہ یوشع الیکشن لڑنا چاہتا ہے تو_____بڑی سرکار نے بات شروع کی جیسے جیسے وہ بات بتاتی جا رہی تھیں ویسے ویسے حیدر آفندی حیرت کے سمندر میں ڈوبے جا رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بڑا ہی کمینہ ہے باپ کے آنے کا انتظار بھی نہیں کیا اور ساری پلاننگ خود ہی کر لی۔اسے تو باپ کی ضرورت ہی نہیں۔یہ تو خود سب کا باپ ہے ______ حیدر آفندی دل میں سوچتے ہوئے مسلسل سر ہلا رہے تھے۔

اس وقت ماسٹر جی کے صحن میں یوشع اور نوید کے علاوہ مولوی صاحب اور کچھ یوشع کے خاص بندے گواہوں کی صورت میں موجود تھے

مولوی صاحب نکاح شروع کریں ______ یوشع کی آواز پر سب نے اسے دیکھا اور پھر مولوی صاحب نے نکاح پڑھانا شروع کیا۔

کچھ دیر بعد انہوں نے دلہن کی اجازت اور سائن کی غرض سے نکاح نامہ ماسٹر صاحب کی طرف بڑھایا

۔

Posted On Kitab Nagri

ماسٹر جی ذرا جلدی کیجئے گا مجھے اور بھی بہت کام ہیں______یوشع نے ماسٹر جی کی سستی کو دیکھتے ہوئے طنز کیا

ماسٹر جی، مولوی اور گواہوں کے ساتھ امثال کے کمرے میں داخل ہوئے جہاں اس کے باقی بچے بھی موجود تھے۔

بیٹا آپ کو یوشع حیدر آفندی ولد حیدر آفندی اپنے نکاح میں منظور ہیں۔

نہیں______مولوی صاحب کے پہلی بار پوچھنے پر ہی امثال نے با آواز بلند انکار کیا جس پر کمرے میں سناٹا چھا گیا

امثال کی انکار پر یوشع نے کمرے کی طرف دیکھا جبکہ نوید منہ نیچے کرتا ہوا مسکرانے لگا

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے اگر وہ نہیں مانتی تو زبردستی کی ضرورت نہیں ہے______یوشع کہتا ہوا کھڑا ہو گیا جبکہ یوشع کی بات پر نوید کی مسکراہٹ سمٹی۔باقی ملازم بھی یوشع کے کھڑے ہوتے ہی جانے کے لیے تیار ہو گئے۔

امثال کے انکار پر مولوی صاحب نے ایک نظر ماسٹر جی کو دیکھا اور باہر جانے لگے۔

رکیں مجھے کچھ کہنا ہے________امثال نے مولوی صاحب کو باہر جاتا دیکھ کر پکارا

آپ انہیں یہ دے دیجیئے گا________امثال نے کاغذ کا ایک ٹکڑا مولوی صاحب کی طرف بڑھایا جب کہ ماسٹر جی نے حیرانی سے امثال کی اس حرکت کو دیکھا

امثال یہ کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟انہوں نے حیرت زدہ سا پوچھا جب کہ مولوی صاحب گواہوں کے ساتھ باہر نکل گئے

Posted On Kitab Nagri

ابا آپ پریشان کیوں ہیں______میں کوئی بے وقوف ہوں۔۔۔۔؟؟؟امثال نے مولوی صاحب کے جاتے ہیں منہ پر لیاڈوپٹہ پیچھے الٹااور سکھ کا سانس خارج کیا

وہ جی یہ وہ انہوں نے______مولوی صاحب کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیسے امثال کو مخاطب کریں ۔

یوشع کا موڈ خراب ہو چکا تھااس لیے مولوی صاحب کو یوں مخاطب کرنے پر ایک ناراض نظر ان پر ڈالتا باہر کی طرف بڑھ گیا

آپ یہ پرچہ مجھے دے دیں نوید نے کہتے ساتھ ہی وہ پرچہ مولوی صاحب کے ہاتھ سے لے لیا اور انھیں فیس ادا کرتا ہوا یوشع کے پیچھے ہی چل دیا۔

جیسے ہی یوشع کی جیپ اور گاڑیاں ماسٹر جی کے گھر سے روانہ ہوئیں آس پاس کے لوگوں نے انہیں حیرت سے دیکھا اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے ہمسائے ماسٹر جی کے گھر پر جمع ہونے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

گاڑی میں مکمل خاموشی تھی۔نوید چور نظروں سے یوشع کو بار بار دیکھ رہا تھا۔جو شاید کسی کو فون کرنے میں مصروف تھا اور ماتھے پر شکن واضح تھی۔

سائیں یہ پرچی ماسٹر صاحب کی بیٹی نے دی ہے اس کا کیا کرنا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ڈیرے پر جیپ روکتے ہوئے نوید نے پوچھا جس پر یوسف نے ایک حقارت بھری نظر اس پرچی پر ڈالی اور نیچے اترنے لگا مگر پھر دروازہ کھولتے ہوئے تجسس کے مارے رکا۔

کیا لکھا ہے اس میں۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے پاؤں نیچے رکھتے ہوئے پوچھا

سائیں میں نے نہیں پڑھی______نوید نے سعادت مندی سے جواب دیا جس پر یوشع دوبارہ جیپ میں بیٹھ گیا

لاؤ_______نوید کے ہاتھ سے پرچی لیتے ہوئے جیسے ہی یوشع نے اس کاغذ کے ٹکڑے کو کھولا اس کے تاثرات بدلنے لگے اور یہ دیکھ کر نوید کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا

Posted On Kitab Nagri

اگر سائیں کو مجھ پر شک ہو گیا تو میرا کیا بنے گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے دل میں سوچا

نوید_______یوشع نے نوید کو پکارا تو نوید کو اپنا دل کانوں میں دھڑکتا ہوا محسوس ہوا

ج جی سائیں_____نوید نے ہکلاتے ہوئے یوشع کو جواب دیا

تم دونوں ایک ہی سکول کے پڑھے ہوئے ہونا اااا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے پوچھتے ہوئے وہ کاغذ کا ٹکڑا نوید کی طرف بڑھایا جبکہ نوید یوشع کے سوال پر حیران رہ گیا

جی سائیں______بمشکل ہوش سنبھالتے نوید نے جواب دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نکاح میرا کینسل ہوا ہے اور حواس تمہارے معطل ہو رہے ہیں کیا بات ہے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کے رویے پر یوشع نے اسے شکی نظروں سے دیکھا

کچھ نہیں سائیں وہ بس ایسے ہی______نوید نے فوراً اپنے تاثرات بدلے

Posted On Kitab Nagri

کہیں تمہیں یہ ڈر تو نہیں لگ گیا کہ اب میری شادی بتول سے ہو گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے چسکا لیا

نہیں سائیں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔میں جانتا ہوں آپ اپنے فیصلوں سے نہیں مکرتے______

نوید کی گیم اسی پر الٹ گئی تھی اب وہ مکمل گم صم سا ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا تھا۔

مجھے یہ پرچہ پڑھ کر دو______کچھ دیر کی خاموشی کے بعد یوشع نے حکم دیا

میں نے ساری زندگی اتنی گندی لکھائی نہیں دیکھی جتنی اس "بی بی نخرے والی" کی ہے۔

کچھ سمجھ نہیں آ رہا کہ کیا لکھا ہے اور کس زبان میں لکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اگر یہ پرچہ کسی آثار قدیمہ والے کو دیا جائے تو وہ سمجھے گا کہ یہ 320 ق م کے زمانے کا کوئی رسم الخط ہے۔

Posted On Kitab Nagri

کیا تم لوگوں کی لکھائی پر سکول میں توجہ نہیں دی جاتی۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے تبصرے پر نوید حیران رہ گیا

سائیں ہمارے سکول میں تو لکھائی پر خاص توجہ دی جاتی ہے۔سب بچوں کو پانچویں کلاس تک تختی لکھائی جاتی ہے۔

اور تختی لکھنے والوں کی لکھائی بہت خوبصورت اور صاف ہوتی ہے ______نوید کے جواب پر یوشع نے اسے طنزاً مسکرا کر دیکھا

جی بالکل وہ تو میں دیکھ ہی رہا ہوں ______ماسٹر جی کے گھر سے واپسی پر یوشع پہلی بار کھل کر ہنسا تھا۔

مجھے نہیں لگتا کہ یہ امثال نے خود لکھا ہو گا اتنی گندی لکھائی اس کی ہو ہی نہیں سکتی ______نوید نے پرچے پر نظر مارتے ہوئے خود کلامی کی جسے یوشع نے بخوبی سنا۔

Posted On Kitab Nagri

کیا تم سے بھی نہیں پڑھا جا رہا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے سوالیہ نظروں سے نوید کی طرف دیکھا جو کچھ دقت کا شکار تھا۔

سائیں وہ اصل میں ______نوید نے کچھ بولنا چاہا مگر یوشع نے اس کے ہاتھ سے پرچہ چھین لیا۔

اب یہ وہ خود آکر ہی پڑھے گی _____یوشع کہتا ہوا جیپ سے اتر کر ڈیرے پر چلا گیا جبکہ نوید نے اپنا سر پکڑ لیا

بیوقوف لڑکی ______نوید نے سٹیرنگ پر زور سے مکہ مارا

"چاہے لاکھوں میں بھٹکتی رہے کملی کی طرح
چاہے اک شخص پر اڑ جائے نگاہ کی مرضی "

یہ لڑکی مجھے کیسے پسند آگئی _____اتنی گندی لکھائی _____یوشع نے اپنے آگے پرچہ کرتے ہوئے سوچا اور پھر اسے اپنے قریب ہی جلتی ہوئی آگ میں پھینکنے لگا مگر پھر کچھ سوچ کر جیب میں رکھ لیا۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ کبھی تو سنجیدہ ہو جایا کرو۔ دیکھو اس لڑکی کا بہت خون بہہ گیا ہے۔ اگر تم ایک بوتل خون دے دو گے تو تمہیں کیا فرق پڑ جائے گا۔۔۔۔۔؟؟؟

جب کہ اس لڑکی کی جان بچ جائے گی______عدن مسلسل عکاشہ کو خون دینے کا کہہ رہی تھیں۔

میں کیوں دوں خون۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آگے ہی مجھ میں خون کی بہت کمی ہے۔میرے اندر کون سا اضافی خون ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے بھی سینڈوچ کھا کھا کر بندے کے اندر کتنا خون بن سکتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ خود ہی سوچیں ذرا______عکاشہ نے عدن کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ خون دینے سے اپنی صحت بھی اچھی رہتی ہے اور ثواب بھی ملتا ہے______عدن نے سمجھانا چاہا

شکریہ مسز آفندی____اگر آپ کو اس کا اتنا ہی دکھ ہو رہا ہے تو گاؤں سے حیدر آفندی کو بلا لیں مگر مجھے معاف کر دیں۔

بامشکل گاؤں میں کھا پی کر جو صحت بنائی ہے وہ اسے دے دو_____ارے واہ_______عکاشہ نے پینٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالتے ہوئے کندھے اچکائے

مجھے افسوس ہے کہ تم میرے ہی بیٹے ہو_____عدن نے دکھ سے عکاشہ کی طرف دیکھا

سوری ماما مگر مجھے بھی یہی دکھ بچپن سے ہے کہ آپ میری ماں ہیں اور آپ کو میری ہی کوئی پرواہ نہیں ۔

Posted On Kitab Nagri

یاد ہے پچھلے سال بھی آپ کے کہنے پر ایک عورت کو خون دیا تھا۔وہی جس کا بعد میں بیٹا ہوا تھا ______یاد آیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کے یاد دلانے پر عدن کو یاد آیا کہ اس کی کولیگ کو ڈلیوری میں خون کی ضرورت تھی تو عدن نے عکاشہ سے کہہ کر ایک خون کی بوتل دلائی تھی

ہاں یاد ہے مگر وہ تو کافی پرانی بات ہے اب تم پھر خون دے سکتے ہو______عدن نے جواب دیا

مگر چوٹیں بالکل نئی ہیں_____عکاشہ نہ غصے سے جواب دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے اسے حیرانگی سے دیکھا

اپنی طرف سے "جوان" اور میری طرف سے "بوڑھی" خاتون اگر آپ کو یاد ہو تو اس عورت کے میاں اور گھر والوں نے مجھے کتنا مارا تھا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

بقول آپ کے خون دینے کی نیکی کرنے پر_____عکاشہ نے منہ چڑایا

تم نے بات ہی اتنی غلط کی تھی تمہاری مار تو بنتی تھی______ اچانک یاد آنے پر عدن مسکرانے لگیں۔

آپ دنیا کی واحد ماں ہیں جو اپنے بچے کی مار پر خوش ہو رہی ہیں۔ قسم سے اگر میں ماں ہوتا تو کوئی میرے بچے کو ہاتھ لگا کر دکھاتا_______عکاشہ غصے سے عدن کے آگے پیچھے چکر لگا رہا تھا

اگر تم کسی کی اولاد کو اپنا خون کہو گے تو وہ تمہیں ماریں گے ہی_____ گلے لگانے سے تو رہے ______؟؟؟عدن ہنس رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو میں نے اس بچے کی ماں کو خون دیا تھا۔ اس کی رگوں میں میرا خون تھا۔ اس میں کیا غلط ہے ______؟؟؟عکاشہ اب عدن کے برابر بینچ پر بیٹھ گیا تھا

خون دینے_____اور خون ہونے میں_____بڑا فرق ہے______؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

"یہ میرا خون ہے"_____ یہ جملہ صرف اولاد کے لیے بولا جا سکتا ہے۔ جیسے تم حیدر کا خون ہو۔

مگر ہم جسے خون دیتے ہیں وہ ہمارا خون نہیں ہوتا جیسے لوگ اپنی بیوی کو بھی خون دیتے ہیں۔

بیوی تو اولاد نہیں ہوتی_____ کتنے لوگ اپنی بیوی کو اپنا خون دے کر بچاتے ہیں______ عدد نے پیار سے عکاشہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے سمجھایا

بے وقوف____ گدھے____ الو کے پٹھے____ اس قسم کے لوگوں نے "مرد برادری" کا امیج خراب کر دیا ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھئی اگر تمہیں دوسرا موقع مل رہا ہے تو کیوں ضائع کرتے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟

نئی چیز نہیں ہوتی ہے اور پرانی چیز پر جتنی مرضی محنت کر لیں پرانی ہی رہتی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مگر یہاں تو سب کو "دیوداس" بننے کا شوق ہے______عکاشہ نے سر نفی میں ہلایا جب کہ عدن تو بالکل حیرت کی مورت بنی اسے دیکھ رہی تھی۔

اچھا آخری بار میرے کہنے پر ماہم کو خون دے دو پھر نہیں کہوں گی_____عدن کو عکاشہ کی سوچ پر غصہ تو بہت آیا مگر فی الحال وہ موقع کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اسے سمجھانے لگیں۔

دیکھو تمہارے خون سے اس بچی کی جان بچ جائے گی_____عدن نے لجاجت سے کہا

اچھی خاصی پڑھی لکھی خاتون ہیں۔ پھر بھی ایک جوان جہان لڑکی کو "بچی بچی" کہہ رہی ہیں۔

لڑکی بولیں ناااا_____یہ بچی کا لفظ ہم لڑکے استعمال کرتے ہیں وہ بھی ایسی لڑکی کے لئے______عکاشہ مزید کچھ کہنے لگا تھا مگر زبیر صاحب کو قریب آتا دیکھ کر چپ ہو گیا۔

بیٹا آپ میری بچی کو خون دے رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟زبیر صاحب نے قریب آتے ہی نہایت شفقت سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

)پھر بچی_____عکاشہ زیرلب بڑبڑایا(

جی یہ دے رہا ہے_____عکاشہ کے بولنے سے پہلے ہی عدن بول پڑیں۔

بیٹا آپ کا مجھ پر بہت بڑا احسان ہے۔اللہ تعالی آپ کو خوش رکھے۔اصل میں اس کا بلڈ گروپ آسانی سے نہیں ملتا اگر میرا بیٹا یہاں ہوتا تو میں آپ کو زحمت نہ دیتا اس کا بلڈ گروپ اور ماہم کا ایک ہی ہے۔

زبیر صاحب کی آواز نم تھی۔اور وہ آنکھوں میں بے بسی اور نمی کے ساتھ شکریہ کے کلمات ادا کرتے پلٹ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نکال لو___ظالموں سارا نکال لو____ایک مزاق کی اتنی بڑی سزا____چھوڑوں گا نہیں میں اسے____دیکھ لینا_____عکاشہ مسلسل بڑبڑاتے ہوئے زبیر صاحب کے پیچھے چل رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے سمجھ نہیں آتی پہلے صرف ڈراموں، فلموں اور ناولز میں ایسا ہوتا تھا کہ ہیروئن کو صرف کسی خوبصورت امیر اکلوتے لڑکے کا خون ہوراس آتا تھا مگر اب حقیقت میں بھی ایسا ہی ہونے لگا ہے۔

آپ خون کیوں نہیں دیتیں۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ مسلسل عدن ساتھ چلتا ہوا بول رہا تھا جب کہ عدن کے چہرے پر مسکراہٹ اور ایک اطمینان تھا۔

پہلے ہم آپ کا بلڈ سیمپل لیں گے_____ نرس نے بتایا

بالکل نہیں اتنا خون نہیں ہے مجھ میں کہ سیمپل لے لے کر ضائع کر دیں۔

میرا بلڈ گروپ "او نیگیٹو" ہی ہے آپ بس ڈریپ لگائیں۔ عکاشہ بیزاری سے کہتا ہوا بیڈ پر بیٹھ گیا

سوری مگر ہم پہلے آپ کا بلڈ ٹیسٹ کریں گے اور تب تک آپ کو جوس وغیرہ پی لیں_____ نرس نے عکاشہ کے بلڈ کا سیمپل لیتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

شکر ہے کسی کو تو میرے کھانے پینے کا خیال آیا______عکاشہ عدن پر ایک جتلاتی نظر ڈالتا کمرے سے نکل گیا

یہ آپ کا سوتیلا بیٹا ہے۔۔۔۔؟؟؟نرس نے عکاشہ کے رویے پر عدن سے پوچھا

نہیں یہ میرا سگا بیٹا ہے۔سوتیلا تو بہت ہی فرماں بردار ہے______عدن کہتی ہوئی عکاشہ کے پیچھے چل دی جبکہ نرس نے حیرت سے دونوں ماں بیٹے کو سنا۔

عکاشہ مزے سے پائن ایپل کا جوس پینے میں مصروف تھا کہ اس کا موبائل بجا۔

اسے کہتے ہیں دل کو دل سے نہیں بلکہ بھائی کو بھائی سے راہ ہوتی ہے______عکاشہ نے فون اٹینڈ کرتے ہی کہا جس پر یوشع مسکرا دیا

کیوں کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے ڈیرے پر موجود اپنے پسندیدہ سفید گھوڑے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لمبی کہانی ہے______دوسرا میں اس وقت جوس پی رہا ہوں______تیسرا فون آپ نے کیا ہے لہذا پہلے آپ کا حق ہے کہ بتائیں کیا ہوا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے جواب پر یوشع نے ایک سرد آہ بھری

کیا بتاؤں کہ کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے گھوڑے کو دیکھتے ہوئے حسرت سے کہا

بکری بھاگ گئی______عکاشہ کے پوچھنے پر آس پاس بیٹھے لوگوں نے اسے حیرت سے دیکھا جبکہ یوشع نے بے ساختہ قہقہہ لگایا

بس یہی سمجھ لو اور پھر یوشع نے اسے تمام بات تفصیل سے بتا دی جسے سن کر عکاشہ ہنسنے لگا

میری ذاتی رائے ہے کہ "اگر آپ کو کبھی کسی لاپرواہ سے محبت ہو جائے تو بیٹھ کر پہلے یہ طے کر لیں کے گرنا کس حد تک ہے"

Posted On Kitab Nagri

مگر میرے خیال سے آپ تو ان کے پاؤں میں لیٹ ہی گئے ہیں______عکاشہ نے ہنستے ہوئے جوس کا آخری گھونٹ بھرا

جبکہ یوشع اب چارپائی پر نیم دراز ہو کر اپنا بازو سر کے نیچے رکھ چکا تھا۔

تیرا ہنسنا بنتا ہے ہنس لے______یوشع کی آواز پر عکاشہ کی ہنسی کو بریک لگی

ابھی میں نے اپنا دکھ نہیں بتایا پھر فیصلہ کرنا کہ کس کا ہنسنا بنتا ہے۔۔۔۔؟؟؟اس کے بعد عکاشہ نے ماہم ساتھ کیے مذاق سے لے کر خون دینے تک سب بتا دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع کو اتنا مزا آیا کہ وہ ہنستا ہوا اٹھ بیٹھا اور اپنا غم بھول کر ہشاش بشاش ہو گیا

نہیں یار تیرا دکھ مجھ سے زیادہ ہے۔مجھے تجھ سے شدید ہمدردی ہے۔بلا اتنے مذاق پر کون خون دیتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع ہنستا بھی جا رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

بھائی یارررررر______ابھی تو آپ "نشو" کی طرح رو رہے تھے پھر اچانک "منور ظریف" کیسے بن گئے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے طنز کیا

تیرا دکھ سن کر______یوشع اب بھی ہنس رہا تھا۔

آپ میرا خون ہیں پھر بھی مجھ پر ہنس رہے ہیں______عکاشہ نے جوش دلایا

سوری____میں حیدر آفندی کا خون ہوں اور تم چپ چاپ جا کر خون دو۔ چھوٹی ماما بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں خون دینے سے ثواب ملتا ہے۔یوشع آخر میں سنجیدہ ہوا۔

"تم جو غیروں سے ملے، تمھیں غیرت نہیں آئی"______عکاشہ نے کہتے ساتھ ہی فون کاٹ دیا کیونکہ عدن کی کال آ رہی تھی اور وہ جانتا تھا کہ کیوں۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

یوشع نے دروازے پر دستک دی حالانکہ دروازہ کھلا ہوا تھا۔حیدر آفندی جو شاید کسی سے فون پر محو گفتگو تھے۔اسے دیکھتے ہی ٹیرس کی طرف چل دیے۔

کیا بات ہے آج تو سردار صاحب بڑے موڈ میں لگ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع مسکراتا ہوا راشدہ بیگم کے قریب آیا

یہاں سب ہی موڈ میں ہیں سوائے میرے ______راشدہ بیگم نے ایک ناراض نگاہ یوشع پر ڈالی اور کمرے سے باہر جانے لگیں۔

اماں سائیں اس حویلی میں واحد آپ ہی تھیں جو بالکل نارمل گفتگو کرتی تھیں مگر اب میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ آپ کی گفتگو میں بھی طنز شامل ہونے لگا ہے ______یوشع نے انہیں پیار سے پکڑتے ہوئے صوفے پر بیٹھایا

مجھے یقین نہیں آتا کہ تم میرے بیٹے ہو کبھی ماں کی فکر نہیں ہوئی تمہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے گلہ کیا

Posted On Kitab Nagri

آپ کی ہی تو فکر کر رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے کہتے ہوئے ان کے کندھوں پر سر رکھا

وہ تو میں دیکھ ہی رہی ہوں بتول سے شادی نہ کر کے تمہیں میری کتنی فکر ہے۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے سوالیہ انداز میں جواب دیا۔

آپ کو بتول سے ہزار گنا اچھی بہو لا کر دوں گا یہ میرا آپ سے وعدہ ہے______یوشع نے کندھے سے سر اٹھاتے ہوئے ان کے آگے اپنا ہاتھ کیا

بتول سے اچھی کوئی ہو ہی نہیں سکتی_______راشدہ بیگم نے انکار کیا

چلیں مرضی ہے آپ کی_____میرا کیا ہے میں تو بتول ساتھ بھی گزارا کر لونگا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اللہ کا شکر گزار بندہ ہوں مگر پھر آپ کو ہی برا لگے گا______یوشع نے کھڑے ہوتے ہوئے اپنے ہاتھ پشت پر باندھے۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے کیوں برا لگے گا بلکہ سب سے زیادہ مجھے ہی اچھا لگے گا اگر تمہاری اور بتول کی شادی ہو گئی تو

________راشدہ بیگم کو یوشع کی بات پر حیرت ہوئی۔

کبھی آپ نے سوچا ہے کہ اگر بتول آپ کی بہو بنی تو اس کا اس حویلی میں کیا مستقبل ہو گا

_________؟؟؟

بتول کا اس حویلی میں وہی حشر ہو گا جو معذرت کے ساتھ آپ کا ہو تا رہا ہے۔

اس بیچاری کو آپ کی طرح نہ شوہر کی محبت ملے گی نہ حویلی میں عزت_______؟؟؟

عجیب خاتون ہیں آپ__________؟؟؟

بتول کو اپنی بیٹی کہتی ہیں اور اسے اپنی نظروں کے سامنے ہی ذلیل ہو تا دیکھنا چاہتی ہے_______یوشع

نے افسوس سے سر ہلا یا

Posted On Kitab Nagri

یوشع مجھے پریشان مت کرو اور بات بالکل سیدھی کرو۔ یہ تم گھما پھرا کے باتیں کرتے ہو یہ مجھے سمجھ نہیں آتیں______راشدہ بیگم سچ مچ پریشان ہو گئیں تھیں۔

اماں سائیں آپ ٹھنڈے دل و دماغ سے ذرا میری بات سنیں۔

اگر بتول کی مجھ سے شادی ہوئی تو بڑی سرکار اس کا جینا حرام کر دی گئی۔ اسے زندگی بھر خوشیاں نہیں ملیں گی۔

اور وہ خود اتنی ڈرپوک ہے کہ اپنے حق کے لیے بڑی سرکار کے سامنے ڈٹ نہیں سکتی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رہی میری بات تو میں اس کی کوئی مدد نہیں کر سکوں گا کیونکہ میں بڑی سرکار کے خلاف جا ہی نہیں سکتا ______یوشع نے راشدہ بیگم کو ڈرایا جو حقیقت میں ڈر بھی گئیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اگر ہم اس کی شادی کہیں باہر کر دیں تو وہ لوگ ہماری بتول کو سر آنکھوں پر بٹھائیں گے۔ آخر اتنے بڑے گھرانے کی بیٹی ہے مذاق تھوڑی ہے------؟؟؟

پھر وہاں وہ مہارانی بن کر رہے گی۔اپنی مرضی سے اپنی زندگی گزارے گی۔کوئی اس کے آگے اُف تک نہیں کرے گا۔

اب آپ کی مرضی ہے۔میں تو ابھی بڑی سرکار سے کہہ کر اس ساتھ نکاح کر لیتا ہوں۔میرا کیا ہے ------؟؟؟یوشع نے سرسری انداز میں کہا

اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ تم جس لڑکے سے شادی کرو گے وہ بڑی سرکار کے آگے ڈٹ جائے گی -----؟؟؟

جبکہ ابھی تک اس حویلی میں کوئی ایسا شخص نہیں جو ان کے آگے بول سکے۔چاہے ان کے سر میں چاندی ہی کیوں نہ آگئی ہو______راشدہ بیگم نے گلاس وال سے پار حیدر آفندی کو دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

اس کی آپ بالکل فکر نہ کریں اس دنیا میں بڑی بڑی ڈھیٹ لڑکیاں موجود ہیں۔ جنہیں اپنی بے عزتی اور دوسرے کی عزت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔اور اگر پڑے بھی تو زیادہ دیر تک اثر نہیں رہتا

______یوشع نے باقاعدہ قہقہہ لگایا

یقین مانیں مجھے لگتا تھا کہ لڑکیوں کو ڈرانا بہت آسان ہے۔ مگر پھر میری ملاقات ایک ایسی لڑکی سے ہوئی جو خود کچھ بھی نہیں ہے پر وہ دوسروں کا بھی کچھ نہیں چھوڑتی۔

یوشع کو یوں بات بات پر کھل کر ہنستا دیکھ کر راشدہ بیگم کو شدید حیرت ہوئی۔

یوشع تم ٹھیک ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے بے ساختہ پوچھا

اس نے مجھے ٹھیک ہی کہاں رہنے دیا ہے بہت ہی کوئی ڈھیٹ اور گندی لڑکی ہے ______یوشع کہتا ہوا دوبارہ صوفے پر بیٹھ گیا

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

گندی___مطلب۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم کو اب یوشع کی ذہنی حالت پر شک ہو رہا تھا

گندی نہ کہوں تو اور کیا کہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

پتااس کی حرکتوں پر دل کرتا ہے کہ اسے مار کر تہہ خانے میں بغیر نماز جنازہ اور کفن کے دفنا دوں مگر ______یوشع کہتا کہتا بے بس سا ہو گیا

مگر کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم کو اب تجسس ہوا کہ آخر اس لڑکی میں ایسا کیا ہے جو یوشع بے بس ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مگر مجھ سے اسے مارا ہی تو نہیں جا رہا نا!!!!______یوشع نے بے بسی سے صوفے کے ہینڈل پر مکا مارا

تو پھر تم اسی سے شادی کیوں کرنا چاہتے ہو جب کہ تم اس سے اتنے بیزار بھی ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم یوشع کا بالکل انوکھا روپ دیکھ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کے لیے_____بڑی سرکار کے لیے______کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ وہ آپ دونوں کو بہت "سوٹ" کرے گی_____یوشع اچانک شوخ ہوا۔

یہ کیا بات ہوئی۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم کو حیران دیکھ کر یوشع مسکرایا

Posted On Kitab Nagri

اب ہر کام بندہ اپنے لئے تو نہیں کرتا نا!!!!!!______ایک بار وہ اس حویلی میں آجائے میں آپ کو لکھ کر دیتا ہوں ایسی رونق لگے گی جس کا آپ نے کبھی تصور بھی نہیں کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے یہ آج کس سے اتنی لمبی بات کر رہے ہیں مجھے ان ساتھ بات کرنا تھی______یوشع نے اپنی بات کے آخر میں وال گلاس کے پیچھے کھڑے حیدر آفندی کے بارے میں پوچھا

تم سب کے سب میری سمجھ سے باہر ہو۔ باپ ساری زندگی کیا کرتا رہا ہے مجھے کچھ معلوم نہیں ۔۔۔۔۔؟؟؟

اور اب بیٹا بھی وہی کرنے لگا ہے۔ جا کر خود پوچھ لو______راشدہ بیگم الجھی الجھی سی بتول کے کمرے کی طرف چل پڑیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بابا سائیں بس کریں مجھے آپ سے بات کرنی ہے______یوشع نے ٹیرس پر قدم رکھتے ہوئے اونچی آواز میں کہا تا کہ دوسری طرف جو بھی ہو وہ کال بند کر دے۔

Posted On Kitab Nagri

بات کرنی ہے یا بتانی ہے ______ حیدر آفندی نے کال بند کرتے ہوئے پوچھا جس پر یوشع کندھے اچکاتا وہاں پڑے لکڑی کے جھولے پر بیٹھ گیا

تم دونوں بھائی کیا ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ پرانے زمانے میں اگر تم دونوں بھائیوں جیسی کوئی حرکتیں کرتا تھا تو لوگ کہتے تھے ان پر سایہ ہے _____ حیدر آفندی نے یوشع کی طرف دیکھتے ہوئے افسوس کیا جبکہ یوشع، عکاشہ کے ذکر پر مسکرا دیا

میرا تو خیر پتہ نہیں مگر چھوٹا کمال ہے آپ مانیں یا نہ مانیں ____ یوشع کے جواب پر حیدر آفندی کے ہونٹوں کو مسکراہٹ چھو گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بے غیرت ہو دونوں کے دونوں _____ ایک نے مجھے تنگ کر رکھا ہے تو دوسرے نے ماں کا جینا حرام کیا ہوا ہے۔ حیدر آفندی نے اپنا غصہ نکالا

Posted On Kitab Nagri

مطلب آپ اس وقت میری بات سننے کے موڈ میں نہیں ہیں۔۔۔۔۔؟؟یوشع نے آئی برو اچکا کر پوچھا

تمہیں باپ کی ضرورت ہے____ میرے خیال سے تو تم خود اپنے باپ ہو____ حیدر آفندی نے سوالیہ نظروں سے دیکھا

ظاہری سی بات ہے اب باپ کے خانے میں نام تو لکھنا ہے نا!!!!_____ اپنا تو لکھنے سے رہا یوشع کے جواب پر حیدر آفندی نے پاس پڑا کشن اٹھا کر اسے مارا جسے وہ سہولت سے کیچ کر کے ہنسنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہم نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں تو اسے اپنا دماغ سن سا لگ رہا تھا روشنی آنکھوں میں چبھ رہی تھی

۔

Posted On Kitab Nagri

بیٹا آرام سے آنکھیں کھولو اور میری طرف دیکھو شاباش_____زبیر صاحب کی آواز کانوں میں پڑتے ہی ماہم کو حوصلہ ہوا۔

ماہم کو ہوش میں آتا دیکھ کر حرم اور زبیر صاحب کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

یار پلیز آئندہ ایسا کچھ مت کرنا تم میری اکلوتی سہیلی اور بہن ہو____حرم نے نم آواز میں کہا

میں آپ دونوں سے شرمندہ ہوں سوری بس بہت زیادہ غصہ آگیا تھا تو_____ماہم نے لاغر آواز میں جواب دیا

چپ بالکل چپ_____زیادہ بولنے کی ضرورت نہیں ہے اور ہسپتال میں بولنا تو ویسے بھی منع ہوتا ہے۔ حرم نے اس کا ہاتھ نرمی سے پکڑا

شکر ہے اللہ کا کہ تم بچ گئی ہو ورنہ میں روز محشر اپنی بہن کو کیا منہ دیکھاتا تھا______زبیر صاحب نے ماہم کے ماتھے پر پیار کیا تو اس کے آنسو بہنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میری وجہ سے آپ لوگوں کو خامخواہ اتنی پریشانی ہوئی ہے_____ماہم اب اپنے کیے پر بہت شرمندہ تھی۔

ہمیں تو خیر جو پریشانی ہوئی ہے وہ اپنی جگہ مگر "اُسے" جو پریشانی ہوئی ہے اس کا مت پوچھو _______؟؟؟حرم نے کھڑکی سے باہر کھڑے عکاشہ کو دیکھ کر کہا

کیا مطلب_________؟؟؟زبیر صاحب اور ماہم نے ایک ساتھ پوچھا

کچھ نہیں بابا_____آپ اب جا کر مسز آفندی کا شکریہ ادا کریں اور جو ڈاکٹرز نے ماہم کی دوائیں لکھیں تھیں وہ بھی لے آئیں______حرم کے کہنے پر زبیر صاحب صرف ہلاتے روم سے باہر نکل گئے۔

چلو اب ہم دونوں آرام سے باتیں کرتے ہیں۔ویسے یہ کتنا آرام دہ کمرہ ہے۔ حرم نے سٹول پر بیٹھتے ہوئے ادھر ادھر دیکھا جبکہ ماہم اپنے بینڈیج والے ہاتھ کو گھور رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

اپنی انگلیوں کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد حرکت دیتی رہو ڈاکٹر نے کہا ہے______ حرم نے ماہم کی نگاہوں کا مرکز دیکھ کر کہا

میں تمہیں بہت ڈرپوک سمجھتی تھی مگر تم ڈرپوک ہونے کے ساتھ ساتھ بے وقوف بھی ہو یہ مجھے اب پتا چلا ہے۔

اگر عکاشہ پر غصہ تھا تو اس کا سر پھاڑ دیتیں۔ اپنے آپ کو یوں تکلیف دینا کونسی عقلمندی ہے _____؟؟؟ حرم نے دکھ سے کہا

اس کا نام بھی میرے سامنے مت لو______ ماہم نے نقاہت زدہ آواز میں جواب دیا

ویسے خون کچھ کچھ اپنا اثر دکھا رہا ہے____ حرم نے اپنی مسکراہٹ دبائی جس پر ماہم نے اسے گھورا

جوس پیو گی_____؟؟؟ حرم نے پوچھتے ہوئے ٹیبل پر پڑا جوس کا ڈبہ اٹھا کر اسے گلاس میں ڈالا

Posted On Kitab Nagri

یہ مسز آفندی کو کس نے بتایا ہے--------؟؟؟ ماہم کے پوچھنے پر حرم نے جوس والا گلاس کی طرف بڑھایا

میں نے بتایا ہے اور کس نے بتانا تھا--------؟؟؟ بمہ ان کے ہونہار کے کارنامے کے ______ حرم نے گلاس میں سٹرا ڈال کر ماہم کے لبوں ساتھ لگائی۔ چند گھونٹ بھر کر ماہم نے گلاس پیچھے کر دیا۔

نہیں بتانا چاہیے تھا______ان کا کیا قصور ہے-------؟؟؟ ماہم کو افسوس ہوا

انہی کا تو قصور ہے______ آخر ایسا بیٹا پیدا کرنے کی آخر ضرورت ہی کیا تھی--------؟؟؟ حرم نے اونچی آواز میں اپنا غصہ نکالا جسے کمرے میں داخل ہوتے عکاشہ نے بخوبی سنا۔

ضرورت تھی اگر یہ بیٹا وہ پیدا نہ کرتیں تو خون آپ کے فائق نے دینا تھا--------؟؟؟ عکاشہ کی آواز پر دونوں نے چونک کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

دیکھو مس موسلادھار عرف بچی کھچی______ تمہاری ان رگوں میں میرا خون گردش کررہا ہے جو میں اپنی مرضی سے دینا نہیں چاہتا تھا۔

مگر مجبوری خیر______ میں صرف یہ بتانے آیا تھا کہ میں تمہاری اس حرکت سے بالکل بھی متاثر نہیں ہوا ہوں۔اگر آئندہ ایسی کوشش کرو تو دل لگا کر کرنا تاکہ مجھے تمہارے "قُلوں" کے چنے کھانا نصیب ہوں_____ عکاشہ کہتا ہوا باہر نکل گیا جبکہ حرم کا حیرت کے مارے منہ کھل گیا۔

اس سے مجھے خون دیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟ ماہم نے ہلتے دروازے کو دیکھ کر پوچھا

ہاں مجبوری تھی کیونکہ تمہارا بلڈ گروپ مل ہی نہیں رہا تھا اور تمہیں خون کی سخت ضرورت تھی تو ہم نے گدھے کو ہی باپ بنالیا_______ حرم کے جواب پر ماہم کو غصہ آیا

باپ بنانے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ماہم نے کہتے ساتھ ہی اپنی آنکھیں بند کرلیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یعنی تمہارے خیال سے ہمیں "پیا" بنانا چاہیے تھا_____ حرم تیزی سے کہتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی مبادہ ماہم اسے کوئی چیز نہ مار دے۔

میں آپ اور آپ کے بیٹے کا دل سے شکر گزار ہوں۔ آپ نے ہماری مشکل وقت میں بہت مدد کی ہے ۔زبیر صاحب مسز آفندی کے قریب کھڑے شکریہ کے کلمات ادا کر رہے تھے۔

کوئی بات نہیں انسان ہی انسان کے کام آتا ہے اور ماہم تو مجھے بہت اچھی لگتی ہے_____ مسز آفندی نے خوش دلی سے جواب دیا جس پر زبیر صاحب سر ہلاتے سٹور سے ماہم کی دوائیاں لینے چل دیئے۔

مجھے فی الحال دیر ہو رہی ہے۔جب ماہم کو ہوش آیا تو میری طرف سے اسے ضرور پوچھنا۔میں اب چلتی ہوں۔ مسز آفندی نے حرم کو محبت سے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے کہا

وہ بلکل ہوش میں ہے۔ آخر اس کی رگوں میں اب خون کس کا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے حرم کی جگہ جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

اس کی رگوں میں اس کے باپ کا خون ہے_____ مسز آفندی نے دانت پیسے

باپ کا خون "تھا" جسے اس نے باپ کا مال سمجھ کر ضائع کر دیا مگر اب میرا "ہے"_پوری دو بوتلیں میں نے اسے اپنے خون کی دی ہیں۔ آپ انکار نہیں کر سکتیں_____ عکاشہ بگڑا

ٹھیک ہے میم آپ گھر جا کر آرام کریں میں اسے آپ کا پیغام دے دوں گی_____ حرم نے دونوں ماں بیٹے کے درمیان کشیدگی کے ڈر سے فوراً کہا

مسز آفندی سر ہلاتی ہوئی عکاشہ کے ہمراہ پارکنگ ایریا کی طرف چل دی جبکہ حرم نے عکاشہ کی پشت کو افسوس سے دیکھا

تقریباً ایک ہفتہ ہونے کو آیا تھا مگر یوشع کی طرف سے مکمل خاموشی تھی جو اب امثال کو پریشان کر رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میرا پیغام پڑھ کر بھی وہ خاموش رہے۔ نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ اچھا یا برا آخر کچھ تو رسپونس آنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

امثال اپنے آپ سے ہی سوال جواب میں اتنی مصروف تھی کے اس ننھی کے پاس آکر بیٹھنے کا پتہ ہی نہ چلا

تم کب آئیں۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے اپنے پاس بیٹھی ننھی کو حیرت سے دیکھا

جب آپ اپنے آپ سے باتیں کر رہیں تھیں_____ننھی خوب ہنسی جب کہ امثال نے اسے گھورا

اچھا دانت نکالنا چھوڑو اور مجھے یہ بتاؤ کہ تم نے وہ سب کچھ اچھی طرح دیکھ کر لکھا تھا نا!!!!_______ مثال نے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا جس پر وہ گردن ہلانے لگی

باجی اگر اس سردار نے ہماری باتیں نہ مانیں تو______ ننھی کی معصومیت پر امثال کو خوب پیار آیا

Posted On Kitab Nagri

تو کچھ بھی نہیں ہو گا۔ تم پریشان مت ہو______امثال نے اس کا سر تھپکا تبھی دروازے پر دستک ہوئی

باجی میں دیکھو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ننّھی نے پوچھا

نہیں تم اندر جاؤ میں دیکھتی ہوں______امثال کہتی ہوئی اپنا دوپٹہ سر پر درست کرتی دروازے کی طرف چل دی۔

آپ خیریت۔۔۔۔۔۔؟؟؟سے امثال نے آدھ کھلے دروازے سے جھانک کر دیکھا تو نوید کو کھڑا پایا ۔

جی میں بھی یہی پوچھنے آیا تھا کہ خیریت۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کے سوال پر امثال نے اسے نا سمجھی سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ماسٹر جی کی کسی بھی بچی کی لکھائی گندی نہیں ہے اور آپ کی تو خیر کیا ہی بات ہے______نوید کی تعریف پر امثال کو بات سمجھ آنے لگی

مجھے پتا ہے______امثال نے اقرار کیا

پھر وہ پرچہ کس سے لکھوایا تھا اور کیوں-----------؟؟

اتنی گندی لکھائی -----؟؟؟ مجھ سے بھی پڑھی نہیں جا رہی تھی سائیں نے اسے کیا پڑھنا تھا -----؟؟؟نوید کا جواب اسے حقیقت میں پریشان کر گیا

Kitab Nagri

میں نے وہ پرچہ کسی اور سے لکھوایا تھا تاکہ ابا کو پتہ نہ چلے______امثال نے جواب دیا

www.kitabnagri.com

پرچہ ماسٹر جی کی موجودگی میں ہی آپ نے مولوی صاحب کو دیا تھا نا!!!! پھر ڈر کیسا-----؟؟؟نوید کو اس وقت امثال پر شدید غصہ آیا

Posted On Kitab Nagri

ہاں مگر ابا کو یہ تو معلوم نہیں نہ کہ اس میں کیا لکھا ہے_____کس نے لکھا ہے_____اور کیوں لکھا ہے
_____؟؟؟امثال کا جواب تسلی بخش نہیں تھا پھر بھی نوید خاموش ہو گیا

خیر میں آپ کو صرف یہ بتانے آیا تھا کہ سائیں بالکل خاموش ہو گئے ہیں اور یہ خاموشی کسی طوفان کا پیش خیمہ ہو سکتی ہے لہذا احتیاط کیجئے گا۔

نوید کہتا ہوا رکا نہیں بلکہ فوراپلٹ گیا جب کہ امثال اپنی سوچوں میں گم چارپائی پر آ کر بیٹھ گئی۔

تبھی اس کی نظر سامنے کھیلتے ہوئے سفید بکری کے بچے پر پڑی تو وہ خود بخود مسکرا دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نوید کو یوشع نے انتہائی ایمرجنسی میں حویلی بلوایا تھا۔پتہ نہیں کیوں مگر یوشع کا انداز ایسا تھا کہ نوید ڈر گیا تھا۔جس وقت اس کی جیپ حویلی میں داخل ہوئی اس وقت ہلکی ہلکی بارش بھی ہو رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سائیں آپ نے مجھے یاد کیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ مردان خانے میں قدم رکھتے ہیں نوید نے عاجزی سے پوچھا

تم سے بابا سائیں بات کرنا چاہتے ہیں یوں_____یوشع نے حیدر آفندی کی طرف اشارہ کیا اور خود موبائل میں مصروف ہو گیا

اگر ذرا بھی ہماری بیٹی کو تکلیف دی یا ہمیں اس کی آنکھوں میں دیکھ کے سائے نظر آئے تو ہم ایک دفعہ بھی یہ نہیں سوچیں گے کہ تم ہمارے کیا لگتے ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بلکہ تمہیں سیدھا تہہ خانے میں پہنچا دیں گے نہ کفن کی زحمت گوارا کی جائے گی اور نہ نماز جنازہ کی ______حیدر آفندی کی باتیں نوید کو کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی جب کہ یوشع کی مسکراہٹ ماحول کو سنسنی خیزی سے بچا رہی تھی

جی سائیں میں سمجھا نہیں_____نوید نے گلا صاف کیا۔

Posted On Kitab Nagri

سمجھے تو ہم نہیں ______حیدر آفندی نے سخت لہجے میں جواب دیا

یوشع تم نے مولوی صاحب اور گواہوں کا انتظام کر لیا ہے ______حیدر آفندی نوید کو ہکا بکا چھوڑ کر یوشع سے مخاطب ہوئے۔

جی بابا سائیں سب ہو گیا ہے وہ اس وقت ڈرائنگ روم میں آپ کے منتظر ہیں ______یوشع کی نظریں اس وقت نوید کے چہرے پر تھی جب کہ وہ پسینے میں ڈوب رہا تھا

چلو پھر نیک کام میں دیر کیسی۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے انہیں چلنے کا اشارہ کیا اور خود سب سے پہلے مردان خانے سے باہر نکل آئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر تمہارا مراقبہ ختم ہو جائے تو اکرم سے اپنے کپڑے لے کر فوراڈرائنگ روم میں پہنچو۔اس سے پہلے کہ میرا ارادہ بدل جائے ______یوشع نے نوید کے کندھے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا

نوید اس وقت عجیب جزبات کا شکار تھا خوشی اور حیرت دونوں ایک ساتھ اس پر حملہ آور تھے

Posted On Kitab Nagri

وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ کیا کرے۔۔۔۔۔۔؟؟؟لہذا اس نے سب سے پہلے اپنے رب کا شکر ادا کرنے کے لیے اپنی قمیض کے بازو فولڈ کیئے

سفید جالی دار پردے کے ایک طرف بڑی سرکار، بتول اور راشدہ بیگم موجود تھیں۔

جبکہ دوسری طرف نوید، یوشع، حیدر آفندی، مولوی صاحب اور دیگر لوگ تھے۔

حیدر آفندی کے اشارے پر مولوی صاحب نے نکاح پڑھانا شروع کیا پھر کچھ دیر بعد ایجاب اور قبول کا مرحلہ طے پایا اور خیر و عافیت سے نوید اور بتول کا نکاح ہو گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب تمہیں بیٹی دے دی ہے تو گلے بھی لگا ہی لیتے ہیں_____ حیدر آفندی نے مصنوعی غصے سے کہتے ہوئے نوید کو گلے لگا کر نکاح کی مبارک باد دی پھر یوشع نے اسے گلے لگایا

Posted On Kitab Nagri

اگر میں "نکاح" کروا سکتا ہوں تو اس بات کا یقین آنکھیں بند کر کے کر لو کہ "طلاق" کرانا میرے بائیں ہاتھ کا کام ہے۔میں بہت فسادی ہوں۔احتیاط کرنا اسے خوش رکھنا_______یوشع مبارک باد کم اور دھمکا زیادہ رہا تھا۔

سائیں اسے میں آپ کی طرف سے مبارکباد سمجھو_______نوید نے پیچھے ہوتے ہوئے پوچھا

جی بالکل______یوشع نے پیچھے ہوتے ہوئے مٹھائی کا ٹکڑا اٹھا کر اپنے منہ میں ڈالا

بتول خوش تھی تو راشدہ بیگم بھی بہت خوش تھیں جبکہ بڑی سرکار ناگواری سے دونوں کو دیکھ رہی تھیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم دونوں تو ایسے خوش ہو رہی ہو جیسے اس کا نکاح ایک "کامے" ساتھ نہیں بلکہ کسی شہزادے ساتھ ہوا ہو_______بڑی سرکار کے طنز کو اچھی طرح محسوس کرتے ہوئے بتول مسکرائی۔

Posted On Kitab Nagri

کبھی کبھی ایک "کاما" بھی شہزادے سے زیادہ نمبر لے جاتا ہے______بتول نے دل میں سوچا مگر بڑی سرکار کو جواب نہیں دیا

نوید کا دل اب بتول سے ملنے کو بے قرار ہو رہا تھا مگر بتول کی ناراضگی کا سوچ کر وہ چپ تھا۔

سائیں کیا میں مل سکتا ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟کافی دیر اپنے آپ سے الجھنے کے بعد نوید نے ہچکچاتے ہوئے یوشع سے پوچھا

ابھی تو میں تم سے ملا ہوں۔ نکاح ہوتے ہی کیا یاداشت چلی گئی ہے ؟؟؟یوشع نے جان بوجھ کر نا سمجھی سے نوید کو دیکھا

سائیں میرا مطلب ہے بتول بی بی سے______نوید نے سر کھجاتے ہوئے آہستہ آواز میں کہا

میرا نہیں خیال کہ وہ تم سے ابھی ملنا چاہے گی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے جواب پر نوید بجھ سا گیا

Posted On Kitab Nagri

آپ ایک بار بی بی سے پوچھ تو لیں۔شاید وہ ملنا چاہ رہی ہوں______نوید نے امید سے کہا

اچھا چلو میں کوشش کرتا ہوں ویسے مجھے نہیں لگتا کہ وہ ملنا چاہے گی______یوشع مسکراتا ہوا اندر کی طرف بڑھ گیا

بتول بی بی وہ نوید تم سے ملنا چاہ رہا تھا مگر میں نے صاف منع کر دیا ہے آخر تم اس سے ناراض ہو تو کیوں ملو گی۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع اپنی مسکراہٹ کنٹرول کرتا ہوا بتول سے کہنے لگا

میں بھلا کیوں نہیں ملوں گی۔میں تو اس سے ناراض نہیں ہوں______بتول نے فوراً جواب دیا مگر پھر شرمندہ ہو گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھاااااا______یوشع نے اچھا کو خوب لمبا کیا

تو کیا میں اس کو یہاں بھیج دوں۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے سنجیدہ لہجے میں پوچھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا______بتول اب کی بار مسکرائی۔

ملنے کو دل بھی کر رہا ہے اور مان بھی نہیں رہی۔ یہ کیا بات ہوئی۔۔۔۔؟؟؟یوشع میں نے حیرت سے پوچھا

چلو منع کر دیتے ہیں ہمارا کیا ہے ____ویسے کل کلاں کو ہم پر گلہ مت کرنا کہ ہم نے ملنے نہیں دیا ۔۔۔۔؟یوشع کہتا ہوا باہر چلا گیا۔

تم میں احساس نام کی کوئی چیز ہے بھی کے نہیں ______آج تم نے مجھے بہت شرمندہ کیا ہے۔

میں سمجھتی تھی کہ تم میرے سامنے یہ لاابالی پن صرف مجھے تنگ کرنے کے لئے کرتے ہو جبکہ حقیقت میں تم ایسے نہیں ہو مگر میں غلط تھی ______عدن ہسپتال سے آنے کے بعد مسلسل عکاشہ پر غصہ ہو رہیں تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

تم سن رہے ہو کہ میں تم سے کیا کہہ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ بیڈ پر الٹا لیٹا عکاشہ کو بغیر کسی حرکت کے دیکھ کر عدن نے اس کا پاؤں ہلایا۔

یار ماما اچھی خاصا لوری دے رہی تھیں۔ قسم سے اتنی میٹھی نیند آئی رہی تھی جو پاؤں ہلا کر خراب کر دی۔

مائیں اپنے بچوں کو لوری دینے کے بعد ہلا ہلا کر نہیں دیکھتیں کے وہ سو رہا ہے کہ نہیں۔ اتنی سی بات آپ کو ابھی تک معلوم نہیں ہو سکی۔

خیر اس میں آپ کی بھی کوئی غلطی نہیں آپ کو کیسے معلوم ہونگی یہ باتیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اگر ایک درجن بچے پیدا کر کے پالے ہوتے تو کوئی تجربہ بھی ہوتا________ اللہ نے ایک بچہ دیا وہ بھی بالکل شریف سیدھا سادہ_______ عکاشہ بولنے لگا تو بولتا ہی چلا گیا

Posted On Kitab Nagri

اپنا منہ بند کرو شرم نہیں آتی ماں کے سامنے یوں زبان چلاتے ہوئے______عدن نے زور سے اس کے پاؤں پر اپنا ہاتھ مارا

میں تو سمجھا تھا کہ آپ گھر آ کر میری خوب "آؤ بھگت" کریں گی۔ آخر میں نے ایک فرماں بردار بیٹے کی طرح آپ کے "ایک دفعہ" کہنے پر ہی پوری دو عدد اپنے ذاتی خون کی بوتلیں اس موسلا دھار کو دی ہیں۔

مگر یہاں تو کسی کو فرق ہی نہیں پڑا__________؟؟؟

تعریف کرنے کی بجائے الٹا بے عزت کیا جا رہا ہے۔ اتنی جلدی احسان بھول گئیں ہیں_____عکاشہ اب اٹھ کر بیٹھ گیا تھا۔

"ایک دفعہ پر"_____عدن نے حیرت سے اس کا جملہ دہرایا تو عکاشہ کے چہرے پر مسکراہٹ آ گئی

۔

Posted On Kitab Nagri

چلیے "ایک" کے ساتھ "ایک" اور لگالیں بات تو "ایک" ہی ہے ______ عکاشہ نے کان کھجاتے ہوئے جواب دیا

عکاشہ تم کب اپنے بھائی کی طرح زندگی کو سنجیدہ لوگے ۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ تمہاری عمر میں لڑکے بہت سمجھدار ہو جاتے ہیں _____ عدن کا لہجہ اب بہت نرمی لیے ہوئے تھا

بھائی کی طرح میں نے نہیں ہونا۔ آپ ان کو جانتی نہیں ہیں۔ ان کی حرکتیں ____ اللہ معاف کرے ____ عکاشہ نے اپنے کانوں کو ہاتھ لگائے

عکاشہ اپنی ناکامیوں کو یوں دوسروں پر الزام لگا کر نہیں چھپاتے _____ عدن نے ڈانٹا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناکام اور میں _____ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔۔۔۔۔؟؟؟

اماں سائیں آپ مجھے بہت ہلکا لے رہیں ہیں ____ عکاشہ نے یوشع کی نقل اتاری جس پر عدن ہنس دی

Posted On Kitab Nagri

اچھا اب میری بات کا مجھے بالکل سنجیدہ جواب دینا______عدن نے پیار سے عکاشہ کو دیکھتے ہوئے پوچھا

ویسے ماما آپ بڑی کمال کی ہیں۔ ایک گھنٹے کے اندر اندر کتنی بار اپنا لہجہ تبدیل کر چکی ہیں۔ عورت جس مرضی عمر کی ہو مگر اس کا "ٹیلنٹ"______وہ مرد کو بیوقوف بنا ہی لیتی ہے۔

پھر چاہے وہ مرد اس کا اپنا بیٹا ہی کیوں نہ ہو______عکاشہ نے آنکھ ماری۔

اچھا پھر میں چلتی ہوں اگر تم نے میری بات سنجیدگی سے نہیں سنی تو______عدن بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بلیک میلنگ______عکاشہ نے عدن کو روکا

اگر میں سچ مچ تمہاری شادی ماہم سے کرنا چاہوں تو______کیا تم مان جاؤ گے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن کے سوال پر عکاشہ نے برا سا منہ بنایا

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ یہ سوال کل کرتیں تو میری طرف سے صاف جواب تھا۔ مگر اب اس کی رگوں میں میرا خون ہے تو سوچا جاسکتا ہے۔

کیونکہ مجھے اپنے خون پر پورا اعتماد ہے کہ وہ مجھے دھوکا نہیں دے گا۔ ورنہ لڑکیاں تو دھوکے کا دوسرا نام ہوتی ہیں_____عکاشہ کی رائے لڑکیوں کے بارے میں عدن کو کچھ خاص پسند نہیں آئی۔

تو پھر میں "ہاں" سمجھوں_____عدن کے پوچھنے پر عکاشہ کچھ خاموش سا ہو گیا۔

آپ کو اس عمر میں بے عزتی کرانے کا کیا شوق چڑھا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے میں آپ کے حوصلے کی داد دیتا ہوں_____عکاشہ نے عدن کو سراہتے ہوئے تالی بجائی۔

"بے عزتی"___"داد"___یہ کیا بکواس کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اچھی خاصی بات کرتے کرتے ایک دم بہک جاتے ہو۔ کہیں تم نے نشہ کرنا تو شروع نہیں کر دیا ۔۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے غصے سے پوچھا

اگر میرا آپ جیسا بیٹا ہوتا تو میں کبھی بھی اس کا رشتہ لے کر کسی لڑکی کے گھر نہ جاتا۔خواہ مخواہ اپنی بے عزتی کروانے والی بات ہے۔

سوچیں ذرا اگر لڑکی والوں نے پوچھا کہ لڑکا کیا کرتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تو آپ کیا بتائیں گی کہ آپ کی لڑکی کو تنگ ________ عکاشہ اپنے سوال و جواب پر خود ہی ہنس ہنس کر بستر پر ہاتھ مار رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لڑکی والے شاک ____ عکاشہ راک ____ ویسے بہت مزہ آئے گا۔عکاشہ کی باتوں پر عدن نے افسوس سے اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میں تو ماہم کے لیے رشتہ لے کر جاؤں گی۔ آگے دیکھا جائے گا وہ کیا کہتے ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن کہتی ہوئی دوبارہ جانے کے لیے اٹھ کھڑی ہوئی

میں یہ شادی صرف ایک شرط پر کرونگا_____ عکاشہ کی ایک دم سنجیدہ آواز پر عدن نے اسے آئی برو اچکا کرتے دیکھا

آپ مجھے اس کے سامنے یوں بے عزت نہیں کیا کریں گی بلکہ ہم ایک ٹائم سیٹ کر لیں گے کیوں کہ اس "سیشن" کے بغیر تو ہم دونوں کا گزارا نہیں ہے۔

تمہاری شرط بھی تمہاری طرح ایک "نمونہ" ہی ہے_____ عدن عکاشہ کی بات کا جواب دیتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی۔

اااافففففف____ میں اس موسلادھار سے شادی کروں گا۔یہ دن بھی میں نے دیکھنا تھا کتنی شرمندگی ہوگی مجھے_____ عکاشہ نے سوچتے ہوئے جھرجھری لی اور جلدی سے یوشع کو کال ملائی۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں بولو_____کال اٹینڈ کرتے ہی یوشع کی مصروف اور سنجیدہ آواز سپیکر سے ابھری

یار بھائی وہ تم سے یعنی تمہارے تجربے کی روشنی میں ایک بات پوچھنی تھی ____عکاشہ نے فوراً بولنا شروع کیا

پوچھو مگر ذرا جلدی______یوشع نے ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے کہا

یوشع کے جواب پر عکاشہ نے موبائل کان سے ہٹا کر اس کی سکرین کو حیرت سے دیکھا جہاں اس وقت رات کے دس بج رہے تھے۔

بولو بھئی_____یوشع نے مکمل خاموشی پر اسے پکارا اور خود پر پرفیوم چھڑکا۔

آپ اس وقت کہاں ہیں اور کیا کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے پوچھنے پر یوشع ہنس پڑا۔

Posted On Kitab Nagri

جو تم سوچ رہے ہو ویسا تو کچھ بھی نہیں ہے۔میں اس وقت حویلی میں ہوں____یوشع نے وال کلاک کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا

آپ کو کیسے پتا کہ میں کیا سوچ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے سوال کیا

تم میرے بھائی ہو وہ بھی چھوٹے والے____ہم دونوں ایک ہی باپ کی اولاد ہیں۔ ہم دونوں کی رگوں میں ایک ہی خون دوڑ رہا ہے تو ہم دونوں سوچتے بھی ایک ہی جیسا ہیں۔یوشع کے جواب پر عکاشہ چونکا

یہ تو بہت خطرناک بات ہے اس طرح تو مس موسلادھار بھی وہی سوچے گی جو میں سوچوں گا۔بڑی غلطی کر دی میں نے اسے اپنا خون دے کر____عکاشہ نے دل میں سوچتے ہوئے موبائل پر انگوٹھا مارا تو کال کٹ گئی۔

یہ کیا بدتمیزی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے کال بیک کی

Posted On Kitab Nagri

کونسی اور کون کر رہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے معصومیت کے تمام ریکارڈ توڑ دیتے ہوئے پوچھا

یہی کہ بات بتائے بغیر ہی کال کاٹ دی اور کون کر رہا ہے تم مجھ سے بہتر جانتے ہو_____یوشع نے جواب دیا

یار بھائی اگر میں اس لڑکی سے شادی کرلو جس کو میں نے خون دیا ہے تو ہماری شادی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم کتنا عرصہ چلے گی۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے سوال پر یوشع کو شدید غصہ آیا

کیا تمہیں یقین ہے کہ تم نے واقعی ہی یہی سوال پوچھنا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے تصدیق چاہی

جی بالکل آپ بتائیں نااااا۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کہنی کے بل بیڈ پر لیٹتے ہوئے پوچھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ میری جان "اگر کوئی آپ پر مرتا ہے تو اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ آپ اسے مار ہی دیں"_ میرے خیال سے بات سمجھ آگئی ہو گی_____یوشع نے دانت پیستے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

جی آدھی تو آگئی ہے مگر آدھی_____عکاشہ نے سر کھجایا

کتنی سمجھ آئی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے پوچھا

"آپ اسے مار ہی دیں"بس اتنی سمجھ آئی ہے_____عکاشہ کے جواب پر یوشع کو مزید غصہ آیا۔

آدھا جملہ میں نے اپنے لئے اور ادھار تمہارے لئے بولا تھا_______یوشع کے جواب پر عکاشہ نے اپنی آنکھیں گھمائیں۔

یعنی میں آپ پر مرتا ہوں اور آپ مجھے مارنا چاہتے ہیں_______عکاشہ کی تشریح پر یوشع نے اپنا سر پکڑ لیا

عکاشہ تم کوشش کرو کہ کچھ دن تک مجھ سے رابطہ نہ کرو ورنہ_______یوشع نے دھمکی دی

ورنہ آپ مجھے گلے لگالیں گے ہے ناااااا_____عکاشہ کو اب مزا آنے لگا تھا

Posted On Kitab Nagri

" گلے "تک تو بات بالکل ٹھیک ہے مگر "لگانے" اور "دبانے" میں ابھی کنفیوژن باقی ہے ______ یوشع مسکرایا

بکری پکڑی گئی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے یوشع کا موڈ بہتر دیکھ کر فوراً پوچھا

بات اب بکری سے بہت آگے بڑھ گئی ہے ______یوشع نے سنجیدگی سے جواب دیا

کیا اب "بکری" کے ساتھ ساتھ اس کی "بھینس" پر بھی نظر ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے حیرت سے پوچھا

بکری، بھینس، گدھے، کتے اس کی ہر چیز پر نظر ہے اور کچھ _____یوشع چیخا

اچھا ناراض مت ہوں۔ ویسے یہ "شخصیات" بھی محبت کے حقدار ہیں۔ میں آپ کے جذبے کو سراہتا ہوں _____عکاشہ کے جواب پر کال کٹ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ناراض تو مجھ سے ہو نہیں سکتے یقیناً بیلنس ہی ختم ہو گیا ہو گا______عکاشہ نے سوچتے ہوئے موبائل کی بلیک سکرین کو دیکھا

آخر دو بوتلیں خون کی دی ہیں۔ بہت کمزوری ہو گئی ہے اور کمزور بندے کو نیند جلدی نہیں آتی۔ اب کس کو کال کروں کے رات گزر جائے______یوشع نے ہتھیلی پر موبائل مارتے ہوئے سوچا اور پھر ایک دم اس کے چہرے پر ایک جاندار مسکراہٹ آئی۔

اس کے لئے مجھے آدھی رات کا انتظار کرنا پڑے گا۔ عکاشہ نے وال کلاک کی طرف دیکھتے ہوئے سوچا اور موبائل بیڈ پر اچھال دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدن خیریت۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ آپ نے آدھی رات کو مس کال کی۔ یہ آپ کی عادت تو نہیں ہے۔ حیدر آفندی نے گھڑی کی طرف دیکھتے ہوئے پریشانی سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ میں عدن نہیں ہوں_____ عکاشہ کی چہکتی آواز رات کے اس پہر حیدر آفندی کو شدید بری لگی

تم اپنے نمبر سے کال نہیں کر سکتے تھے اور تمہاری ماں کدھر ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ لہجے کی شیرنی ایک دم غائب ہوئی

ارے واہ بیگم کو تو "آپ جناب" اور اولاد کے لئے "تم تم" سردار جی یہ ڈبل معیار ہوا۔

حالانکہ ہم جس مذہب سے تعلق رکھتے ہیں اس نے بچوں ساتھ شفقت اور محبت کا درس دیا ہے _____عکاشہ نے تپایا

بیوی کو سنگسار کرنے کا حکم نہیں دیتا_____ اس کے لیے بھی محبت کا ہی حکم ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اور آئندہ اپنی ماں کے نمبر سے مجھے فون مت کرنا۔ سمجھے_____ حیدر آفندی پہلے سے بھی زیادہ سنجیدہ لہجے میں بولے

آپ کی بیوی سوری دوسری بیوی میری شادی کرنا چاہ رہی ہیں_____ عکاشہ نے بتایا

تو_________؟؟؟حیدر آفندی نے پوچھا

تو میں شادی کرنے لگا ہوں______ عکاشہ نے قہقہے لگائے

بس یہی بتانا تھا______؟؟؟حیدر آفندی نے اپنے پہلو میں لیٹی راشدہ بیگم کی طرف دیکھتے ہوئے آہستہ آواز میں پوچھا

آپ کو خوشی نہیں ہوئی۔ ماما تو کہہ رہیں تھیں آپ بہت خوش ہوں گے۔ مطلب ماما جھوٹ بول رہی تھی________؟؟؟عکاشہ نے افسوس کا اظہار کیا

Posted On Kitab Nagri

اگر تم میری اولاد نہ ہوتے تو اب تک میرے ہاتھوں قتل ہو چکے ہوتے۔

مگر افسوس کہ تم میری اولاد ہو اور صد افسوس ہے کہ تمہاری ماں عدن ہے جسے میں دکھ نہیں دے سکتا۔

ورنہ اب تک تم یوں میرے ساتھ گفتگو نہ کر رہے ہوتے______حیدر آفندی کو رات کے اس پہر عکاشہ کی باتیں زہر لگ رہی تھی۔

یہ حویلی میں چل کیا رہا ہے-----------؟؟؟

آگے بھائی اس قسم کی گفتگو کر رہے تھے اور اب آپ______عکاشہ نے حیرت کا اظہار کیا

کس قسم کی گفتگو--------؟؟؟حیدر آفندی نے اپنا سر دباتے ہوئے پوچھا

اسلام علیکم

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہی مجھے قتل کرنے کی دھمکیاں وغیرہ دینا______عکاشہ نے مظلومیت سے بتایا

عکاشہ میں صبح اسلام آباد آرہا ہوں_____حیدر آفندی نے آنکھیں بند کرتے ہوئے خود کو نارمل کیا

Posted On Kitab Nagri

یہی تو میں کہنے لگا تھا کہ ماما اکیلی میرا رشتہ لے کر جاتی اچھی تو نہیں لگیں گی۔

آپ بھی آجانا اور یوشع بھائی کو بھی ساتھ لانا اور اگر آپ لوگ مصروفیت کی وجہ سے صرف "بڑی سرکار" کو ہی بھیج دیں تو عین نوازش ہو گی۔

لڑکی والوں کو پتہ چلنا چاہیے کہ عکاشہ کس دادی کا پوتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہا جب کہ حیدر آفندی نے فون سوئچ آف کر دیا

حویلی والوں کے صرف "دماغ" ہی نہیں بلکہ "فون" بھی خراب ہیں ________ عکاشہ نے بلیک سکرین دیکھتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب کس کو تنگ کروں۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کیوں ناااا اسے تنگ کیا جائے جو آگے ہی تنگ ہے _____ مس موسلادھار اب تمہاری باری ______؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

ہیلو مس چونا کیسی ہو۔۔۔۔۔؟؟ جاگ رہی ہو تو ریپلائی کرو______عکاشہ نے حرم کے نمبر پر میسج سینڈ کیا

ہاں بولو____رات کے اس پہر کیا تکلیف ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے غصے والے ایموجی کے ساتھ ریپلائی دیا

کچھ نہیں میں نے سوچا اپنے خون کی خیر خبر ہی لے لوں_____عکاشہ نے سمائلز زز بھیجیں۔

بالکل ٹھیک ہے_____حرم کا جواب آیا

ٹھیک کیسے نہ ہوتی آخر خون کس کا لگا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کے ریپلائی پر حرم نے اپنا سر پکڑ لیا پتہ نہیں کتنا عرصہ اب یہ خون خون کی رٹ لگائے گا۔

Posted On Kitab Nagri

احسان کر کے جتلاتے نہیں ہیں۔ مسٹر عکاشہ حیدر آفندی_______حرم کا میسیج سین ہوا۔

میں نے مس موسلادھار سے بات کرنی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے فرمائش کی۔

سوری وہ سو رہی ہے۔کوئی میسج ہے تو دے دو میں اسے دے دوں گی_____حرم نے معزرت کی۔

" الجھے ہے تیرے خیالوں میں ایسے_____افریقن بچے کے بال ہوں جیسے "

عکاشہ نے میسج ٹائپ کر کے سینڈ کیا۔جسے پڑھتے ہی حرم منہ پہ ہاتھ رکھ کے ہنسنے لگی کیوں کہ ماہم سو رہی تھی۔

سکول میں قدم رکھتے ہی ماسٹر جی کو آج ماحول میں غیر معمولی خاموشی کا احساس ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے کہ وہ اپنی کلاس کی طرف چلتے کسی نے انہیں پکارا۔

جی بیٹا آپ نے مجھ سے کچھ کہا_____ماسٹر جی نے مڑتے ہوئے ایک شاگرد سے پوچھا

جی ماسٹر جی آپ کو ہیڈ ماسٹر اپنے دفتر میں بلا رہے ہیں_____شاگرد کہتا ہوا چل دیا۔

جیسے ہی ماسٹر جی نے ھیڈ ماسٹر کے کمرے میں قدم رکھا یوشع آفندی کو پوری شان و شوکت سا تھ ان کی کرسی پر دیکھا

آؤ ماسٹر آؤ_____رشتے داری نہ سہی مگر ہم تمہارے گاؤں کے سردار ہیں تو اتنا ہمارا حق بنتا ہے کہ تم ہمارا ایک چھوٹا سا کام کر دو________یوشع نے اپنے سامنے پڑی کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

ہمیں تم سے کچھ ذاتی نوعیت کا کام پڑ گیا ہے اس لیے تمہیں یہاں اکیلے میں بلوایا_____امید ہے تمہیں برا نہیں لگا ہو گا۔یوشع نے پیپر ویٹ ٹیبل پر گھماتے ہوئے ماسٹر جی کے تاثرات نوٹ کیے۔

Posted On Kitab Nagri

سائیں میری کیا اوقات کے مجھے کچھ برا لگے۔ آپ ہمارے مائی باپ ہیں حکم کریں کہ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی نے دل کڑوا کرتے ہوئے عاجزی سے جواب دیا

بندے سمجھ دار ہو مگر کام سمجھ داری والے نہیں کرتے______یوشع کے طنز پر ماسٹر جی نے اپنی عینک درست کی۔

یہ خط پڑھ دیں۔ بڑی مہربانی ہو گی۔ میری اردو کمزور ہے۔ آپ کو تو معلوم ہو گا کہ میں oxford کا پڑھا ہوں۔ مجھے اردو نہیں آتی_____یوشع نے کہتے ہوئے ایک پرچہ ماسٹر جی کے سامنے رکھا جسے پہچان کر ان کے ماتھے پر پسینہ چمکنے لگا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پرچہ کھولتے ہی ماسٹر جی کی پوری آنکھیں بھی کھل گئی ان کے تاثرات ایک دم بدلے۔ جبکہ یوشع نے اپنے محافظوں کو باہر جانے کا اشارہ کیا

Posted On Kitab Nagri

تم اسے پڑھ دو۔ ورنہ یہ خط مجھے جس نے دیا ہے مجبورا مجھے اسی سے پڑھوانا پڑے گا۔ جو کہ شاید تمہیں اچھا نہ لگے______یوشع اپنی بے عزتی کا بدلہ امثال سے تو نہیں لے سکتا تھا اس لیے ماسٹر جی پر اپنا غصہ نکالنے لگا۔

پڑھیں ناااااا___ کیا یہ اردو زبان میں نہیں ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے ماسٹر جی کی مسلسل خاموشی پر چوٹ کرتے ہوئے کہا

سائیں یہ ایک کہانی ہے_____ماسٹر جی نے ہچکچاتے ہوئے بتایا

آپ سنائیں میں سن رہا ہوں______یوشع نے سنجیدگی سے جواب دیا

پرانے وقتوں کی بات ہے کہ ایک بادشاہ کو کسی فقیرنی سے محبت ہو گئی۔ بادشاہ اسے شادی کر کے اپنے محل میں لے آیا۔

Posted On Kitab Nagri

اس فقیرنی کی حرکتیں کچھ عجیب سی تھیں۔ جو محل والوں کو اور خود بادشاہ کو بعض دفعہ شرمندہ کر دیتیں۔

محل میں ہر طرح کی آسائشیں اور سکون تھا مگر اس کے باوجود وہ فقیرنی خوش نہیں رہتی تھی۔ رفتہ رفتہ وہ بیمار پڑنے لگی جس سے اس کا حسن ماند پڑ گیا۔ بادشاہ کو اسی حسن سے محبت تھی اس لیے وہ پریشان ہو گیا

بادشاہ نے اس کے علاج کے لیے تمام حکیموں کو بلایا مگر کسی کے علاج سے اسے کچھ فرق نہ پڑا۔

بالآخر ایک بزرگ نے بادشاہ کو مشورہ دیا کہ آپ اسے دوبارہ جنگل میں چھوڑ آئیں یہ بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

بادشاہ کو حیرت تو بہت ہوئی مگر اس نے فقیرنی کی بہتری کے لیے اسے جنگل میں چھوڑ دیا

ایک ہفتے کے اندر اندر وہ فقیرنی پہلے کی طرح خوبصورت اور صحت مند ہو گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بادشاہ نے اس بزرگ سے پوچھا کہ آخر جنگل میں ایسا کیا ہے جو محل میں نہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بزرگ نے جواب دیا کہ "جو چیز جہاں رہتی ہے وہ اسی ماحول میں خوبصورت لگتی ہے۔اس لئے چیزوں کو ردوبدل نہیں کرنا چاہیے ورنہ ان کی خوبصورتی بدصورتی میں بدل جاتی ہے۔"

ماسٹر نے کہانی ختم کرتے ہوئے یوشع کی طرف دیکھا جو کرسی ساتھ ٹیک لگائے مسکرا رہا تھا۔

امید ہے بات سمجھ آگئی ہو گی لیکن اگر پھر بھی سمجھ نہیں آئی اور آپ کی تربیت میں دوسروں کی عزت کرنا شامل ہے تو آپ کو یوں چوروں کی طرح میرے گھر میں داخل ہونا زیب نہیں دیتا۔

دن کے اجالے میں دھوم دھام سے بارات لے کر آئیں مگر اس سے پہلے اپنی بڑی سرکار جو حقیقت میں آپ کے "والدین" ہیں اور نقلی والدین یعنی سائیں حیدر آفندی اور بی بی سائیں کو رشتے کے لئے بھیجیں۔

Posted On Kitab Nagri

ماسٹر جی کو پڑھتے ہوئے اپنے گلے میں کانٹے چبھتے ہوئے محسوس ہوئے جبکہ یوشع دونوں کہنیوں کو ٹیبل پر رکھے بہت غور سے سن رہا تھا

حق مہر مجھے اپنی پسند کا چاہیے جو میرے بھائی اور بہنوں کا علاج ہے۔ ایک پُر آسائش گھر تا کہ وہ میرے بعد آسانی سے زندگی گزار سکیں۔

یہ تمام باتیں ماننے یا نہ ماننے کا آپ کو پورا اختیار ہے مگر زبردستی کی صورت میں نتائج کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے کیونکہ کسی کو بھی بے وقوف یا کمزور سمجھنا سب سے بڑی بے وقوفی ہوتی ہے۔

ماسٹر جی نے خط ٹیبل پر رکھا اس وقت انہیں امثال پر شدید غصہ آرہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم سے کئی گناہ زیادہ "عقل مند" اور "بہادر" تمہاری بیٹی ہے کیا واقعی وہ تمہاری بیٹی ہے ؟؟؟______

خیر اب تم جا سکتے ہو______یوشع کے تاثرات ماسٹر جی ساتھ ایک دم سخت ہوئے۔

Posted On Kitab Nagri

امثال بی بی تم ضرورت سے زیادہ حقیقت پسند ہو۔ گو کہ یہ ایک اچھی بات ہے مگر مجھے اچھی نہیں لگی اور جو چیز مجھے اچھی نہیں لگتی میں اسے ختم کر دیتا ہوں ______ یوشع نے کاغذ کو کئی ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا

ماہم بیٹا میں نے اور تمہاری نانو نے تمہارے لیے ایک فیصلہ کیا ہے اگر تمہیں کوئی اعتراض نہ ہو تو....؟ زبیر صاحب نے انتہائی شفیق لہجے میں کہا

ماموں آپ مجھے کیوں شرمندہ کر رہے ہیں.....؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ نے آج تک جو کچھ بھی میرے لیے کیا ہے اس میں میری بہتری ہی تھی. مجھے آپ کے کسی فیصلہ سے کوئی اعتراض نہیں _____ ماہم کے جواب پر زبیر صاحب مسکرائے.

Posted On Kitab Nagri

بیٹا ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پیپرززز کے بعد تمہاری شادی کر دی جائے. اس طرح تم ڈپریشن سے باہر آجاؤ گی.

نیا ماحول، نئے لوگ تمہاری طبیعت پر اچھا اثر ڈالیں گے. میں جانتا ہوں تمہیں اس گھر میں کلثوم نے ذہنی اذیت دے رکھی ہے.

مگر میں مجبور ہوں. عمر کے اس حصے اگر میں انھیں گھر سے نکال دوں تو یہ معاشرہ اور میرے بچے مجھے معاف نہیں کریں گے______زبیر صاحب نے ندامت سے سر جھکایا

نہیں، نہیں ناموں یہ آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں...؟

ممانی کے بغیر یہ گھر بلکل ویران ہو جائے گا. میں کبھی پسند نہیں کروں گی کہ آپ ان ساتھ ایسا کریں______ماہم کے جواب پر وہ مسکرائے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہارے لیے کچھ رشتے آئے ہوئے ہیں ان کی تمام تفصیل اور تصویریں میں نے حرم کو دی ہیں. ان میں سے جو تمہیں زیادہ مناسب لگے وہ بتادو کیونکہ میرے لیے تمہاری رائے بہت اہمیت رکھتی ہے. زبیر صاحب کہتے ہوئے کرسی سے اٹھ کھڑے ہوئے

مجھے نہ کسی کو دیکھنا ہے اور نہ ہی ملنا ہے. آپ کو جو ٹھیک لگے وہ کریں_____ماہم کے جواب پر زبیر صاحب مڑے .

شادی تم سے ہونی ہے ہم سے نہیں. اس لیے اچھی طرح سوچ سمجھ کر فیصلہ کرو. میں جانتا ہوں میری بیٹی بہت سمجھدار ہے .

جذبات سے کام نہیں لینا چاہیے. جذباتی فیصلے زندگی میں بہت نقصان پہنچاتے ہیں_____زبیر صاحب کی بات پر ماہم نے سر ہلایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میری دلی خواہش تھی کہ تم ہارون کی دلہن بن کر اسی گھر میں ہمیشہ میرے پاس رہو مگر وہ نواب زادہ ہمارا "چین" تباہ کر کے خود "چین" جا بیٹھا ہے ______ زبیر صاحب کے لہجے میں نا مکمل حسرت کا دکھ بول رہا تھا

ٹن ٹن ٹن ٹی ٹائم ______ حرم نے چائے کی ٹرے اندر لاتے ہوئے با آواز بلند کہا جس پر ماہم اور زبیر صاحب مسکرائے .

تم دونوں بہنیں مل کر چائے پیو مجھے زرا کام ہے. زبیر صاحب معزرت کرتے ہوئے کمرے سے باہر چلے گئے .

یاررررر مجھے بتانا یاد ہی نہیں رہا کل اس "نمونے" کا رات ایک بجے تمہارے لیے "خاص پیغام" آیا تھا ________ حرم نے شرارت بھری آواز میں کہتے ہوئے ماہم کو میسج نکال کر دیا .

دنیا پہلے ہی نمونوں سے بھری پڑی تھی. اس کا آنا ضروری تھا کیا....؟ ماہم نے ناگواری سے میسج پڑھتے ہوئے موبائل رکھ دیا

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یارررر مجھے شعر تو بہت پسند آیا تھا.کاش میرے پاس بھی اسے جواب دینے کے لیے جوابی شعر ہوتا تو میں جواب ضرور دیتی مگر تمہیں تو معلوم ہے اپنی شاعری کتنی کمزور ہے ______ حرم نے چائے کی پیالی ماہم کو پکڑائی

تو مجھ سے پوچھ کر بھیج دیتی. میرے پاس تو اس کے شعر کا جواب ہے ______ ماہم نے چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے جواب دیا.

سچی تو بتاؤ نااااا....؟

تاکہ میں اس کمینے کو جواب سینڈ کر سکوں ______ حرم نے جوش سے کہتے ہوئے اپنی پیالی ٹرے میں رکھی اور ماہم کے ہاتھ سے موبائل پکڑا.

"رہے سلامت تُو تا قیامت

میرے لیے تو مر گیا ہے"

Posted On Kitab Nagri

ماہم کے کہنے پر حرم نے اسے بے یقینی سے دیکھا

نہیں یارررر یہ سینڈ کرنے کے قابل نہیں____کچھ غیر اخلاقی ہے. حرم ہچکچائی

میری طرف سے اسے یہی جواب ہے. ویسے بھی اخلاق سے اس کا کچھ لینا دینا نہیں وہ ایک بد اخلاق پلس بے شرم شخص ہے_____ماہم نے گلاس وال سے ٹیرس پر پڑتی بارش کو دیکھتے ہوئے جواب دیا

سوچ لو کہیں لینے کے دینے ہی نہ پڑ جائیں_____حرم نے پوچھا

سوچ لیا____ماہم نے گرم پیالی دونوں ہاتھوں میں پکڑتے ہوئے لاپرواہی سے جواب دیا .

ساری رات لوگوں کو ستانے کے بعد خود کس قدر سکون سے سو رہے ہو اور یہ اپنے باپ کو میرے نمبر سے کیوں فون کیا تھا....؟

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ برستی بارش میں گرم بستر کے مزے لے رہا تھا مگر عدن کی آواز اسے بار بار ڈسٹرب کر دیتی جو مسلسل اسے ڈانٹ رہیں تھیں .

آپ مجھے اپنی "ماں" کم اور حیدر آفندی کی "بیوی" زیادہ لگتی ہیں_______عکاشہ نے کمبل کے اندر سے ہی جواب دیا .

پہلی بار سچ بولنے پر میں تمہیں ناشتہ دے رہی ہوں ورنہ جو حرکتیں تم نے رات کو کی ہیں میرا ارادہ تمہیں بھوکا رکھنے کا تھا______عدن نے کچن سے آواز لگائی

سست عورت کو کبھی ماں نہیں بننا چاہیے_____عکاشہ بیڈ ساتھ ٹیک لگاتے ہوئے بڑبڑایا

بتمیز ززز بیٹے بھی نہیں ہونے چاہیے______عدن نے اسے بیڈ ٹی دیتے ہوئے جواب دیا تبھی اس کے موبائل پر میسج ٹون بجی .

Posted On Kitab Nagri

ایک تو تم ویسے ہی ماشاءاللہ بہت "نکمے" ہو رہتی کسر یہ موبائل نکال دیتا ہے______عدن کہتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی جبکہ عکاشہ نے میسج پڑھتے ہی ہنسنا شروع کر دیا۔

کیا پاگل ہو گئے ہو......؟بس اسی ایک چیز کی کسر باقی تھی۔عدن نے کمرے میں جھانکتے ہوئے پوچھا

پاگل تھا میں پہلے یا اب ہو رہا ہوں....؟عکاشہ نے گنگناتے ہوئے عدن کو آنکھ ماری جس پر وہ سر نفی میں ہلاتی چل دی۔

حرم بی بی یہ شعر تم نہیں لکھ سکتی۔جس نے لکھا ہے اسے کہو مجھے بھی "جون ایلیا" کی شاعری آتی ہے۔ اگر میں جواب دینے پر آیا تو جناب جون ایلیا نے ایسے ایسے شعر کہیں ہیں کہ وہ "بے ہوش" ہو جائے گی پھر اسے ہوش میں لانے کے لیے میرے ہی خون کی ضرورت پڑے گی لہذا احتیاط______ کیونکہ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔

عکاشہ کا میسج پڑھتے ہی حرم دبا دبا سا مسکراتی موبائل ماہم کے آگے کر کے برتن سمیٹنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ تو ہے ہی بے غیرت، بے شرم، ذلیل، اس کے منہ لگنا ہی فضول ہے_____ماہم نے خالی پیالی حرم کو دیتے ہوئے کہا

میرے خیال سے تم دونوں ہی ایک جیسے ہو اسے یہ شعر بھیج کر تم نے اسے خود چھیڑا ہے. حرم کہتی ہوئی ٹرے اٹھانے لگی .

یوشع اتنی جلدی میں کہاں جا رہے ہو. ہمیں تم سے بات کرنی ہے...؟

کالی شلوار قمیض، سر پر پشاوری ٹوپی، کندھے پر علاقائی شال، بارعب شخصیت_______بے شک میرا پوتا میری طرح بہت خوبصورت ہے. بڑی سرکار نے دل میں یوشع کا جائزہ لیتے ہوا اقرار کیا.

جی_____یوشع نے مصروف سے انداز میں بڑی سرکار کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

بڑی جلدی میں لگ رہے ہو.........؟بڑی سرکار کے سوال پر یوشع مسکرایا

آج بابا سائیں ساتھ شہر جانا ہے. ان کی کوئی کاروباری میٹنگ ہے مجھے بھی ساتھ چلنے کا کہا ہے؟

یوشع نے عدن اور عکاشہ کے لیے لفظ "کاروباری میٹنگ" استعمال کیا تو سیڑھیاں اترتے حیدر آفندی کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گئی. بے شک بڑی سرکار کو وہی صحیح سمجھتا تھا.

سلام بڑی سرکار______حیدر آفندی نے سلام کرتے ہوئے ملازم کو اپنا بیگ گاڑی میں رکھنے کو کہا

شہر میں تمہیں کیا کام ہے....؟بڑی سرکار نے مشکوک نظروں سے حیدر آفندی کو دیکھا تو وہ سنجیدہ ہو گئے

یوشع تم نے بڑی سرکار کو بتایا نہیں کہ ہمیں کیا کام ہے......؟حیدر آفندی نے گیند یوشع کے کوٹ میں پھینکی

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار ابھی تو بتایا یے کہ بابا سائیں شہر میں اپنا بزنس شروع کر رہے ہیں. اب اس سلسلے میں ہمارا وہاں آنا جانا لگا رہے گا آپ پریشان مت ہوں______یوشع نے مستقبل کے لیے بھی ساتھ ہی راہ ہموار کر دی.

اچھا جیسا تم لوگوں کو مناسب لگے ویسا کرو مگر میرے خیال سے گاؤں میں رہ کر بھی بہت کچھ ہو سکتا ہے______بڑی سرکار اب براہ راست حیدر سے مخاطب تھیں.

آپ کی ہر بات درست ہے آپ غلط کہہ ہی نہیں سکتیں مگر اب وقت بہت بدل گیا ہے ہمیں شہر میں بھی اپنی جڑیں پھیلانا ہوں گی. وہاں ہمارا ایک مضبوط بزنس ایمپائر ہونا بہت ضروری ہے. حیدر کی جگہ جواب پھر یوشع کی طرف سے آیا.

رہی بات گاؤں کی تو آپ بلکل بے فکر ہو جائیں میں الیکشن اسی لیے لڑ رہا ہوں کہ یہ گاؤں ہمارے اثر سے باہر نہ نکلے.

Posted On Kitab Nagri

یوشع کے دلائل جہاں بڑی سرکار کو قائل کر گئے وہاں حیدر آفندی نے بھی اسے تعریفی نگاہوں سے دیکھا

بے شک ان کا بیٹا خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ذہانت میں بھی اپنی مثال آپ تھا. مگر اس کی فسادی طبیعت اسے چین نہیں لینے دیتی تھی.

تمہارے سر پر الیکشن لڑنے کا بھوت کیوں سوار ہو گیا ہے......؟

ہمارے خاندان میں کبھی کسی نے سیاست میں حصہ نہیں لیا_______حیدر آفندی کے ہوچھنے پر یوشع نے گھور کر انھیں دیکھا

سنا نہیں وہ اسی گاؤں کی خاطر اور اپنے باپ دادا کی عزت کو بڑھانے کے لیے ایسا کر رہا ہے .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہارا اعتراض نہیں بنتا کیونکہ اس خاندان میں تم نے ایسے کام بھی کیے ہیں جو پہلے تمہارے باپ دادا نے نہیں کیے تھے______بڑی سرکار کا اشارہ عدن کی طرف تھا جس پر حیدر آفندی نے اپنا موبائل نکال لیا جبکہ یوشع کے ہونٹ مسکرانے لگے

آپ نے کیا بات کرنا تھی.....؟یوشع نے مسکراتے ہوئے پوچھا

وہ میں نے تمہیں یہ بتانا تھا کہ میں تمہاری خاطر اس ماسٹر کی بیٹی کا رشتے مانگنے کے لیے تیار ہوں مگر شادی ہماری شرائط پر ہو گی_______بڑی سرکار کی بات پر یوشع کے تاثرات ایک دم تبدیل ہوئے جبکہ حیدر آفندی کو اپنے سر پر بم پھٹتا ہوا محسوس ہوا.

Kitab Nagri

بڑی سرکار آپ ماسٹر کے گھر جائیں گی.....؟حیدر آفندی نے بے یقینی سے پوچھا کیوں کہ عدن کے معاملے میں ایسا کچھ نہیں ہوا تھا اور امثال ہر لحاظ سے عدن سے پیچھے تھی.

www.kitabnagri.com

ہاں میں اپنے شہزادے کے لیے جاؤں گی مگر______بڑی سرکار نے ایک مکرو مسکراہٹ سے اپنے انگلیوں میں پہنی انگوٹھیوں کو گھمایا.

Posted On Kitab Nagri

آپ جو بھی کرنا چاہتی ہیں وہ کریں. اور ہمیں اجازت دیں دیر ہو رہی ہے. یوشع نے سنجیدگی سے اپنی کلائی پر بندھی قیمتی گھڑی میں وقت دیکھا

شاباش میرے بچے خوش رہو. مجھے معلوم ہے کہ تم میری کسی بات سے اختلاف نہیں کروں گے. مگر پھر بھی کچھ باتیں میں کلئیر کرنا چاہتی ہوں. تاکہ بعد میں مسئلہ نہ ہو.

بڑی سرکار نے کہتے ساتھ ہی بتول اور راشدہ بیگم کو بلوانے کے لیے ملازم کو بھیجا

ایک طرف امثال بی بی کی شرائط اور دوسری طرف بڑی سرکار کی_______یوشع آفندی کچھ کر و ورنہ یہ دونوں عورتیں تمہیں گیند بنادیں گئیں.

یوشع نے دل میں سوچا اتنی دیر میں بتول اور راشدہ بیگم بڑی سرکار جو سلام کرتیں صوفے پر بیٹھ گئیں.

Posted On Kitab Nagri

ہم یوشع کا رشتہ لے کر ماسٹر کے گھر جا رہے ہیں. یہ شادی جہاں ہمیں بہت سے سیاسی فائدے دے گی وہاں ہمارے بدلے کا ذریعہ بھی بنے گی

بڑی سرکار نے بولنا شروع کیا جس پر سب سے پہلا جھٹکا بتول اور راشدہ بیگم کو لگا حیدر آفندی حیران جبکہ یوشع بلکل نارمل تھا.

مگر بڑی سرکار_____راشدہ بیگم نے بولنا چاہا

بہو ابھی ہماری بات مکمل نہیں ہوئی. آپ نے جو بھی سوال کرنا ہے ہمارے خاموش ہونے پر کیجیے گا جس کا آپ کو تسلی بخش جواب ملے گا_____بڑی سرکار نے ہاتھ کے اشارے سے چپ رہنے کا اشارہ کیا.

وہ لڑکی اس حویلی میں یوشع کی "دلہن" بن کر آئے گی مگر حقیقت میں وہ میری ذاتی "نوکرانی" ہو گی. اس کا یوشع سے کوئی تعلق نہیں ہو گا اور نہ ہی اس سے ہماری "نسل" چلے گی.

Posted On Kitab Nagri

وہ ساری زندگی اس حویلی میں ایک غلام کی طرح زندگی گزارے گی. تاکہ اس کی طرف دیکھ کر باقیوں کو نصیحت ہو کہ آفندی خاندان سے بتمیزی کرنا کتنا مہنگا پڑتا ہے.

یوشع اپنی مرضی سے جب چاہے جہاں چاہے شادی کر سکتا ہے ہم اس کی فرمانبرداری سے خوش ہو کر اسے اس کی پسند سے شادی کرنے کی اجازت دیتے ہیں. _____ بڑی سرکار نے حیدر آفندی کی طرف دیکھا جو حیرت کی مورت بنے ہوئے تھے.

وہ لڑکی کسی بھی طرح یوشع کی بیوی بننے کے لائق نہیں. مجھے تو اس سے گھن آتی ہے. بکریوں کی بدبو الگ______بڑی سرکار کے لہجے میں امثال کے لیے واضح حقارت تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر یہ تو سراسر ظلم ہے. مانا وہ لڑکی ہمارے یوشع کے قابل نہیں مگر یوں کسی کی بچی کو رکھنا ______ حیدر آفندی نے سب سے پہلے اعتراض کیا.

تم تو اپنا منہ بند ہی رکھو. یوشع تم بتاؤ کوئی اعتراض.....؟ بڑی سرکار نے یوشع کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے کوئی اعتراض نہیں آپ جانیں اور وہ______ مگر شادی اسی ہفتے ہو گی اور بس____ یوشع سنجیدگی سے کہتا اٹھ کھڑا ہوا جبکہ باقی سب اسے حیران و پریشان دیکھ رہے تھے.

تم ایسے تو نہ تھے....؟ راشدہ بیگم نے یوشع کو افسوس سے دیکھا

میں اس سے بھی زیادہ "ایسا" ہوں آپ پریشان نہ ہوں______ یوشع جواب دیتا لاؤنج سے باہر چلا گیا جبکہ بڑی سرکار نے اسے فخر سے جاتے ہوئے دیکھا

دیکھا تم لوگوں نے____ یہ "پیر بانو" کا جانشین ہے. بلکل میری طرح، مزاق تھوڑی ہے اور تم دونوں کل میرے ساتھ یوشع کا رشتہ لے کر ماسٹر کے گھر جاؤ گی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سارا گاؤں دیکھے گا جس طرح میں اپنے شہزادے کا رشتہ لے کر جاؤں گی کسی کی بارات بھی ایسے نہیں گئی ہو گی______ بڑی سرکار اپنی چادر درست کرتی پلٹ گئیں.

Posted On Kitab Nagri

حیدر سائیں یہ سب کیا ہے.......؟راشدہ بیگم کے پوچھنے پر حیدر آفندی نے ایک پر سوچ سانس خارج کیا

میری سمجھ سے یہ سب باہر ہے اپنے صاحبزادے سے پوچھیں...؟حیدر آفندی کہتے ہوئے کھڑے ہو گئے ان کے ساتھ ہی بتول اور راشدہ بیگم بھی کھڑی ہو گئیں.

اب آپ کہاں چل دیے...؟حیدر آفندی کو جاتا دیکھ کر راشدہ بیگم نے پوچھا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

شہر میں کچھ کام ہے کل تک آجاؤں گا. حیدر آفندی نے بغیر مڑے جواب دیا

مجھے کم از کم یوشع سے یہ امید نہیں تھی وہ تو بلکل بڑی سرکار کی پرچھائی بن گیا ہے. پہلے میں حیدر کے لیے روتی تھی اب یوشع ______ راشدہ بیگم نے بے بسی سے بتول کو دیکھا جس پر بتول سر جھکا گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس وقت زبیر صاحب کے چھوٹے سے گھر میں بڑی رونق لگی ہوئی تھی. عدن، حیدر آفندی، یوشع اور عکاشہ ان کی سادہ سی بیٹھک میں موجود تھے. وہ اپنے ساتھ فروٹ اور مٹھائی کے ٹوکرے بھی لائے

Posted On Kitab Nagri

تھے. گھر سے باہر لمبی لمبی تین گاڑیاں کھڑی تھیں. حفاظتی گارڈز ان گاڑیوں کی قیمت مزید بڑھا رہے تھے.

کلثوم بیگم کو جب سے پتہ چلا تھا کہ یہ لوگ ماہم کے لیے آئے ہیں وہ مسلسل جلی کٹی سنا رہیں تھیں.

اماں آپ کیوں اس طرح کر رہیں ہیں...؟ بلآخر تنگ آ کر حرم نے کہا

وہ سدا کی بے وقوف، اتنا امیر اور خوبصورت لڑکا پٹانے میں کامیاب ہو گئی. مجھے تو یقین ہی نہیں آ رہا کہ یہ رشتہ اس کے لیے آیا ہے____کلثوم بیگم کچن میں برتنوں کو پٹخ رہیں تھیں.

اماں آپ اس لڑکے کو نہیں جانتی وہ ایک نمبر کا_____حرم نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ کلثوم بیگم چیخ پڑیں.

چپ بلکل چپ تم نے مجھے بے وقوف سمجھ رکھا ہے. میں اس لڑکے کو بہت اچھی طرح جانتی ہوں یہ وہی ہے جو ہسپتال میں اسے خون دینے آیا تھا.

Posted On Kitab Nagri

مرا جا رہا تھا منحوس کے لیے______زبیر نے مجھے بتایا تھا پتہ نہیں کب سے چکر چل رہا تھا. تبھی تو اس نے اپنی کلائی کاٹی تھی. کلثوم بیگم کی باتوں پر حرم کو بہت افسوس ہوا اور وہ چپ چاپ کچن سے نکل کر باہر بیٹھ گئی.

ہارون بھیا کاش آپ یہاں ہوتے میں آپ کو آج بہت مس کر رہی ہوں. حرم نے اداسی سے دل میں سوچا

آپ لوگ ہمارے گھر آئے. ہمیں عزت دی جس کے لیے میں اور میری ماں آپ کی بہت مشکور ہیں مگر______زبیر صاحب نے خاصی پریشانی سے پہلے سمیرا بیگم اور پھر عدن کی طرف دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر کیا....؟عدن نے بے قراری سے پوچھا

مگر ہم نے اس کا رشتہ کہیں اور کر دیا ہے______زبیر صاحب کے بولنے سے پہلے ہی عکاشہ بول پڑا تو سب نے مڑ کر اسے حیرت سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگ مجھے ایسے کیوں گھور رہے ہیں. عموماً ایسی صورتحال میں یہی یوتا ہے. عکاشہ نے کندھے اچکائے

جی بس کچھ ایسی ہی بات ہے. میں نے اس کا رشتہ اپنے دوست کے بیٹے ساتھ کرنے کا ارادہ کیا ہے. رسم وغیرہ تو نہیں ہوئی مگر ہم دونوں راضی ہیں_____ زبیر صاحب کی بات پر حیدر آفندی نے سکھ کا سانس لیا .

دراصل آپ کی بچی ہماری بیگم صاحبہ کو بہت پسند ہے اور ہمیں ان کی پسند_____ حیدر آفندی کی بات پر زبیر صاحب مسکرائے.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یاررررر بھائی آپ کے گاؤں میں بھی لفظ "بچی" استعمال ہوتا ہے...؟عکاشہ نے سرگوشی کی .

نہیں ہمارے گاؤں میں لفظ" بکری" استعمال ہوتا ہے______یوشع نے جس سنجیدگی سے جواب دیا عکاشہ ہکابکا رہ گیا .

Posted On Kitab Nagri

یارررر بھائی اتنی سنجیدگی سے مزاق نہیں کرتے. میں تو سمجھ ہی نہیں سکا. عکاشہ اب چائے پینے لگا تھا.

ویسے آپ کا لڑکا کیا کرتا ہے.....؟ سمیرا بیگم نے محبت بھرے لہجے میں عکاشہ کو دیکھتے ہوئے پوچھا تو عکاشہ کے ہاتھ سے چائے کا کپ چھوٹتے چھوٹتے بچا.

یہ لوگ میرے کپڑے خراب کرنے لگے تھے______عکاشہ کی سرگوشی پر یوشع ہنسا

میرا جو کچھ بھی ہے وہ ان دونوں بھائیوں کا ہی ہے. ہماری اتنی جاگیریں اور بزنس ہے. یہ کچھ نہ بھی کریں تو ان کی نسلیں بیٹھ کر کھا سکتیں ہیں. لیکن پھر بھی اس کی تعلیم مکمل ہوتے ہی میں اپنا بزنس اس کے حوالے کر دوں گا.

حیدر آفندی کی بات پر جہاں زبیر صاحب اور سمیرا بیگم مطمئن نظر آئیں وہاں کلثوم بیگم جل بھن گئیں.

Posted On Kitab Nagri

اگر یہ بیان بڑی سرکار سن لیتیں تو حیدر آفندی کی ہمت پر حیران ہوتیں_____"دونوں بھائیوں کا ہے"______عکاشہ نے نقل اتاری .

اگر بڑی سرکار یہاں ہوتیں تو حیدر آفندی کی ہمت ہی نہ ہوتی_____یوشع کے جواب پر دونوں ہنسنے لگے

وہ دونوں وہاں موجود ہر شخص کی بات ہر یوں تبصرہ کر رہے تھے جیسے کرکٹ کی کمنٹری کر رہے ہوں .

بیٹا آپ خاموش طبعیت محسوس ہوتے ہیں. ہم سے بھی بات کر لیں کہ صرف بھائی ساتھ ہی دوستی ہے _______ سمیرا بیگم نے عکاشہ سے کہا تو عدن، حیدر آفندی اور یوشع کو ایک ساتھ پھندا لگا اور وہ کھانسنے لگے جبکہ عکاشہ شرارتی سا مسکرا رہا تھا.

تیرے کپڑے تو بچ گئے مگر ہمارے خراب کرا دیئے______یوشع نے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے اپنے کپڑے جھاڑے

Posted On Kitab Nagri

گھر کی مرغی دال برابر______تم لوگوں کو میری قدر ہی نہیں ہے. دیکھو وہ کس طرح میری تعریفیں کر رہا ہے. عکاشہ نے اپنی جیکٹ سیدھی کی.

زرا اپنی بچی سے تو پوچھ لیں پھر ہم سے پوچھیے گا ویسے پھر ضرورت ہی نہیں رہے گی_____یوشع نے آہستہ آواز میں زبیر صاحب کو مخاطب کیا تو عکاشہ نے اس کے ہاتھ سے بسکٹ لے لیا

اپنے سسرال سے مجھے بکری کا دودھ تک نہیں پلایا اور یہاں کیسے ان غریبوں کا راشن ختم کر رہے ______عکاشہ نے اپنے منہ میں بسکٹ ڈالتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا سسرال_____یوشع نے کھوئے سے لہجے میں دہرایا

کیوں اب کیا ہوا..؟عکاشہ نے پوچھا

ہوا تو کچھ نہیں مگر بہت کچھ ہونے والا ہے_____یوشع کو اچانک بڑی سرکار کی باتیں یاد آ گئیں

Posted On Kitab Nagri

پھر بھی اگر چاہیں تو میرے ساتھ اپنا مسئلہ شئیر کر لیں شاید میں آپ کی کچھ مدد کر سکوں ______ عکاشہ نے اپنا کپ خالی کرتے ہوئے سامنے میز پر رکھا اور خود ٹیک لگا کر بیٹھ گیا.

پگلے اب رلائے گا ______ تو مسئلے حل کرنے نہیں مسئلے پیدا کرنے والا ہے. اس لیے مدد کا لفظ تیرے منہ سے خاصا عجیب لگتا ہے. یوشع نے سر نفی میں ہلاتے اپنا کپ میز پر رکھا

مجھے آپ کی بیٹی دیکھنی ہے. عدن اس کی بہت تعریفیں کرتیں ہیں. آپ اسے بلا دیں پلیززززز ______ حیدر آفندی نے زبیر صاحب سے ماہم کو بلانے کا کہا

لو جی وہ کوئی دیکھنے کی چیز ہے. راستہ میں اتنی پیاری پیاری لڑکیاں آجارہیں تھیں. انھیں دیکھا نہیں اور اس کو دیکھنا ہے. یہ اپنے حیدر آفندی بھی نااااااا ______ عکاشہ نے افسوس کیا

بے غیرت باپ ہے تیرا، شرم کر ______ یوشع نے گھورا.

Posted On Kitab Nagri

مجھ اکیلے کا ہے آپ کا بھی تو ہے.....؟اور آپ تو جیسے بہت عزت دیتے ہیں .

گاؤں میں جو سلوک آپ ان ساتھ کرتے ہیں میں نے دیکھا ہے. اس سے زیادہ تو آپ بکری کو عزت دیتے ہیں_____عکاشہ کے جواب پر یوشع نے دانت پیسے

اگر تو اس وقت یہاں نہ بیٹھا ہوتا تو یقیناً میں تیری پٹائی کر رہا ہوتا_____یوشع نے مصنوعی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے عکاشہ کو جتلایا

دونوں بھائیوں میں ماشاءاللہ بہت پیار ہے. جب سے آئے ہیں آپس میں ہی بات کر رہے. ہمیں بھی تو موقع دیں. زبیر صاحب نے دونوں کو مخاطب کیا

جی بہت زیادہ محبت ہے میرے دونوں بیٹوں میں_____ایک چاند تو دوسرا سورج ہے. عدن نے محبت سے دونوں کی طرف دیکھا

میں چاند ہوں اور بھائی سورج_____عکاشہ نے طنز کیا .

Posted On Kitab Nagri

محبت کا تو پتہ نہیں مگر ایک دوسرے سے بات کیے بنا ہمارا گزارا نہیں ہوتا ہے ____ یوشع نے خوش مزاجی سے جواب دیا

بات یا پٹائی ____ عکاشہ بڑبڑایا

بتول آجکل حویلی کے ماحول کی وجہ سے پھر بہت اداس رہنے لگی تھی۔ اوپر سے راشدہ بیگم کو دیکھ دیکھ کر اسے یوشع پر بہت غصہ آرہا تھا۔

کیا فائدہ اتنے پڑھے لکھے ہونے کا جب بندہ گدھے کا گدھا ہی رہے۔۔۔۔۔۔ ؟؟؟

بتول نے یوشع کو دل ہی دل میں کوسا تبھی گیٹ پر نوید کی جیپ کا ہارن سنائی دیا۔ جسے سنتے ہی وہ جلدی سے کھڑکی تک جا پہنچی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نوید جان بوجھ کر بار بار ہارن دے رہا تھا مگر ابھی تک اسے کھڑکی پر کوئی نظر نہیں آیا تھا۔

عجیب لڑکی ہے جب ہمارے درمیان کوئی رشتہ نہ تھا تو ہر وقت مجھے نظر آتی تھی اور اب ______ جتنا دل کر رہا ہے ملنے کو مگر ______ اچھا کوئی بات نہیں نوید سوچتا ہوا حویلی میں داخل ہوا۔

باؤ نوید آپ کو بی بی سائیں نے بلایا ہے _____ گاڈ کے کہنے پر نوید اپنے خیالات سے باہر آیا۔

جانتا ہوں _____ نوید کو دل میں کہیں امید تھی کہ شاید بتول نے بلایا ہو مگر یہاں پہنچ کر وہ امید بھی دم توڑ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بی بی سائیں آپ نے مجھے یاد کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے مودب انداز میں راشدہ بیگم کے سامنے کھڑے ہو کر پوچھا

ہاں نوید آؤ بیٹھو _____ راشدہ بیگم کے اشارے پر وہ قریب پڑے کاؤچ پر بیٹھ گیا نظریں ہنوز نیچی تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

نوید تم اب اس گھر کے فرد ہو۔ اس لیے میں نے تم سے ایک ضروری بات پوچھنی تھی امید ہے کہ تم میری بات کا بالکل سچ سچ جواب دو گے۔۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم کے پر تفتیش انداز پر نوید نے انہیں چونک کر دیکھا

مجھے یہ بتاؤ کہ تمہیں کس نے بتول بی بی ساتھ نکاح کے لئے کہا تھا یوشع یا حیدر سائیں۔۔۔۔۔؟؟؟

راشدہ بیگم کے پوچھنے پر نوید سوچ میں پڑ گیا کہ اب کیا جواب دے۔۔۔۔؟؟؟

میں جانتی ہوں تم بہت وفادار ہو۔ مگر میرے لیے اس سوال کا جواب جاننا بہت ضروری ہے۔ تا کہ میں اندازہ کر سکوں کہ تمہاری "لگامیں" کس کے ہاتھ میں ہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

راشدہ بیگم کے سوال پر نوید نے ایک گہرا سانس خارج کیا۔ اب وہ کیا بتاتا کہ "لگامیں" کس کے ہاتھ میں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

یوشع سائیں نے کہا تھا______نوید نے بہت سوچ سمجھ کر یوشع کا نام لیا۔

مجھے تو یہ لڑکا اپنا بیٹا ہی نہیں لگتا۔ کبھی آفندی فیملی کے کسی مرد نے آج تک یہ حرکت نہیں کی جو اس نے کی ہے ۔ بھلا کوئی اپنی منگیتر کی شادی کسی دوسرے سے ہونے دیتا ہے اور یہ یوشع _______ راشدہ بیگم نے افسوس سے دل میں سوچا

نوید تم جانتے ہی ہو کہ بتول اس "حویلی' اور اس کی "آسائشوں" کی کتنی عادی ہے وہ کسی عام جگہ نہیں رہ سکتی تو_______راشدہ بیگم نے اپنی بات کہتے ہوئے نوید کے چہرے کو غور سے دیکھا

میں سمجھ سکتا ہوں مگر میرے پاس کوئی اچھی رہائش انہیں دینے کے لئے نہیں ہے۔

میں ڈیرے پر ہی زیادہ تر رہتا ہوں۔ میری فیملی کے بارے میں آپ مجھ سے زیادہ اچھی طرح جانتی ہیں ۔

چھوٹا سا ایک "مکان" ہے جسے مکان کہنا غلط ہو گا چھوٹا سا ایک "جھونپڑا" ہے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگوں کا ہی نوکر ہوں۔بڑے سائیں اور یوشع سائیں کے علاوہ بڑی سرکار جو کچھ دے دیتی ہیں اسی میں گزر بسر کر رہا ہوں۔

ایسے حالات میں _____ میں بھلا "بی بی سائیں" کو کیا دے سکتا ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟ہمیشہ سے صاف گو نوید اب بھی سچائی سے بولا

اسی لیے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ بتول کو حویلی سے کہیں نہیں بھیجا جائے گا اور اس میں مجھے تمہاری مدد چاہیے امید ہے تم "نہ" نہیں کرو گے _____ راشدہ بیگم کی بات پر نوید کو اپنا سانس رکتا ہوا محسوس ہوا۔

یعنی "وہ" مل کر بھی مجھے کبھی نہیں ملے گی _____ نوید نے دکھ بھری نظروں سے راشدہ بیگم کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

ہم تو بی بی سائیں آپ کے نوکر ہے۔ آپ "حکم" کریں یہ "مدد" کا لفظ آپ کے منہ سے اچھا نہیں لگتا_____نوید کے جواب پر راشدہ بیگم دل سے مسکرائیں۔

میں یوشع سے بات کر لوں گی تم بھی اس پر کوئی اعتراض مت کرنا۔ راشدہ بیگم نے مسکرا کہ نوید کی طرف دیکھا

اس پر کس پر۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے دل میں کہا مگر زبان سے پوچھا نہیں

بی بی سائیں اب مجھے اجازت ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید کچھ دیر خاموشی کے بعد چپ چاپ کھڑا ہو گیا۔

بتوں سے ملنا چاہو گے ________ راشدہ بیگم کے اس طرح پوچھنے پر نوید نے انہیں بے یقینی سے دیکھا

اگر نہیں ملنا چاہتے تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ مگر بتول کو شاید تم سے کوئی بات کرنا تھی۔ راشدہ بیگم نے اپنی جگہ سے کھڑے ہوتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

میں تو نوکر ہوں۔ انکار کا سوال ہی نہیں بنتا_____اب کی بار نوید کے لہجے میں خوشی تھی جس پر راشدہ بیگم نے اسے دوبارہ بیٹھنے کا اشارہ کیا

میں بتول کو بھیجتی ہوں۔یوشع اور حیدر تو حویلی میں نہیں ہیں۔ مگر بڑی سرکار اپنے کمرے میں موجود ہیں_____رشتہ بیگ نے اپنے طور پر ممکنہ خطرے سے آگاہ کیا اور اندر چلی گئیں۔

نوید کو اپنی خوشی میں پرواہ کہاں تھی کہ وہ کیا کہہ کر گئیں ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

کالے رنگ کے علاقائی فراک پر مختلف رنگوں سے بیل بوٹے بنے تھے۔ سر پر شیشوں والی کالی چادر تھی جو نوید کو اس گورے مکھڑے پر شروع سے ہی بہت پسند تھی۔ سر ہلانے پر کانوں میں جھمکے ہلکورے لے رہے تھے۔پاؤں میں بے آواز کھسہ_______بتول کو آج پہلی بار نوید اتنے غور سے دیکھ رہا تھا۔

کیسے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کو یوں اپنی طرف بے خودی سے دیکھتے ہوئے بتول نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کے سامنے ہوں دیکھ لیں_____نوید نے ہوش میں آتے ہی اپنے اوپر ہنستے ہوئے جواب دیا

میں نے تمہیں اس لئے بلایا تھا کہ بتا سکوں میں تم سے ناراض ہوں______بتول نے اک ادا سے کہتے ہوئے لکڑی کے جھولے (جس پر کچھ دیر پہلے راشدہ بیگم بیٹھی تھی) کی طرف دیکھا۔

اب میں نے کیا کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے حیرانگی سے پوچھا

مجھے یہی تو تم سے گلہ ہے کہ تم کچھ نہیں کرتے_____بتول کہتی ہوئی جھولے پر بیٹھ گئی۔

طعنہ سمجھو یا گلہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے بتول کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا

گلہ_____بتول نے فوراً جواب دیا۔

سزا ملے گی یا معافی۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کو کچھ حوصلہ ہوا

Posted On Kitab Nagri

معافی تو نہیں دوں گی آخر بڑی سرکار کی پوتی ہوں وہ بھی اکلوتی_______بتول نے اپنی مسکراہٹ دبائی۔

منظور لیکن غلطی بتادیں تو آئندہ خیال رکھوں گا______نوید نے کمر پر ہاتھ باندھتے ہوئے کہا اب وہ خوش لگ رہا تھا۔

تم نے مجھے اپنے محبوب ساتھ نکاح کی "مبارکباد" نہیں دی اور نہ ہی کوئی "تحفہ"_______بتول بہت سنجیدگی سے کہہ رہی تھی جب کہ نوید حیران کھڑا اسے دیکھ رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا سچ میں یہی بات ہے---------؟؟؟نوید کے سوال پر بتول نے سرہاں میں ہلایا تو اس کے جھمکے بھی ہلنے لگے

"آپ نخرے کی بات کرتے ہیں______ہمارے تو جھمکے بھی بہت بھاری ہیں"

Posted On Kitab Nagri

پھر تو میر اگلہ بھی بنتا ہے کیونکہ مجھے بھی کسی نے مبارکباد اور تحفہ نہیں دیا_____ نوید کو اب بتول کی شرارت سمجھ آنے لگی تھی

ہمارے ہاں مبارک باد لڑکے والوں کی طرف سے آتی ہے اور تحفے کے طور پر ہم پورے کے پورے آپ کے ہوئے ابھی بھی کسی تحفے کی ضرورت باقی ہے کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

بڑے افسوس کی بات ہے_____ بتول نے منہ بنایا جس پر پہلی بار نوید کھلکھلا کر ہنسا

ہنستے رہا کرو بہت پیارے لگتے ہو_______ بتول نے بے ساختہ کہا تو نوید ایک دم چپ ہو گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میر اشمار شاید cold blooded لوگوں میں ہوتا ہے جن میں جذبات نہ ہونے کے برابر پائے جاتے ہیں۔ مجھے باتوں کے جال بنانے نہیں آتے کیونکہ میں اپنی اور آپ کی حیثیت سے بخوبی واقف ہوں۔

بتول غور سے اسے سن رہی تھی جو شروع سے ہی "تعریف یا محبت کی باتوں" سے دشمنی رکھتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

مگر مجھے اپنی بیوی کی خوشیاں اس کی عزت اپنی جان سے زیادہ پیاری ہے۔ ہر جگہ اور ہر معاملے میں وہ مجھے اپنا ساتھی پائے گی۔

میرے دل میں، میرے گھر میں، اس کے علاوہ نہ کوئی تھا اور نہ کبھی ہو گا_____ نوید کہتا ہوا قدم بقدم بتول کے قریب ہوا۔

محبت میں نے کی ہے تم نے نہیں_____ لہذا تم ہر قسم کے وعدوں اور قسموں سے آزاد ہو۔ہاں مگر تعریف تو کرنا پڑے گی بتول کو اپنا آپ بہت معتبر لگ رہا تھا۔

"محبت واجب تھی ہم پر جو ہم نے کر ڈالی تم سے
وفا فرض ہے تم پر دیکھتے ہیں ادا کرتے ہو یا قضاء۔۔؟"

نکاح مبارک ______ بتول نے آہستہ سا نوید کی طرف دیکھ کر کہا جس پر اس نے اپنا سر ہلکا سا ہلا یا

Posted On Kitab Nagri

کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟

اس بدتمیز کی اتنی ہمت کے منہ اٹھا کر رشتہ ہی بھیج دیا۔ مجھے تو یقین ہی نہیں آ رہا ہے۔ حد ہے ویسے ______ماہم کا غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا۔

میرے خیال سے اس نے منہ اٹھا کر رشتہ بھیجا نہیں بلکہ خود لے کر آیا ہے وہ بھی اپنے ماں باپ ساتھ ______رہی بات کہ یقین نہیں آ رہا تو میڈم یہ جو آپ کے آگے مزے مزے کی چیزیں رکھی ہیں یہ وہی لے کر آئے تھے۔ حرم نے چسکے لیتے ہوئے بادام والی برفی منہ میں رکھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حرم تمہیں مجھ سے ذرا "ہمدردی" نہیں ہو رہی کہ میں اس جیسے لاپرواہ اور بے حس انسان ساتھ کیسے زندگی گزاروں گی۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے رونے والی شکل بنائی

مجھے تم سے "ہمدردی" نہیں بلکہ "محبت" ہے اور تم اس کے ساتھ بہت ہی مزے کی ایڈونچر لائف گزاروں گی______حرم اب فروٹ کی طرف ہاتھ بڑھا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

خبر دار تمہیں اب مزید کچھ نہیں ملے گا____ماہم نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ مارا۔

کیوں___وجہ۔۔۔۔؟؟حرم نے منہ بنایا

تمہیں پہلے میرا کام کرنا ہو گا وہ یہ ہے کہ ماموں کو منع کر دو اس رشتے کے لئے مجھے اس سے شادی نہیں کرنی____ماہم نے کچھ سوچتے ہوئے کہا

سوری میں اس سلسلے میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتی کیونکہ بابا اس رشتے سے بہت خوش اور مطمئن ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں لیکن اگر تم عکاشہ سے خود بات کرو تو تمہارا مسئلہ حل ہو سکتا ہے_____ حرم نے مزے سے اسے مشورہ دیا

Posted On Kitab Nagri

یہ جو تم دبا دبا سا مسکرا کر مجھے یہ جتلا رہی ہو کہ میں اس نمونے سے بات نہیں کر سکتی تو تم غلط ہو ________ ماہم کے بیان پر حرم نے اسے داد دیتی نظروں سے دیکھتے ہوئے اپنا موبائل اس کی گود میں پھینک دیا

خیر اب مجھے اتنی جلدی بھی نہیں ہے ____ ماہم نے موبائل کو دیکھتے ہوئے بہانہ بنایا

تم جتنی دیر کرو گی اتنا ہی اپنا نقصان کروں گی کیونکہ بابا اور دادو "ہاں" کرنے کے لیے بے قرار ہیں۔ بھلا ایسا "نمونہ رشتہ" روز روز کہاں ملتا ہے۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے قہقہ لگایا

میں مانوں سے کہوں گی میرے سے پہلے حرم کی شادی کریں پھر میں کرونگی ____ ماہم کی بات پر حرم نے ایک سرد آہ بھری

فائیو بیچارہ اتنے امیر ماں باپ کی اولاد نہیں جتنا تمہارا نمونہ ہے۔وہ ابھی اپنی پڑھائی مکمل کرے گا پھر جاب کی تلاش میں مارا مارا "پیاسے کوے" کی طرح پھرے گا۔

Posted On Kitab Nagri

پھر کہیں جا کر کوئی سستی سی نوکری اسے ملے گی اور جب تک ہماری شادی ہو گی تب تک عکاشہ کے "دو نئے ماڈل" اس دنیا میں آ چکے ہوں گے_____ حرم افسوس سے کہتی آخر میں شوخ ہوئی۔

ماموں میرے پوچھے بغیر "ہاں" نہیں کر سکتے اور میں منع کر دوں گی____ ماہم نے مان سے کہا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

ماہم بی بی آپ کی یاداشت کافی کمزور ہوگئی ہے۔آپ نے خود ہی انہیں اجازت دی تھی کہ جہاں مناسب لگے وہاں کر دیں۔اس وقت فرمانبرداری کا بھوت چڑھا ہوا تھا۔اب بھگتو______حرم کی یاد دلانے پر ماہم نے منھ بنایا

مجھے کیا پتا تھا کہ یہ نمونہ بھی آئے گا____ماہم نے سوچتے ہوئے کہا

چلو شاباش اب اسے کال کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ بابا اسے ہاں کر دیں______حرم نے فورا فون کی طرف اشارہ کیا

نہیں ابھی میرا ارادہ نہیں ہے_____ماہم کے انکار کرنے پر حرم نے بھرپور قہقہہ لگایا

تم اور عکاشہ کو خود کال کرو اس دن سورج کہیں اور سے نکلے گا______حرم کہتی ہوئی اپنا موبائل اٹھانے لگی

Posted On Kitab Nagri

بکواس بند کرو اور مجھے اس کا نمبر ملا کر دو۔ میں اس سے ڈرتی نہیں ہوں_____ماہم اب بالکل سیریس تھی۔

سوچ لو کہیں تمہارا "بی پی" لو نہ ہو جائے_____حرم میں اسے پکا کیا

تم ملا کر دے رہی ہو یا میں تمہارا "بی پی" ہائی کر دوں۔ ماہم کے کہنے پر حرم نے عکاشہ کا نمبر ڈائل کیا جو دوسری بل پر ہی رسیو ہو گیا۔

جی مس چونا فرمائیں کیسے یاد کیا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ آج یوشع اور حیدر آفندی کے جاتے ہی عدن ساتھ یونی آ گیا تھا۔

میری چھوڑو اور یہ بتاؤ تم اس وقت کہاں ہو۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم نے ماہم کو دیکھتے ہوئے پوچھا جو کچھ کنفیوز سی لگ رہی تھ

یونی ہوں مسز آفندی زبردستی اپنے ساتھ لے آئی ہیں۔ عکاشہ نے اکتاہٹ سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

اچھا اگر تم فری ہو تو ماہم تم سے بات کرنا چاہ رہی تھی____حرم کی بات پر عکاشہ کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا

تم سن رہے ہو نااااا_____حرم نے عکاشہ کی خاموشی پر اسے دوبارہ پکارا

ہاں ہاں سن رہا ہوں۔ویسے کمال ہے۔ مس موسلادھار کے بھی "پر" نکل آئے ہیں دیکھا تم نے میرے خون کا اثر_____عکاشہ نے اپنی حیرت پر قابو پاتے ہوئے کہا جب کہ حرم نے سر نفی میں ہلا تے ہوئے فون ماہم کو دے دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے تمہیں یہ کہنا تھا کہ میں تم سے "بالکل شادی" نہیں کرنا چاہتی۔اس لیے تم منع کر دو_____ ماہم کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا اور کیسے کہے۔۔۔؟؟؟

جب کہ اس کی بات پر عکاشہ اور حرم اپنی اپنی جگہ ہنسی کنٹرول کر رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے آج تک "بالکل شادی" جیسا لفظ نہیں سنا اس کا مطلب کیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کے پوچھنے پر ماہم کو شرمندگی ہوئی کہ یہ میں نے کیا کہا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

بات سمجھ آگئی ہے نااااا_____اتنا کافی ہے۔زیادہ پھیلنے کی ضرورت نہیں_____ماہم نے بہادری کا مظاہرہ کیا جس طرح حرم نے اسے داد دی۔

تم "بالکل شادی "نہیں کر سکتی مگر "شادی "تو کر سکتی ہونااااا_____دوسرا تم شادی نہیں کرنا چاہتی اور "نہ "میں کروں کیوں۔۔۔۔۔؟؟؟

میں ایک مشرقی لڑکا ہوں۔میرے ماں باپ جو بھی "بکری بھیڑ" لے دیں گے ساری زندگی اس کے ساتھ گزارا کرلونگا______عکاشہ نے اپنی ہنسی کو کنٹرول کرتے ہوئے کہا

بکری، بھیڑ۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے بے یقینی سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہاں سوری وہ "بکری "بھائی یار کی ہے تو "بھیڑ "میری ہو گی ناااا______عکاشہ کے جواب پر ماہم کو سمجھ نہیں آئی کہ اب کیا کہے۔۔۔۔۔؟؟؟

ویسے میں سوچ رہا تھا کہ اب تو تمہیں مجھ سے بات کرتے ہوئے شرم آئے گی۔ کم از کم آدھا دوپٹہ تو کھا ہی لیا کرو گی۔

مگر آج کل کی لڑکیوں کو شرم کہاں آتی ہے۔ تم سے یہ امید نہ تھی______عکاشہ نے افسوس کا اظہار کیا

شرم گئی بھاڑ میں_____میں تو تم سے گریزاں ہوں سمجھے۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے غصے سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" تو اگر مجھ سے گریزاں ہے تو چل ساتھ میرے
میں تجھے بھاڑ کی دہلیز پر چھوڑ آتا ہوں"

عکاشہ نے ہنستے ہوئے شعر پڑھا جس پر ماہم نے غصے سے فون حرم کو دے دیا۔

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار دس گاڑیوں کے حفاظتی قافلے اور بے شمار تحائف ساتھ اس وقت گاؤں کی گلیوں سے گزر رہی تھیں۔

لوگ گھروں سے باہر نکل کر دیکھنے لگتے تو بڑی سرکار یوشع کے نام کا صدقہ ان لوگوں میں نوٹوں کی شکل میں بانٹ دیتیں۔

جس کی وجہ سے لوگوں کا رش گلیوں کی دونوں طرف بڑھتا جا رہا تھا۔

دیکھو بہو اپنی آنکھیں کھول کر دیکھو کہ جہاں سے "پیر بانو" گزرتی ہے لوگ اس کی شان و شوکت دیکھنے کے لیے گھروں سے نکل آتے ہیں______بڑی سرکار نے کروفر سے اپنے برابر بیٹھی راشدہ بیگم کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

جی بڑی سرکار______بامشکل راشدہ بیگم نے ان کی ہاں میں ہاں ملائی

سارا گاؤں حیران و پریشان تھا کہ یہ قافلہ کہاں اور کیوں جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟

امثال روز کی طرح آج بھی اس وقت اپنے جانوروں کو پانی پلانے اور چارہ ڈالنے میں مصروف تھی۔ جب دور سے آتی گاڑیوں کا شور سنائی دیا۔

تجسس کے مارے اس نے دروازہ کھولا تو منہ بھی ساتھ ہی کھل گیا۔ سامنے سے آتی اتنی ساری چمک دھمک والی گاڑیاں اور گاؤں کے بہت سے لوگ______اس سے پہلے کہ وہ کچھ سمجھتی ایک بلیک کلر کی گاڑی بالکل اس کے سامنے آ کر رکی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ گاڑی کم از کم یوشع کی نہیں ہے______ابھی وہ اپنی سوچوں میں گم تھی کہ بڑی سرکار ایک ملکہ کی طرح گارڈ کے دروازہ کھولنے پر باہر نکلیں۔

بڑی سرکار پر نظر پڑتے ہی امثال کو یقین نہیں آیا کہ یوشع نے اس کی شرط اتنی آسانی سے مان لی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

حالانکہ اس نے ایسا صرف اس لئے لکھا تھا کہ بڑی سرکار کا آنا ناممکنات میں سے تھا جواب ممکن لباس اوڑھے اس کی آنکھوں کے سامنے تھا۔

پاؤں مٹی سے بھرے جن میں چپل تک نہ تھی_____ رنگ برنگی شلوار قمیض جو میلی تھی___ سر پر ایک پھٹا سا ڈوپٹہ اوڑھے____ بڑی سرکار کے علاوہ راشدہ بیگم اور بتول حیران تھیں۔

بتول نے بے یقینی سے راشدہ بیگم کی طرف دیکھا جو خود بھی اسی کی طرح حیرت کے سمندر میں غوطہ زن تھیں۔

یہ لڑکی اور یوشع______ راشدہ بیگم نے منہ سے یہ الفاظ رک رک کر نکالے

ابھی کل تک تو تمہیں اس لڑکی سے بڑی ہمدردی ہو رہی تھی_____ بڑی سرکار نے طنز کیا

Posted On Kitab Nagri

اے لڑکی تمہارا باپ کہاں ہے اسے بلاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟بری سرکار نے آگے بڑھتے ہوئے امثال کو مخاطب کیا جبکہ ارد گرد گھروں کی چھتوں پر لوگ ایسے چڑھے ہوئے تھے جیسے چاند رات کو چاند دیکھنے چڑھتے ہیں۔

آپ اتنی باخبر خاتون ہیں۔ اسی لئے تو "بڑی سرکار" کہلاتی ہیں مگر افسوس آپ کو اتنا معلوم نہیں کہ ابا جان اس وقت سکول ہوتے ہیں ____ امثال کا اطمینان بھرا جواب بتول اور راشدہ بیگم کو حیران کر گیا جبکہ بڑی سرکار کی مسکراہٹ ان کے ہونٹوں پر جوں کی توں موجود تھی۔

لڑکی تم اپنی ہوش میں تو ہو کہ تم کس سے بات کر رہی ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے اپنی حیرت پر قابو پاتے ہوئے امثال کو ڈانٹا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ نے شاید سنا نہیں میں نے انہیں "بڑی سرکار" کہہ کر ہی مخاطب کیا ہے ____ امثال آرام سے دروازے کے بیچ کھڑی ہوئی گفتگو کر رہی تھی جیسے محلے سے کوئی عورت آئی ہو۔

بدتمیز بھی ہو ____ راشدہ بیگم نے ناگواری سے منہ موڑا۔

Posted On Kitab Nagri

آگے سے ہٹو، ہمیں راستہ دو_____بڑی سرکار نے ہاتھ کے اشارے سے اسے پیچھے ہٹنے کا کہا

اندر اس وقت کافی گند پھیلا ہوا ہے۔ آپ بے ہوش بھی ہو سکتی ہیں۔ میری مانیں تو آپ اپنی اس خوشبودار گاڑی میں ہی بیٹھ کر ابا کا انتظار کر لیں یا اپنے کسی ملازم کو لینے کے لئے بھیج دیں۔

امثال کی باتیں بتول کے لیے بھی حیران کن تھی۔ کہاں حویلی کے مرد بھی اس "پیر بانو" نامی بلا سے ڈرتے تھے اور کہاں یہ جاھل سی لڑکی انہیں باتیں سنا رہی تھی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

رشتہ ہمیشہ گھر جا کر ہی مانگا جاتا ہے۔ ہٹو آگے سے_____بڑی سرکار نے اب کی بار اپنے ازلی سرد لہجے میں کہا

مرضی ہے_____امثال کے راستہ چھوڑنے پر وہ لوگ اندر داخل ہوئے۔ بتول نے ایک طائرانہ سی نظر اس گھر پر ڈالی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس گھر سے تو کئی گناہ صاف ستھرا اور بڑا حویلی کا مویشی خانہ تھا_____ اس نے دل میں سوچا

اب آپ آہی گئے ہیں تو کمرے میں تشریف لے آئیں____ امثال نے اپنے گھر کا واحد صاف ستھرا کمرہ کھولا

کمرہ واقع ہی صاف ستھرا تھا چارپائیاں لگی ہوئی تھیں جن پر کڑھائی والی چادریں بچھیں تھیں۔ بڑی سرکار کے حکم پر ڈرائیور گاڑی لے کر ماسٹر کو لینے گیا۔

معذرت میں آپ لوگوں کی کوئی خدمت نہیں کر سکتی ہوں_____ امثال کہتی ہوئی کمرے سے جانے لگی تبھی بڑی سرکار بول پڑیں۔

خدمت تو تمہیں اب ہماری کرنی پڑے گی اور وہ بھی ساری زندگی_____ تم نے سوچا بھی نہیں ہو گا جو تمہارے ساتھ ہونے والا ہے۔ بڑی سرکار کا لہجہ کافی سرد تھا جس پر راشدہ بیگم اور بتول کانپ سی گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

سوچا تو خیر آپ نے بھی میرے بارے میں نہیں ہو گا۔اکثر ہم ان لوگوں کے بارے میں نہیں سوچتے جو ہم سے ٹکرا جاتے ہیں اور ٹکرانے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ ٹکرائے کس سے ہیں۔۔۔؟؟

رہی بات خدمت کی تو وہ میں ضرور کروں گی آخر آپ میرے سسرال کی سب سے باعزت اور معمر خاتون ہیں۔امثال کی آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک تھی جسے بتول نے محسوس کیا۔

اس لڑکی میں ایک کشش تھی وہ مختلف بھی بہت زیادہ ______ جتنا بتول اس پر غور کر رہی تھی اتنا ہی وہ حیران ہو رہی تھی۔

حویلی کی دیواریں بہت موٹی ہیں اور تہہ خانے بہت گہرے ______ آواز تک باہر نہیں جاتی۔بندہ تو بہت دور کی بات ہے۔بڑی سرکار نے اسے ڈرانا چاہا۔

بالکل صحیح کہا آپ نے ____ پھر بھی دیکھیں آپ سب ہمارے اس چھوٹے سے گھر میں بیٹھے ہیں ۔جہاں سے آواز اور بندہ دونوں ہی آرام سے آجا سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کی گفتگو پتہ نہیں کون کون سن رہا ہو گا اور کیا کیا سوچ رہا ہو گا۔۔۔۔۔؟؟؟

پوتے کو الیکشن میں "کامیاب" کرانا ہے یا "جوتے" لگوانے ہیں______امثال کی بات پر بڑی سرکار غصے سے کھڑی ہو گئیں۔

لڑکی منہ سنبھال کر بات کرو______راشد بیگم اور بتول بھی اب غور سے امثال کو دیکھ رہی تھیں۔

میں بھی آپ کو یہی مشورہ دوں گی کہ منہ سنبھال کر بات کریں۔ میں اس وقت اپنے باپ کے "گھر" میں کھڑی ہوں آپ کی "حویلی" میں نہیں۔

دوسرا میں نے آپ کو بتایا تھا کہ میں بہت "بد تمیز اور منحوس" ہوں۔ حیرت ہے اتنی سمجھدار بڑی سرکار ایک منحوس کو اپنے گھر لے جانا چاہتی ہیں۔

سوچیں اگر یہ منحوس آپ کا بیٹا کھا گئی تو۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

الیکشن میں امیدوار مارے بھی تو جاتے ہیں۔۔۔۔؟؟؟

امثال کی بات پر بڑی سرکار سمیت راشدہ بیگم اور بتول کانپ گئیں۔

اللہ نہ کرے کہ میرے یوشع کو کچھ ہو_____ راشدہ بیگم نے دل پر ہاتھ رکھا جبکہ بڑی سرکار نے بمشکل خود پر کنٹرول کیا کیوں کہ باہر واقع ہی لوگوں کا جم غفیر اکٹھا تھا۔

انہیں کچھ کچھ امثال کی چال سمجھ آنے لگی تھی۔ اتنی دیر میں ماسٹر جی کانپتے کانپتے اندر داخل ہوئے ۔بڑی سرکار کو اپنے گھر میں دیکھ کر انھیں پسینے آرہے تھے۔

آپ آپ مجھے بلا لیتی میں آجاتا۔ نوکر ہوں، خادم ہوں آپ کا_____ ماسٹر جی کی عاجزی پر امثال کو بہت دکھ ہوا جب کہ بڑی سرکار مسکرا دیں۔

آج سے تمہاری یہ بیٹی میری یوشع کی امانت ہے ہم اسی جمعے کو بارات لے کر آئیں گے تم پریشان نہ ہونا سارے انتظامات بھی ہم خود ہی کر لیں گے۔

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار نے جملہ ادا کرتے ہی باہر کا راستہ لیا جب کہ انھیں ماسٹر جی کی "ہاں" یا "نہ" کی کوئی پرواہ نہیں تھی۔

آپ شاید جلدی میں ہیں ورنہ ابا کا جواب ضرور سنتی______امشال کی آواز پر وہ رکیں مگر پلٹی نہیں۔

اس کی اتنی مجال نہیں کہ یہ "نہ" کرے_______بڑی سرکار نے مڑ کر ماسٹر جی کو دیکھا

واقعی ہی ابا کی نہ سے کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔۔؟؟؟

فرق تو دلہن کی نہ سے پڑتا ہے سوچیں اگر میں بھرے مجمعے میں نہ کر دوں تو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

امشال جتنا بڑی سرکار کو بھڑکانا چاہتی تھی اس نے بھڑکا دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

یوشع جب اکیلے ہوتا تو ڈرائیور گاڑی چلاتا تھا۔ مگر جب اس کے ساتھ حیدر آفندی، عکاشہ یا اس کا کوئی اپنا پیارا ہوتا تو وہ ہمیشہ خود ڈرائیو کرتا تھا شاید یہ اس کی محبت کا ایک انوکھا انداز تھا۔

پریشان ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے میں یوشع کو اپنا سر دباتا دیکھتے ہوئے پوچھا

بابا سائیں مسلسل آتے جاتے گاڑی چلانے کی وجہ سے میرا سر اب چکرانے لگا ہے۔ یوشع کے جواب پر حیدر آفندی مسکرائے۔

جب میں تمہاری عمر میں تھا تو عدن کو لونگ ڈرائیو پر لے جاتا تھا مگر مجال ہے جو تھکاوٹ کا احساس بھی ہوتا ______ پتہ نہیں تم پر کیسی جوانی آئی ہے کہ ڈرائیونگ سے ہی تھک جاتے ہو ۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے اپنے اچھے دنوں کو یاد کرتے ہوئے کہا

اگر میرے ساتھ بھی آپ کی جگہ اس فرنٹ سیٹ پر عدن ماما جیسی کوئی لڑکی ہوتی تو مجھے بھی تھکاوٹ کا احساس نہ ہوتا _____ یوشع نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

بڑا ہی کوئی بے غیرت بیٹا پایا ہے میں نے شاید ہی کسی اور کا ہو______باپ ساتھ سفر کرتے تھکاوٹ ہوتی ہے مگر لڑکی ساتھ____حیدر آفندی نے اپنا سر افسوس سے ہلایا

آپ شاید بھول رہے ہیں۔ عدن ماما کا بیٹا مجھ سے بھی چار ہاتھ آگے ہے مگر وہ تو اسے اتنا برا بھلا نہیں کہتی جتنا آپ مجھے کہتے ہیں مجھے برا لگتا ہے______یوشع نے لاڈ سے گلہ کیا

تمہیں بھی کچھ برا لگتا ہے مجھے اس پر حیرت ہے____حیدر آفندی نے باہر دیکھتے ہوئے کہا

گاڑی جیسے ہی حویلی کے مین گیٹ پر پہنچی گارڈز نے ہارن سے پہلے ہی گیٹ کھول دیا۔ حیدر آفندی اور یوشع اپنی اپنی طرف کا دروازہ کھول کر باہر نکلے۔

حیدر آفندی نے بڑی سرکار کے کمرے کا رخ کیا جبکہ یوشع چائے کا آرڈر دیتا ہوا اپنے کمرے میں آگیا ۔شال اتار کر صوفے پر پھینکی، جوتا ایک مشرق اور دوسرا کمرے کے مغرب میں _____ قمیض کے بازو اکتاہٹ سے فولڈ کر ہی رہا تھا کہ راشدہ بیگم دروازے پر دستک دیتی اندر داخل ہوئیں۔

Posted On Kitab Nagri

السلام علیکم اماں سائیں____یوشع کہتا ہوا واشروم میں چلا گیا۔ مگر حیرت کا جھٹکا اسے تب لگا جب وہ فریش ہو کر باہر نکلا تو راشدہ بیگم اور بتول کو خلاف معمول اپنا منتظر پایا۔

خیریت ہے آج آپ دونوں ایک ساتھ میرے کمرے میں_____یوشع نے تولیہ کرسی پر ڈالا اور خود ڈریسنگ ٹیبل کے آگے کھڑا ہو گیا۔

یوشع وہ کسی لحاظ سے تمہارے قابل نہیں ہے۔ مجھے اپنی اس حویلی میں وہ جاھل گوار لڑکی نہیں چاہیے____راشدہ بیگم نے بے چینی سے اس کے قریب آتے ہوئے کہا

وہ انتہائی بدتمیز بھی ہے وہ تو ہماری حویلی کا ماحول خراب کر دے گی____بتول کی آواز پر یوشع اسے بال برش کرتے ہوئے کن انکھیوں سے دیکھا

تم میرے ایک ہی بیٹے ہو اور تمہاری شادی کے بہت ارمان ہے میرے دل میں____میں اس معاملے میں تمہاری ضد برداشت نہیں کر سکتی مجھے وہ لڑکی بہو کے روپ میں قابل قبول نہیں۔

Posted On Kitab Nagri

وعدہ کرو اس سے شادی نہیں کرو گے۔انکار کر دو تمہارے آگے بڑی سرکار کبھی بھی نہیں بولیں گی _____راشدہ بیگم نے غمزدہ سے لہجے میں یوشع کے آگے التجا کی

اماں سائیں میرے سر میں اس وقت شدید درد ہو رہا ہے تھکاوٹ سے میری آنکھیں بند ہیں۔ کیا ہم اس بارے میں کل بات نہیں کر سکتے۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے راشدہ بیگم کو کندھوں سے تھام کر کہا

یقین مانو وہ لڑکی پاگل ہے____بتول نے فکرمندی سے کہا

کون سی لڑکی۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے راشدہ بیگم کو چھوڑتے ہوئے بیڈ کا رخ کیا

وہی ماسٹر کی بیٹی_____راشدہ بیگم کے جواب پر یوشع جو لیٹنے کا سوچ رہا تھا بیڈ پر بیٹھ کر دونوں کو دیکھنے لگا

Posted On Kitab Nagri

بات کیا ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے بے زاری سے پوچھا جس پر بتول نے اسے آج کی تمام کاروائی گوش گزار کر دی۔

بس اتنا ہی یا اور کچھ۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے اطمینان پر دونوں نے حیرت سے ایک دوسرے کو دیکھا

یوشع تمہیں غصہ نہیں آیا۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم کے پوچھنے پر وہ مسکرا دیا

کس بات پر۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اپنا سر دبایا

اس لڑکی کی حرکتوں پر______راشدہ بیگم کی جگہ بتول نے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی وہ اپنے باپ کے گھر ہے میرا اس سے کوئی رشتہ نہیں جب وہ اس حویلی میں آئے گی اور میری ملکیت ہو گی تو آپ مجھے شکایت لگایئے گا پھر میں نوٹس لونگا ابھی میں کچھ نہیں کر سکتا۔

Posted On Kitab Nagri

ویسے بھی مجھے اس کی کوئی حرکت بری نہیں لگی۔ آپ زبردستی کسی کے گھر گھس جائیں۔ رعب جمائیں تو وہ آپ پر پھول نہیں پھینکے گا۔ بدتمیزی ہی کرے گا______یوشع نے کندھے اچکائے

وہ اس حویلی میں نہیں آئے گی______راشدہ بیگم نے تقریبا چیختے ہوئے کہا

اس بات کا فیصلہ بڑی سرکار کریں گی_____یوشع کے جواب پر راشدہ بیگم کو بہت دکھ ہوا

تمہیں بھی تو کوئی لڑکی پسند تھی اس کا کیا ہوا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم کے یاد دلانے پر یوشع نے ہنکار بھرا

دفع کریں سب کو فی الحال مجھے نیند آرہی ہے____یوشع نے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کیں تو وہ دونوں مایوسی سے کمرے سے چلی گئیں۔

امثال بی بی کسی کو تو معاف کر دو یا سارا سسرال ہی دشمن بنا لینا ہے۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اب پسندیدگی کی اتنی سزا تو نہ دو____میں چاہتا ہوں تم میرا سکون بنو،مان بنو مگر لگتا ہے کہ تم مجھے سچ مچ برباد کر دوں گی۔

Posted On Kitab Nagri

میں تمہیں صرف پسند کرتا ہوں اگر میں تم پر مرتا تو۔۔۔۔۔؟؟؟

تو تم میرا کیا حشر کرتی۔۔۔۔؟؟؟

مگر میں تم پر نہیں مرتا بلکہ تمہارے انداز گفتگو، اپنی ذات پر اعتماد، نام______یوشع نے سوچتے ہوئے کروٹ لی اور آنکھیں پر اپنا بازو رکھ لیا۔

"تم پر نہیں مرتے، مرتے ہیں تو ان چار پر
ناز پر، انداز پر، رخسار پر، گفتار پر"!!

میری تو خیر ہے مگر میرے بزرگوں ساتھ بدتمیزی کی سزا تو امثال بی بی تمہیں ملے گی وہ میں معاف نہیں کر سکتا______یوشع نے بند آنکھوں ساتھ بڑبڑایا

Posted On Kitab Nagri

چلو شکر ہے کچھ تو اچھا سننے میں آیا۔میں بہت خوش ہوں اور یہ تمہاری طرف سے مجھے ملنے والی پہلی خوشی ہے_____عدن نے محبت سے عکاشہ کی طرف دیکھا جو میچ دیکھنے میں مصروف تھا

کیا یونی والوں نے مجھے نکال دیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کے پوچھنے پر عدن نے اسے گھورا۔

یہ کوئی خوشخبری ہے۔۔۔۔؟؟؟عدن نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا

میرے لیے تو یہی سب سے بڑی خوشخبری ہے____عکاشہ نے کندھے اچکائے

پاگل ماہم کے گھر والوں نے "ہاں" کر دی ہے____عدن نے خوشی سے بتایا جس پر عکاشہ تقریباً اچھل پڑا

ماہم "پاگل" بھی ہے اور آپ ایک پاگل لڑکی کو بہو بنانے پر کتنی خوش ہو رہی ہیں____عکاشہ نے افسوس کیا

Posted On Kitab Nagri

میں نے پاگل تمہیں بولا ہے اسے نہیں_____عدن ناراض ہوئیں۔

کیا واقعی ہی وہ پاگل میری بیگم بن جائے گی مجھے تو کچھ عجیب سا محسوس ہو رہا ہے بلکہ شرم آرہی ہے _____عکاشہ شرارت پر اترا

عکاشہ_____عدن سے گھورا

ماما کیا ہے آپ کم از کم آزادی رائے کو نہیں دبا سکتیں۔ ہم آزاد ملک کے آزاد شہری ہیں اور آزادی رائے کا حق رکھتے ہیں۔عکاشہ کی دلیل پر عدن نے تالی بجائی۔

ویسے دیکھ تو تم میچ رہے تھے مگر لگتا ہے کسی سیاسی ٹاک شو کا اثر تم پر ہوا ہے۔عدن نے ٹی وی کی طرف اشارہ کیا

ماما اپنے حیدر صاحب کو بتا دیں کیونکہ خرچہ تو انہوں نے ہی کرنا ہے۔عکاشہ نے آواز آنکھ ماری

Posted On Kitab Nagri

مجھے انہوں نے ہی بتایا ہے کیوں کہ زبیر صاحب کا فون حیدر کو ہی آیا تھا___عدن نے منھ بنایا

کتنی خوش ہوتی ہیں آپ اس "موٹے انکل" کے نام پر_____عکاشہ نے دوبارہ اپنا رخ ٹی وی کی طرف کیا

موٹے انکل____عدن نے حیرت سے دہرایا

حیدر صاحب کو کہہ رہا ہوں____عکاشہ نے بغیر مڑے جواب دیا

شرم تھوڑی سی شرم باپ ہے وہ____عدن نے شرم دلائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ تو ایسے کہہ رہی ہیں___"باپ ہے وہ"____جیسے باپ نہ ہوا ملک کا وزیر اعظم ہو گیا۔

میری شادی ہونے دیں میں بھی باپ بن جاؤں گا کیا پھر آپ میری عزت کریں گی۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کے سوال پر عدن نے اپنا سر پکڑ لیا

Posted On Kitab Nagri

تمہارا باپ ہے میرا نہیں____عدن نے تصحیح کی

اچھا تو پھر وہ آپ کا کیا لگتا ہے۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے اب باقاعدہ عدن کی طرف منہ کر لیا تھا۔

میرا وہ کیا نہیں لگتا۔۔۔۔؟؟؟ بلکہ میرے وہ سب کچھ لگتے ہیں۔ میرے بچے کا باپ ہے اور میرا سائیبان۔ سمجھے_____عدن کہہ کر جانے لگی

اچھا بس ایک آخری بات بتا دیں پلیز____عکاشہ نے جلدی سے عدن کا ہاتھ پکڑ کر اسے روکا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا۔۔۔۔؟؟؟عدن نے حیرت سے اسے دیکھا

کیا آپ کو ابھی بھی حیدر آفندی سے شرم آتی ہے۔میں نے دیکھا ہے آپ ان کے ذکر پر لال ہو جاتی ہیں مگر کیوں۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ سے ایسے سوال کی عدن کو بالکل امید نہ تھی۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ یہ کیا بیہودگی ہے۔۔۔۔؟؟؟عدن نے اپنا ہاتھ چھڑایا

اچھا تو آپ نے میک اپ کیا ہوا ہے میں سمجھا شرم کی لالی ہے۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کہتا ہوا دوبارہ صوفے پر بیٹھ گیا جبکہ عدن نے افسوس سے اسے دیکھا اس سے پہلے کہ وہ اسے کچھ کہتیں ان کا موبائل بجنے لگا

جائیں انہیں بھی حویلی میں اور کوئی کام نہیں ہے اپنی طرف سے بڑے مصروف بنتے ہیں ______ عکاشہ نے بڑبڑاتے ہوئے کہا جبکہ عدن کال رسیو کرتی کمرے میں آگئی۔

کیسی ہیں۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے ہمیشہ کی طرح پوچھا

آپ کے بغیر میں کیسی ہو سکتی ہوں ظاہر سی بات ہے اداس ہو ______ عدن نے صاف گوئی سے کام لیا

Posted On Kitab Nagri

اب تو آپ کا اداس ہونا نہیں بنتا اتنی بڑی خوشخبری سنائی ہے میں نے آپ کو______اور وہ گدھا خوش ہوا کہ نہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے عکاشہ کا پوچھا

اس کی تو بات ہی مت کریں اللہ جانی شادی کے بعد کچھ فرق پڑے گا بھی کہ نہیں_____فی الحال تو دماغ چاٹنے کے علاوہ کوئی کام نہیں۔عدن نے باہر بیٹھے عکاشہ کو دیکھ کر جواب دیا

ٹھیک ہو جائے گا آپ پریشان نہ ہوں ابھی بچہ ہے_____خیر میں نے آپ کو اس لیے فون کیا تھا کہ ہم جمعہ کو یوشع کی بارات لے کر جا رہے ہیں۔حیدر آفندی کی بات پر عدن اداس ہو گئی

کچھ بولیں ناااا آپ تو بالکل ہی چپ ہو گئی ہیں____حیدر آفندی نے عدن کی خاموشی محسوس کرتے ہوئے پوچھا

حیدر میں بھی شادی میں آنا چاہتی ہوں۔کیا میں اپنے بیٹے کی شادی میں نہیں آ سکتی۔کیا یوشع میرے بغیر ہی شادی کر لے گا۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کے سوالوں کے جواب حیدر آفندی کے پاس نہیں تھے۔ کچھ دیر دونوں کے درمیان خاموشی کا راج رہا

Posted On Kitab Nagri

چلیں کوئی بات نہیں آپ تو سیریس ہو گے میں مذاق کر رہی تھی____عدن نے نم آواز میں خاموشی کو توڑا

محبت انتہائی خطرناک بیماری ہے یہ بظاہر بہت سکون دیتی ہے مگر حقیقت میں یہ آپ کو کھوکھلا کر دیتی ہے۔

ہم چاہے جو بھی ہوں اپنے محبوب کے آگے ہار جاتے ہیں۔عدن میں آپ سے ہار گیا ہوں مگر آپ کے لیے کچھ کر نہیں سکتا۔مجھے معاف کر دیں____حیدر آفندی کے منہ سے معافی کا لفظ سن کر عدن کے ہوش اڑ گئے

یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ میں نے مذاق کیا تھا۔میں جانتی ہوں کہ ممکن نہیں۔بس کیا کروں زبان سے پھسل گیا۔آپ اس طرح نہ کہیں_____عدن نے فوراً اپنی بات کی وضاحت دی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ کو مجھ سے نفرت ہوتی ہو گی کبھی تو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے نہ جانے کیوں یہ سوال کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟

نفرت اور وہ بھی آپ سے_____حیدر کمال کرتے ہیں۔ نفرت مجھے اپنے آپ سے ہوتی ہے جس نے آپ کی اچھی بھلی زندگی خراب کر دی۔عدن خود پر ہنسی

آپ نے میری زندگی خراب نہیں کی آپ تو میری جنت ہیں_____حیدر آفندی نے جذبات سے چور لہجے میں کہا

سوری مسٹر حیدر آفندی یہ جنت میری ہے آپ کی نہیں_____عکاشہ کب عدن ساتھ کھڑا ہوا اسے پتہ ہی نہیں چلا

عکاشہ میرا فون واپس کرو_____عدن نے غصے سے کہا

پہلے آپ رونا بند کریں____عکاشہ نے ہاتھ اوپر کیا جبکہ حیدر آفندی نے کال کاٹ دی۔

Posted On Kitab Nagri

یوں کسی کا بھی فون سننا اخلاقیات کے زمرے میں نہیں آتا۔ عدن نے فون کی بلیک سکرین دیکھتے ہوئے غصے سے کہا

یوں چھپ چھپ کر رونا اخلاقیات کے زمرے میں آتا ہے۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے پوچھا

پتا نہیں کیوں آپ کو اس شخص سے نفرت نہیں ہوتی میں تو جب بھی آپ کو ان کے لیے روتا دیکھتا ہوں مجھے نفرت ہونے لگتی ہے______عکاشہ غصے سے کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا

کبھی محبت کرو گے تو پتہ چلے گا نا!!!!!______کہ محبوب سے نفرت ہو ہی نہیں سکتی_____عدن نے جواب دیا

جھولی اٹھا اٹھا کر بد دعائیں دیں۔ ہنستی کھیلتی میری زندگی تباہ کر دیں______ایک تو وہ ویسے بھی ابر باراں اور میں چمکتا سورج______پتا نہیں کیا بنے گا۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اوپر سے ماں کی دعا رکشہ چلا_____عکاشہ کے آخری جملے پر عدن ہنس پڑی

کہاں سے بات شروع کرتے ہو اور اسے اٹھا کر کہاں لے جاتے ہو۔ خیر تمہارے بابا بتا رہے تھے کہ
ابھی_____عدن نے اتنا ہی کہا تھا کہ عکاشہ نے بات کاٹ دی۔

بھائی یارررر کی شادی ہے اور میں شادی میں جاؤں گا کیونکہ مجھے جانا ہے_____وہ کہتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا

ٹھیک ہے چلے جانا مگر ایک شرط پر مجھے ساری شادی کی تصویریں ویڈیو ساتھ ساتھ بھیجنا_____
عکاشہ عدن کی بات پر سر ہلاتا یوشع کا نمبر ڈائل کرنے لگا

Posted On Kitab Nagri

یونی میں معمول کے مطابق چھل پہل تھی۔عدن کے لاکھ منع کرنے کے باوجود وہ ماہم کی تلاش میں تھا۔جو ہمیشہ کی طرح آج بھی آسان شکار ثابت ہوئی تھی اور اپنے ڈیپارٹمنٹ کے سامنے بیٹھی نوٹس بنا رہی تھی۔

مس موسلادھار آپ کی سول میٹ کہاں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟میرا مطلب ہے مس چونا_____عکاشہ نے گنگناتے ہوئے پوچھا

پتا نہیں_____ماہم نے اوپر دیکھے بغیر جواب دیا

اچھا چلو یہ بتاؤ کہ "ہاں" تم سے پوچھ کر تمہارے گھر والوں نے کی ہے۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے اسے مشکوک نظروں سے گھورا جو بالکل اس سے لاپرواہ اپنے کام میں مگن تھی۔

نہیں_____ماہم نے پھر یک لفظی جواب دیا

مطلب تم اس شادی سے خوش نہیں ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

چلو ایک ڈیل کرتے ہیں میں اس شادی سے نہ کر دوں گا مگر_____عکاشہ نے شرارت سے ماہم کی طرف دیکھا

ڈیل سے اچھا ہے کہ میں تم سے شادی کر لوں____ماہم نے پہلی بار نظر اٹھا کر دیکھا

نہیں یار قسم سے اس بار ڈیل بہت ہی آسان ہے۔ عکاشہ کہتا ہوا اس کے پاس بیٹھ گیا

فاصلے سے بیٹھو، زیادہ چپکنے کی ضرورت نہیں ہے____ماہم نے اسے اپنے برابر بیٹھا دیکھ کر کہا

کیوں تمہیں مجھ سے شرم آ رہی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کے پوچھنے پر ماہم نے اپنا پن زور سے رجسٹر میں رکھا اور اس کی طرف گھوم گئی

نہیں بالکل بھی نہیں_____اب وہاں سے براہ راست دیکھ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا پھر ایک راز کی بات بتاؤں مجھے تم سے شرما رہی ہے____عکاشہ نے اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر رکھے

عکاشہ اب یہ کیا ڈرامہ ہے۔۔۔۔؟؟؟ماہم کو سخت کوفت ہوئی۔

یہ ڈرامہ نہیں بلکہ بذات خود عکاشہ ہے۔ خیر چھوڑو تم مجھے ذرا اپنا ڈوپٹہ دو میں نے اسے منہ میں ڈالنا ہے۔مجھے شرم آرہی ہے۔عکاشہ کی نئی فرمائش پر ماہم نے غصے سے اپنی آنکھیں بند کیں

عکاشہ اگر تم نے کوئی بھی فضول حرکت کی۔تو میں سیدھا کلرک آفس جاؤں گی کہ یہ مجھے تنگ کر رہا ہے اور جو جرمانہ تمہاری وجہ سے مجھے ہوا تھا اس سے ڈبل تمہیں نہ ہوا تو میرا نام بدل دینا_____ماہم نے وارننگ دی

نام تو خیر تمہارا بدل ہی گیا ہے۔اور خون کا اثر دیکھا ہے کہ ایسے شیر کی طرح دھاڑ رہی ہو۔سوچو جب تم میرے ساتھ رہو گی تو کیا چیز بن جاؤں گی۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

واہ عکاشہ تیری کیا بات ہے تو گونگے کو بھی زبان دے دیتا ہے____عکاشہ نے خود ہی اپنا ہاتھ چوما

تم میں کچھ بھی پازیٹو نہیں ہے اور تو اور تمہارا خون بھی نیگیٹو ہے۔اس لیے تم کبھی پوزیٹو کسی بندے کے بارے میں سوچ ہی نہیں سکتے_____ماہم جانے کے لیے کھڑی ہوئیں اور عکاشہ اس کے آگے آگیا

آدھی بیگم صاحبہ آپ کا اپنا بلڈ گروپ بھی نیگیٹو ہے____عکاشہ نے اسی انداز میں جواب دیا

آدھی بیگم صاحبہ، یہ کیا بکواس ہے۔۔۔۔۔؟؟؟میرا نام ماہم ہے____ماہم نے جتلایا

منگیتر تو سب ہی کہتے ہیں میں نے سوچا ذرا مختلف نام رکھا جائے کیوں تمہیں پسند نہیں آیا۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ ایسے پوچھ رہا تھا جیسے دونوں میں بہت دوستی ہو۔

بہت پسند آیا ہے اب میں جاؤں_____ماہم میں نے آگے سے ہٹنے کا اشارہ کیا

Posted On Kitab Nagri

جاؤ مگر شادی پر کسی اچھی بیوٹیشن سے تیار ہونا۔ تمہیں خود سے میک اپ کرنا نہیں آتا۔ دیکھو کیا کارٹون بنی ہوئی ہو____عکاشہ نے اس کے چہرے کا جائزہ لیا

اگر میں تمہیں پسند نہیں تو کس پیر نے کہا تھا رشتہ بھیجنے کو۔۔۔۔؟؟؟ماہم اپنی تذلیل پر چیخ پڑی

سوال تو تمہارا بہت اچھا ہے مگر مجھے اس کا جواب نہیں آتا اگلا پوچھو_____عکاشہ نے اسے زچ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی جس پر ماہم نے بے بسی سے ادھر ادھر دیکھا

تمہیں یقیناً اس وقت رونا آرہا ہو گا۔یار تھوڑا سا رو دو۔ قسم سے تم مجھے روتی ہوئی بہت اچھی لگتی ہو ۔صرف تبھی مجھے تم پر پیار آتا ہے۔اتنے مزے کا روتی ہوں کہ کیا بتاؤں۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کی فرمائش پر ماہم کا دل کیا اپنا سر دیوار میں دے مارے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

پنڈال میں اس وقت ہر قسم کے لوگوں کا رش لگا ہوا تھا۔ گاؤں والوں کو الگ ایک حصہ دیا ہوا تھا۔ حیدر آفندی کے خاندان اور دوستوں کا علیحدہ انتظام تھا۔ سماجی اور سیاسی لوگوں کے علاوہ میڈیا کے لوگ بھی بہت بڑی تعداد میں موجود تھے۔

سر آپ نے اپنی شریک حیات کے لیے ایک غریب لڑکی کا چناؤ ہی کیوں کیا جب کہ آپ کو اس سے کئی گناہ بہتر لڑکی مل سکتی تھی۔۔۔۔؟؟؟ ایک میڈیا رپورٹر نے اچانک یوسع کے آگے مائیک کرتے ہوئے پوچھا

یہ آپ کو سیدھی سیدھی لائن دے رہی ہے____ عکاشہ نے یوشع کے کان میں سرگوشی کی۔

ویسے تو یہ میرا ذاتی معاملہ ہے مگر آپ کی تسلی کے لیے بتا دوں۔ مجھے اپنے گاؤں اور یہاں کے لوگوں سے بہت محبت ہے۔

Posted On Kitab Nagri

ہماری دادی جنہیں ہم پیار سے بڑی سرکار بولتے ہیں انہوں نے ہمارے دل میں وطن کی محبت ڈالی ہے ______یوشع کہ جو آپ پر سب نے اسے ستائشی نظروں سے دیکھا اور کئی دوسرے میڈیا والے بھی اس کے گرد اکٹھے ہو گے۔

سر کیا آپ "ایم این اے" کی سیٹ جیت لیں گے جب کہ آپ کا یا آپ کے خاندان کا کوئی سیاسی بیک گراونڈ نہیں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ایک رپورٹر نے یوشع پر طنز کیا

یہ جو اتنے سارے آپ کو سیاسی لوگ یہاں دکھائی دے رہے ہیں یہ بغیر تعلق کے تو نہیں آسکتے نااااا ______یوشع کی بجائے جواب عکاشہ نے دیا تو یوشع سے دیکھ کر مسکرادیا

سر آپ کے گاؤں کے اتنے مسائل ہیں جن میں سب سے زیادہ تعلیم کا مسئلہ ہے آپ اس بارے میں کیا کریں گے۔۔۔۔؟؟؟یوشع اب مسلسل سوالوں سے تنگ پڑنے لگا تھا

میں نے آپ لوگوں کو اپنی شادی میں بلایا ہے پریس کانفرنس میں نہیں______ جس دن میں پریس کانفرنس رکھوں گا اس دن میں آپ لوگوں کے تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش دوں گا۔

Posted On Kitab Nagri

فلحال آپ شادی انجوائے کریں اور مجھے بھی کرنے دیں_______یوشع معذرت کرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔

بھائی یار تیری شادی تو بڑی زبردست لگ رہی ہے لیکن اگر کھانا کم پڑ گیا تو_______عکاشہ نے لوگوں پر نظر مارتے ہوئے پوچھا

تو مجبوراً مجھے اپنے بھائی کی قربانی دینا پڑے گی۔ تجھے دیگ میں ڈال دوں گا______یوشع کے جواب پر عکاشہ نے اسے ناراض نظروں سے دیکھا

میری ماں کا پتا ہے نااااا_____عکاشہ کی بات پر یوشع کو عدن کا خیال آیا

ایک تو لوگوں نے تنگ کیا ہوا ہے اوپر سے تیری بکواس مسلسل جاری ہے میں نے سوچا تھا گھر سے نکلتے ہوئے ماما کو کال کروں گا مگر________یوشع نے فوراً عدن کو ویڈیو کال کی

Posted On Kitab Nagri

چھوٹی ماما دیکھیں کتنی رونق لگی ہوئی ہے مگر پھر بھی میرا دل آپ کے بغیر بہت اداس ہے کاش میں آپ کو یہاں لا سکتا______یوشع نے پورے پنڈال پر کیمرہ گھماتے ہوئے کہا

ماشااللہ میرا بیٹا تو پورا شہزادہ لگ رہا ہے۔ اپنی نظر ضرور اتار دینا____عدن نے محبت سے یوشع کی تعریف کی۔

زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے ماما میرے بارے میں کہہ رہی ہیں____عکاشہ نے موبائل یوشع سے اپنی طرف کیا۔

سوری ماما____کچھ دیر بعد یوشع نے نہایت عاجزی سے کہ کیونکہ وہ عدن کی اداس آنکھیں دیکھ سکتا تھا جن میں حسرت تھی۔

سوری کس بات کی۔۔۔۔۔؟؟؟عدن نے حیرت سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ کی آنکھوں میں جو اداسی ہے اس کی وجہ پہلی بار میں ہوں_____یوشع کی وضاحت پر وہ پھیکا سا مسکرادیں

انہیں حیدر صاحب دکھاؤ بھائی یار رررر____ایک دم سین بدل جائے گا اداسی کی جگہ گالوں پر لالی آجائے گی_____عکاشہ کی بات پر یوشع نے اسے ایک تھپڑ رسید کیا

اپنی دلہن بھی دکھانا میں دیکھو تو سہی کے کیسی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟عدن کی بات پر یوشع نے سر ہلایا

میں آپ سے ملوانے لاؤنگا____یوشع نے وعدہ کیا اور کال بند کر دی

یہ کاغذ اسے دے دو مجھے آج تک کسی قسم کا کوئی تماشا نہیں چاہیے_____اگر آج نکاح میں گڑبڑ ہوئی تو میں سچ مچ کسی کو نہیں بخشوں گا______جس پر نوید سر ہلاتا چلا گیا

اس میں کیا لکھا تھا۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کی پشت کو دیکھتے ہوئے کاغذ کے بارے میں یوشع سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

علاج_____یوشع کا جواب عکاشہ کو سمجھ نہیں آیا جب کہ یوشع مسکراتا ہوا لوگوں سے ملنے لگا

کچھ دیر بعد نکاح شروع ہوا تو بظاہر یوشع بالکل مطمئن نظر آرہا تھا مگر اسے ایک ایک سیکنڈ اپنی دھڑکن ساتھ محسوس ہو رہا تھا

لڑکی کا ولی کہاں ہے اس سے دستخط اور اس کی اجازت لے آئے______مولوی کے کہنے پر ماسٹر جی اپنی کچھ عزیزوں ساتھ امثال کی طرف چلیں گے۔

اگر بکری کی مالکن نے انکار کر دیا تو-------؟؟؟ عکاشہ نے لوگوں پر نظر گھماتے آئے ہوئے پوچھا

اپنی تو ذرا سنبھال کر رکھو کیونکہ آج ایسا نہیں ہو گا_____یوشع نے اطمینان سے جواب دیا جب کہ اپنا دل بھی ڈر رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اتنے لوگ اور میڈیا اگر کچھ گڑبڑ ہو گئی تو ______ یوشع نے ابھی دل میں سوچا ہی تھا کہ ماسٹر جی سامنے سے نکاح نامہ سائن کرا کر لے آئے۔

تھوڑی دیر بعد کھانے کا شور مچا تو سب کھانا کھانے میں مصروف ہو گئے۔

کیا ہوا آپ تو نکاح کے بعد بالکل ہی خاموش ہو گئے ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے یوشع کو خاموش دیکھ کر پوچھا

ہمممم ____ گڑبڑ ضرور ہے مگر کہاں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ بے خیالی میں یوشع نے کہا تو عکاشہ چونک پڑا

گڑبڑ ____ شادی تو نام ہی گڑبڑ کا ہے۔ عکاشہ نے بات مذاق میں اڑا دی تو یوشع بھی مسکرا دیا۔

اس وقت ڈیرے پر یوشع، حیدر آفندی اور عکاشہ کچھ خاص مہمانوں کو رخصت کر رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی یارررر ویسے تو میں چھوٹا ہوں مگر میرے خیال سے آپ کو یہ قیمتی وقت اپنی بیگم ساتھ گزارنا چاہیے______عکاشہ عکاشہ نے سر کھجاتے ہوئے یوشع کے کان میں سرگوشی کی۔

میں نے شادی اپنے لئے نہیں بلکہ بڑی سرکار کے لئے کی ہے اور وہ اسی کے ساتھ وقت گزار رہی ہو گی

۔

یوشع کے سامنے اچانک حویلی کا خیالی منظر آیا جس میں کافی "تُو تُو میں میں" ہو رہی تھی۔

اچھا میں سمجھا آپ نے بچوں کے لیے کی ہے______عکاشہ کی شرارت پر یوشع نے اسے گھورا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں اپنی نئی نویلی دلہن پر ظلم کر رہے ہیں بچاری پریشان ہو رہی ہو گی جائیں اس کی مدد کریں______عکاشہ کو امثال ساتھ ہمدردی ہوئی۔

وہ پریشان ہوتی نہیں بلکہ پریشان کرتی ہے اس کا تعلق بھی تمہاری جیسی مخلوق سے ہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اور یہ تمہیں کس خوشی میں ہمدردی کا بخار چڑھا ہوا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اسے مشکوک نظروں سے دیکھا

میری بھابی ہے وہ بھی اکلوتی، چھوٹی سی، معصوم سی______عکاشہ کے جواب پر یوشع ہنسا

اسے تمہاری بھابھی بنے ابھی چند گھنٹے نہیں ہوئے اور اتنا لاڈ_____میں جو تمہاری پیدائش سے پہلے کا تمہارا بھائی ہوں مجھے تو کبھی اس طرح نہیں کہا_____یوشع نے گلہ کیا

بھائی یارررررر سمجھا کرونااااا_____عکاشہ نے یوشع کے کندھے پر ہاتھ رکھا

چل آ حویلی چلتے ہیں_____یوشع نے اپنی چادر جھاڑتے ہوئے آہستہ سے کہا

نہیں میں یہاں سے سیدھا گھر جاؤں گا۔ماما اکیلی ہیں۔ آپ آیئے گا بھابھی کو لے کر، ماما کو بہت اچھا لگے گا______عکاشہ کے جواب پر پاس سے گزرتے حیدر آفندی چونکے

Posted On Kitab Nagri

تم آج کہیں نہیں جا رہے ہو۔ کل ولیمہ ہے اس کے بعد دن میں جانا۔ ابھی ویسے بھی بہت رات ہو گئی ہے______حیدر آفندی نے رک کر دونوں کی طرف دیکھا

اچھا ٹھیک ہے پھر آپ اپنی لاڈلی بیگم کو بتا دیں میری تو سنتی ہی نہیں ہیں۔

بھائی یارررر آج کل بڑے ہی نافرمانبردار قسم کے والدین آ رہے ہیں______عُکاشہ کے تبصرے پر آس پاس سے گزرتے لوگ بھی مستفید ہو رہے تھے۔

تم کہاں جانے کی تیاری کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

ابھی اتنے مہمان ہیں پہلے ان سب کا بندوبست کرو۔ جو جانا چاہ رہا ہے انہیں بھیج دو اور باقیوں کی رہائش کے انتظامات دیکھ لو پھر بے شک چلے جانا۔ یوشع کو دیکھتے ہوئے حیدر آفندی عدن کو کال ملانے لگے

حیدر آپ کو بیٹے کی شادی بہت مبارک ہو____عدن نے کال اٹینڈ کرتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمیشہ ہی مجھے لاجواب کر دیتی ہیں۔ ابھی میں آپ کو یہ کہنے ہی لگا تھا کہ آپ نے کہہ دیا۔ یہ تو غلط بات ہے۔ کبھی مجھے بھی جیت لینے دیا کریں______ حیدر آفندی کے لہجے میں خوشی جھلک رہی تھی

حیدر آپ نے مجھے مس کیا۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ پتہ نہیں کیوں مگر عدن کا دل کر رہا تھا کہ حیدر اس کی کمی کو شدت سے محسوس کریں۔

آپ کو کیوں لگا کہ میں نے آپ کو مس کیا ہو گا۔۔۔۔؟؟؟ جواب کی بجائے سوال پوچھا

بس مجھے لگا کہ خیر______ عدن نے اپنی بات ادھوری چھوڑ دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کو لگا ہو اور ویسا نہ ہوا ہو۔۔۔؟؟؟

عدن میں نے آپ کو ہر جگہ ہر لمحے محسوس کیا ہے مگر میری مجبوری آپ کو بہانہ لگتی ہو گی ______ حیدر آفندی اب بالکل سیریس تھے۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا اداس مت ہوں اور عکاشہ کو اپنے پاس روک لیجیے گا۔اب رات بہت ہو گئی ہے________عدن کی بات پر انہوں نے سر ہلایا

میں بھی یہی بتانے لگا تھا کہ کل ولیمے کے بعد میں اسے اپنی گاڑی میں خود چھوڑنے آؤں گا_______ حیدر آفندی کی بات پر عدد خوشی سے کھل اٹھیں۔

آپ خود آئیں گے______بے یقینی سے پوچھا

بالکل میں خود آؤں گا آخر اس گدھے کے سسرال بھی تو جانا ہے نااااا______ حیدر آفندی کے جواب پر عدن مسکرانے لگیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب آپ سو جائیں رات کافی ہو گئی ہے صبح ملاقات ہوتی ہے______ حیدر آفندی نے آسمان پر پھیلے ستاروں کو دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

آپ مجھے نیند نہیں آئے گی۔ جب آپ نے آنا ہوتا ہے تو انتظار میں میری رات کٹتی ہے ______ عدن کے جواب پر حیدر آفندی نے نفی میں سر ہلایا

یعنی میں نے آپ کو اپنی لاعلمی میں انتظار کی سولی پر لٹکا دیا میں ہر دفعہ آپ کی تعریف کی وجہ بنتا ہوں ______ حیدر آفندی کی آواز کافی آہستہ ہو گئی تھی۔

حیدر یہ آپ کیسی باتیں کرنے لگتے ہیں میں خوشی میں جاگ رہی ہوں ______ عدن نے حیدر آفندی کی اداسی کو محسوس کرتے ہوئے کہا

اچھا پہلے آپ وعدہ کریں کہ کھانا کھا کر آرام سے سو جائیں گی۔ ورنہ میں اپنے آنے کا ارادہ کینسل بھی کر سکتا ہوں بلکہ کر دوں گا ____ حیدر آفندی نے دھمکی دی

حیدر اب آپ زیادتی کر رہے ہیں۔۔۔۔؟؟؟ عدن روہانسی ہوئیں۔

Posted On Kitab Nagri

اچھی اور میٹھی پر سکون نیند میری بیوی کے لئے بہت ضروری ہے اس لیے آپ رات کو بالکل نہیں جاگیں گی۔

میں کچھ دیر میں کال کرتا ہوں اور کال اٹینڈ نہیں ہونی چاہیے۔حیدر آفندی کی بات پر عدن مسکرائی

اب آپ بالکل عکاشہ کی طرح behave کر رہے ہیں______عدن نے عکاشہ کو مس کیا

آخر باپ ہوں اس کا_____کچھ تو اثر ہو گا۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے اپنے سے دور کھڑے عکاشہ کو دیکھتے ہوئے کہا جو یوشع کے ساتھ کسی بات پر ہنس رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امثال نے جیسے حویلی میں قدم رکھا تو اسے یہاں کا ماحول باہر کی نسبت بالکل مختلف لگا

باہر تو شادی کا شور اور بہت گہما گہمی تھی جب کہ اندر اتنا ہی سناٹا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

حویلی کے ماحول کو دیکھ کر کوئی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس حویلی میں آج شادی ہے۔

امثال کو اپنے جسم میں سردی اترتی ہوئی محسوس ہوئی۔بتول اور راشدہ بیگم اپنے ساتھ امثال کو لے کر ابھی لیونگ روم میں داخل ہی ہوئیں تھی کہ بڑی سرکار زور سے دھاڑیں۔

یہ معذور نہیں ہے۔ چھوڑو اسے اور تم دونوں اپنے کمرے میں جاؤ_______بڑی سرکار کی دھاڑ پر دونوں نے اسے چھوڑ دیا مگر کھڑی وہاں ہی رہیں۔

ہاں تو لڑکی تم نے کیا سمجھا تھا کہ میں اپنی بے عزتی بھول جاؤں گی۔۔۔۔۔؟؟؟

پیر بانو سب کچھ بھول سکتی ہے مگر اپنی بے عزتی نہیں________بڑی سرکار نے طنزیہ مسکراہٹ کے ساتھ امثال کو دیکھا تو بتول اور راشدہ بیگم کو خطرے کا احساس ہوا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

امثال کے اپنے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہوئے لگے اور دماغ بھی سائیں سائیں کرنے لگا۔ جتنا وہ آسان سمجھ رہی تھی اتنا آسان کچھ نہیں تھا۔

اپنے گھر میں تو سب ہی نواب ہوتے ہیں۔ اس لئے کسی کی پرواہ نہیں ہوتی مگر اب اسے سچ مچ ڈر لگنے لگا تھا

تم صرف نام کی دلہن ہو۔ اصل میں تم میری نوکرانی بن کر اس حویلی میں آئی ہو۔ آج سے میرے سارے کام تم کرو گی۔ تمہارا یوشع سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔

بہو اس کے سارے زیور اتار کر میرے کمرے میں رکھ دو اور بتول تم اسے اپنا کوئی پرانا جوڑا دو۔ مجھے یہ اس لباس میں نظر نہ آئے۔

اور ہاں جب یہ کپڑے بدل لے تو اسے تہہ خانے میں چھوڑ آنا۔ آج کی رات یہ ہمارے بزرگوں ساتھ گزارے گی۔ آخر اس نے بزرگوں کی دعائیں بھی تو لینی ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار امثال پہ ایک حقارت بھری نظر ڈالتے ہوئے اپنے کمرے میں جانے لگیں مگر پھر رکیں

یوشع آئے تو اسے میرے کمرے میں بھیج دینا______بڑی سرکار کہتی ہوئی اپنے کمرے میں چلی گئی
۔

جبکہ ان کی باتیں سن کر امثال کا رنگ فق ہوا مگر وہ اپنے جذبات کو قابو کرنے کا ہنر رکھتی تھی۔

اس سے پہلے کہ راشدہ بیگم اسے کچھ کہتیں۔وہ نیچے کارپٹ پر بیٹھ کر اپنے زیورات اتارنے لگی

حویلی کے نوکر حیرت سے یہ سب دیکھ رہے تھے کہ ایک دن کی دلہن وہ بھی یوشع سائیں کی کے ساتھ کیا سلوک ہو رہا ہے۔۔۔۔۔؟

جب یوشع کو پتہ چلے گا تو وہ بہت ناراض ہو گا ہنگامہ کرے گا______بتول نے راشدہ بیگم کے کان میں سرگوشی کی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بڑی سرکار کے آگے نہیں بولتا بس جو انہوں نے کہا ہے تم وہ کرو_____راشدہ بیگم کے کہنے پر بتول اپنے کمرے میں سوٹ لینے چلی گئی

تم نے اپنی زبان سے اس حویلی میں اپنے لیے خود کانٹے بوئیں ہیں______راشدہ بیگم نے کہتے ہوئے اس کے آگے سے زیور اٹھائے۔

زبان کیا گھر پر چھوڑ آئی ہو۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے اس کی خاموشی پر اس کا جائزہ لیتے ہوئے طنز کیا

زبان میں اپنے ساتھ ہی رکھتی ہوں مگر فی الحال میں بہت تھک گئی ہوں۔ورنہ جواب تو میں ایسے دیتی کہ پھر نہ سوال پیدا ہوتے۔

آپ کے دل میں میرے لئے جو رائے قائم ہے اسے قائم ہی رکھیے گا میں بدلتی نہیں ہو "کتے کی دم" والا حال ہے میرا_____راشدہ بیگم کے دل میں امثال کی باتوں سے مزید نفرت پیدا ہوئی۔

Posted On Kitab Nagri

تمہیں میرا بیٹا چھوڑے گا نہیں____ یہ کپڑے بدلو تا کہ تمہیں تہہ خانے میں چھوڑ دیا جائے____ راشدہ بیگم نے بتول کے ہاتھ سے کپڑے لیتے ہوئے اس کی گود میں پھینکے۔

میں چاہتی بھی نہیں کہ آپ کا بیٹا مجھے چھوڑے بھلا اس حویلی سے جانے کو کس کا دل کرے گا ______؟؟؟

اور یہ کپڑے یہاں ہی بدل لو یا کوئی جگہ بھی ملے گی_____ امثال نے ارد گرد نوکروں کو چلتے پھرتے دیکھ کر پوچھا جس پر بتول نے ایک سٹور کی طرف اشارہ کیا

بہت ہی بدتمیز ہے_____ راشدہ بیگم نے اسے جاتا دیکھ کر کہا

مجھے تو اس کا انجام سوچ کر بہت ڈر لگ رہا ہے کافی برا ہو گا۔بتول نے جھرجھری لی۔

کالے اور پیلے پرنٹڈ سوٹ میں بے شک وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

شکل تو اچھی ہے کاش اس کی زبان بھی اچھی ہوتی_____ راشدہ بیگم کہتی ہوئی اپنے کمرے میں چلی گئی جبکہ بتول نے نوکرانی کو اشارہ کیا

امثال نے جیسے ہی تہہ خانے کی سیڑھیوں پر قدم رکھا نوکرانی نے زور سے دروازہ بند کر کے باہر سے لاک لگا دیا

ڈرپوک لوگ_____ امثال نے دروازے کو دیکھتے ہوئے غصے سے کہا اور پھر تہہ خانے کا جائزہ لینے لگی

تہ خانہ کافی کشادہ تھا جس کے فرش پر براؤن ماربل لگا ہوا تھا۔ چھت پر جا بجا بلب لگے تھے جس کی وجہ سے وہ رات میں بھی دن کا سماں پیش کر رہا تھا۔

تہہ خانے کے ایک حصے میں کافی قبریں بنی ہوئی تھیں جبکہ ایک دیوار پر لکڑی کی الماری تھی۔ فرنیچر نام کی کوئی چیز نہ تھی نہ کوئی چٹائی وغیرہ

Posted On Kitab Nagri

نیند سے اس کی آنکھیں بوجھل ہو رہی تھیں مگر تجسس اسے سونے سے منع کر رہا تھا۔کچھ دیر کچھ دیر ریلنگ ساتھ ٹیک لگانے کے بعد امثال نے سیڑھیاں اترنا شروع کی۔

پائل جو غلطی سے اس کے پاؤں میں رہ گئی تھی اس کی آواز اس خاموشی میں عجیب سا سماں باندھ رہی تھی۔

قدم قدم چلتے وہ قبروں کے قریب پہنچی کچھ قبروں پر کتبے لگے تھے اور کچھ بغیر کتبے کے تھیں۔

امثال نے اپنے ڈوپٹے سے کتبے صاف کرنا شروع کیے تو ہر کتبے پر ایک ہی لفظ کندہ تھا "نافرمان" _____امثال نے حیرت سے کندھے اچکائے

کیا ان کے بزرگ بھی ان کی طرح نافرمان تھے۔۔۔۔؟؟؟اپنی سوچ پر امثال کو خود ہی ہنسی آئی

حیرت و تعجب میں گم امثال پلٹنے لگی تو اس کے پاؤں کو کسی چیز ساتھ ٹھوکر لگی

Posted On Kitab Nagri

یہ تو کسی چھوٹے بچے کی قبر لگ رہی ہے کیا ان کے بچے بھی پیدائشی نافرمان ہوتے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

اس حساب سے تو اس حویلی کے باہر "آفندی ہاؤس" نہیں بلکہ "نافرمان ہاؤس" لکھا ہونا چاہیے ______امثال دل میں سوچتی لکڑی کی الماری کی تک بڑھی۔

الماری کھولتے ہی اس کے ہوش اڑ گئے۔اندر کفن دفن کا سامان پڑا تھا۔

یا اللہ یہ کیسے لوگ ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے فورا دروازہ بند کیا اور پھر اس کی ہمت جواب دے گئی کیونکہ کافور کی خوشبو سے اس کا سر چکرانے لگا تھا

دیوار سے ٹیک لگاتے ہوئے وہ زمین پر بیٹھی۔آنکھیں بند کرتے ہی اپنا کمرہ، بھائی بہن، اپنی چارپائی سب یاد آنے لگے______بند آنکھوں سے چند آنسو بہہ نکلے

میں تو اس کے تہہ خانے میں رات نہیں گزار سکتی۔۔۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

امثال نے سوچتے ہوئے ادھر ادھر دیکھا تو سامنے دیوار پر مین سرکٹ بورڈ لگا ہوا نظر آیا۔

لگتا ہے مسئلہ حل ہو جائے گا۔۔۔۔؟؟؟امثال سوچتی ہوئی اٹھ کھڑی ہوئی۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

یوشع نے تقریباً رات کے ایک بجے فارغ ہوتے ہی عکاشہ کو مخاطب کیا۔

چل یار حویلی جا کر سوتے ہیں_____یوشع کے کہنے پر عکاشہ نے اسے گھورا

میں تو آج کھلے آسمان کے نیچے ہی سوؤں گا کتنی رونق ہے یہاں_____عکاشہ نے ایک طرف دیگیں پکاتے ہوئے لوگوں کو دیکھ کر کہا جو صبح کا ناشتہ بنانے میں مصروف تھے۔

رونق تو ادھر بھی بہت لگی ہوگی۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے ذو معنی انداز میں جواب دیا تو دونوں ہی ہنس پڑے

میرا دل برداشت نہیں کر پائے گا زیادہ رونق کو میں یہاں ہی ٹھیک ہوں۔ جب سے میں نے خون دیا ہے میرا دل کمزور ہو گیا ہے______عکاشہ نے چارپائی کے اوپر پاؤں کرتے ہوئے معذرت کی جبکہ یوشع اسے گھورتا ہوا حویلی کی طرف چل دیا

Posted On Kitab Nagri

لیونگ روم میں قدم رکھتے ہی مکمل سناٹے نے اس کا استقبال کیا تو اس نے سکھ کا سانس خارج کیا۔

"مطلب سب شانتی ہے"_____وہ دل میں سوچتا ہوں سیڑھیوں کی طرف جانے لگا تبھی راشدہ بیگم کی پکار پر چونکا

تمہیں بڑی سرکار یاد کر رہی ہیں____راشدہ بیگم نے لیونگ روم کی لائیٹس آن کی تو ان کے ساتھ بتول بھی موجود تھی۔

آپ دونوں ابھی تک جاگ رہی ہیں_____یوشع کو حیرت ہوئی

ہاں وہ تمہیں بڑی سرکار کا پیغام جو دینا تھا____بتول کے جواب پر یوشع بڑی سرکار کے کمرے کی طرف چل دیا

چچی آئیں نااا سنتے ہیں کہ اب کیا ہو گا۔۔۔۔؟؟؟بتول نے راشدہ بیگم کے کان میں سرگوشی کی۔

Posted On Kitab Nagri

آرام سے پہلے اسے تو جانے دو۔ اسی لئے تو ابھی تک ہم جاگ رہے ہیں______راشدہ بیگم کے جواب پر دونوں دبے پاؤں بڑی سرکار کے کمرے کی طرف جانے لگیں۔

میں نے اس لڑکی کا سارا زیور اپنے پاس رکھ لیا ہے کیونکہ وہ ان کی حقدار نہیں تھی اور نہ ہی اس لباس کی______بڑی سرکار کے اشارے پر یوشع نے صوفے پر لال رنگ کا جوڑا دیکھا جو امثال نے پہن رکھا تھا

اچھا_____یوشع نے فرمانبرداری اس سے ان کی ہاں میں ہاں ملائی۔

آج رات سزا کے طور پر وہ تہہ خانے میں رہے گی۔ تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے یوشع کے چہرے پر نظر گاڑتے ہوئے پوچھا جبکہ راشدہ بیگم اور بتول بھی دم بخود تھیں۔

)لفظ تہہ خانہ سن کر یوشع کے دل کو کچھ ہوا تو تھا مگر وہ ناموں سے بڑی سرکار کی بات سننے لگا(

Posted On Kitab Nagri

اس نے آپ کے ساتھ اتنی بدتمیزی کی تھی یہ سزا تو بہت کم ہے ایسا کریں تہہ خانے کی لیٹ بند کر دیں ۔تاکہ وہ آئندہ احتیاط کرے

یوشع کے جواب پر جہاں بڑی سرکار مسکرانے لگیں وہیں راشدہ بیگم اور بتول نے حیرت سے ایک دوسرے کو دیکھا

شاباش مجھے تم سے یہی امید تھی مگر وہ کم عقل راشدہ نے مجھے شک میں ڈال دیا تھا کہ یوشع ہنگامہ کرے گا۔بڑی سرکار نے محبت بھری نظروں سے یوشع کی طرف دیکھا

اب اجازت میں بہت تھک گیا ہوں۔اس وقت سونا چاہتا ہوں_____یوشع نے اپنا سر بڑی سرکار کے آگے کرتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے تم جاؤ آرام کرو_______بڑی سرکار کی اجازت ملتے ہی یوشع تیر کی طرح سیدھا اپنے کمرے میں آتے ہی بیڈ پر گرا۔

Posted On Kitab Nagri

شدید تھکاوٹ اور نیند کا غلبہ ______ وہ اوندھے منہ لیٹا نیند کی وادی میں اترنے ہی لگا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی

کون ہے۔۔۔؟؟؟یوشع زور سے چیخا مگر بتول کو دیکھ کر سنبھل گیا

گھڑی دیکھی ہے کیا یہ وقت مناسب ہے میرے کمرے میں آنے کے لئے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اسی پوزیشن میں لیٹے ہوئے پوچھا

مجھے وہ لڑکی بالکل پسند نہیں ہے مگر سردی اور ڈر سے وہ مر جائیں گی______بتول کی بات پر یوشع نے آنکھیں کھولیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پھر میں کیا کروں۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع اب سیدھا ہو گیا تھا

یہ بھی مجھے بتانا پڑے گا۔۔۔۔؟؟؟بتول کو حیرت ہوئی

Posted On Kitab Nagri

جاؤ یہاں سے اسے کچھ نہیں ہوگا اتنی جلدی نہیں مرتی_______یوشع کہتا ہوا دوبارہ لیٹ گیا

اور اگر مر گئی تو۔۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کی آواز پر یوشع نے ہاتھ سے اسے جانے کا اشارہ کیا مطلب اب وہ مزید اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا

اتنی شدید نیند آ رہی تھی سب کا بیڑہ غرق کر دیا_______بتول کو تو اس نے بھیج دیا تھا مگر اب وہ خود کروٹ بدل بدل کر تھک گیا تھا۔ نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی بالآخر تنگ آ کر وہ اپنے کمرے سے باہر نکل آیا۔

کیا مجھے اسے تہہ خانے سے نکال لانا چاہیے یا آج رات وہیں رہے۔۔۔۔۔؟؟؟

یہ اس کی سزا ہے میرے بڑوں سے بدتمیزی کرنے کی______یوشع ابھی سیڑھیاں اتر ہی رہا تھا کہ اچانک ایک زوردار دھماکے سے پوری حویلی کی لائٹ چلی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا تھا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کو چند لمحے کچھ سمجھ نہیں آیا مگر جب غور کیا تو دھماکے کی آواز تہہ خانے سے تھی

امثال_____یوشع کے بھاگنے پر باقی ملازم بھی اس کے پیچھے بھاگے

دروازہ کھولتے ہی اندر موجود مین سرکٹ بورڈ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے اور یوشع کو چل سیکنڈ لگے یہ پتہ چلنے میں کہ یہ کام کس کا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

امثال_____یوشع نے اپنے غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے پکارا

آرام سے بہری نہیں ہوں_____اپنے عقب سے اسے امثال کی آواز آئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاگل ہو یہ کیوں کیا ہے اگر خود مر جاتی تو۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے مثال کو بازوؤں سے پکڑ کر جھنجھوڑا

کتنا فرق ہوتا ہے "پاگل" لفظ میں_____زمانہ کہے تو غصہ تم کہو تو پیار آتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا اگر سردی سے مر جاتی تو۔۔۔۔؟؟؟امثال کے پوچھنے پر یوشع کی گرفت ڈھیلی پڑی

مجھے تم سے اس قسم کی احمقانہ حرکت کی بالکل امید نہیں تھی______یوشع پیچھے ہوا

مگر مجھے آپ لوگوں سے بالکل ایسی ہی امید تھی ______ امثال کی بات کا مطلب سمجھتے ہو یوشع خاموش ہو گیا

باہر نکلو______یوشع نے اسے راستہ دیتے ہوئے کہا

اسی لئے تو سب کیا ہے۔امثال نے دل میں سوچتے ہوئے قدم باہر رکھا

یہ تم دونوں اس وقت تہہ خانے میں کیا کر رہے تھے۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے دونوں کو باہر آتا دیکھ کر پوچھا

Posted On Kitab Nagri

بزرگوں کو سلام کرنے گئے تھے______امثال کے پر اعتماد جواب پر ایک دفعہ حیدر آفندی نے اسے چونک کر دیکھا جبکہ یوشع اپنا سر کھجانے لگا

ویسے تم دونوں بھائی اور تمہاری پسند____قابل داد ہوتی ہیں۔حیدر آفندی کے طنز پر یوشع مسکرا کر چل دیا۔

لائٹ کب تک بحال ہو جائے گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کے جاتے ہی حیدر آفندی ملازموں پر برس پڑے۔

کمرے میں قدم رکھتے ہی امثال کے ہوش اڑ گے۔اتنا خوبصورت اور پر آسائش کمرہ اس نے زندگی میں کبھی نہیں دیکھا تھا۔مدہم ایمرجنسی لائٹس کمرے کو مزید خوبصورت بنا رہی تھیں۔

کتنی چیزیں ایسی تھیں جن کے نام اور استعمال سے وہ ناواقف تھی۔چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی وہ صوفے پر آکر بیٹھ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

امثال ایک ایک چیز کو بہت غور سے دیکھ رہی تھی کبھی اس کے تاثرات حیرت سے پھیل جاتے اور کبھی ستائش اس کی نظروں میں نظر آتی ہے۔

وہ چیزوں کو اور یوشع اسے بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔

اگر تم نئ چیزوں کا ایکسرے کر لیا ہو تو ذرا ادھر دیکھو______یوشع کے کہنے پر امثال نے اسے گھور کر دیکھا

دیکھنے کو کہا ہے گھورنے کو نہیں_______یوشع نے امثال کو اپنی طرف اس طرح دیکھنے پر ٹوکا

اگر آئندہ تم نے اس قسم کی کوئی فضول حرکت کی یا بڑی سرکار اور اماں سائیں سے بدتمیزی کی تو میں تمہارے ساتھ سچ مچ بہت برے سے پیش آؤں گا۔ تم مجھے جانتی نہیں ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

میں بہت برا انسان ہوں۔ صرف تمہارے ساتھ نرمی سے پیش آتا ہوں مگر اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ میں ایسا ہی رہوں گا۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

یوشع کہتا ہوا قدم قدم اس کی طرف بڑھنے لگا اور وہ یوشع کو اپنی طرف آتا دیکھ کر صوفے سے اٹھ کھڑی ہو گئی۔

یہ بات اپنے گھر والوں کو بھی بتانا!!!!!_____امثال اب یوشع کے مد مقابل کھڑی تھی

تمہیں مجھ سے ڈر نہیں لگ رہا۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اسے تھامتے ہوئے پوچھا

نہیں_____امثال نے سادگی سے جواب دیا

کیوں۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے دلچسپی سے سے اس کے چہرے کا جائزہ لیا

آپ کے خیال سے مجھے آپ سے ڈرنا چاہیے۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال کے سوال پر یوشع نا چاہتے ہوئے بھی مسکرا دیا

Posted On Kitab Nagri

نہیں ڈرنا تو نہیں چاہیے مگر یہ جو تمہاری حرکتیں ہے نا!!!!اس حساب سے ڈرنا بنتا ہے____یوشع اب بالکل نارمل انداز میں کہہ رہا تھا

آپ اپنا وعدہ پورا کریں گے نا!!!۔۔۔۔؟؟؟امثال پوچھ رہی تھی یا تصدیق چاہ رہی تھی وہ سمجھا نہیں

میں جو بات کہتا ہوں اس پر قائم رہتا ہوں۔جو لوگ مجھے جانتے ہیں وہ یہ بات مانتے بھی ہیں_____یوشع کے جواب پر امثال نے سر ہلایا

آپ نے الیکشن جیتنے اور لوگوں کو بیوقوف بنانے کے لیے میرا انتخاب کر کے بہت غلطی کی ہے_____امثال سے وہ اس بات کی توقع نہیں کر رہا تھا اس لئے چونکا

کیوں تم میں ایسا کیا ہے جو میں الیکشن جیت جاؤں گا۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر امثال نے کہا

لوگ آپ کو رحم دل، غریب پرور، سادہ مزاج سمجھیں گے عوامی حلقے میں آپ کی واہ واہ ہو گی اور آپ الیکشن جیت جائیں گے____امثال کا تجزیہ اسے ہنسنے پر مجبور کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سمجھدار ہو______یوشع نے اس کی طرف دیکھ کر کہا

سمجھدار ہوں مگر بیوقوف نہیں____اگر آپ میرے ساتھ بڑی سرکار نے کچھ____ابھی امثال نے اتنا ہی بولا تھا کہ یوشع نے اس کے منہ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا

میری فیملی کے بارے میں جب تم بکواس کرتی ہو تو میرا دل کرتا ہے کہ دو لگاؤں______یوشع کی دھاڑ پر وہ ڈر کے پیچھے ہوئی

مگر پھر میں رک جاتا ہوں پوچھو کیوں۔۔۔۔؟؟؟یوشع اس پر جھکتا ہوا کہنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں۔۔۔۔؟؟؟امثال نے کمزور سی آواز میں کہا

کیونکہ تم اپنی تمام تر بدتمیزیوں اور غربت کے باوجود مجھے بہت اچھی لگتی ہو یعنی مجھے تم سے محبت ہے

______یوشع کا اقرار امثال کو حیرت میں ڈال گیا۔

Posted On Kitab Nagri

"صرف کہ دینے سے کہاں محبت نبھائی جاتی ہے۔محبت کو تو بڑی محبت سے نبھانا پڑتا ہے یوں دھمکیاں دے کے نہیں______امثال نے ڈرتے ڈرتے یوشع کو جواب دیا

یہ جو تم باتیں کرتی ہو ناااا یہ کہاں سے سیکھتی ہو۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے کہتے ہوئے امثال کو اپنے ساتھ لگالیا

عشق اِس دورِ خطاء میں ممکن ہی نہ تھا
حیران ہوں میں نے تجھے اتنا چاہا کیسے۔۔۔؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع مجھے تم سے یہ امید نہ تھی کہ تم میرے خلاف بھی جا سکتے ہو______صبح صبح ہی بڑی سرکار نے یوشع کو اپنے پاس بلالیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

میں اور آپ کے خلاف____سورج آج کیا مغرب سے نکلا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے مصنوعی حیرت سے پوچھا

یوشع______بڑی سرکار نے اسے گھورا مگر ان کی نگاہ میں اس کے لئے غصہ نہیں تھا

تم نے اس لڑکی کو رات اپنے کمرے میں کیوں آنے دیا جبکہ میں نے اسے سزا دی تھی۔۔۔۔۔؟؟؟
بڑی سرکار کی بات پر یوشع بے ساختہ مسکرایا

آپ کیا چاہتی ہیں کہ آپ کے لاڈلے بیٹے کو جسے آپ نے بہت پیار سے پالا ہے جیل ہو جائے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کی بات سنتے ہی بڑی سرکار نے ایک دم اپنے سینے پہ ہاتھ رکھا

اللہ نہ کرے کیا صبح صبح بد شگونی کی باتیں منہ سے نکال رہے ہو______بڑی سرکار نے فورا یوشع کے سر پر ہاتھ پھیرا

Posted On Kitab Nagri

اگر وہ رات جل کر مر جاتی تو کیس مجھ پر بنتا نا!!!!!______ پھر میرے مخالفین کو موقع بھی مل جاتا اور آج کل اس قسم کے کیس میڈیا پر خوب شہرت پاتے ہیں۔ آپ میری بات سمجھ رہی ہیں نا!!! کہ میں کیا کہنا چاہ رہا ہوں۔۔۔؟؟؟ یوشع نے بڑی سرکار کی طرف لجاجت سے دیکھتے ہوئے پوچھا

آپ اسے فی الحال میرے کمرے میں ہی رہنے دیں کیا پتا اس حویلی میں کوئی میرا دشمن ہو۔۔۔؟؟؟

اگر کسی نے یہ باتیں میڈیا پر پھیلا دیں تو میرے الیکشن کی کمپین کو بہت نقصان پہنچ سکتا ہے۔

رہی بات آپ کی کہ میں آپ کے خلاف گیا ہوں تو ایک بات آج آپ میری غور سے سن لیں بلکہ میں آپ کو لکھ دیتا ہوں کہ میری زندگی میں آپ کی جگہ کوئی نہیں لے سکتا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی بھی رشتہ مجھے آپ سے عزیز نہیں ہے۔ جس طرح لاڈ پیار سے آپ نے مجھے پالا ہے میری ہر خواہش پوری کی ہے۔ مجھے اس کا پورا احساس ہے۔ آپ میں میری جان بستی ہے۔ آپ کے دم سے ہی اس حویلی کی رونق ہے____ یوشع نے عقیدت سے بڑی سرکار کا ہاتھ چوما

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے مگر تم اس لڑکی کو اپنے کمرے میں ایک میڈ بنا کر رکھو گے اس کے پاس بالکل نہیں جاؤ گے

______بڑی سرکار کی اس بچکانہ خواہش پر یوشع دل کھول کر ہنسا

توبہ کریں جی______ جیسا آپ چاہتی ہیں ویسا ہی ہو گا مگر تھوڑا سا صبر کر لیں مجھے ایم این اے کی سیٹ جیت لینے دیں۔

)ویسے آپ اس لڑکی سے خوفزدہ نہ ہوں میں نے کہا نا!!! آپ کی جگہ کوئی نہیں لے سکتا اور اس کی اپنی جگہ ہے۔

ماؤں کو بیٹوں کی شادی کا شوق بھی بہت ہوتا ہے اور پھر وہ بیٹوں کی محبت کو بانٹ بھی نہیں سکتی۔ عجیب بات ہے_____ یوشع نے دل میں سوچا مگر بڑی سرکار سے کہا نہیں (

یوشع میں تجھے بہت اوپر دیکھنا چاہتی ہوں۔ میرا بس چلے تو میں تجھے وزیر اعظم بنا دوں______ بڑی سرکار کی محبت پر یوشع نے انہیں اپنے ساتھ لگا لیا

Posted On Kitab Nagri

آپ کی موجودگی میں، میں کسی وزیراعظم سے کم ہوں کیا۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر انہوں نے اسے پیار سے تھپکا

اچھا باقی باتیں بعد میں۔اب تم جا کر ولیمے کے لئے تیار ہو جاؤ اور مجھے بھی دیکھنے دو کہ حویلی میں کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔۔؟

تیری ماں تو بلکل ایک بیکار عورت ہے _____ بڑی سرکار کے کہنے پر یوشع نے ان سے جدا ہوتے ہوئے انہیں گھورا۔

جو عورت مجھ جیسا بیٹا پیدا کر سکتی ہے وہ بے کار کیسے ہوئی۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے کہنے پر بڑی سرکار خوب ہنسی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسی وجہ سے تو وہ اب تک اس حویلی میں ہے ورنہ میں نے کب کا اسے نکال دینا تھا_____ بڑی سرکار نے نہایت سخت جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

یہ توزیادتی ہے______یوشع نے گلا کیا

اب تم کوئی ایسا گل نہ کھلانا کہ مجھے اس بد تمیز کو برداشت کرنا پڑے_____بڑی سرکار کی تنبیہہ پر یوشع ہنستا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔

کمرے میں اس وقت مکمل خاموشی کا راج تھا حالانکہ سب ہی زبان رکھتے تھے۔

پھر تم نے کیا سوچا ہے۔۔۔؟؟؟بالآخر راشدہ بیگم نے اس خاموشی کو توڑتے ہوئے نوید سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے آگے بھی عرض کی تھی کہ جو آپ کا حکم______نوید نے عاجزی سے کہا حالانکہ دل بچھڑنے کے دکھ رو رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

ہم بتول کو اس حویلی سے رخصت نہیں کرنا چاہتے۔اس لیے تم اسے_____یوشع نے نوید کو دیکھتے ہوئے سنجیدہ لہجے میں کہا

جی سائیں میں سن رہا ہوں___نوید کو اپنا سانس بند ہوتا ہوا محسوس ہوا۔

اس لیے تم اس کے ساتھ ہی اس حویلی کی "انیکسی" میں رہو گے۔منظور کوئی اعتراض تو نہیں_____یوشع کے جملے نے گویا نوید کو نئی زندگی دی۔

آپ نے مجھے ڈرا ہی دیا تھا میں سمجھا شاید_____نوید بولتے بولتے رکا۔

کیا سمجھے تھے۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم بھی مسکرائیں۔

کچھ نہیں آپ کہیں_____نوید اب ہشاش بشاش ہو گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

انیکسی کو ہم نے تم دونوں کے لیے سیٹ کروادیا ہے۔ آج یوشع کے ولیمے پر ہم بتول کو بھی رخصت کر دیں گے ______حیدر آفندی نے نوید کو خوشیوں کی "نوید" سنائی۔

میں آپ لوگوں کا دل سے شکر گزار ہوں۔ آپ نے مجھ غریب پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ نوید کچھ غمزدہ سا ہوا۔ خوشی سے اس کی آنکھوں میں آنسو چمکنے لگے۔

ہم نے تم پر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ سچ پوچھو تو تم نے ہماری عزت کی حفاظت کر کے ہم پر احسان کیا ہے۔

اس دن اگر تم بتول کی بیوقوفی پر اس کا ساتھ دیتے ہوئے اسے جانے دیتے یا خود اس کے ساتھ کچھ برا کرتے تو ہم کیا کر سکتے تھے۔۔۔۔۔؟؟

نبی تم بے شک ایک اچھے انسان ہو ہمیں تم پر فخر ہے ______یوشع نی نوید کے پاس کھڑے ہو کر دوستانہ لہجے میں اس کا کندھا تھپکا۔

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے بس پھر آج ہی یوشع کے ولیمے پر ہم بتول کو بھی رخصت کر دیں گے____ حیدر آفندی کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے

پھر آہستہ آہستہ سب ہی کمرے سے نکل گئے اس سے پہلے کہ نوید باہر قدم رکھتا بتول کی پکار پر رکا

باقی سب کچھ تو میرے گھر والے مجھے دے رہے ہے لیکن منہ دکھائی مجھے تمہارے پیسوں سے چاہیے ______؟؟؟بتول کی فرمائش پر نوید مسکراتے ہوئے پلٹا

اچھا پھر یہ بھی بتا دیں کہ کیا لیں گی تاکہ مجھے خریدنے میں آسانی ہو______؟؟؟نوید کے پوچھنے پر بتول کی مسکراہٹ اور گہری ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تمہیں اتنا احمق نہیں سمجھتی تھی خیر میری شکل تمہیں جس چیز کے قابل لگتی ہے وہ خرید لینا ______بتول کے جواب پر نوید نے پریشانی اس سے اپنی ٹھوڑی پر ہاتھ پھرا

Posted On Kitab Nagri

اب میں چاند تارے تولانے سے رہا مجھ غریب پر کچھ احسان کریں اور کوئی آسان حل بتائیں_____ نوید کی مسکین سی شکل پر بتول کو ترس آیا

اچھا چلو اپنی پسند کا تحفہ خرید لینا میرے لیے وہی بہت ہے____بتول نے نوید کی مشکل آسان کی۔

بیبی میں آپ کا احسان مند ہوں۔نوید نے آہستہ آواز میں کہا

بھائی یارررر تیری تیسری شادی تو پہلی سے بھی زیادہ زبردست لگ رہی ہے_______عکاشہ نے ارد گرد گھما گھمی، سجاوٹ اور کھانوں کی تیاری دیکھتے ہوئے کہا جبکہ یوشع نے ایک دم پلٹ کر اس کے منہ پر ہاتھ رکھا۔

یہ کیا بکواس ہے-----؟؟؟یوشع غرایا

Posted On Kitab Nagri

اب اگر تم نے کوئی فضول بات کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے دبا دبا سا غصہ کیا

اب میں نے کیا کیا ہے۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کی معصومیت پر یوشع نے اسے ایسے دیکھا جیسے کہہ رہا ہو" آپ کبھی بھی کچھ نہیں کرتے_"

یہ میری پہلی شادی ہے اور تم تیسری کہہ رہے ہو اگر کسی میڈیا کے بندے نے سن لیا تو میرا اسکینڈل بن جائے گا_____یوشع نے سرگوشی نما لہجے میں سمجھایا۔

اچھا||||||_____ مگر میں تو مہندی کو پہلی، بارات کو دوسری اور ولیمہ کو تیسری شادی ہی کہتا ہوں _____عکاشہ نے سوچتے ہوئے جواب دیا

تو مہربانی فرما کر اپنی ڈکشنری بند رکھ۔ اگر تیری ان حرکتوں کی وجہ سے میں کسی مصیبت کا شکار ہوا تو میں تجھے بھی ساتھ گھسیٹوں گا____یوشع نے اسے ڈرایا

Posted On Kitab Nagri

مجھ پر بکری کا غصہ نکالنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے ذاتی غصہ سے مجھ سے دور رکھیں شکریہ _____عکاشہ کی بات پر یوشع کے ہونٹ خود بخود مسکرائے

دنیا کا واحد بندہ ہے جو بکری کے ذکر پر مسکراتا ہے_____عکاشہ کہتا ہوا دوسری طرف دیکھنے لگا جبکہ یوشع اب کی بار کھلکھلا کے ہنس دیا

یا کیا بتاؤں یہ بکری کا چکر تو مجھے بہت مہنگا پڑ رہا ہے______یوشع نے محبت سے عکاشہ کے کندھے پر اپنا بازو پھیلاتے ہوئے کہا

میں نے واشنگ مشین میں کپڑوں کا چکر دیکھ کر ایک بات سیکھی ہے کہ جو چکروں میں پڑتا ہے اس کی "دھلائی" ضرور ہوتی ہے______عکاشہ کے جواب پر یوشع نے اسے ایک مکا رسید کیا

شرم نہیں آتی بڑے بھائی کے لیے دھلائی کی خواہش رکھتے ہو۔۔۔۔؟یوشع نے افسوس سے کہا

Posted On Kitab Nagri

بھائی یارررررر برا محسوس مت کرنا مگر تیری دھلائی پکی ہے ایک طرف بڑی سرکار ہے اور دوسری طرف بھابی______عکاشہ نے چڑاتے ہوئے جواب دیا تبھی یوشع کا موبائل بجنے لگا

عدن ماما کیسی ہیں آپ۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

میں تو ٹھیک ہوں تم اپنی سناؤ کیسے ہو۔۔۔۔؟؟؟عدن نے ہمیشہ کی طرح دوستانہ لہجے میں جواب دیا

میں بھی بالکل ٹھیک ہوں۔یوشع کے جواب میں اطمینان واضح تھا

خوش ہو۔۔۔؟؟؟عدن کے پوچھنے پر یوشع کھکھلا کر ہنس دیا۔

آپ کو کیا لگتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے پوچھا

مجھے تو میرا بیٹا بہت خوش لگ رہا ہے____عدن کی پیشن گوئی پر یوشع نے سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ایک بات ہے چھوٹی ماما آپ کی آبزرویشن بہت زبردست ہے____یوشع نے کی

آخر ماں کس کی ہوں_____خیر یہ بتاؤ کہ میرا نالائق کدھر ہے۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اسے آج یاد سے رخصت کر دینا اور اگر ہو سکے تو خود بھی ان کے ساتھ آنا_____عدن کی بات پر پاس کھڑے عقاشہ نے منہ بنایا

یہ لوگ تو آج فارغ ہوتے ہی اسلام آباد کے لئے نکل پڑیں گے مگر میرا آنا فیلحال کافی مشکل ہے۔ پھر بھی صرف آپ کے لئے پوری کوشش کروں گا_____یوشع نے عدن کو تسلی دی اور فون بند کر دیا

بھائی یار ویسے آپ کو سیاست دان ہی ہونا چاہیے کیا گالیاں دیتے ہیں_____عکاشہ کے ریمارکس یوشع کو سخت برے لگے

یہ "گولیاں دینا" خاصا برا لفظ ہے____یوشع نے ناگواری سے کہا

ہمارے ہاں جو شخص اچھے طریقے سے جھوٹ بولتا ہے اسے گولیاں دینا ہی کہتے ہیں_____عکاشہ نے فوراً وضاحت دی۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے جھوٹ نہیں بولا میں کوشش کروں گا کہ تم لوگوں ساتھ جا سکوں مگر شاید بڑی سرکار اجازت نہ دیں____ ذیشان نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے جواب دیا

کون سی بڑی سرکار جو کل آئیں ہیں یا جو پہلے سے حویلی میں موجود ہیں۔۔۔۔؟؟؟

کیونکہ آپ کی تو اب دو دو بڑی سرکار ہیں_____عکاشہ نے آنکھ ماری

کاش تو کیوں چاہتا ہے کہ میں تیری کوئی نہ کوئی ہڈی توڑ دوں_____یوشع نے عکاشہ کا بازو مروڑا تو وہ چیخ پڑا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہم اپنے نوٹس بنانے میں مصروف تھی جب اسے کھڑکی کے بجنے کا احساس ہوا۔ اس سے پہلے کہ وہ اٹھ کر دیکھتی عکاشہ نے کھڑکی کے ذریع اندر چھلانگ لگائی۔

Posted On Kitab Nagri

پتہ نہیں یہ کھڑکی ایجاد کرنے والا "دمے" کا مریض تھا، "چور" تھا یا کوئی "عاشق" تھا وہ جو کوئی بھی تھا مگر مجھے اس سے اچانک شدید محبت ہو گئی ہے______عکاشہ نے اپنے کپڑے جھاڑتے ہوئے کہا

تم اس طرح میرے کمرے میں____ کیا ضرورت تھی ایسے آنے کی۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ ماہم نے بند دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے عکاشہ سے پوچھا

ظاہری سی بات ہے جب تم سیدھے راستے سے نہیں آنے دوں گی تو کھڑکی سے ہی آؤں گا نااااا
_____عکاشہ اب چلتے ہوئے اس کے قریب آ گیا تھا۔

کیا مطلب ہے اس بات کا۔۔۔۔؟؟؟ ماہم کے پوچھنے پر عکاشہ نے اس کی طرف مسکراتے ہوئے دیکھا

"میں جوانی میں یوں خوار نہ ہوتا________ تم جو بچپن میں مر گئی ہوتی "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

زیادہ ناک چڑھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں نے بالکل ٹھیک کہا ہے______ اگر تم بچپن میں اپنے ماں باپ کے ساتھ ہی مر گئی ہوتی تو یوں مجھے تمہارے پیچھے خواری نہ کرنا پڑتی۔ عکاشہ اپ صوفے پر پھیلا کر بیٹھ گیا تھا

تم پھر بھی اسی طرح خوار ہو رہے ہوتے کسی اور کے پیچھے______ ماہم کے طنز پر عکاشہ نے حیرت سے اسے دیکھا

پہلے تو نہیں مگر اب تم سمارٹ ہوتی جا رہی ہو____ پتہ نہیں یہ خون کا اثر ہے یا کسی کریم کا ______؟؟؟ عکاشہ نے سوچنے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا

اپنے آنے کی وجہ بتاؤ اور نکلو یہاں سے____ ماہم نے دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

میں یہ پوچھنے آیا ہوں کہ تم لوگوں نے شادی کی تاریخ کیوں نہیں دی_______؟؟؟

کوئی خاص وجہ_______؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

کیا تکلیف ہے تم لوگوں کو ____ حالانکہ میرے حساب سے تمہاری ممانی کو تو بہت جلدی ہونی چاہیے۔ عکاشہ اب ماہم کے مقابل کھڑا پوچھ رہا تھا۔

مجھے ابھی شادی نہیں کرنی۔ پہلے اپنی پڑھائی مکمل کرنی ہے ______ ماہم نے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے آہستہ آواز میں جواب دیا

پڑھائی مکمل ہونے میں کون سے سو سال پڑے ہیں۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ابھی ایک مہینے بعد تو ہمارے پیپرز ہیں اور پڑھائی ختم ____ عکاشہ نے ماہم کے آگے چٹکی بجائی

بس مجھے ابھی شادی نہیں کرنی۔ بات ختم اب تم جاؤ ____ ماہم نے کھڑکی کی طرف اشارہ کیا

اچھا چلو ایک ڈیل کر لیتے ہیں۔ میں ابھی شادی کر لیتا ہوں تم پیپرز کے بعد کر لینا ______ عکاشہ کی پیشکش پہ ماہم نے اسے حیرت سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

یہ کیابات ہوئی۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم کے پوچھنے پر عکاشہ رازداری سے آگے جھکا

پہلے میں شادی کرلیتاہوں تم اس میں میری دلہن بن جانا____پھر جب تم پیپرز کے بعد شادی کرو گی تو میں اس میں تمہارادولہابن جاؤں گا____کیسا۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ اپنے آئیڈیاپر خود ہی ہنساجبکہ ماہم نے اسے دیکھ کر افسوس سے سر ہلایا

پہلے مجھے شک تھا مگر اب یقین ہے کہ تمھارے دماغ میں یا تو کوئی پرزہ کم ہے یا پھر زیادہ_____یہ کیسے بیو قوفوں والی باتیں کر رہے ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

تمہارے ساتھ کچھ نہ کچھ غلط ضرور ہے____ماہم کی فکر مندی پر عکاشہ مسکرایا

اب میں اس بارے میں کچھ نہیں کر سکتا کیونکہ اگر ایسا کوئی مسئلہ میرے ساتھ ہے تو یہ میرا Manufacturing fault ہے۔تم کمپنی سے رابطہ کرو______عکاشہ اب پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے مزے سے ٹانگ ہلارہاتھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہاری "کانپیں ٹانگ" جا رہی ہے______ماہم کے کہنے پر دونوں ہی کھکھلا کے ہنس دیے۔ تبھی دروازے کی دستک پر ان کی ہنسی کو بریک لگ گئی۔

دستک سنو______ماہم نے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے سرگوشی کی۔

کوئی مسئلہ نہیں۔ایک،دو،تین______عکاشہ نے انگلیوں پر گننا شروع کیا

یہ کیا کر رہے ہو۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے دروازے کی طرف دیکھتے ہوئے پریشانی سے پوچھا

خود ہی تو کہا ہے کہ "دس تک گنو" عکاشہ کے جواب پہ ماہم نے اسے بے بسی سے دیکھا

تم نے دونوں کو الگ کر دیا ہے میں نے "دس تک" نہیں "دستک" بولا تھا______جسے انگریزی میں knock کہتے ہیں سنائی نہیں دے رہی۔ماہم نے دوبارہ ڈستک کی آواز سنتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

میرا آج کل سب کو ملانے کا دل کر رہا ہے۔بھائی اور اس کی بکری مل گئی۔اب مجھے بھی اپنی بھیڑ چاہیے ____عکاشہ ماہم کو تنگ کر کے خوش ہو رہا تھا۔

اچھا جو بھی ہے۔ابھی جاؤ یہاں سے ورنہ تماشا لگ جائے گا____ماہم نے منت بھرے لہجے میں کہا اتنی دیر میں دستک کے ساتھ ساتھ حرم کی آواز بھی آئی۔

ارے یہ تو اپنی مس چونا ہے پریشانی والی کوئی بات نہیں۔ آنے دو اسے____عکاشہ جاتے جاتے دوبارہ پلٹا

نہیں نہ تم جاؤ پلیز____ماہم نے دوبارہ اسے کھڑکی کی طرف اسے اشارہ کرتے ہوئے جلدی سے کہا

اچھا ایک شرط پر کہ ہم شادی پیپر سے پہلے کریں گے۔اوکے____عکاشہ کے کہنے پر ماہم نے جان چھڑانے کے لیے سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

چلو پھر جلدی سے میری ماما کو میسج کرو کہ تم شادی پیپرز سے پہلے کرنا چاہتی ہو_____عکاشہ نے اس کے آگے اپنا موبائل کیا

عکاشہ_____ماہم کے پکارنے پر اس نے کندھے اچکائے۔

میڈم میں شادی پیپرز سے پہلے کرنا چاہتی ہوں____ماہم نے جلدی جلدی وائس نوٹ سینڈ کیا اور موبائل عکاشہ کے حوالے کر دیا۔

مس موسلادھار____آپ نے میری بہت بڑی مشکل آسان کر دی ہے۔اب دیکھیں آپ کی طرف بارش کب شروع ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ دل میں سوچتا ہوا کھڑکی کی طرف بڑھ گیا۔

یوشع نے سب کام نمٹانے کے بعد جیسے ہی اپنے کمرے میں قدم رکھا تو گویا ساری تھکاوٹ اس ایک وجود کو دیکھ کر ختم ہو گی۔

Posted On Kitab Nagri

امثال مزے سے یوشع کے نرم گرم بستر میں سو رہی تھی۔سوتی ہوئی وہ یوشع کو بہت پر سکون لگی۔ یوشع نے آہستہ سے دروازہ بند کیا اور اس کے پہلو میں آ بیٹھا۔

ایک طرف یہ لڑکی ہے جسے میری زندگی میں آئے ہوئے ابھی چند دن ہوئے ہیں۔

اور دوسری طرف بڑی سرکار____جو میری پیدائش سے لے کر اب تک میرے تمام ناز نخرے اٹھاتی آئیں ہیں۔

بڑی سرکار کو مجھ سے محبت ہے اور مجھے امثال سے ____ عجیب ساٹرائی اینگل ہے۔یوشع نے اسے دیکھتے ہوئے سوچا

ابھی وہ سوتی ہوا امثال سے بہت باتیں کرنا چاہ رہا تھا کہ دروازے کی دستک نے اسے ڈسٹرب کیا۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے تمہیں ڈسٹرب تو نہیں کیا۔۔۔۔۔؟؟؟دروازہ کھولتے ہی راشدہ بیگم نے طنز سے پوچھا جس پر یوشع نے نفی میں سر ہلایا

اندر آجائیں______یوشع نے راستہ دیا

نہیں اب یہ صرف تمہارا کمرہ نہیں رہا ہے______راشدہ بیگم نے بستر پر سوتی امثال کو دیکھ کر ناگواری سے جواب دیا

یہ کمرہ اب بھی میرا ہے اور آپ میری اماں سائیں ہیں_______یوشع نے زبردستی بازو سے پکڑ کر انہیں اندر کیا

عدن بہت خوش قسمت ہے کہ اسے اپنے بیٹے کے ساتھ ساتھ میرے بیٹے کا بھی پیار ملا اور حیدر کی بے لوث محبت______خسارہ صرف میرے حصے میں آیا ہے ہر طرف سے_____راشدہ بیگم نے افسوس سے یوشع کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

آپ یہاں آرام سے بیٹھیں اور میری بات سنیں____ اتنا غصہ نہ کیا کریں۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے انہیں صوفے پر بیٹھایااور خود ان کے برابر بیٹھ گیا

میرے خیال سے کسی شخص ساتھ بدگمانی کرنا ایسا ہی ہے جیسے اس کا قتل کرنا۔

آپ بلاوجہ عدن ماما سے بدگمان ہیں جبکہ وہ ایک نہایت اچھی طبیعت کی مالک خاتون ہیں۔

وہ آپ کو صرف اس لئے اچھی نہیں لگتی کیونکہ وہ آپ کی "سوتن" ہیں اور ہمارے معاشرے میں سوتن یا سوتیلے کے لفظ سے نفرت کرنا ہم پر فرض ہے____ یوشع کی بات پر راشدہ بیگم طنزا مسکرائیں

اماں سائیں ہم نے نفرت کے معنی میں یہ لفظ رکھے ہوئے ہیں۔حالانکہ ان میں ایسا کچھ نہیں ہے ____یوشع نے نرمی سے سمجھایا

Posted On Kitab Nagri

تم تو مجھے اپنے بیٹے ہی نہیں لگتے ہو۔بڑی سرکار اور عدن بس یہ دو عورتیں اور اب ان میں یہ لڑکی بھی شامل ہو گئی ہے جن کے گرد تمہاری زندگی گھومتی ہے۔

میری زندگی میں صرف ایک بتول ہی تھی جو مجھے سمجھتی تھی۔مجھ سے پیار کرتی تھی۔آج وہ بھی پرائی ہو گئی____راشدہ بیگم غمزدہ سے ہوئی

وہ پرائی کہاں ہے۔۔۔؟؟؟آپ یہاں کھڑے ہو کر آواز دیں تو اسے سنائی دے گی۔یوشع نے انیکسی کی طرف اشارہ کیا

یوشع تم اپنی زندگی میں اس لڑکی کو کیوں لائے ہو۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے نفرت سے امثال کی طرف دیکھا

ماما آپ کو اس سے اتنی نفرت کیوں ہے۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر راشدہ بیگم ایک دم صوفے سے اٹھیں اور باہر جانے لگیں

Posted On Kitab Nagri

یوشع تم اپنی زندگی میں اس لڑکی کو کیوں لائے ہو۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم نے نفرت سے امثال کی طرف دیکھا

ماما آپ کو اس سے اتنی نفرت کیوں ہے۔۔۔؟؟؟ یوشع کے پوچھنے پر راشدہ بیگم ایک دم صوفے سے اٹھیں اور باہر جانے لگیں

آپ کہاں جا رہی ہیں______بتائیں نا!!!! آخر کیا مسئلہ ہے اس سے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے راشدہ بیگم کا ہاتھ پکڑ کر روکتے ہوئے پوچھا

مجھے اس لڑکی ساتھ مسئلہ نہیں مسائل ہیں۔ مجھے اس کے وجود سے ہی نفرت ہے_____راشدہ بیگم کا لہجہ زہر میں ڈوبا ہوا تھا

اماں سائیں سب سے پہلی بات تو یہ کہ آپ اسے لڑکی کہنا بند کریں۔ اس کا نام امثال ہے۔

Posted On Kitab Nagri

امثال یوشع آفندی_____دوسرا جس لہجے میں آپ سے بڑی سرکار بات کرتی ہیں اور آپ کو وہ شدید برا لگتا ہے۔

تو کیا اسی لہجے میں آپ امثال سے بات کریں گی تو اسے اچھا لگے گا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے آخری جملے پر راشدہ بیگم نے اسے شکایتی نظروں سے دیکھا

"اُس" کی فکر ہے "ماں" کی نہیں_____راشدہ بیگم نے دکھ سے کہا

یہ چیز بالکل یہی چیز تھی جس نے بڑی سرکار سے بابا سائیں کو بدگمان کیا_____اور وہ عدن ماما کے قریب ہو گے۔

آپ بھی وہی سب میرے ساتھ کر رہی ہیں اس طرح میں آپ سے دور ہو جاؤں گا کیوں ______؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں آپ کا بیٹا ہوں "اُس" کا نہیں____ آپ کا خون ہو "اُس" کا نہیں______ پھر کیسے سوچ لیا کہ مجھے "اُس" کی فکر ہے آپ کی نہیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟

یوشع کی وضاحت پر کچھ دیر کے لیے راشدہ بیگم خاموش ہو گئیں۔

وہ تو جاھل ہے بقول آپ کے_____ماں جو تربیت کرتی ہے (یہ الگ ایشو ہے اچھی یا بری) وہ اسے ملی ہی نہیں۔

اس کی مثال ایسے پودے کی ہے جس کا کوئی مالی ہی نہیں تو وہ پودا گھاس پھوس اور کانٹوں سے ہی بھرے گا نا!!!۔۔۔۔۔؟

آپ اسے توجہ دیں وہ بھی بتول جیسی ہو جائے گی_____یوشع نے امثال کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

یہ بتول کبھی نہیں بن سکتی____راشدہ بیگم کی بات پر یوشع نے اپنا سر جھکا لیا

Posted On Kitab Nagri

جو باتیں آپ بڑی سرکار کے بارے میں کہتی ہیں کیا وہ اپنے بارے میں سننا پسند کریں گی۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے سوالیہ نظروں سے دیکھا

میں بڑی سرکار نہیں ہوں تم کیوں مجھے ان ساتھ ملا رہے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے فوراٹوکا

آپ مانیں یا نہ مانیں مگر آپ بالکل بڑی سرکار کا "عکس" لگ رہی ہیں______نہ اپنی ضد چھوڑنے کو تیار ہیں اور نہ بات ماننے کو______یوشع نے افسوس کا اظہار کیا

تم اس لڑکی کو چھوڑ دو بس______راشدہ بیگم نے ایک بار پھر تکرار کی

میرے خیال سے عدن ماما سے بابا کو کچھ خاص محبت نہیں تھی مگر بڑی سرکار کے بار بار کہنے پر وہ ضد میں آگئے اور نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔

جس محبت کو وہ ختم کرنا چاہتی تھیں۔ وہ مزید جڑ پکڑ گئی۔ اب آپ میرے ساتھ بھی ایسا ہی کر رہی ہے ______یوشع نے سمجھانے کی کوشش کی

Posted On Kitab Nagri

مجھے یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ تمہیں آخر اس لڑکی میں نظر کیا آتا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

حیدر کی عدن ساتھ محبت پھر بھی سمجھ میں آتی تھی کیونکہ بہر حال وہ عورت میرے سے لاکھ درجے بہتر ہے مگر یہ______راشدہ بیگم نے جملہ ادھورا چھوڑا

ٹھیک ہو جائے گی آہستہ آہستہ_____یوشع کے لہجے میں امید تھی

مطلب یہ کہ یہ لڑکی اب اس حویلی کا حصہ ہے_____راشدہ بیگم نے بے یقینی سے پوچھا

اس حویلی کا تو مجھے پتا نہیں مگر یہ اب آپ کے بیٹے کی ذات کا حصہ ہے______یوشع کے حتمی لہجے پر راشدہ بیگم خاموش ہو گئیں۔

سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر اس کی گہرائی کا اندازہ لگانا صرف بے وقوفی ہے۔ یہ بہت سمجھدار اور اچھی لڑکی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ یقین کریں آپ کی اس سے بہت اچھی دوستی ہو سکتی ہے اگر آپ کوشش کریں تو______یوشع نے امید دلائی

بدتمیز ہے_____راشدہ بیگم کا لہجہ اب کی بات قدرے نرم تھا

ہاں وہ تو ہے_____یوشع پہلی بار مسکرایا تھا جس پر اسے راشدہ بیگم نے مشکوک نظروں سے گھورا

دیکھی جو غلطی ہے "اُس" میں وہ مان تو رہا ہوں اب بھی آپ مشکوک نظروں سے دیکھ رہی ہیں ______یوشع راشدہ بیگم کی طرف دیکھ کر کھکھلا کر ہنس دیا

"اِسے" کہو کہ مجھ سے بدتمیزی نہ کیا کرے اور اپنے پرانے رویے کی معافی مانگے تو پھر صرف تمہارے لئے میں کوشش کروں گی۔۔۔۔؟راشدہ بیگم کی بات پر یوشع نے سکھ کا سانس لیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

)چلو شکر ہے اماں سائیں اور بڑی سرکار تو مان گئیں ہیں۔ اب صرف امثال بچی ہے۔ یوشع نے دل میں خود کو تسلی دی(

چلیں ٹھیک ہے_____یوشع نے فوراً حامی بھری

تو پھر جگاؤ ایسے اور بولو کہ مجھ سے معافی مانگی ابھی اسی وقت_____راشدہ بیگم کی فرمائش پر یوشع نے ایک نظر گھڑی کی طرف دیکھا جیسے جتلا رہا ہوں کہ "وقت تو دیکھیں"۔۔۔؟؟؟

کیوں اب "اُس" کی نیند خراب ہونے کا تمہیں زیادہ خیال ہے ماں کی بات سے۔۔۔۔؟؟ راشدہ بیگم نے پھر طنز کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ خود جگا لیں اور کہہ دیں جو بھی کہنا ہے_____یوشع صوفے پر ٹیک لگا کر نیم دراز ہوا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اور اگر اس لڑکی نے میرے ساتھ بد تمیزی کی تو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو میں دیکھ لوں گا۔ یہاں پر ہی ہوں۔ آپ بے فکر رہیں۔

)جب کے اندر یوشع کا دل پریشان تھا۔ ابھی اس نے امثال کو اپنے طریقے سے سمجھانا تھا اب رات کے اس پھر ایک نیا ڈرامہ لگے گا(

Posted On Kitab Nagri

یوشع نے مسکراتے ہوئے سوچا اور ماں کا "مان" رکھا۔

اٹھو لڑکی اگر اس حویلی میں اور خاص طور پر اس کمرے میں رہنا ہے تو مجھ سے معافی مانگو______ راشدہ بیگم کے دو تین بار ہلانے پر امثال نے اپنی نیند سے بوجھل آنکھیں کھولیں سمجھ تو کچھ نہ آیا کہ کیا ہو رہا ہے۔۔۔؟؟؟ اسی لیے اس نے ناسمجھی سے راشدہ بیگم کی طرف دیکھا

زیادہ ڈرامہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے مجھ سے معافی مانگو ابھی اسی وقت______ راشدہ بیگم کو یقین تھا کہ امثال اب بد تمیزی کرے گی تو وہ یوشع سے اسے ذلیل کرا کر اپنی بے عزتی کا بدلہ لیں گئی۔

معافی آئندہ نہیں کروں گی____ خمار آلودہ لہجے میں کہتی ہوں امثال دوبارہ کمبل میں گھس گئی جب کہ راشدہ بیگم نے بے یقینی سے یوشع کی طرف دیکھا جو کندھے اچکا گیا

جیسے کہہ رہا ہوں اب میں نے تو کچھ نہیں کیا۔۔۔؟؟؟ سب آپ کے سامنے ہے۔

Posted On Kitab Nagri

یہ لڑکی بہت چالاک ہے تمہاری وجہ سے اس سے معافی مانگی ہے ورنہ اس کی زبان زمین پر لٹک رہی ہوتی ہے______راستہ بیگم نے بدحواسی سے فوراً کہا

میں نے کہا تھاناااا کہ یہ بہت سمجھ دار ہے۔"اُس" نے پہل کی ہے اب آپ بھی اپنے بڑے ہونے کا ثبوت دیں اور "اُسے" دل سے معاف کر دیں_____یوشع اب مطمئن انداز میں چلتا ہوا بیڈ کے پاس راستہ بیگم کے قریب ہوا۔

امثال اٹھو______یوشع نے کمبل پیچھے ہٹاتے ہوئے امثال سے کہا جس پر وہ سخت ناگوار موڈ ساتھ اٹھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب کیا مسئلہ ہے_____معافی تو مانگ لی ہے۔سکون سے سونے بھی نہیں دیتے۔۔۔۔؟؟؟امثال بڑبڑاتی ہوئی بیڈ سے نیچے اتر آئی۔

دیکھا تم نے اسے______راشدہ بیگم نے امثال کے بڑبڑانے پر یوشع کی طرف شکایتی نظروں سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اسے دیکھنے کے لئے میرے پاس پوری رات پڑی ہے مگر آپ فی الحال بڑے ہونے کا ثبوت دیں اور اسے اپنے گلے لگائیں______یوشع نے امثال کو بازو سے پکڑ کر راستہ بیگم کے آگے کیا۔

راشدہ بیگم نے انتہائی بددلی کے ساتھ امثال کو اپنے گلے لگایا جب کہ امثال نے ان کے کان میں سرگوشی کی۔

آپ نے مجھے خود اپنے گلے ڈال لیا ہے_____امثال کی سرگوشیاں اتنی تھی کہ پاس کھڑا یوشع بھی باآسانی سن سکتا تھا

یہ اور عکاشہ "پنگے" لئے بغیر رہ ہی نہیں سکتے_____یوشع نے امثال کے لبوں پر شرارتی مسکراہٹ دیکھ کر سوچا

Posted On Kitab Nagri

نوید اٹھو دیکھو میں نے تمہارے لئے ناشتہ بنایا ہے وہ بھی اپنے ہاتھوں سے ____ بتول کی آواز پر نوید ایک جھٹکے سے اٹھ بیٹھا

بی بی آپ کو کس نے کہا تھا یہ سب کرنے کو۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے اپنی آنکھیں ملتے ہوئے ناراضگی کا اظہار کیا

ایک تو تم یہ بی بی کہنا بند کرو دوسرا صبح جلدی اٹھا کرو مجھے صبح بھوک جلدی لگ جاتی ہے ____ بتول کی بات پر نوید سر ہلاتا ہوا گود میں تکیہ رکھنے لگا مگر ناشتے پر نظر پڑتے ہی وہ چونکا

ٹرے میں بس بریڈ اور دو کپ چائے تھے۔ یہ ناشتہ ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید کو سمجھ نہیں آئی کہ تعریف کرے یا منع۔۔۔۔؟؟؟

ہاں تو اور کیا ہے۔۔۔۔؟؟ بتول نے ایک سلائس نوید کے آگے کرتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

بی بی آپ آئندہ زحمت کیجیئے گا میں آپ لوگوں والا ناشتہ نہیں کرتا مگر آج آپ کی خاطر کھا لیتا ہوں _____نوید نے ہچکچاتے ہوئے بریڈ کا سلائس پکڑا

یہی نقصان ہوتا ہے محبت کرنے والے کو______اگر تم نے مجھ سے محبت کی ہوتی تو احساس ہوتا کہ میں نے کتنی مشکل سے بریڈ گرم کر کے صرف تمہارے لیے چائے بنائی ہے_____بتول ناراض ہو کر رخ موڑ گئی۔

افففف بی بی اپ میں نے ایسا کیا کہا ہے صرف اپنی پسند بتائی ہے کہ میں یہ نہیں کھاتا اور آپ محبت کا طعنہ دینے لگی_____نوید نے فوراً اپنے اور بتول کے درمیان سے ٹرے سائیڈ پر کی

بات مت کرو مجھ سے____میں یوشع کو شکایت لگاؤں گی۔۔۔۔۔؟؟؟ بتول کی بات پر نوید نے اسے حیرت سے دیکھا

اب آپ گھر کی باتیں یوشع سائیں کو بتایا کریں گی۔۔۔۔؟؟؟ حد ہے_____نوید نے بتول کو اپنی طرف کھینچا

Posted On Kitab Nagri

چھوڑو مجھے اتنی محبت سے بنائی ہے اور تم ____بتول شدید ناراض ہوئی۔

اچھا پی رہا ہوں ____نوید کہتا ہوا چائے کا کپ اٹھانے لگا مگر وہ دیکھنے سے چائے کم اور "فرنیچر پالش" زیادہ لگ رہی تھی۔

دودھ نہیں ڈالا اس میں۔۔۔۔؟؟؟نوید نے کپ پکڑتے ہوئے پوچھا

ڈالا ہے_____بتول نے ناراض ناراض سا جواب دیا۔

اور چینی۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے کپ کو غور سے دیکھا

وہ بھی ڈالی ہے_____بتول نے ناراضگی سے کہا

Posted On Kitab Nagri

بی بی میرے حساب سے اپنے صرف پتی ڈالی ہے وہ بھی دل کھول کر ____ باقی دونوں اشیاء مجھے تو ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل رہیں ____ نوید نے کپ میں موجود چائے ہلائی

نوید تمہیں تو اب چچا سائیں ہی پوچھیں گے ____ بتول غصے سے اٹھنے لگی مگر نوید نے اپنا بازو اس کے گرد حائل کر کے اسے روکا

اچھا پہلے ایک گھونٹ آپ بھریں پھر میں پیوں گا کیوں کہ آپ کی جھوٹی چائے کا مزہ ہی کچھ اور ہو گا ___؟؟؟

نوید نے اپنی جان چھڑائی کیونکہ وہ چائے نہیں پیتا تھا اگر کبھی بخار کی وجہ سے پینی بھی پڑتی تو ہلکی سی پتی دودھ میں ڈال لیتا۔

نوید نے اپنے دوسرے ہاتھ سے چائے کا کپ بتول کے لبوں ساتھ لگایا مگر ایک گھونٹ بھرتے ہی بتول کو شدید کرواہٹ کا احساس ہوا جبکہ نوید نے اس کے بدلتے تاثرات بہت غور سے دیکھے

Posted On Kitab Nagri

کیسی ہے۔۔۔۔؟؟؟نوید نے اپنی مسکراہٹ دباتے ہوئے پوچھا

بہت اچھی ہے۔ آخر میں نے بنائی ہے۔اب تم اگر مجھ سے محبت کرتے ہو تو پی لو ورنہ رہنے دو_____ بتول نے نوید کو دیکھتے ہوئے کہا جبکہ اس کی بات پر نوید کے ہوش اڑ گئے

کہاں پھنس گیا ہوں محبت کوئی کرے اور چائے کوئی پیئے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے سوچتے ہوئے ایک ہی سانس میں سارا قہوہ اپنے اندر انڈیلا

مزہ آیا۔۔۔۔؟؟؟بتول نے شرارت سے پوچھا مگر اس کے چہرے پر ایک انوکھی سی خوشی تھی مان تھا جو نوید نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت_____اب آپ کو میرے لئے روز ایسی چائے بنانا پڑے گی____نوید کی فرمائش پر بتول نے اسے مشکوک نظروں سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

بی بی "ذائقہ" معنی نہیں رکھتا میرے لئے آپ کی "محبت" معنی رکھتی ہے۔ جائے ملا کرے گی ناروز ؟؟؟ نوید کے پوچھنے پر بتول نے ہنستے ہوئے سر ہلایا______

میٹھی چائے کے بھی اپنے ہی نخرے ہیں اگر پہلے کچھ میٹھا کھا لو تو غصے سے پھیکی ہو جاتی ہے______

نوید نے محبت سے بتول کا ماتھا چومتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر عکاشہ کے سسرال والے بھی تاریخ دے دیتے تو میں اپنی ذمہ داریوں سے فارغ ہوتا______

حیدر آفندی نے عدن کے ہاتھ سے چائے کا کپ لیتے ہوئے کہا

اچھا آپ اتنی جلدی فارغ ہو کر کیا کریں گے۔۔۔۔؟؟ عدن نے دلچسپی سے پوچھا

"کیا کروں گا" سے کیا مطلب ہے۔۔۔۔؟؟؟ چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے حیدر آفندی نے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

میرا مطلب ہے کہ آپ فرصت میں کیا کریں گے_____ کیا آپ مجھے دنیا کی سیر پر لے چلیں گے ____؟؟عدن کی فرمائش پر وہ مسکرائے

ہاں کبھی کبھی میرا ابھی یہی دل کرتا ہے کہ ہم دونوں دوبارہ لندن چلیں۔ وہ بھی کیا دن تھے جب ہم ملے تھے____؟؟حیدر آفندی نے حسرت سے آہ بھرتے ہوئے کہا

ہاں یہ تو ہے____ میرا بھی کبھی کبھی دل کرتا ہے اپنی محبت کو review کرنے کا_____عدن نے دلچسپی سے ان کے قریب بیٹھتے ہوئے کہا

پتہ نہیں سب کو ہی اپنی سٹوڈنٹس لائف اتنی اچھی لگتی ہے یا صرف میرے ساتھ ہی یہ مسئلہ ہے ____؟؟؟میں اپنی سٹوڈنٹس لائف کو بہت مس کرتا ہوں۔

میرا نہیں خیال کہ سب ساتھ ایسا ہے____عدن نے حیدر آفندی کو دیکھتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

آپ یہ بات کیسے کہہ سکتی ہیں۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی کے پوچھنے پر عدن نے عکاشہ کے کمرے کی طرف دیکھا

یہ آپ کے سامنے ایک زندہ مثال موجود ہے۔ باپ اتنا لائق____ماں خود یونی میں ٹیچر مگر جناب کو کسی چیز سے کوئی دلچسپی ہی نہیں۔۔۔۔۔۔؟

بس سارا دن سو لیا یا دوستوں ساتھ آوارہ گردی کر لی____صاحبزادے فرما رہے تھے کہ "آپ کی یونی اگر مجھے نکال دے تو بڑا مزہ آئے گا"____عدن نے افسوس سے سر ہلایا جب کہ حیدر آفندی ہنس دیے

اب آپ زیادہ ہی تعریف کر رہی ہیں اس کے باپ____ورنہ سچ تو یہ ہے کہ وہ اس سے بھی زیادہ نالائق تھا وہ تو ایک پری مل گئی اور ہم پاس ہو گئے_____حیدر آفندی نے اپنی جوانی کے دن یاد کرتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر آپ میں اور عکاشہ میں بہت فرق ہے۔ہاں البتہ یوشع مجھے آپ جیسا لگتا ہے____عدن نے فورا سے تردید کی

عدن سچ پوچھو تو یوشع مجھ سے زیادہ سمجھدار ہے۔ کبھی کبھی تو وہ مجھے حیران کر دیتا ہے۔ جس طرح وہ بڑی سرکار کو سنبھالتا ہے میں کبھی اس طرح انھیں نہیں سمجھ سکا۔

اپنے سے جڑے ہر رشتے کا خیال رکھتا ہے۔عدن وہ میری طرف کمزور یا جذباتی مرد نہیں ہے۔اسے چیزوں کو اپنی جگہ بیلنس کرنا آتا ہے_____حیدر آفندی کے لہجے میں بیٹے کی محبت بول رہی تھی

یہی تو میں کہہ رہی ہوں کہ وہ بہت سمجھدار ہے۔کچھ تو اسے آپ سے وراثت میں ملیں ہیں اور کچھ آپ کی بیوی نے اس کی بہت اچھی تربیت کی ہے۔

میں آپ سے بہت شرمندہ ہوں میں عکاشہ کی تربیت نہیں کر سکی کیونکہ میں تو خود محبت و توجہ کو ترستی رہی ہو۔عدن نے اپنا سر جھکا لیا

Posted On Kitab Nagri

ایک تو آپ ہر چیز کا الزام اپنے اوپر لے لیتی ہے۔ مجھے آپ کی یہ بات بہت بری لگتی ہے____ حیدر نے محبت سے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا

عکاشہ لا ابالی ضرور ہے مگر اس میں کوئی ایسا عیب نہیں کہ آپ کہہ سکیں کہ آپ نے اس کی تربیت اچھی نہیں کی۔

رہی بات یوشع کی تو سچ پوچھو وہ بڑی سرکار کے سائے میں پلا ہے بڑی سرکار نے اسے شروع سے ہی اپنے بہت قریب رکھا ہے

ہر انسان کی شخصیت کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ ہمارے ساتھ ان کا جو بھی رویہ ہے مگر یوشع کے لئے وہ ایک God mother ہے .

میرے خیال سے شاید وہ اس دنیا کا واحد شخص ہے جو ان کی محبت کا "اکلوتا حقدار" ہے کبھی کبھی مجھے اپنے ہی بیٹے سے جیلسی ہونے لگتی ہے____ حیدر آفندی اپنی بات کے آخر میں پھیکا سا مسکرائے

Posted On Kitab Nagri

حیدر آپ تو مجھے کبھی کبھی حیران ہی کر دیتے ہیں آپ اور یوشع کا بھلا کیا مقابلہ۔۔۔۔؟؟؟

میری نظر میں آپ جیسی پرسنلٹی ___ آپ کے بات کرنے کا طریقہ ____ کپڑے پہننے کا ڈھنگ ____ آپ کی مسکراہٹ ____ اٹھنا بیٹھنا ____ میں نے آج تک کسی میں نہیں دیکھا

یاد ہے یونی میں کتنی لڑکیاں آپ کے پیچھے پاگل تھیں اور آپ انھیں لفٹ ہی نہیں کراتے تھے ____ عدن نے جوش سے حیدر کو یاد کرایا

وہ اچھی رہ گئیں جو ان کے پیچھے تھیں کیونکہ جو ساتھ ہے وہ سچ میں پاگل ہو گئی ہے ____ حیدر کی بجائے عکاشہ نے اندر داخل ہوتے ہوئے جواب دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کبھی تو انسانوں کی طرح گھر میں داخل ہوا کرو نہ سلام نہ دعا ____ میں نے تو تمہیں باہر کے دروازے کی چابی دے کر غلطی کی ہے۔ عدن غصے سے بولتی ہوئی کچن میں جانے لگی

Posted On Kitab Nagri

"جن کی مرضی جہاں سے نکلے" _______ ویسے میں نے آپ دونوں کو ڈسٹرب تو نہیں کیا عکاشہ نے حیدر کے برابر بیٹھتے ہوئے پوچھا

کیا بھی ہو تو تمہیں کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔۔؟؟ حیدر آفندی نے نارمل سے انداز میں جواب دیتے ہوئے اپنا موبائیل نکالا

فرق سارے مجھے ہی پڑتے ہیں حیدر صاحب ____ آپ کی یہ لاڈلی بیگم ہر وقت مجھ پر بولتی رہتی ہے ۔

اس کام کو پورا کرو ___ ذمہ داری سے کرو ____ وقت پر کرو _____ مگر آپ کے آگے بولتی بند ہو جاتی ہے حالانکہ آپ کون سا اپنا کام پورا کرتے ہیں۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کی بات کا مطلب سمجھتے ہوئے حیدر آفندی خاموش ہو گے جب عدن نے کیچن سے اسے آواز لگائی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"عکاشہ سوچ سمجھ کر بولا کرو"

دیکھا اس عورت کا "دوغلہ پن" خاوند کے لئے اور ____ اور اکلوتے بیٹے کے لئے اور ____ عکاشہ نے ٹانگیں سامنے پڑے ٹیبل پر رکھیں

کیا بکواس کرتے جا رہے ہو۔اب بس بھی کرو ____ عدن نے کچن سے باہر آتے ہوئے اسے ڈانٹا

شادی کی تاریخ کیوں نہیں رکھی۔۔۔۔۔؟؟؟

پیپرز کی تاریخ تو فورا رکھ دیتی ہیں چاہے سٹوڈنٹس کی تیاری ہو یا نہ ہو ____ اور میری دفعہ آپ سے ایک تاریخ نہیں رکھی جا رہی واہ لیکچرار صاحبہ واہ ____ عکاشہ نے شدید ناراضگی کا اظہار کیا

زبیر صاحب نہیں مانے تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی نے عکاشہ کو عدن سے الجھتا دیکھ کر کہا

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو آپ کا کام تھا انہیں راضی کرنا___ آخر انہوں نے اپنی بیٹی دینی ہے کوئی ماچس کی ڈبیہ نہیں ____ کہ ایک دفعہ مانگنے پر دے دیتے کہ یہ لے تو رکھ۔عکاشہ کے جواب پر عدن نے بے بسی سے حیدر آفندی کو دیکھا

انہیں کیا دیکھ رہی ہیں میری طرف دیکھ کر بات کریں____عکاشہ نے عدن کے آگے اپنا ہاتھ ہلایا

تمہاری کیوں اتنی جان نکل رہی ہے۔کل تک تو تمہیں یہ رشتہ ہی پسند نہیں تھا اور آج_____ عدن نے غصے سے پوچھا

میں کیوں مرنے لگا مگر وہ مس موسلادھار کو بہت جلدی ہے ہمارے گھر کا سکون برباد کرنے کی _____ ظاہری سی بات ہے ہمارے گھر جیسا کہ کوئی گھر کہاں ہو گا۔۔۔۔؟؟عکاشہ نے مسکراتے ہوئے عدن کی طرف دیکھا

جھوٹ کم بولا کرو وہ بچی ایسی نہیں ہے _____ عدن کہتی ہوئی جانے لگی جب تیزی سے عکاشہ نے انہیں پکڑ کر اپنے اور حیدر آفندی کے درمیان بیٹھایا

Posted On Kitab Nagri

آپ اس کی آواز تو پہچانتی ہیں نا!!!____اس نے آپ کے لئے ایک میسج کر دیا ہے۔

پہلے وہ سن لیں پھر فیصلہ کیجئے گا۔بے شرم صرف میں ہی نہیں اوروں کی اولاد بھی ہے۔ مگر آپ کو بس میں ہی نظر آتا ہوں_____عکاشہ نے کہتے ہوئے ماہم کا وائس نوٹ عدن کو سنایا جس پر عدن کے ساتھ ساتھ حیدر آفندی بھی حیران ہوئے

ہاں اب کیا ہوا____اب کیوں چپ کر گئی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟؟

میری مانیں تو اتنی بے شرم لڑکی کو بہو بنانے سے انکار کر دیں۔ابھی بھی وقت ہے ورنہ کل جب آپ دونوں جب آپس میں لڑیں گی تو میں ایک سائیڈ پر ہو جاؤں گا____عکاشہ ہاتھ جھاڑتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوا

یہ اس کی آواز ہی نہیں ہے تم نے ضرور کچھ گڑبڑ کی ہو گی۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے موبائل سائیڈ پر رکھا

Posted On Kitab Nagri

اسی کی ہے قسم لے لیں____عکاشہ نے اپنا موبائل اٹھاتے ہوئے کہا

میں نہیں مانتی_____عدن مسلسل انکاری تھی

قسم سے ماما میں نے خود اس کے گھر جا کر یہ ریکارڈنگ کی ہے____جلدی میں عکاشہ کے منہ سے سچ نکل گیا جبکہ عدن نے اسے افسوس سے دیکھا

آپ کو لیکچرار نہیں بلکہ پولیس میں ہونا چاہیے تھا۔ آپ تو میرے منہ میں ہاتھ ڈال کر ہر بات باہر نکال لیتی ہیں____عکاشہ بولتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھا ہے آپ نے اس بیچاری کو تنگ کر کے آ رہا ہے اور مانتا بھی نہیں_____عدن نے شکایتی نظروں سے حیدر آفندی کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آپ پریشان نہ ہوں۔ابھی تو میں گاؤں کے لیے نکل رہا ہوں کیونکہ یوشع نے الیکشن کمیشن کے آفس جانا ہے۔پھر کچھ دنوں بعد دوبارہ ان کی طرف جائیں گے۔

اب کیا کیا جائے آپ کے لاڈلوں کو شادی کا شوق جو چڑھا ہوا ہے۔۔۔۔؟؟؟ حیدر آفندی مسکراتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

حیدر آپ جانے لگے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟عدن ایک دم اداس ہو گئی

جاؤں گا نہیں تو واپس کیسے آؤنگا۔۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر نے پیار سے انہیں اپنے ساتھ لگایا

کل چلے جائیں پلیززززز_____فرمائش کی

کل بھی جب جانے لگا تو آپ ایسا ہی کریں گی۔میں جانتا ہوں آپ کو____حیدر آفندی نے مسکراتے ہوئے ان کا ماتھا چوما اور باہر کی طرف بڑھ گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم اپنی اوقات مت بھولو اگر میں ایک دفعہ کچھ کہا کرو تو مان لیا کرو ورنہ مجھے صرف ایک سیکنڈ لگے گا تمہیں تمہاری اوقات یاد دلانے میں_____بڑی سرکار نے اپنی چادر کندھے پر درست کرتے ہوئے حقارت سے امثال کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میری اور آپ کی اوقات میں کچھ خاص فرق نہیں ہے آپ یوشع کی دادی ہیں اور میں اس کی بیوی ______امثال کا جواب اور اطمینان بڑی سرکار کو آگ لگا گیا

لڑکی تمہاری اتنی ہمت کہ تم میرے ساتھ اپنا مقابلہ کرو۔ ابھی اسی وقت اگر میں یوشع سے کہوں تو وہ تمہیں فارغ کر دے گا۔ پھر دیکھوں گی کہ تمہاری اوقات کیا رہ جائے گی۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے امثال پر اپنا رعب ڈالتے ہوئے کہا

اچھا مگر مجھے ایسا نہیں لگتا____ امثال کا لہجہ چیلنجنگ تھا۔

Kitab Nagri

اپنی بکواس بند کرو اور یوشع کو آنے دو۔ پھر دیکھنا میں تمہارا کیا حشر کرتی ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے امثال کی طرف سے اپنا رخ موڑ لیا

www.kitabnagri.com

آنے دو سے کیا مراد ہے آپ بڑی سرکار ہی حکم کریں وہ خود آ جائے گا____ کام ہی کیا ہے اسے سارا دن دوسروں پر رعب ڈالنے کے۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

امثال کے منہ سے یوں یوشع کا ذکر سن کے بڑی سرکار کو آگ لگ گئی۔

لڑکی منہ سنبھال کر بات کرو۔ میں جتنا تمہیں نظر انداز کر رہی ہوں تم اتنا ہی سر چڑھ رہی ہو۔ اگر دوبارہ یوشع کا ذکر اتنی بدتمیزی سے کیا تو بولنے کے قابل نہیں رہو گی_______ بڑی سرکار نے دھاڑتے ہوئے نوکر کو آواز دی

یوشع کو کہو ابھی اسی وقت میرے پاس آئے____ بڑی سرکار نے نوکر کو کہتے ہوئے بے چینی سے کمرے میں چکر لگایا جب کہ نوکر ایسے غائب ہوا جیسے تھا ہی نہیں۔

پتا نہیں یہ لوگ اس بوڑھی عورت سے اتنا ڈرتے کیوں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے بڑی سرکار کو دیکھتے ہوئے دل میں سوچا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بڑی سرکار اس وقت یوشع سائنس ڈیرے پر موجود ساتھ والے گاؤں سے آئے ہوئے لوگوں سے الیکشن کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔میں نے آپ کا پیغام دے دیا ہے۔وہ فارغ ہوتے ہی آجائیں گے_____ملازم کے جواب پر امثال نے قہقہ لگایا

بس اتنی ہی اوقات ہے ۔وہ تو نہیں آیا اور آپ کہہ رہیں تھیں میرے کہنے پر طلاق دے دے گا ______امثال اس وقت بڑی سرکار کو تپا رہی تھی اس چیز سے بے خبر کہ یوشع اس کا کیا حال کرے گا۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار کی آنکھوں میں انگارے دہکنے لگے جبکہ امثال دیوار ساتھ کھڑی مسکرا رہی تھی۔

یوشع ابھی اسی وقت میرے کمرے میں آؤ_____بڑی سرکار نے یوشع کو کال کرتے ہوئے حکم دیا اور فون بند کر کے بیڈ پر اچھال دیا

میں نے صرف اور صرف اپنے شہزادے کی خاطر تم جیسی لڑکی کو برداشت کیا ہے اور تم سمجھی کہ تم میں کچھ خاص ہے_____بڑی سرکار نے تفاخر سے امثال کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

خاص تو ہے____امثال نے اپنے بال کان کے پیچھے کرتے ہوئے فخر سے کہا

پانچ منٹ بھی پورے نہیں گزرے تھے کہ یوشع آندھی طوفان بنا کمرے میں داخل ہوا۔

بڑی سرکار خیریت آپ نے اتنی ایمرجنسی میں بلایا۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اندر داخل ہوتے ہی بڑی سرکار سے پوچھا

تمہیں میرا پیغام نہیں ملا تھا یا_____بڑی سرکار نے جان بوجھ کر جملہ ادھورا چھوڑا۔

ملا تھا مگر وہ کچھ لوگ بیٹھے تھے۔معذرت خواہوں غلطی ہے میری____آئندہ نہیں ہوگا۔یوشع نے معذرت خواہ لہجہ اپناتے ہوئے ان کا ہاتھ چوما۔

وہاں سے میرے جوتے نکال کر لاؤ______بڑی سرکار نے الماری کی طرف اشارہ کیا جبکہ یوشع کو شدید حیرت ہوئی کہ اس کام کے لیے بڑی سرکار نے مجھے اتنی ایمرجنسی میں بلوایا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

مگر پلٹتے ہی اس کی نظر دیوار ساتھ کھڑی امثال پر پڑی تو اسے کچھ کچھ کہانی سمجھ میں آئی۔

یہ لیں_____یوشع نے جوتے بڑی سرکار کے پاؤں میں رکھے۔

انہیں صاف کرو_____بڑی سرکار کے کہنے پر یوشع نے اپنی چادر سے ان کے جوتے صاف کیے تو امثال اپنی جگہ ساکت ہو گئی۔

یوشع اس لڑکی کو یہ غلط فہمی ہے کہ تم میرے کہنے پر اسے طلاق نہیں دو گے_____بڑی سرکار کی بات کا مطلب یوشع کو بخوبی معلوم تھا۔

آپ کہیں تو ابھی اسی وقت طلاق دے دیتا ہوں۔یوشع نے شدید غصے سے امثال کو دیکھا جب کہ امثال کی حیرت زدہ آنکھوں میں آنسو آنے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں لڑکی اب کیا خیال ہے کیا اب بھی تمہاری اور میری اوقات برابر ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ امشال منہ سے کچھ نہیں بولی مگر تیزی سے کمرے سے باہر نکل گئی۔

آپ اس کے منہ مت لگا کریں۔ کہاں وہ اور کہاں آپ ______ آپ کا مرتبہ اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ آپ اس کے منہ لگیں۔ میں حاضر ہوں۔ جو بھی کہنا ہوتا ہے مجھ سے کہا کریں۔

یوشع نے بڑی سرکار کے بگڑتے موڈ کو دیکھ کر نرمی کا مظاہرہ کیا۔

اس لڑکی کو جلد از جلد فارغ کر دو ______ بڑی سرکار نے بھی وہی فرمائش کی جو کچھ دن پہلے راشدہ بیگم نے کی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بس الیکشن کا انتظار ہے۔ آپ پریشان نہ ہوں میں دیکھ لیتا ہوں۔ یوشع وے ان کے پاؤں کو معافی کے انداز میں ہاتھ لگایا جس پر بڑی سرکار نے اس کا کندھا تھپکا۔

Posted On Kitab Nagri

الیکشن کمپین پورے عروج سے جاری تھی۔ابھی بھی یوشع کا انٹرویوایک نیوز چینل پر چل رہا تھا۔

بلیک تھری پیس سوٹ پہنے، کلائی میں قیمتی گھڑی گھماتے ہوئے وہ سنجیدہ چہرے ساتھ کمپئر کو جواب دے رہا تھا۔

ویسے اس بندے کو دیکھ کر کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا کہ یہ شخص اندر سے کتنا چھچھورا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے کافی کا کپ منہ ساتھ لگاتے ہوئے کہا

اپنی بات کر رہے ہو یا یوشع کی۔۔۔۔؟؟؟

مجھے تو اس میں حیدر کی جوانی نظر آرہی ہے_____عدن نے پہلے غصہ سے بعد میں مسکراتے ہوئے ٹی وی کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

جو انسان "بکری" کے پیچھے پورا گاؤں چھان مارے اور ایک معمولی سی لڑکی سے اپنی بے عزتی کروانے پر فخر محسوس کرے۔

آپ کے خیال سے وہ چھچھورا نہیں تو اور کیا ہے۔۔۔۔؟؟؟

دوسرا یہ جو آپ کے ہاں خوبصورتی کا معیار ہے نااااا____"حیدر آفندی"____تو میری مانیں پہلی فرصت میں کسی آنکھوں کے سپیشلسٹ کے پاس چکر لگا لیں یقین مانیں کافی افاقہ ہو گا____عکاشہ نہیں منہ بناتے ہوئے ٹی وی کی طرف دیکھا

تم سے تو بات کرنا ہی فضول ہے۔اپنی بولتی بند کرو اور مجھے اس کا انٹرویو سننے دو۔کتنا پیارا لگ رہا ہے اور بات کرنے کا انداز تو دیکھو۔۔۔۔؟؟؟عدن نے محبت سے چور لہجے میں کہا

انداز تو دیکھو____کیا دیکھوں۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ چڑا۔

Posted On Kitab Nagri

جس طرح گانے والی عورتیں اپنی انگوٹھیاں باربار انگلیوں میں گھماتے ہوئے لوگوں کو جتلا رہی ہوتی ہیں کہ یہ کتنی قیمتی ہیں۔۔۔۔؟

ویسے ہی آپ کا وہ "سوتیلا شہزادہ" اپنی گھڑی گھما گھما کر لوگوں کی توجہ حاصل کر رہا ہے۔

بھئی غلطی سے اگر اچھی گھڑی خرید لی ہے تو برداشت کرو مگر کہاں یہ تو ہضم ہی نہیں ہو رہا_____ عکاشہ کی باتیں عدن کو بہت بری لگیں۔

عکاشہ تم ٹھیک ہو_____ دن با دن تمہاری باتیں عجیب سے عجیب تر ہوتی جا رہیں ہیں۔ عدن نے پریشانی سے اسے دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بالکل ٹھیک ہوں۔ بس مجھے آپ کے اندر یہ جو "آفندی فیملی" کی محرومی بولتی ہے نااااا_____ شدید بری لگتی ہے۔

ماما باہر آجائیں اس غلام گردش سے_____ عکاشہ کے جواب پر عدن خاموش ہوگئی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ نے کچھ خاص ہے جو حیدر آفندی آپ کے پاس آئے۔ان میں کچھ خاص نہیں جو آپ ان پر مرتی جاتی ہیں۔

بس کریں اب____ان کی ہر چیز یہاں تک کہ "سوتیلی اولاد" کو بھی آپ سر آنکھوں پر بٹھاتی ہیں تو مجھے غصہ آتا ہے۔عکاشہ نے عدن کو افسردہ دیکھ کر قدرے نرم لہجے میں کہا

یوشع میرا ابھی تو بیٹا لگتا ہے___عدن نے عجیب سی نظروں سے عکاشہ کو دیکھا

"بیٹا ہونے" اور "بیٹا لگنے" میں بہت فرق ہے۔اگر اتنا ہی وہ آپ کا "سگا" ہے تو حویلی میں آپ کو کیوں نہیں لے جاتا۔۔۔۔؟؟؟

ڈنکے کی چوٹ پہ اعلان کیوں نہیں کرتا کہ آپ اس کی چھوٹی ماما ہیں۔ بولیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ کے کسی سوال کا جواب عدن پاس نہ تھا لہذا وہ خاموش ہو گئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ میری ماما ہیں اور میں آپ کا بیٹا____بس مجھ پہ توجہ دیا کریں کیونکہ مجھے توجہ کی شدید ضرورت ہے۔عکاشہ نے عدن کو اداس دیکھ کر فوراًا اپنے ساتھ لگالیا

تمہیں پر تو میری ساری توجہ ہے۔کل ہی میری زبیر صاحب سے فون پر بات ہوئی ہے۔وہ بتا رہے تھے کہ ان کا بیٹا واپس آرہا ہے۔

پھر وہ اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی دھوم دھام سے اکٹھی کریں گے____عدن نے محبت سے عکاشہ کو اپنے سے جدا کیا۔

مطلب خوب جہیز آئے گا۔میری طرف سے ایک "سپورٹس بائیک" بتا دیجئے گا باقی جو آپ کو چاہیے ہو_____آخر باہر سے کمائی کر کے "سالے صاحب" آرہے ہیں۔مذاق تھوڑی ہے۔عکاشہ کے چہرے پر شرارت رقص کر رہی تھی

عکاشہ "ہم" جہیز نہیں لے رہے ہیں____عدن نے یاد دلایا

Posted On Kitab Nagri

"ہم" نہیں "آپ"_____ آپ جہیز نہیں لے رہیں مگر میں تو لوں گا مجھے ہر صورت اپنی بائیک چاہیے____عکاشہ نے ضدی لہجہ اپنایا

اچھا ہم تمہیں سپورٹس بائیک لے دیتے ہیں اب ٹھیک ہے____ عدن کی بات پر اس نے اپنی آنکھیں گھمائیں۔

آپ لوگوں سے تو میں "ڈبل کیبن گاڑی" لونگا پھر میں گلگت، ہنزہ جاؤں گا۔ کتنا مزہ آئے گا______ عکاشہ نے اپنی خوشی کا اظہار کیا

افففففف میں بھی کس کے ساتھ اپنا سر کھپا رہی ہوں____ عدن کہتی ہوئی لیونگ روم سے باہر چلی گئی جبکہ ٹی وی پر یوشع کا انٹرویو چلتا دیکھ کر عکاشہ نے یوشع کا نمبر ڈائل کیا۔

Posted On Kitab Nagri

امثال جب سے واپس آئی تھی اپنے کمرے میں بچھے نرم و گداز قالین پر بیٹھی رو رہی تھی. اسے آج اپنی اوقات کا اسی معنوں میں اندازہ ہوا تھا.

اسے یوشع پر ایک ان دیکھا یقین تھا کہ وہ اسے کچھ نہیں کہہ سکتا مگر طلاق_____امثال کو یوشع سے محبت نہیں تھی پھر بھی دونوں کے درمیان ایک خاموش رشتہ تھا "مان" کا_____جو آج اس نے توڑ دیا تھا. آنسو تواتر سے بہہ رہے تھے.

وہ یوشع کو چھوڑ کر جانا نہیں چاہتی تھی کیوں__________؟؟؟

کیا وہ اس آرام سکون کی عادی ہو گئی تھی یا یوشع سے محبت_____اس بات کا جواب اس کے پاس خود بھی نہیں تھا.

ابھی وہ اپنی سوچوں میں گم تھی کہ یوشع نے دھڑام سے دروازہ کھولا اور جارحانہ عزائم ساتھ اس کی طرف بڑھا.

Posted On Kitab Nagri

کیا مسئلہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟

کیوں مجھے چین سے جینے نہیں دے رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟

اگر میں خاموش ہوں تو اس کا یہ ہر گز مطلب نہیں کہ میں تمہاری طرف سے بے خبر ہوں.

اپنے زبان کو قابو میں رکھا کرو ورنہ میں اسے کاٹ دوں گا. منع کیا تھا نا!!! کہ بڑی سرکار کے آگے خاموش رہنا_______یوشع نے امثال کو ایک جھٹکے سے اپنے سامنے کھڑا کیا مگر اس کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر ٹھٹھکا

یہ سہی ہے. غلطی بھی اپنی اور رونا بھی خود ہی_______واہ امثال بی بی تم تو میرے اندازے سے زیادہ سمارٹ نکلی ہو.یوشع نے اس کی بھیگی بھیگی آنکھوں پر طنز کیا.

بس کے اور کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال کا لہجہ ہر طرح کے جزبات سے عاری تھا.

Posted On Kitab Nagri

اور کیا سننا چاہتی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟یوشع نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

طلاق مجھے طلاق چاہیے_____ جتنی تیزی سے یہ الفاظ امثال کے منہ سے نکلے تھے اُس سے کئی زیادہ تیزی سے یوشع کا ہاتھ امثال کی گال پر اپنی چھاپ چھوڑ گیا تھا.

جتنا مارنے والا بے یقین تھا اتنا ہی مار کھانے والا_____ دونوں ہی ایک دوسرے سے نظریں چرا گئے

یوشع نے خود کو نارمل کرنے کے لیے ٹیرس کا رخ کیا. جبکہ امثال نے آنکھیں بند کرتے ہوئے دیوار ساتھ ٹیک لگالی.

"وہ میری آنکھوں کی تحریر پڑھ نہ سکا
جو کہہ رہا تھا کہ تعلیم یافتہ ہوں میں "...

کچھ دیر کمرے میں مکمل خاموشی رہی پھر اس خاموشی میں امثال کی ہلکی ہلکی سسکیاں شامل ہونے لگیں. رفتہ رفتہ ان میں تیزی آنے لگی.

Posted On Kitab Nagri

چپ بلکل چپ خبر دار جو تمہاری آواز نکلی. ایک تو غلط کام کرتی ہو دوسرا پھر مانتی بھی نہیں.

اس دن بھی سمجھایا تھا کہ میرے بڑوں ساتھ بتمیزی نہیں کرنی مگر تمہارے اس دماغ میں میری باتیں آتی ہی نہیں ہیں______یوشع نے گھٹنوں کے بل اس کے سامنے بیٹھتے ہوئے کہا

بڑے بڑے ہی ہوتے ہیں. ان کا ہم پر بہت احسان ہوتا ہے اس لیے ہم ان کے آگے سر نہیں اٹھا سکتے.

آج میں پہلی اور آخری بار بتارہاہوں کہ بڑی سرکار میں میری جان بستی ہے. ان ساتھ دوبارہ بتمیزی مت کرنا.

میں برداشت نہیں کرسکتا کہ کوئی بھی ان کے آگے بتمیزی کرے______اگر وہ کچھ غلط بھی کہہ دیا کریں تو برداشت کرلیا کرو. یوشع نے سمجھاتے ہوئے امشال کا ہاتھ پیچھے کیا.

Posted On Kitab Nagri

میرا تم پر ہاتھ اٹھانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا مگر تم حرکتیں ہی ایسی کرتی ہو______حویلی والوں کا غصہ مجھ پر نکال لیا کرو مجھے گالیاں دے سکتی ہو مار سکتی ہو مگر میرے بڑوں کا احترام تم پر لازم ہے ______یوشع نے شرمندگی سے اپنی گردن جھکاتے ہوئے امشال کو اپنے ساتھ لگایا. ہمدردی ملتے ہی وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی .

سوری آئندہ ایسا نہیں ہو گا یہ لاشعوری طور پر ہوا ہے____یوشع کے پاس اپنی صفائی دینے اور معزرت کے لیے مناسب الفاظ نہ تھے .

دیکھو امشال ہر رشتے کی اپنی ایک الگ جگہ ہوتی ہے اور اسی جگہ اچھا لگتا ہے. سورج کی اپنی اہمیت ہے اور چاند کی اپنی______بلکل ایسے ہی میری زندگی میں بڑی سرکار کی اپنی اہمیت ہے اور تمہاری اپنی ______مگر یہ جو تم دونوں آپس میں مقابلہ کرنے لگتی ہو اچھا نہیں کرتیں .

میں نہ تمہیں چھوڑ سکتا ہوں اور نہ ان کے بغیر میرا گزارا ہے. میں حیدر آفندی نہیں کہ محبوبہ کے لیے ماں سے لڑوں. ان کے پاس بیٹھنا چھوڑ دوں_____یوشع نے آہستہ آہستہ امشال کے بال سنوارتے ہوئے سمجھایا .

Posted On Kitab Nagri

اُن کے سامنے تو بڑی فرمانبرداری دکھائی جا رہی تھی ______یوشع کی بات پر امثال نے نم آواز اور سرخ آنکھوں سے گلہ کیا .

انھیں بھی سمجھاتا ہوں مگر وہ بڑی ہیں انھیں میں حکم نہیں دے سکتا______ تم تو چھوٹی سی ہو تم پر میں حکم چلا سکتا ہوں.یوشع نے اس کے آنسو پونچھے

یہ تو ناانصافی ہے_____ امثال نے گلہ کیا .

ہے تو مگر آئندہ کوشش کروں گا کہ نہ ہو______یوشع نے بات کو سمیٹا .

مجھے اپنے گھر جانا ہے____ امثال نے روٹھے سے انداز میں فرمائش کی جسے رد کرنا مشکل تھا .

اچھا ٹھیک ہے میں ڈرائیور کو کہہ دیتا ہوں وہ تمہیں ماسٹر جی کے گھر چھوڑ آئے گا .

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مگر یاد رکھو وہ تمہارا گھر نہیں یہ ہے اور رات تک واپس آ جانا تمہارے بغیر مجھے اپنا کمرہ اب اچھا نہیں لگتا

______یوشع نے محبت سے اس کا گال تھپکا جہاں ابھی بھی اس کے تھپڑ کا واضح نشان موجود تھا .

نوید دیکھو میں نے آج تمہارے لئے کچھ خاص بنایا ہے ____بتول نے انتہائی پر جوش لہجے میں اندر داخل ہوتے ہوئے نوید سے کہا جب کے بتول کی بات پر نوید کے تاثرات یکدم ڈھیلے پڑے۔

بی بی آپ میرے لیے کچھ بھی خاص نہ بنایا کریں کیونکہ آپ خود میرے لیے بہت خاص ہیں۔نوید کہتا ہوا سوفے پر بیٹھ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور دل میں سوچنے لگا نا جانے آج کیا کھانا پڑے گا بقول بی بی کے آج جو کچھ خاص بنا ہے ______؟؟؟

پہلے تم مجھے بتول کہو یہ کیا بی بی کرتے رہتے ہو____؟؟؟بتول نے ناراضگی سے نوید کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میرے نزدیک آپ کو نام سے بلانا آپ کی شان میں گستاخی ہے اور میں یہ گستاخی نہیں کر سکتا______ نوید کا جواب کچھ خاص بتول کو پسند نہیں آیا مگر وہ جلد از جلد اپنی کو کنگ نوید کو دکھانا چاہتی تھی اس لیے چپ چاپ کچن میں چلی گئی۔

یہ دیکھیں۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے ایک باؤل نوید کے آگے میز پر رکھا تو وہ سیدھا ہو کر بیٹھ گیا

بی بی یہ کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے نا سمجھی سے باؤل میں موجود چیز بقول بتول "ڈش" کو دیکھا

تم بتاؤ نااااا۔۔۔۔؟؟؟بتول نے کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا اس کی شکل سے لگ رہا تھا کہ وہ بہت دیر سے محنت کر رہی تھی۔

پہلے آپ ادھر آئیں میرے پاس آ کر بیٹھیں_____ نوید نے بتول کا ہاتھ پکڑتے ہوئے اسے اپنے پاس بٹھایا

Posted On Kitab Nagri

اب بتائیں کہ آپ نے یہ کیا بنایا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے اپنی آسانی کے لئے پوچھا

خاصی لمبی بات ہو جائے گی بس تم کھا کر بتاؤ کہ یہ کیسا بنا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے دوبارہ باؤل کی طرف ستائشی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا

نہیں، مجھے اس چیز میں ذرا برابر بھی دلچسپی نہیں ہے۔ آپ نے سارا دن اس پر کیوں برباد کیا ۔۔۔۔۔؟؟؟

آرام کیوں نہیں کیا۔۔۔۔۔؟؟؟

)تاکہ اب میں بھی آرام کر سکتا اُدھر اس کے کزن نے الیکشن میں حصہ لے کر مجھے تھکا دیا ہے اور ادھر بی بی کی کوکنگ نے_____)نوید نے سوچتے ہوئے بتول کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اچھااگر تم ضد کرتے ہو تو بتا دیتی ہوں۔شادی کے بعد ایک رسم ہوتی ہے نااااا میٹھا بنانے والی______
تو میں نے سوچا کہ کچھ میٹھا بنالوں۔

پہلے میں نے "زردہ چاول" بنانا شروع کیے۔پر مجھ سے ان میں غلطی سے پانی زیادہ ڈل گیا۔

تو میں نے انھیں ٹھیک کرنے کے لیے ان میں دودھ ڈال دیا تاکہ "کھیر" بن سکے۔

مگر پھر دودھ سوکھنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا تو میں نے دو چمچ "کسٹرڈ پاوڈر" کے ڈال دیئے۔

مجھے رنگ اچھا نہیں لگ رہا تھا تو میں نے تھوڑا سا "چاکلیٹ پاوڈر" بھی ڈال دیا۔

بتول نے آخر میں ایسے گردن اکڑائی جیسے کوئی بہت کمال کی "سویٹ ڈش" بنائی ہو۔

ہممممم_____یعنی آپ نے ایک ساتھ ہی تمام "سویٹ ڈشیں" بنالیں۔نوید کی مسکراہٹ معنی خیز تھی

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہوا کچھ ایسا ہی ہے ویسے میں نے ایسا چاہا نہیں تھا_____پہلے خیال آیا کہ پھینک دوں مگر پھر بڑی سرکار کہتیں ہیں کہ رزق کو ضائع کرنا بری بات ہے۔ تو روک گئی____بتول نے پر سوچ انداز میں نوید کو دیکھا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

ویسے آپ کا پہلا خیال ہی درست تھا مگر بڑی سرکار کسی کا بھلا کہاں ہونے دے سکتی ہیں۔۔۔۔؟؟؟ نوید دل میں سوچتا ہی رہ گیا

پھر میں نے سوچا کہ "ٹریفل" بھی تو ایسے ہی تیار ہوتا ہے تم نے کھایا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟؟بتول کے اچانک سوال پر نوید چونکا

نہ کھایا ہے اور نہ کھانا چاہتا ہوں۔نوید نے فوراً انکار کیا۔بی بی کا کیا بھروسہ کل وہ بنانے لگ جائیں۔

اچھا کھاؤنا!!!____بتول نے محبت سے ایک چمچ باؤل سے نکال کر نوید کے آگے کی۔

نوید کبھی بتول کو دیکھتا تو کبھی چمچ میں موجود چوکلیٹی مادے کو_____ایک شرط پر کھاؤں گا_____؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

کہ آئندہ آپ میرے لئے کچھ بھی نہیں بنائیں گئ۔مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا یوں آپ کا میرے لیے کوکنگ کرنا۔

آپ بتول آفندی کیوں میرے لئے اپنا دن برباد کرتی ہیں۔۔۔۔؟؟؟

میں تو سادہ سا بندہ ہوں عام سی غذائیں کھاتا ہوں۔آپ سارا دن رنگ برنگے کھانے بنا بنا کر تھکتی رہتی ہیں تو مجھے بہت شرمندگی ہوتی ہے۔

آگے ہی یہ سب کچھ آپ کے ماں باپ کا دیا ہوا ہے۔میں نے دیا ہی کیا ہے آپ کو۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کی بات پر بتول نے افسوس سے اپنا سر ہلایا

یہ سب چیزیں میرے ماں باپ نے میرے آرام کے لیے دی ہیں تم پر کوئی احسان نہیں کیا______ بتول نے منھ بنایا

Posted On Kitab Nagri

اچھاتو پھر ایک اور کام کریں ایک "باورچی" بھی منگوالیں تاکہ میری پیاری بیوی یوں سارادن کچن میں خوار نہ ہو۔

)اور میری جان بھی ان "لیبارٹری ٹیسٹوں" سے چھوٹ جائے (نوید کی بات پر بتول نے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا

چچاسائیں نے باورچی بھی مجھے مالی اور ملازمہ کے ساتھ دیا تھا مگر میں نے منع کر دیا

کیوں کہ میں تمہیں اپنے ہاتھوں کا بنا کھانا کھلانا چاہتی ہوں______بتول کے جواب پر نوید نے ایک نظر پھر اس چوکلیٹ نما میٹھے کو دیکھا

بی بی اس کی شکل کچھ عجیب سی نہیں ہے۔۔۔؟؟؟نوید نے پوچھا

تو تم آنکھیں بند کر کے کھالونا!!!!____چلو آنکھیں بند کرو۔بتول نے مشورہ دیتے ساتھ ہی حکم بھی دے دیا

Posted On Kitab Nagri

جیسے ہی نوید نے وہ چمچ کھائی۔ آنکھیں کھول کر بتول کو ایسے دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو میرا کیا قصور ہے ۔۔۔۔؟؟؟

کیسی ہے۔۔۔۔؟؟؟بتول نے جوش سے پوچھا جبکہ نوید اسے ہاتھ کے اشارے سے پیچھے ہٹاتا ہوا کچن میں جا کر سنک پر جھک گیا

کیا ہوا۔۔۔۔؟؟؟بتول کو سمجھ نہیں آئی کہ نوید اس طرح کیوں بھاگا

بی بی آپ نے اس میں چینی ڈالی تھی۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے اپنا سانس بحال کرتے ہی سوال کیا

ہاں تو "سویٹ ڈش" میں چینی ہی ڈالی جاتی ہے۔بتول نے بڑی سمجھداری سے جواب دیا

چینی والا ڈبہ کونسا ہے۔۔۔۔؟؟؟نوید نے تحمل سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

یہ ہے_____بتول نے ایک ڈبہ نوید کے آگے کیا

ذرا منہ کھولیں_____نوید نے ڈبے میں سے چند دانے نکال کر بتول کے منہ میں ڈالے

ارے یہ تو نمک ہے مطلب میں نے نمک____بتول کی حیرت سے آنکھیں پھیل گئیں

یہ ڈش کوئی شخص آنکھیں بند کر کے بھی نہیں کھا سکتا_____نوید کہتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا

یہ کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟میں نے خود چینی ڈالی تھی۔

نمک کب اتنا موٹا ہوتا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟بتول مسلسل بولے جا رہی تھی جبکہ نوید کے منہ کا ذائقہ بدستور خراب تھا

امثال جیسے ہی گاڑی میں بیٹھی نوید کو ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا دیکھ کر چونکی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ ان کے ڈرائیور ہیں۔۔۔۔؟؟؟امثال کے پوچھنے پر نوید ہنسا

نہیں میں ان کا "داماد" ہوں______نوید کے چہرے پر ایک عجیب خوشی تھی۔

اچھا تو آپ اس "نک چڑی" کے میاں ہیں_____امثال نے منہ بناتے ہوئے باہر دیکھا

کیا ہو گیا ہے بی بی تو بہت ہی اچھی ہیں۔۔۔۔؟؟نوید کو پہلی بار کسی کے منہ سے بتول کے بارے میں ایسا سننے کو ملا تھا

آپ کو اچھی لگتی ہوں گی مگر مجھے نہیں____حقیقت یہ ہے کہ مجھے اس حویلی میں کوئی بھی اچھا نہیں لگتا۔امثال نے افسردہ سے لہجے میں کہا تو نوید نے اس کی اداسی کو بیک مرر سے نوٹ کیا

یوشع سائیں بھی نہیں۔۔۔۔؟؟؟نوید نے اسے جانچتی نظروں سے دیکھا

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ان کی تو مجھے سمجھ ہی نہیں آ رہی_____ ابھی بالکل ٹھیک ہوتے ہیں اور ایک سیکنڈ کے اندر اندر یوں بدل جاتے ہیں جیسے پہلے والا بندہ کوئی اور ہو۔۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے منہ میں بڑبڑایا

مگر میرے خیال سے یوشع سائیں نہ صرف تمہارے بلکہ تمہارے گھر والوں کے ساتھ بھی بہت اچھے ہیں۔ بہت زیادہ_____ نوید نے پر اعتماد لہجے میں جواب دیا

کیا خاک اچھے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

آپ کے کہنے پر میں نے انہیں اپنی شرائط بتا دی تھیں مگر کیا انہوں نے اُن پر عمل کیا نہیں نا ااااا _____ امثال خود ہی سوال و جواب والا کام کر رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بدگمانی بہت بری چیز ہے۔ ویسے جو انہوں نے تم سے کہا تھا کیا تم ان پر عمل کر رہی ہیں ۔۔۔۔۔؟؟؟ نوید نے نکاح سے پہلے والے کاغذ کا حوالہ دیا

Posted On Kitab Nagri

کوشش تو کرتی ہوں مگر اس حویلی کے لوگ خاص طور پر عورتیں بہت ہی بد تمیز ہیں____امثال کچھ شرمندہ سی ہوئی

یعنی تم اپنا وعدہ پورا نہیں کر پا رہی۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے نتیجہ اخذ کیا

تو انہوں نے کون سا اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال کی بات پر نوید نے ہنستے ہوئے گاڑی ایک گھر کے قریب روکی۔

آپ کو یہاں کچھ کام ہے۔۔۔۔؟؟؟امثال نے ایک نظر گیٹ پر دیکھتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تو نہیں مگر آپ کو یقیناً ہو گا____نوید نے نیچے اترتے ہوئے گیٹ کی گھنٹی بجائی اور امثال کی طرف کا دروازہ کھولا۔

امثال ہکا بکا گیٹ سے نکلتے ماسٹر جی کو دیکھنے لگی۔ جو نوید سے مل رہے تھے پھر آگے بڑھ کر امثالکو پیار کرنے لگے۔

Posted On Kitab Nagri

امثال بی بی میں شام کو آجاؤں گا ابھی چلتا ہوں______نوید کہتا ہوا دوبارہ گاڑی میں بیٹھ گیا۔

میں آج یہاں ہی رکوں گی۔ آپ کل آیئے گا_____امثال کہتی ہوئی ماسٹر جی ساتھ اندر جانے لگی

مگر یو شع سائیں نے تو______نوید نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ امثال نے زور سے گیٹ کا دروازہ بند کیا۔

کیا حویلی میں آگے ہی پاگلوں کی کمی تھی جو اسے بھی اٹھا لائے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید کہتا ہوا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابّا یہ سب کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

ایک ہفتے کے اندر اندر امثال کے گھر کا نقشہ بلکل بدل گیا تھا۔ سادے فرشوں کی جگہ ٹائلیں لگی تھیں۔ کمرے بھی لکڑی کے کام سے آراستہ تھے۔ خوبصورت کچن جگمگا رہا تھا۔ گھر میں ہر طرح کی جدید مشینری (واشنگ مشین, ٹی وی, فریج, روم کولر) موجود تھی.

Posted On Kitab Nagri

بیٹا یہ سب اللہ کے بعد یوشع سائیں کی مہربانی ہے۔انہوں نے ہی یہ سب کیا ہے۔

بلکہ نہ صرف یہ سب______انہوں نے تو تمہاری دونوں بہنوں اور بھائی کا علاج بھی شروع کرا دیا ہے۔ماسٹر جی خوشی خوشی سب بتا رہے تھے جبکہ امثال کو اپنے رویے پر دکھ ہونے لگا

"وہ" اپنا وعدہ پورا کر رہا ہے جبکہ "میں" اس کے بڑوں سے مسلسل بدتمیزی کر رہی ہوں۔کیا میں اس کے لئے ذرا سی ڈانٹ برداشت نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔؟؟؟

کیا ہوا بیٹا تم کیوں اداس ہو گئی ہو۔۔۔۔۔۔؟؟؟

کیا یوشع سائیں تمہارے ساتھ اچھے سے پیش نہیں آتے۔کوئی مسئلہ ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

مجھے یوشع سائیں سے زیادہ بڑی سرکار کی فکر رہتی ہے وہ تمہارے ساتھ کیسی ہیں۔۔۔۔؟؟؟ماسٹر جی نے فکر مندی سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

)امثال گھر سے تو یہی سوچ کر آئی تھی کہ سب کی خوب شکایتیں لگائی گئی۔ مگر اب اس کے منہ پر یوشع کی عنا عتوں کا تالا لگ گیا تھا(

ابا میرے ساتھ سب بہت اچھے ہیں بھلا کوئی سردار یوشع حیدر آفندی کی بیوی کو کچھ کہہ سکتا ہے ۔۔۔۔۔؟؟؟امثال پھیکا سا مسکرائی۔

اچھا تم اب آرام کرو یا اپنے بھائی بہنوں سے باتیں میں ابھی آتا ہوں ______ماسٹر جی کہتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گئے۔

باقی سب ماسٹر جی کے جاتے ہی امثال کے گرد جمع ہو گے اور حویلی کے بارے میں پوچھنے لگے کہ وہ اندر سے کیسی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

جب کہ امثال کا دل و دماغ یوشع پر اٹکا ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یوشع آپ نے ابھی تک اپنا وعدہ پورا نہیں کیا ہے۔۔۔۔؟؟؟عدن کے گلے پر یوشع مسکرایا

چھوٹی ماما ابھی میں بہت مصروف ہوں۔ دعا کریں کہ میں الیکشن جیت جاؤں۔ پھر عکاشہ کی شادی پر اپنی فیملی ساتھ شرکت کروں گا______یوشع اس وقت اپنی گاڑی میں بیٹھا گاؤں کی طرف سفر کر رہا تھا۔

میرے خیال سے تم جیت گئے ہو اور رہی بات "دعا" کی تو میں تمہاری کامیابی کے لیے تمہارے کہے بغیر ہی دعائیں کرتی ہوں_____عدن کا جواب یوشع کو سرشار کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتہ چھوٹی ماما میں بہت کچھ نصیب ہوں۔ کیونکہ میرے لیے تین تین مائیں ایک ساتھ دعائیں کرتیں ہیں۔ میری جیت تو پکی ہے_____یوشع کا جواب عدن کو کچھ اداس سا کر گیا

Posted On Kitab Nagri

باپ بھی ماں سے کم نہیں ہوتے۔ میرے خیال سے ان کا بھی اولاد کی کامیابیوں میں اتنا ہی حصہ ہوتا ہے جتنا ماں کا______عدن کا جواب یوشع کو قہقہ لگانے پر مجبور کر گیا

آپ باباسائیں کو نہیں بھول سکتیں______یوشع نے شیشے سے باہر بدلتے منظر دیکھتے ہوئے پوچھا

وہ مجھے ہر معاملے میں یاد رہتے ہیں۔ بس مجھے تم دونوں سے یہی شکایت ہے کہ تم دونوں بھائی اس طرح اپنے باپ کو عزت نہیں دیتے جو ان کا حق ہے۔

حیدر ایک چراغ کی مانند ہیں۔ جو ان کے قریب جائے گا روشنی پائے گا______اپنی ضد اور انا میں روشنی سے محروم مت ہو جانا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عدن نے قریب بیٹھے عکاشہ کی طرف دیکھ کر کہا جو بور ہونے کی بھرپور ایکٹنگ کر رہا تھا۔

ٹھیک ہے میں پوری کوشش کروں گا کہ باباسائیں ساتھ میری طرف سے کوئی زیادتی نہ ہو______یوشع کا جواب عدن کو خوش کر گیا وہ عکاشہ کی طرح ان سے بحث نہیں کرتا تھا بلکہ فورا بات مان لیتا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ کہاں ہے_____آج بڑی خاموشی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر عدن نے سر نفی میں ہلایا

میرے پاس ہی ہے مگر نوابزادے کا موڈ کچھ خراب ہے لہذا خاموشی کا راج ہے ورنہ تو_______عدن کے جواب پر عکاشہ نے ناراضگی سے ماں کو گھورا

اچھا ذرا اسے فون دیں۔ میں بھی تو پوچھو کہ موڈ کیوں خراب ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے کہنے کے عدن نے فون عکاشہ کو دیا

آگئی یاد____مل گئی فرصت۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے فون پکڑتے ہی کہا

مجھے تو پھر بھی یاد آجاتی ہے مگر تمہیں تو وہ بھی نہیں آتی۔ کہاں غائب تھے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے گھڑی پر وقت دیکھا جہاں رات کے نو بج رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ایک تو آپ "شادی" کو پیارے ہو گے۔ اوپر سے جو کسر بچی تھی وہ آپ کی "سیاست" نے نکال دی۔

اچھا خاصا میرا بھائی ہوتا تھا مگر اب شادی اور سیاست کی نظر ہو گیا_______ عکاشہ نے سرد آہ بھرتے ہوئے افسوس کیا

اچھا اچھا اب زیادہ ڈرامے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بس دعا کرو کہ میں جیت جاؤں۔ پھر تمہاری شادی میں دھوم دھام سے شرکت کروں گا_____ یوشع نے اسے منانا چاہا

یہ بھی ٹھیک ہے دوسرے کا کام بنے یا نہ بنے آپ اپنا الو ضرور سیدھا کر لیں۔۔۔۔۔۔؟؟؟

یعنی میں آگے ہی مصروفیت کا گلہ کر رہا ہوں۔ اوپر سے فرما رہے ہیں دعا کرو میں جیت جاؤں_____ میں کوئی پیر ہوں جو میری دعا فوراً قبول ہو جائے گی۔۔۔۔۔؟؟؟

اگر میں اتنا ہی اللہ کا ولی ہوتا تو آج میری چوتھی شادی کا کارڈ آپ کو ملتا_______ عکاشہ کے جواب پر یوشع کا بھرپور قہقہ گاڑی میں گونجا

Posted On Kitab Nagri

اچھا یار تو دعا نہ کرنا میں پھر بھی تیری شادی میں شرکت کروں گا______یوشع نے ہار مانی۔

ہائے کتنا برا لگے گا اگر آپ ہار گئے تو سب کہیں گے ہارنے کے بعد کیسے خوشی خوشی بھائی کی شادی میں شریک ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے منہ بنایا۔

یا اب کہیں تو خوش ہو جا_____کسی بات پر تو رضامندی ظاہر کر دے_____یوشع کی گاڑی اب حویلی میں داخل ہو رہی تھی۔

آپ کہاں ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے ہارن سنتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گاڑی میں_____یوشع نے جواب دیا

اور گاڑی اس وقت کہاں ہے۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ کو تجسس ہوا۔

Posted On Kitab Nagri

حویلی میں______یوشع سر ہلاتا ہوا ملازموں کے سلام کا جواب دیتا سیڑھیاں چڑھنے لگا

چلیں پھر آپ بڑی سرکار کے حوالے_____عکاشہ کے جملے پر یوشع نے قہقہ لگایا

فی الحال تو میں اپنی بیگم پاس جا رہا ہوں_____یوشع نے جواب دیتے ہوئے کال بند کی اور اپنے کمرے کا دروازہ آہستہ کھولا تا کہ امثال کی نیند خراب نہ ہو۔

مگر خالی بستر اس کا منہ چڑھا رہا تھا۔یوشع نے ایک دفعہ پورا کمرہ اور ٹیرس چھان مارا مگر امثال ہوتی تو ملتی ناااا----

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri
ابھی ای میل کریں۔
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

نوید______یوشع نے تقریباً چیختے ہوئے موبائل پر نوید کا نمبر ڈائل کیا۔

جب میں نے تمہیں کہا تھا کہ اسے شام تک واپس لے آنا تو تم گئے کیوں نہیں------؟؟؟یوشع نے کال اٹینڈ ہوتے ہی تیز لہجے میں پوچھا

وہ تو سو گیا ہے۔کس کو کہاں سے لانا تھا______کیا آپ کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی ڈرائیور نہیں ہے------؟؟؟نوید کی جگہ بتول نے کال اٹینڈ کی۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

زیادہ باتیں بنانے کی ضرورت نہیں ہے میرا آگے ہی دماغ خراب ہے۔ اسے فون دو میں جانتا ہوں وہ اتنی جلدی نہیں سوتا۔

جب تک ڈیرے پر ایک بھی کتا جاگ رہا ہوتا ہے اسے نیند نہیں آتی۔ یہ تمام جانوروں کو سلانے کے بعد سوتا ہے۔ میں اسے تم سے بہتر جانتا ہوں_____یوشع نے ٹائی ڈھیلی کرتے ہوئے کہا

جی سائیں_____فوراً ہی نوید کی فرمانبردار آواز سنائی دی۔

اگر آئندہ تمہارا فون بتول نے اٹھایا تو تم خود بھی اس دنیا سے اٹھ جاؤ گے سمجھے_____یوشع کی دھاڑ فون سے باہر بتول نے بھی آسانی سے سنی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سائیں میں واش روم میں تھا_____نوید نے صفائی دی۔

یہ کونسا وقت ہے واش روم جانے کا۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کے پوچھنے پر نوید نے حیرت سے گھڑی کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

بی بی کو کیوں نہیں لائے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع اصل بات پر آیا کیونکہ اسے احساس ہو گیا تھا کہ وہ فضول سوال کر گیا ہے۔

سائیں بی بی نے منع کیا تھا_____نوید کبھی بتول کو دیکھتا اور کبھی فون پر توجہ دیتا۔

تم کس کے نوکر ہو۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر نوید کا حلق خشک ہوا۔

سائیں آپ کا ہوں_____نوید کی آواز اب بہت آہستہ تھی۔

تو پھر کس کا حکم ماننا چاہیے تھا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے ایک ایک لفظ چباتے ہوئے ادا کیا

سائیں میں سزا کے لیے تیار ہوں____نوید نے ہتھیار ڈالے۔

کل تم سارا دن بھینسوں کا چارہ کھاؤ گے____یوشع کہتا ہوا فون بند کرنے لگا

Posted On Kitab Nagri

آگے کون سا کھانا کھا رہا ہوں۔ اچھا ہوتا اگر ایک باورچی بھی اتنے ڈھیر سارے سامان کے ساتھ دیتے ______نوید کے خیال میں کال کٹ گئی تھی۔

اس بات کا جواب میں تمہیں صبح دوں گا۔ ابھی ذرا جلدی میں ہوں ____یوشع کی آواز پر نوید نے چونک کر فون کو دیکھا

عدن اور حیدر آفندی اس وقت زبیر صاحب کے گھر بیٹھے ہوئے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پھر یہ تاریخ ٹھیک ہے_____حیدر آفندی نے دوبارہ کلینڈر دیکھتے ہوئے زبیر صاحب سے پوچھا

جی میرے خیال میں یہ بالکل ٹھیک رہے گی____ زبیر صاحب نے ہارون کی طرف دیکھتے ہوئے حمایت کی۔

Posted On Kitab Nagri

ویسے تو مجھے یقین ہے کہ آپ لوگ میری ماہم کا بہت خیال رکھیں گے مگر پھر بھی وہ ایک یتیم بچی ہے اگر اس سے کوئی غلطی ہو جائے تو معاف کر دیجیے گا______زبیر صاحب نے حیدر آفندی کے آگے ہاتھ جوڑتے ہوئے نم آواز میں کہا

ارے آپ کیسی باتیں کر رہے۔ ہیں اب وہ ہماری بیٹی ہے تو ہم اس کا خیال کیوں نہیں رکھیں گے ______؟؟؟حیدر آفندی نے فوراز بیر صاحب کی ہاتھ پکڑے

بس میرے کندھوں پر ایک بوجھ تھا جو اب اتر گیا ہے______زبیر صاحب نے مسکراتے ہوئے اپنی آنکھیں صاف کیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہم_____حرم نے دروازہ کھولتے ہوئے تقریباً چیخ کر اسے پکارا

حرم کی بچی تم نے تو مجھے ڈرا ہی دیا ہے____ماہم نے اسے دیکھتے ہوئے غصہ سے کہا

Posted On Kitab Nagri

ماہم تیرا تو بابا نے پکا بندوبست کر دیا ہے۔اب تجھے پیپرز کی پریشانی نہیں لینی چاہیے_______ حرم بیڈ پر گرتے ہوئے بولی۔

سچی_______ماہم کی حیرت سے آنکھیں پھیل گئیں۔

ہائے کتنی خوشی ہو رہی ہے مگر ہم کیا کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟؟ ہمارا ہیرو تو بے۔روزگار ہے بس نام کا ہی "لائق فائق" ہے_______ حرم کی دہائی دینے پر ماہم مسکرانے لگی

یار ویسے میں تیرے جانے سے اداس ہو جاؤں گی_______ حرم ایک دم سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

ہاں یہ تو ہے میرا بھی تیرے بغیر دل نہیں لگے گا اداس تو میں بھی ہوں گی_______ ماہم نے فورا اس کی ہاں میں ہاں ملائی

چھوڑ یار تو کہا اداس ہو گئی۔ہم نے تجھے اچھا خاصا جوکر لے کر دیا ہے بلکہ وہ تو جوکروں کا سردار ہے وہ بھلا تجھے اداس ہونے دے گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم کی بات پر ماہم نے سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

مگر پھر بھی______ماہم نے محبت سے حرم کی طرف دیکھا تو اس نے اٹھ کر اسے اپنے گلے لگا لیا

اس وقت رات کے دس بج رہے تھے۔ ہر طرف خاموشی کا راج تھا۔ سوائے امثال کے گھر میں سب سو چکے تھے مگر اسے نیند نہیں آ رہی تھی۔ اپنے گھر کو دیکھتے ہوئے اس کا دھیان مسلسل یوشع کی طرف تھا۔ تبھی گیٹ پر ہارن کی آواز سنائی دی۔

یوشع______بے اختیار اس کے منہ سے نکلا پھر دوسرا، تیسرا اور مسلسل ہارن بجنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماسٹر صاحب نے گیٹ کھولا تو آگے یوشع کو کھڑا پایا۔

معذرت چاہتا ہوں اتنی لیٹ آپ کی نیند خراب کی مگر جب آپ کسی کی بیوی کو اپنے پاس زبردستی روک لیں گے تو اسے آنا پڑے گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع کہتا ہوں اندر داخل ہوا

Posted On Kitab Nagri

سائیں میں نے اسے نہیں روکا وہ اپنی پسند سے یہاں رُکی ہے______ماسٹر جی نے ڈرتے ڈرتے عرض کی۔

وہ تو بے وقوف ہے مجھے نہیں جانتی مگر آپ تو جانتے ہیں نا!!!! ______ بتانے کی ضرورت ہے کیا ------؟؟؟یوشع کے "آپ" مخاطب کرنے پر ماسٹر جی ویسے ہی حیران تھے اوپر سے اس کی دھمکی----؟؟؟؟

بھلا دیجئے مجھے دیر ہو رہی ہے______یوشع کے کہنے پر ماسٹر جی فوراً امثال کے کمرے میں داخل ہوئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹی آپ کو اگر یوشع سائیں نے رکنے سے منع کیا تھا تو آپ کو چلے جانا چاہیے تھا______امثال کو چارپائی سے اٹھتا دیکھ کر ماسٹر جی نے کہا

Posted On Kitab Nagri

ابا آپ پریشان نہ ہوں اور آرام سے سو جائیں_____ امثال نے اپنی چادر اوڑھی اور باہر نکل آئی۔

یوشع نے امثال کو باہر آتا دیکھ کر قدم گیٹ کی طرف بڑھا دیئے۔

اب گیٹ بند کر لیں اور پریشان نہ ہوں_____ امثال نے ایک بار پھر ماسٹر جی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے تسلی دی۔

گاڑی میں بہت خاموشی تھی پھر اچانک یوشع نے امثال کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ گیئر پر رکھا۔

تمہیں کہنا ماننا نہیں آتا خاص طور پر میرا_____ یوشع کا لہجہ بالکل نرم تھا جس پر امثال نے اسے حیرت سے دیکھا

کیا تھا یہ شخص اکیلے میں اور____ اور سب کے سامنے اور_____ امثال کی نظر خود پر محسوس کرتے ہوئے یوشع نے ایک نظر اسے دیکھتے ہوئے سامنے سڑک پر دیکھا

کیا ہوا اتنی خاموش کیوں ہو کل تو بڑی زبان چل رہی تھی۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے اسے بولنے پر اکسایا

Posted On Kitab Nagri

آپ صل میں کیا ہیں۔۔۔۔؟؟؟امشال کا لہجہ عجیب سا تھا۔

میں اصل اور نقل دونوں میں یوشع ہی ہوں_____یوشع نے امشال کی بات ہنسی میں اڑا دی۔

میں سنجیدہ ہوں_____امشال کو اس وقت یوشع کی ہنسی سخت بری لگی

دیکھو فی الحال تو میں بہت تھکا ہوا ہوں۔ کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہم کچھ دن آپس میں الجھے بغیر گزار دیں ۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے امشال ساتھ بحث سے اجتناب کیا۔

نہیں آپ ایک نہیں ہیں۔ حویلی کے اندر جو یوشع ہے وہ حویلی کے باہر والے یوشع سے بالکل مختلف ہے_____امشال نے یوشو کو دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

تبھی اسے احساس ہوا کہ آج یوشع اپنے روایتی لباس میں نہیں ہے____یوشع نے گاڑی حویلی کے اندر روکی اور باہر نکلتے ہوئے ملازم کو چابی دی پھر دونوں آگے پیچھے ایک ساتھ کمرے میں داخل ہوئے ۔

کہاں سے آرہے ہیں۔۔۔۔؟؟؟امثال نے یوشع کو کف لنک نکالتے دیکھ کر پوچھا

سارا دن شہر میں گزرا ہے کچھ دیر پہلے واپس آیا تو آپ جناب گھر پر نہیں تھیں۔اس لیے آپ کو لینے آ گیا_____قسم سے جو میں نے ایک گھونٹ پانی بھی پیا ہو_____یوشع نے سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے جواب دیا۔

جس پر امثال کو تھوڑی سی شرمندگی ہوئی اور وہ چھوٹے قدم لیتی ہوئی یوشع کے سامنے آرکی۔

کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے آبرو اچکا کر پوچھا

شکریہ_____امثال کہتی ہوئی یوشع کے سینے ساتھ جا لگی تو یوشع نے محبت سے اسے اپنے حصار میں لیا

Posted On Kitab Nagri

کس لئے۔۔۔۔؟؟؟ حالانکہ وہ جانتا تھا کہ کس بات کا شکریہ ادا کیا جارہا ہے۔

میں نے لوگوں کو محبت پر بہت بولتے دیکھا ہے____ محبت پر دلائل دیتے دیکھا ہے____ محبت کیلیے لڑتے دیکھا ہے مگر محبت نبھاتے نہیں دیکھا____ آپ واحد انسان ہیں جنہیں محبت نبھانا آتی ہے اور آپ نے بہت اچھے سے نبھائی ہے مگر مجھے سمجھ دیر سے آئی۔

امثال نے آہستہ آواز میں یوشع سے کہا اس کی آواز اور لہجہ اس کی شرمندگی کے عکاس تھے۔ جس پر یوشع نے ایک گہرا سانس خارج کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم بھی مجھے معاف کر دو۔ بے شک میری طرف سے بھی بہت کوتاہی ہوئی ہے مگر میں آئندہ خیال رکھوں گا_____ یوشع نے محبت سے اس کے سر پر بوسہ دیا۔

)

Posted On Kitab Nagri

پولنگ بوتھ پر اس وقت بہت رش لگی ہوئی تھی۔نوید کی ڈیوٹی خاص طور پر یوشع نے پولنگ بوتھ پر اس لیے لگا رکھی تھی کہ اسے پل پل کی خبر ملتی رہے ابھی بھی وہ اسے ہی فون کرنے لگا تھا کے امثال کو کمرے میں داخل ہوتا دیکھ کر رکا۔

اب تمہیں کیا ہوا ہے۔تم نے کیوں منہ لٹکا رکھا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر امثال چپ چاپ بیڈ پر بیٹھ گئی۔

امثال کے یوں بیٹھنے پر یوشع نے اس کے آگے چٹکی بجائی۔

آپ نے کہا تھا اگر مجھے بڑی سرکار کچھ کہیں تو میں آپ کو "گالیاں" نکال سکتی ہوں۔۔۔۔؟؟؟امثال کے سوال پر یوشع کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا

ہاں کہا تو تھا______یوشع نے تحمل سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

مجھے آج پھر بڑی سرکار نے بہت بے عزت کیا ہے اور اب مجھے ان پر شرید غصہ آ رہا ہے۔

میں نے بھی ویسی ہی گالیاں نکالنی ہیں جیسی انہوں نے مجھے نکالی تھیں۔ امثال نے ضدی لہجے میں فرمائش کی۔

امثال کیا تم واقعی ہی مجھے گالیاں نکالو گی۔۔۔۔۔۔ ؟؟؟

یوشع نے شہادت والی انگلی اپنے سینے پر رکھتے ہوئے پوچھا

ہاں تو آپ نے خود ہی بولا تھا____امثال کے جواب پر یوشع عش عش کر اٹھا

ویسے اگر بندہ جذبات میں آ کر کچھ ایسا ویسا بول ہی دے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم اس پر عمل کرنے بیٹھ جاؤ۔

Posted On Kitab Nagri

تم اپنا غصہ کسی اور طریقے سے بھی نکال سکتی ہو_____یوشع نے اس کا لال سرخ چہرہ دیکھتے ہوئے تجویز دی۔

مثلاً۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال نے پوچھا

مثلاً ووٹ ڈال کر____مجھے جتا کر____یوشع کی تجویز پر امثال نے اسے تمسخر سے دیکھا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

میں نے بھی یہی کہا تھا کہ ہم سب جا کر ووٹ ڈالتے ہیں مگر بڑی سرکار نے کہا کہ اس حویلی کی عورتیں یوباہر جا کر ووٹ نہیں ڈالتیں.

اسی بات پر تو میں نے اپنی بے عزتی کروائی ہے-----امثال نے منہ بنایا-

اچھاااا_____ مگر اس میں منہ بنانے والی کیا بات ہے----؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے خیال سے تمہیں تو اس جواب پر خوش ہونا چاہیے تھا_____یوشع نے اسے محبت سے چھوا

خوشی کس بات پر_______ میرے تکرار کرنے پر انھوں نے مجھے گالیاں نکالیں ہیں-امثال نے یوشع کا ہاتھ غصے سے پیچھے کیا

Posted On Kitab Nagri

انہوں نے تمہیں حویلی کی عورتوں میں شامل کیا ہے یہ بات خوشی کی نہیں تو اور کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

دیکھو امشال اگر گلاس آدھا پانی سے بھرا ہے تو ہمیں اس بات پر خوش ہونا چاہیے کے گلاس میں پانی ہے ۔نہ کہ جو آدھا گلاس خالی ہے اس پر دکھ کریں_____یوشع نے ہمیشہ کی طرح لفظوں کا جال بنا۔

آپ یہ کتابی باتیں میرے ساتھ نہ کیا کریں_____امشال نے شکل بنائی۔

تو پھر کیا کیا کروں۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے آبرو اچکا کر پوچھا

میں نے ووٹ ڈالنے جانا ہے۔میں نے کبھی ووٹ نہیں ڈالا_______امشال نے ضد کی۔

ہمممم اچھا_____میں بڑی سرکار سے پوچھتا ہوں۔یوشع نے کچھ سوچتے ہوئے کہا

وہ تو صاف منع کر دیں گئیں۔امشال کو سخت مایوسی ہوئی

Posted On Kitab Nagri

اچھا کرتا ہوں کچھ_____یوشع کہتا ہوا کمرے سے باہر جانے لگا

اگر میرے ووٹ کے بغیر جیتے تو میں کبھی آپ کو معاف نہیں کروں گی_____یوشع نے امثال کی اس عجیب وغریب دھمکی پر اسے پلٹ کر دیکھا

ہاں نااااا_____یہ کیا بات ہوئی......؟؟؟

لوگوں کے ووٹ حاصل کرنے کے لیے آپ نے گھر گھر جا کر انہیں کہا_____اور جو ووٹ گھر میں تڑپ رہے ہیں ان کی کوئی ویلیو ہو نہیں_____امثال کہتی ہوئی بیڈ پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئی۔

اچھا چلو اپنی چادر لے کر نیچے آؤ_____یوشع کو اس وقت امثال پر ٹوٹ کر پیار آیا۔وہ اسے ناراض نہیں دیکھ سکتا تھا۔جب کہ امثال خوشی خوشی الماری سے اپنی چادر نکالنے لگی۔

میرا شہزادہ بس ابھی تھوڑی دیر میں "ایم این اے" بن جائے گا۔پھر ہر ٹی وی چینل پر تیرا ہی انٹرویو چل رہا ہو گا۔

Posted On Kitab Nagri

ایم این اے تو کوئی بھی بن سکتا ہے۔ مگر اتنا خوبصورت، پڑھا لکھا اور خاندانی ایم این اے شاید ہی کوئی ہو۔

یوشع نے جیسے ہی بڑی سرکار کے کمرے میں قدم رکھا انہوں نے اسے دیکھ کر خوشی سے کہا

آپ کا یہ خوبصورت، پڑھا لکھا اور خاندانی ایم این اے ______ آپ کے ووٹ کے بغیر نہیں بن سکتا۔

میرا ایمان ہے کہ اگر آپ نے ووٹ ڈالا تو میں ہار جاؤں گا ______یوشع کی بات پر بڑی سرکار کچھ پریشان نہیں ہوگی

یوشع ہماری حویلی کی عورتیں یوں عوامی جگہ پر نہیں جایا کرتیں ______بڑی سرکار کے جواب پر یوشع نے انہیں گھورا

Posted On Kitab Nagri

مطلب آپ مجھے ووٹ نہیں دیں گی۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے ناراضگی سے پوچھا

مگر میں اکیلی_______بڑی سرکار نے سوچتے ہوئے یوشع کو دیکھا

آپ ایسا کریں اماں سائیں اور امثال کو بھی ساتھ لے لیں۔ آخر ملکہ باہر نکلے گی تو اس کی خادمیں بھی ساتھ ہونی چاہیے_____یوشع کیا جواب پر بڑی سرکار ہسنے لگیں۔

مجھے تیری یہی باتیں اچھی لگتی ہیں کہ تم میرے "مرتبے" اور "رتبے" کا ہمیشہ خاص خیال رکھتا ہے۔

چل بلا اپنی ماں اور اس نکمی کو_____بڑی سرکار کی اجازت پر یوشع نے نوکرانی کو اشارہ کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماما دیکھیں بھائی جیت گئے ہیں_____عکاشہ نیوز چینل پر چلتی خبر دیکھ کر چلایا۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے تو پہلے ہی یقین تھا کہ یوشع جیت جائے گا۔ ہائے کتنا پیارا لگ رہا ہے_______عدن نے ٹی وی پر نظر آتی یوشع کی تصویر کو دیکھتے ہوئے کہا

چلو جی حد ہو گئی۔ یہ تصویر تو بہت پرانی ہے۔ جو آپ آگے بھی کئی دفعہ دیکھ چکی ہیں_____عدن کے تبصرے پر عکاشہ نے وضاحت کی۔

ابھی کچھ دیر میں وہ بھائی کا لائیو انٹرویو کریں گے۔ پھر صدقے واری جانا_______عکاشہ نے عدن کو تازہ صورت حال سے آگاہ کیا۔ اتنی دیر میں یوشع کے گاؤں کا منظر ٹی وی والے دکھانے لگے جہاں اس وقت جشن کا سماں تھا۔

ناظرین آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح یہاں کے لوگ اپنے سردار کے جیتنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ اس وقت اس چھوٹے سے گاؤں میں عید کا سماں ہے۔ نیوز اینکر مسلسل گاؤں کی گھما گھمی پر تبصرہ کر رہے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

آیئے اب ہم آپ کو جوان اعلی تعلیم یافتہ اور آج کے کامیاب ایم این اے سردار یوشع حیدر آفندی سے ملواتے ہیں۔

جیسے ہی کیمرے کی آنکھ نے یوشع کے چہرے کا احاطہ کیا اس کا چمکتا دمکتا چہرہ ٹی وی سکرین کی زینت بنا

آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟ اینکر نے سوال کیا

ظاہر سی بات ہے کوئی بھی انسان اپنی کامیابی پر خوش ہی ہوتا ہے اور میں بھی ابھی بہت خوش ہوں۔

اپنے روایتی لباس میں ملبوس سنجیدہ سا یوشع آج بے حد خوش نظر آرہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ اپنی کامیابی کو کس کے نام کرتے ہیں۔۔۔۔؟؟؟ کمپیئر کے سوال پر عدن نے چونک کر سکرین کی طرف دیکھا

میری تمام کامیابیوں کے پیچھے "ماں" کا ہاتھ ہے______یوشع کا جواب عدن کو سرشار کر گیا۔

Posted On Kitab Nagri

آپ زیادہ خوش نہ ہوں وہ بڑی سرکار کی بات کر رہے ہیں_____عکاشہ نے عدن کے چہرے کو دیکھتے ہوئے طنز سے کہا

اس نے لفظ "ماں" استعمال کیا ہے جو میں بھی ہوں_____عدن اب پورے انہماک سے اس کا انٹرویو سننے لگیں تھیں۔

یوشع نے رسمی سوالوں کے جوابات دیتے ہیں حویلی کا رخ کیا۔جسے جیتنے کی خوشی میں دلہن کی طرح سجایا گیا تھا ہر طرف رنگ برنگے کھانے پک رہے تھے۔

حیدر آفندی نے یوشع کو دیکھتے ہی اپنے سینے سے لگایا

تم نے آج کمال ہی کر دیا ہے______حیدر آفندی کی خوشی ان کے چہرے سے عیاں تھی

Posted On Kitab Nagri

یوشع باپ کو ملنے کے بعد حویلی کے اندرونی حصے میں داخل ہوا تو اس کا استقبال بڑی سرکار اور راشدہ بیگم نے کیا

یوشع نے راشدہ بیگم کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے سرگوشی کی.

یہ کامیابی آپ کے نام اماں سائیں_____ اور بڑی سرکار کی طرف بڑھ گیا. یوشع نے احترام اور محبت سے ان کے پاؤں چھوئے.

تم نے میرا نام کیوں نہیں لیا جبکہ تمہاری ہر کامیابی کا سہرہ ہمارے سر ہے.....؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باوجود انتہائی خوشی کے بڑی سرکار نے گلہ کیا.

کیا آپ میری ماں نہیں ہیں....؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

میں تو آپ کو اپنی "ماں" سمجھتا ہوں اور آپ کے نام ہی اپنی کامیابی کی ہے______یوشع کے سوال پر بڑی سرکار خوش ہو گئیں.

تو اب سچ مچ کا سیاستدان بن گیا ہے_____ان کے مصنوعی پر یوشع نے ہنستے ہوئے انھیں اپنے ساتھ لگا لیا.

بڑی سرکار کے اشارے پر ملازمہ نے مٹھائی سے بھری پلیٹ ان کے آگے کی تو یوشع نے بڑی سرکار کا منہ میٹھا کروانے کے بعد راشدہ بیگم کو بھی اپنے ہاتھوں سے مٹھائی کھلائی.

ان دونوں کو مٹھائی کھلاتے ہوئے اسے امثال کا خیال آیا جو یہاں موجود نہ تھی. اس کا خیال آتے ہی یوشع ہاتھ میں برفی کی ٹکری لے کر سیڑھیاں چڑھنے لگا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کمرے کا دروازہ احتیاط سے کھولا مگر آگے خالی کمرہ اس کا منہ چڑھا رہا تھا لہذا احتیاط بیکار گئی.

یوشع نے مایوسی سے خالی کمرے کو دیکھا پھر ڈریسنگ روم، روش روم اور آخر میں ٹیرس کا رخ کیا.

Posted On Kitab Nagri

جہاں امثال بڑی دلچسپی سے نیچے ہوتے ہنگامے دیکھ رہی تھی. کبھی وہ اس حویلی کو دور سے دیکھ کر ترسا کرتی تھی اور آج_____ امثال بہت خوشی سے حویلی کی رونقیں دیکھ رہی تھی کہ اسے اپنے قریب ایک خوشبو کا احساس ہوا.

اس سے پہلے کہ وہ مڑتی یوشع نے جلدی سے برفی اس کے منہ میں ڈالی.

تمہیں میرے جیتنے کی خوشی نہیں ہوئی. تم کیوں نیچے میرا انتظار نہیں کر رہی تھی.....؟،؟

میں نے تمہاری غیر موجودگی کو بہت محسوس کیا ہے. یوشع نے اس کا رخ اپنی طرف کرتے ہوئے پوچھا

آپ میرا نام بھی تو لے سکتے تھے آخر میری وجہ سے ہی تو آپ جیتے ہیں_____ اگر میں ووٹ نہ ڈالتی تو ہار جاتے نااااا_____؟؟؟ امثال نے یاد دلایا.

ہاں تو میں نے بھی تمہارا نام ہی لیا ہے_____ یوشع کے جواب پر امثال نے اسے حیرت سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آپ نے اپنی کامیابی ماں کے نام کی ہے بیوی کے نہیں ______ امثال نے دہرایا.

میں نے "اپنی ماں" کا لفظ استعمال نہیں کیا صرف "ماں" کا کیا ہے اور تم میرے بچوں کی "ماں" ہو گی ______ یوشع کے جواب پر امثال نے سر نفی میں ہلایا.

نیچے بھی سب کو اسی طرح کا "چُونا" لگایا ہو گا.....؟؟ امثال کے جواب پر یوشع کا قہقہہ گونجا

تم مجھے جاننے لگی ہو ______ یوشع کہتا ہوا ریلنگ ساتھ ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا.

تم میری بیوی ہو اور تمہارا حق نہیں بنتا کہ مجھ پر شک کرو.....؟؟ یوشع نے نیچے نظر مارتے ہوئے کہا

میں نے تو "شک" کیا ہی نہیں ______ مجھے تو "یقین" ہے کہ آپ نے لفظ "ماں" کا بھرپور فائدہ اٹھایا ہے. امثال کا جواب یوشع کو لاجواب کر گیا

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

دونوں کے درمیان ایک ذو معنی خاموشی چھا گئی. یوشع ساتھ نیچے لان میں رنگ برنگے برقی قمقموں کو دیکھنا امثال کو بہت اچھا لگ رہا تھا .

مگر یوشع کے موبائل فون کی گھنٹی نے دونوں کو ایک دوسرے کے سحر سے نکالا

یوشع سکرین پر چھوٹی ماما کا نام جگمگاتا دیکھ کر مسکرایا .

اب انھیں بھی لفظ "ماں" کا چونا لگانا_____ امثال کہتی ہوئی کمرے میں چلی گئی جبکہ یوشع ان سے مبارک باد اور دعائیں لینے لگا .

میں آج بہت خوش ہوں. حیدر آفندی نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے با آواز بلند کہا شاید آج پہلی بار ایسا ہوا تھا کہ حیدر آفندی نے راشدہ بیگم کو خود سے مخاطب کیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آپ کو بیٹے کے جیتنے کی بہت خوشی ہے ناااا____راشدہ بیگم نے بستر ٹھیک کرتے ہوئے نارمل سے انداز میں پوچھا

تمہیں نہیں ہے کیا تمہارا بھی تو بیٹا ہے......؟؟؟حیدر آفندی نے حیرت سے پوچھا

نہ وہ میرا بیٹا ہے اور نہ ہی مجھے آپ جیسی خوشی محسوس ہو رہی ہے آگے بھی مجھ سے دور تھا. اب اور بھی ہو جائے گا. راشدہ بیگم کہہ کر پلٹنے لگیں کہ حیدر آفندی نے انھیں روکا

یہ کیسی باتیں کر رہی ہو.....؟؟

سہی کہہ رہی ہوں. وہ یا تو آپ کا بیٹا ہے یا بڑی سرکار کا یا پھر______راشدہ بیگم کی تیسری آپشن حیدر آفندی بخوبی سمجھتے تھے .

راشدہ تم کیوں خود کمپلیکس میں مبتلا کر رہی ہو...؟؟

Posted On Kitab Nagri

ایسا کچھ نہیں ہے وہ تم سے بہت محبت کرتا ہے اور میں اس بات کا گواہ ہوں_____حیدر آفندی کو راشدہ بیگم کی سوچ پر دکھ ہوا .

اور آپ____کیا آپ بھی محبت کرتے ہیں....؟؟راشدہ بیگم کے سوال پر حیدر آفندی اپنی نظروں کا زاویہ بدل گئے

جو باتیں ہم دونوں کے درمیان پہلے سے طے ہیں ان کو میرے خیال سے دہرانے کی ضرورت نہیں .

مگر باحثیت بیوی میں کبھی نہیں چاہو گا کہ تم احساس کمتری کا شکار ہو. اس حویلی اور یوشع پر تمہارا پورا حق ہے. بلکہ بڑی سرکار کے بعد تم ہی اس سب کی مالک ہو.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے ہمیشہ تمہاری عزت اور احترام کا خیال رکھا یے. باقی سمجھوتے کی شادیاں ایسی ہی ہوتیں ہیں _____حیدر آفندی نے بات ختم کی تو راشدہ بیگم چپ چاپ کمرے سے باہر نکل گئیں.

Posted On Kitab Nagri

تم سے محبت کرنا میرے بس کی بات نہیں تھی مگر میں نے کبھی تمہارے حقوق میں کوئی کوتاہی نہیں کی ہے____حیدر آفنندی ابھی راشدہ بیگم کے بارے میں ہی سوچ رہے تھے کہ ان کا فون بجا اور بند ہو گیا۔انہیں مس کال صرف ایک ہی نمبر سے آتی تھی۔

کیسی ہو۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے فوراً کال بیک کرتے ہوئے پوچھا

حیدر آپ کو بہت مبارک ہو۔عدن نے خوشی سے مبارکباد دی۔

شکریہ____حیدر آفندی کے لہجے میں عجیب سی اداسی تھی جسے فوراً عدن نے محسوس کیا

کیا ہوا آپ کیوں اداس ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

میں تو سوچ رہی تھی کہ آپ بہت خوش ہوں گے____عدن کے پوچھنے پر وہ مسکرانے لگے

مجھے کوئی خوش رہنے ہی نہیں دیتا تو میں کیا کروں۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

عدن میں ہار گیا ہوں تم دونوں کے درمیان پنڈولیم کی طرح جھولتے ہوئے۔ حیدر آفندی کا جواب عدن کو بھی سنجیدہ کر گیا

راشدہ نے آپ سے کچھ کہا ہے۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے آہستہ سے پوچھا

وہ صرف ایک ہی بات کہتی ہے جب کہ وہ اس کا جواب خود بھی اچھی طرح جانتی ہے۔

خیر آپ ان باتوں کو چھوڑیں اور یہ بتائیں کہ عکاشہ کی تاریخ لینے کب جانا ہے۔۔۔۔؟؟ حیدر آفندی نے موضوع بدلا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جب اس کے بابا اور بھائی آئیں گے اور ہاں اس دفعہ میری بہو کو بھی ساتھ لانا آگے ہی مجھے آپ نے شادی میں شرکت نہیں کرنے دی۔ عدن نے گلہ کیا

Posted On Kitab Nagri

آپ سب جانتی تو ہیں۔ میں بڑی سرکار کو مزید دکھ نہیں دے سکتا۔ آگے ہی وہ مجھے نافرمان بیٹا سمجھتی ہیں۔ حیدر نے بے بسی سے جواب دیا

آپ ایک دم سیریس نہ ہو جایا کریں میں نے مذاق کیا تھا۔ بس جلدی سے چکر لگائیں ویسے بھی یوشع نے حلف اٹھانے تو آنا ہی ہے۔ عدن کی بات پر حیدر نے حامی بھر لی۔

بھائی یارررر جلدی سے آجاؤ مجھے بھی پارلیمنٹ دیکھنے کا بہت شوق ہے۔ میں نے بھی آپ کی حلف برداری میں شرکت کرنی ہے____عکاشہ کی فرمائش پر یوشع مسکرایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تیرے سوا میں اور کس کو ساتھ لے کر جاؤں گا ایک ہی تو میرا بھائی ہے____یوشع کے جواب پر عکاشہ دل سے خوش ہوا

Posted On Kitab Nagri

ویسے خاصی اچھی بات ہے۔ آپ کے بقول آپ کی تین مائیں ہیں۔ اور بھائی صرف ایک ______

عکاشہ کے سوال پر یوشع نے قہقہ لگایا

اب اس بارے میں تو میں کچھ کر نہیں سکتا مگر تجھے چاچو کہنے والے زیادہ ہوں گے یہ وعدہ ہے ______

یوشع کا جواب عکاشہ کو حیران کر گیا

کیا یہ ایک سیاسی وعدہ ہے۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ آبرو اچکائی۔

نہیں فی الحال تو یہ ایک بھائی کا وعدہ ہے ______یوشع مستقل خوشگوار موڈ میں تھا

پھر کب آرہے ہیں۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے پوچھا

میں بابا اور امثال کچھ دنوں تک شہر آرہے ہیں۔یوشع نے اپنا پروگرام بتایا

اس دفعہ آپ اپنے کام کے ساتھ ساتھ میرا بھی ایک کام کریں گے۔عکاشہ نے قدر سنجیدہ لہجے میں کہا

Posted On Kitab Nagri

ہاں وہ بھی تو کرنا ہے_____یوشع نے شادی کی طرف اشارہ کیا

نہیں وہ تو ہو ہی جائے گا۔مجھے کچھ اور کام بھی ہے "ماں" کے بارے میں_____عکاشہ کے جواب پر یوشع مکمل سنجیدہ ہو گیا۔

کیا کام ہے۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے اب کی بار مکمل سنجیدگی سے پوچھا

مجھے ان کی آنکھوں میں ہمیشہ یہ حسرت نظر آتی ہے کہ انہیں حویلی میں ان کا مقام ملے اور وہ مقام آپ انہیں دلائیں گے____یوشع کو عکاشہ سے اتنی سنجیدگی کی امید نہ تھی۔

www.kitabnagri.com

میں ابھی تک حویلی میں اپنی بیوی کو اس کا مقام نہیں دلا سکا تو چھوٹی ماما کو کیسے دلا سکتا ہوں۔۔۔۔؟؟؟یوشع کا جواب عکاشہ کو خاموش کر گیا۔

دیکھو عکاشہ یہ حویلی اور اس کے مکین فلحال بڑی سرکار کے اشاروں پر چلتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ایک کمزور اور بوڑھی عورت ہیں۔ میں یا بابا جب چاہیں انہیں ایک سائیڈ پر کر سکتے ہیں۔ مگر ہمارا مذہب، ضمیر اور معاشرتی اقتدار ہمیں اس سب کی اجازت نہیں دیتے۔

ان کو مان ہے کہ ان کے آگے کوئی نہیں بول سکتا۔وہ جو بھی کہیں گی وہی ہو گا۔تو کیا فرق پڑتا ہے اگر ہم ان کا مان رکھ لیتے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

اگر تمہیں یہ دکھ ہے کہ چھوٹی ماما کو حویلی میں ان کا مقام نہیں ملا تو میرے بھائی مجھے بھی اس بات کا دکھ ہے کہ میری ماں کو بابا کے دل میں وہ مقام نہیں ملا جو چھوٹی ماما کا ہے۔

لیکن میں نے اس بنا پر کبھی چھوٹی ماما سے نفرت نہیں کی کہ انہوں نے میری ماں کے حق پر ڈاکہ ڈالا ہے۔

بڑوں کو ان کے حال پر چھوڑ دینا چاہیے وہ جو کرتے ہیں انہیں خود بھی بھگتنا پڑتا ہے۔

Posted On Kitab Nagri

کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہر کسی کی زندگی میں محرومیاں ہوتی ہیں۔ہماری زندگی مکمل نہیں ہو سکتی۔یہ قدرت کا قانون ہے۔

جب تک بڑی سرکار زندہ ہیں تب تک تو میں اس بارے میں کچھ نہیں کر سکتا مگر جب وہ نہ رہی تب میں وعدہ کرتا ہوں اگر میں زندہ رہا تو چھوٹی ماما کو اس حویلی میں خود لاؤں گا۔

یوشع کا جواب عکاشہ نے مکمل خاموشی سے سنا۔اتنی خاموشی سے کہ یوشع کو شک ہوا کہیں وہ چلا تو نہیں گیا۔

عکاشہ تم سن رہے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پکارنے پر وہ ہنکار بھر گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اداس مت ہو وقت کے ساتھ ساتھ سب خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے۔یوشع نے تسلی دی

آپ کی زندگی تو مکمل ہے ہر اعتبار سے آپ کو کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے ماں کے دکھ میں یوشع کو بول تو دیا مگر پھر خود ہی اسے اپنی جلد بازی کا احساس ہوا

Posted On Kitab Nagri

میری زندگی میں بھی دکھ ہیں۔ چلو کچھ شیئر کرتا ہوں۔اس لیے نہیں کہ تم مجھ سے ہمدردی کرو بلکہ اس لیے کہ تمہیں اندازہ ہو میں کوئی آسمان سے نہیں اترا ہوا۔

بڑی سرکار مجھ سے یہ امید رکھے ہوئے ہیں کہ میں ایم این اے بننے کے بعد امثال کو طلاق دے دوں گا جو کہ میرے لیے ناممکن ہے مگر بڑی سرکار کی بات ٹالنا میرے بس کی بات نہیں۔

اماں سائیں سمجھتی ہیں کہ میں بڑی سرکار اور بابا کا بیٹا ہوں۔ مجھے ان سے محبت ہی نہیں ہے۔جب کہ میں ہمیشہ ان کے لئے بابا اور بڑی سرکار سے بات کرتا رہا ہوں اسی لیے حویلی چھوڑ کر بھی کہیں نہیں جاتا کہ کوئی ان ساتھ برا سلوک یا زیادتی نہ کرے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امثال سمجھتی ہے کہ وہ غریب ہے تو میں نے اس کے ساتھ زبردستی کی ہے اپنی ضد اور انا میں آ کر وہ مانتی ہی نہیں کہ مجھے اس سے محبت ہے۔۔۔۔؟؟؟______

Posted On Kitab Nagri

مجھے یہ تینوں عورتیں بے حد عزیز ہیں اور یہ تینوں عورتیں ہی آپس میں ایک دوسرے کو پسند نہیں کرتیں۔

اور میرا اکلوتا بھائی یہ سمجھتا ہے کہ میں اس کی ماں جو مجھے بھی اپنی ماں جیسی لگتی ہے اس کو اس کا مقام جان بوجھ کر نہیں دلا رہا۔

ان سب رشتوں میں جو مجھ سے محبت کے دعویدار بھی ہیں میں بالکل اکیلا ہوں______یوشع کے دکھ اور سنجیدہ لہجے پر عکاشہ کو شدید شرمندگی ہوئی۔

آپ نے اپنے دکھ تو بتا دیئے کبھی مجھ سے پوچھا ہے کہ مجھے آج کل کس بات کا دکھ ہے۔۔۔؟؟
عکاشہ نے بھی اتنی ہی سنجیدگی سے سوال کیا

تمھیں کس بات کا دکھ ہے۔۔۔۔؟؟؟یوشع واقعی ہی حیران تھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے اس بات کا بہت دکھ ہے کہ میری شادی دیر سے ہو رہی ہے اور آپ اس دیر کی وجہ ہیں کیونکہ ماما اپنے بڑے بیٹے کے بغیر چھوٹے کی شادی کر ہی نہیں سکتیں۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے ماحول کو اداسی سے نکالنا چاہا

شادی کے بعد بھی بہت سارے مسائل ہوتے ہیں۔ شکر کرو تمہیں وہ سب نہیں دیکھنا پڑیں گے تم اس معاملے میں مجھ سے زیادہ خوش قسمت ہو_____یوشع کو اپنی شادی یاد آگئی۔

ہائے مس موسلادھار کو آپ نہیں جانتے۔ عکاشہ نے سرد آہ بھری

اسے تو نہیں مگر تمہیں تو جانتا ہوں_____یوشع نے قہقہہ لگایا

بھائی یار یہ غلط بات ہے اپنے بندے کا ساتھ دیں مخالف پارٹی کو چھوڑیں۔ آگے ہی ماما اس کا ساتھ ایسے دیتی ہیں جیسے میں ان کا داماد ہوں اور وہ بیٹی ہو۔ عُکاشہ نے شکایت لگائی۔

Posted On Kitab Nagri

میں امثال کو اسی لیے ساتھ لا رہا ہوں تاکہ اس وہ عدن ماما کو دیکھے۔ میری ذاتی خواہش ہے کہ اس میں عدن ماما جیسی صفات پیدا ہو جائیں۔ یوشع نے حسرت کی

اور میری ذاتی خواہش یہ ہے کہ ماہم میں مجھ جیسی صفات پیدا ہو جائیں۔ آخر میں نے اسے اپنا خون دیا ہے۔ عکاشہ کی بات پر یوشع نے بے ساختہ قہقہ لگایا اور ہنستا ہی چلا گیا

اس وقت سب ہی بہت خوش بیٹھے چائے پی رہے تھے کیونکہ وہ ابھی ابھی زبیر صاحب کے گھر سے شادی کی تاریخ لے کر آئے تھے.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امثال زندگی میں پہلی بار شہر آئی تھی۔ وہ جو چیزیں اور عمارتیں صرف ٹی وی میں دیکھتی تھی آج اسے یوشع کی وجہ سے وہ سب دیکھنا نصیب ہو رہا تھا۔ جس کے لئے وہ محبت بھری نظروں سے یوشع کو دیکھ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

امثال خوشی سے عدن ساتھ بیٹھی باتوں میں مصروف تھی جب یوشع حیدر آفندی اور عکاشہ کے پاس سے اٹھ کر ان کے ساتھ آبیٹھا۔

ماما آپ اسے کیا دکھا رہی ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے البم پر نظر مارتے ہوئے پوچھا

میں اسے اپنی اور حیدر کی لندن والی تصویریں دکھا رہی ہوں۔ عدن کے جواب پر یوشع نے چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے سر ہلایا

امثال تم نے ماما کے پودے دیکھے ہیں بہت ہی نایاب پودے ہیں ______یوشع نے امثال کو مخاطب کرتے ہوئے کہا جب کہ امثال کو پودوں میں کوئی دلچسپی نہ تھی مگر جو جگہیں وہ البم میں دیکھ رہی تھی وہ اس کے لئے دلچسپی کا باعث تھیں۔

عقاشہ ادھر آؤ امثال کو وہ پودے دکھاؤ جو ماما نے لگائے ہیں ____یوشع نے عکاشہ کو پکارا جب کہ امثال نے انتہائی ناگواری سے یوشع کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

چلو اٹھو______امثال کو نہ اٹھتا دیکھ کر یوشع نے دوبارہ کہا تو وہ عدن کا لحاظ کرتی اٹھ گئی ورنہ اس کا چہرہ بتا رہا تھا کہ وہ اس وقت غصے میں ہے۔

کیا کوئی بہت ہی خاص بات کرنی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے البم بند کرتے ہوئے یوشع کی طرف دیکھا

آپ کو کیسے پتہ۔۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے محبت سے انہیں اپنے حصار میں لیا۔

جس طرح تم نے اپنی بیگم کو زبردستی یہاں سے بھیجا ہے مجھے اندازہ ہو گیا ہے۔عدن کی وضاحت پر یوشع مسکرایا

میں اس کے ساتھ زبردستی نہیں کرتا میں تو ایک مظلوم سا شوہر ہوں۔یوشع کے جواب دیا عدن نے اسے گھورا

Posted On Kitab Nagri

وہ بہت معصوم اور سادہ مزاج لڑکی ہے۔اس کی خوشیوں کا خیال رکھا کرو فائدے میں رہو گے۔عدن کی بات پر یوشع نے سر کو خم دیا۔

اب بتاؤ تمہیں مجھ سے کیا کام ہے۔کیا کہنا چاہتے ہو۔۔۔۔۔؟؟؟ عدّن نے یوشع کی فرمابرداری پر خوش ہوتے ہوئے پوچھا

کہنا کچھ نہیں ہے معافی مانگنی ہے۔میں آپ سے بہت شرمندہ ہوں۔آپ پلیز مجھے معاف کر دیں۔ یوشع ایک دم نہایت سنجیدہ ہو گیا تو عدن کو شدید حیرت ہوئی۔

معافی____معافی کیوں مانگ رہے ہو۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نے کیا کیا ہے۔۔۔۔؟؟؟عدن نے نا سمجھی سے یوشع کی طرف دیکھا

میں آپ کو حویلی میں آپ کا مقام چاہ کر بھی نہیں دلا سکتا____یوشع نے سر جھکایا تو عدن کو پوری بات سمجھ آگئی۔

Posted On Kitab Nagri

یہ بات تم سے یقیناً عکاشہ نے کی ہو گی۔۔۔۔؟؟؟عدن نے پوچھا تو یوشع عدن سے جھوٹ نہیں بول سکا

مجھے حویلی میں کوئی مقام نہیں چاہیے۔جہاں مجھے مقام چاہیے تھا وہاں ملا ہوا ہے____عدن نے اپنے سے دور بیٹھے حیدر آفندی کو دیکھ کر کہا

ہاں مگر کبھی کبھی دل کرتا ہے کہ حویلی میں مجھے بھی حیدر کی بیوی ہونے کے ناطے تھوڑا سا رتبہ ملے مگر کوئی بات نہیں_____عدن اداس ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چھوٹی ماما میں اور بابا بڑی سرکار کو دکھی نہیں کر سکتے۔وہ ہم سے بہت محبت کرتی ہیں۔اسی لیے ہم ان کی محبت کے آگے چپ ہو جاتے ہیں۔آخر وہ ہماری بڑی ہیں۔ہم انہیں غلط نہیں کہہ سکتے_____یوشع کے جواب پر ادند نے اس کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا

بڑی سرکار کا لاڈلا بول رہا ہے۔عدن کے کہنے پر یوشع ہنسا

Posted On Kitab Nagri

کیا کروں انہوں نے پالا ہی بہت لاڈ سے ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں____ یوشع نے کندھے اچکائے اتنی دیر میں امثال واپس آکر بیٹھ گئی۔

ماما میں چاہتا ہوں آپ اسے بھی اپنی طرح بنا دیں۔ کچھ سکھائیں اسے_____ یوشع نے امثال کی طرف دیکھتے ہوئے شرارت سے کہا

یہ تو آگے ہی بہت سمجھدار اور اچھی بچی ہے۔ میرے خیال سے اسے نہیں تمہیں سمجھانے کی ضرورت ہے۔ عدن نے محبت سے امثال کو اپنے ساتھ لگایا تو یوشع نے مدد طلب نظروں سے عکاشہ کی طرف دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے ایسے مت دیکھیں ابھی آپ نے انھیں مس موسلادھار کی حمایت کرتے ہوئے نہیں دیکھا ورنہ _____عکاشہ توبہ کرتے ہوئے حیدر آفندی کی طرف چل دیا۔ جب کہ عدن نے محبت سے یوشع اور امثال دونوں کو ہی اپنے ساتھ لگالیا

Posted On Kitab Nagri

شکر ہے اللہ نے مجھے یہ دن دکھایا ہے۔ حیدر میں آج بہت خوش ہوں۔ عدن نے حیدر آفندی پر فیوم چھڑکتے کرتے ہوئے کہا

اچھا جی اگر آپ خوش ہیں تو میں بھی بہت خوش ہوں۔ کیونکہ میری خوشی کی اصل وجہ ہی آپ ہیں۔ حیدر آفندی نے سفید شلوار قمیض کے اوپر بلیک واسکٹ پہنتے ہوئے جواب دیا

بس آپ کو ہر وقت ان کی فکر رہتی ہے۔ کم از کم آج کے دن تو میری فکر کا لیں۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے دروازہ بجاتے ہوئے دونوں کو ڈسٹرب کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم ابھی تک سیلون نہیں گئے۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے گھڑی کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

سیلون تو تب جاؤ گا نا!!!! جب کپڑے پہنوں گا ____ عکاشہ نے دروازے ساتھ ٹیک لگاتے ہوئے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

توپہنو ناااکپڑے____کب پہنو گے۔۔۔۔؟؟؟عدن نے غصے سے اسے دیکھا

کیسے ___ کیسے پہنو۔۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھا تو حیدر آفندی اسے دیکھ کر مسکرا دیئے۔

اتنے بڑے ہو گئے ہو اور ابھی تک یہ نہیں پتہ کہ کپڑے کیسے پہنتے ہیں۔۔۔۔۔؟؟؟

عکاشہ کسی وقت تو معاف کر دیا کرو____عدن نے چڑتے ہوئے اسے ڈانٹا۔

مجھے کپڑے پہننا آتے ہیں اور میرے خیال سے میں خود ہی پہنتا ہوں۔ مگر اب یہ "شیروانی" تیار ہی نہیں کہ میں اسے پہنو۔ نخرے دکھا رہی ہے اب اس میں میری کیا غلطی ہے۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے اپنی مجبوری بتائی۔

Posted On Kitab Nagri

بات سیدھی اور جلدی کرو۔ وقت دیکھو کیا ہو رہا ہے بارات بھی لے کے جانی ہے۔۔۔۔؟؟؟ عدن نے اس کے قریب جاتے ہوئے پوچھا

مجھے شیروانی تنگ ہے۔ عکاشہ نے اپنا کان کھجایا تو عدن کو سارا مسئلہ سمجھ آنے لگا

ٹھیک ہے جو مرضی پہن لو مگر کچھ پہن ضرور لینا_____عدن کہتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی تو عکاشہ نے آبرو اچکا کر حیدر آفندی کو دیکھا

ویسے ہر وقت مجھے کوستی رہتی ہیں اور آپ نے اپنی بیگم کی حرکتیں دیکھیں ہیں کیا کہہ کر گئی ہیں۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ شکایت لگاتا یوشع کے کمرے کی طرف چل دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امثال ادھر آؤ مجھے یہ کف لنک لگا دو_____یوشع نے جان بوجھ کو امثال کو مخاطب کیا جو اس وقت اپنی چپل پہننے میں مصروف تھی۔

Posted On Kitab Nagri

ایک تو مجھ سے یہ جوتے نہیں پہنے جا رہے تو میں ان چلوں گی کیسے ۔۔۔۔؟؟؟ امثال نے گولڈن ہیل والی چپل کی طرف اشارہ کیا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

اچھا میں پہنا دیتا ہوں مگر ایک شرط پر کہ تم بھی مجھے کف لنک لگا کر دوں گی۔ یوشع کہتا ہوں امثال کی طرف بڑھنے لگا جب دروازے پر عکاشہ نظر آیا۔

شادی میری ہے اور جدھر جاؤ سب نے اپنا ہی رومانس شروع کیا ہوا ہے۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ بڑبڑاتا ہوا اندر داخل ہوا

کیا میں اندر آسکتا ہوں۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے یوشع کے قریب آتے ہوئے پوچھا

اب وہ کتنا اندر آؤ گے اب تو کمرے کی حدود بھی ختم ہونے والی ہے ______ یوشع نے دیوار کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھے لگ رہے ہیں ______ عکاشہ نے یوشع کا جائزہ لیتے ہوئے کہا تو امثال بھی مسکرادی

یہ ڈائیلاگ ویسے میری بیوی کے تھے ______ یوشع نے پلٹ کر امثال کو دیکھا جو دونوں بھائیوں کی گفتگو مزے سے سن رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

آپ ابھی تک تیار کیوں نہیں ہوئے۔۔۔۔۔۔؟؟؟امثال نے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

مجھے شیر وانی نہیں پہننی____عکاشہ منہ بناتا ڈریسنگ ٹیبل پر بیٹھ گیا

ویسے تمہیں اس بات کا جلدی خیال نہیں آگیا ولیمہ کے بعد سوچ لیتے کہ بارات پر کیا پہننا ہے ۔۔۔؟؟؟یوشع کے طنز پر امثال ہنسنے لگی جبکہ عکاشہ دونوں کو گھور رہا تھا

چلو پھر ایسا کرو جنز اور جاگرز ہی پہن لو_____بارات کا وقت ہو رہا ہے۔یوشع نے کلائی پر گھڑی باندھتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شادی کے بعد آپ کی زبان خاصی میٹھی ہوتی جارہی ہے۔عکاشہ کی بات پر یوشع نے بھرپور قہقہہ لگایا جبکہ امثال کو بات سمجھ نہیں آئی۔

طنز نہ کریں میرا مسئلہ حل کریں____عکاشہ نے دونوں ہاتھوں میں موبائل گھمایا

Posted On Kitab Nagri

یہ میرا ہے

____یوشع نے عکاشہ کے ہاتھ سے موبائل لیتے ہوئے اپنی پاکٹ میں رکھا

امثال اگر تم نے چپل پہن لی ہے تو جا کر ماما سے پوچھو کوئی کام تو نہیں ہے۔ ویسے اس حالت میں تم کیا خاک کام کروں گی۔۔۔۔۔۔؟؟یوشع کی بات پر امثال چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی کمرے سے باہر نکل گئی۔

میرے خیال سے وہ ناراض ہو کر گئی ہیں۔ عکاشہ نے امثال کی پشت کو دیکھتے ہوئے تبصرہ کیا

اسے چھوڑو وہ میرا مسئلہ ہے اور تم بتاؤ کہ تمہارا مسئلہ کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

یوشع نے شیشے میں اپنی تیاری پر آخری نظر ڈالی اور عکاشہ کو دیکھا جو بظاہر لاپرواہ بنا ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اب اس منہ سے نکال بھی دو جو اس دماغ میں تیار ہو رہا ہے۔یوشع کی شرارت سمجھتے ہوئے عکاشہ مسکرایا

مجھے آپ جیسے کپڑے پہنے ہیں جیسے آپ نے اپنی شادی پر پہنے تھے وہی روایتی لباس_____عکاشہ کی فرمائش پر یوشع نے پہلے اسے پھر گھڑی کو دیکھا

اگر تمہارا ایسا ارادہ تھا تو پہلے بتا دیتے۔اب اتنے کم وقت میں یہ سب کیسے ہو گا۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کو سچ مچ حیرت ہوئی

بھائی یار آپ لوگ بارات لے کر چلے جائیں میں بعد میں آجاؤں گا____عکاشہ کے جواب پر یوشع کا دل کیا اپنا سر پیٹ لے۔

دولہے کے بغیر بارات ھوتی ھے____یوشع نے پوچھا یا بتایا عکاشہ نے نوٹس لینا ضروری نہیں سمجھا

Posted On Kitab Nagri

میں نے آپ جیسے کپڑے پہنے ہیں۔ آخر میں بھی تو حیدر آفندی کا بیٹا ہوں۔ تو مجھے بھی اپنی شادی پر روایتی ڈریس پہننا چاہیے۔ جو شروع سے آفندی خاندان میں چلتا آیا ہے۔

دادا نے بھی پہنا___بابا نے پہنا___آپ نے پہنا اور اب میں بھی_____عکاشہ کی لوجک پر یوشع کا سر گھوم گیا

پہلے بتاتے نااااا___اب دیر ہو گئی ہے۔ چلو شاباش شیر وانی پہن لو۔ وقت دیکھو کیا ہو رہا ہے وہ لوگ انتظار کر رہے ہوں گے۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے موقع کی نزاکت کو مد نظر رکھتے ہوئے سمجھانا چاہا

انہیں انتظار کرنے دیں۔ آپ ان کی فکر نہ کریں۔ سسرال والوں کو زیادہ سر نہیں چڑھانا چاہیے۔ عکاشہ نے آنکھ ماری تو یوشع نے ہار مانتے ہوئے اپنا موبائل نکالا

نوید تم اس وقت کہاں ہو۔۔۔۔؟؟؟یوشع کے پوچھنے پر نوید نے اپنے سامنے ناراض بیٹھی بتول کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

سائیں ڈیرے پر ہوں۔نوید کا جواب بتول کو حیران کر گیا

خیریت اس وقت ڈیرے پر ہو۔۔۔۔؟؟؟یوشع نے گھڑی کی طرف دیکھا جو صبح کے دس بجا رہی تھی۔

سائیں وہ ایک "بھینس" کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی تو____نوید نے اتنا ہی کہا تھا کہ یوشع نے اسے وہیں رکنے کا کہا اور کال بند کر دی

میں بھینس ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟بتول نے شدید دکھ اور غصے سے پوچھا

یہ ڈیرہ ہے۔۔۔۔۔؟؟؟نوید نے بھی اسی انداز میں پوچھا

نوید تم نے یہ بکواس میرے بارے میں کی ہے۔۔۔۔۔؟؟؟بتول جو آگے ہی نوید سے ناراض تھی مزید بگڑ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

بی پی اگر میں یہ نہ کہتا تو سائیں نے کوئی کام کہہ دینا تھا اور پھر آپ مجھ سے مزید ناراض ہو جاتیں ____نوید نے اپنے بہانے کی وجہ بتائی۔

بات مت کرو مجھ سے____بتول دوبارہ منہ موڑ کر بیٹھ گئی۔

بیبی میں آپ کو کیسے سمجھاؤں کہ میں آپ کو یوں باہر نہیں لے جا سکتا۔۔۔۔؟؟

حویلی میں اس وقت بڑے سائیں اور یوشع سائیں موجود نہیں ہیں اور ان کی غیر موجودگی میں حویلی کی ساری ذمہ داری مجھ پر ہے۔نوید نے اپنی مجبوری بتائی۔

مجھے نہیں پتہ مجھے گھومنے پھرنے جانا ہے۔بتول نے ضد کی۔

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

اچھا یوشع سائیں آتے ہیں تو آپ ان سے اجازت لے لیجئے گا پھر آپ جہاں کہیں گی میں آپ کو لے جاؤنگا۔نوید نے ہار مانی

Posted On Kitab Nagri

میں نے شادی تم سے کی ہے اور میری خواہش پوری کرنا تمہاری ذمہ داری ہے کیسے یہ میں نہیں جانتی ---؟؟بتول غصے سے کہتی اٹھ کے جانے لگی

اسی لئے آپ کو سمجھ آتا تھا کہ مجھ سے شادی نہ کریں پچھتائیں گی مگر آپ تو_______نوید کے بات پر بتول غصے سے پلٹی

میرے خون میں پچھتانا شامل نہیں ہے اور یہ جو تم ہر وقت سائیں سائیں بی بی کی رٹ لگائے رکھتے ہو اس کا حل بھی ہے میرے پاس______بس ذرا چچا سائیں شہر سے واپس آجائیں۔بتول دھمکی دیتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی جب کہ نوید کو آنے والے وقت سے خوف آنے لگا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دونوں کہاں رہ گئے ہیں یہ سب کیا ہے-----؟؟؟حیدر آفندی نے کوئی تیسری بار عدن سے پوچھا تھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے کیا پتہ ان کی گاڑی پہلے نکلی تھی عکاشہ کہہ رہا تھا کہ ہم سیلون سے سیدھا ہوٹل پہنچ جائیں گے

_____عدن نے قدر شرمندگی سے جواب دیا

اس وقت سب باراتی ہوٹل سے کچھ فاصلے پر رکے دولہے کی گاڑی کا انتظار کر رہے تھے جب کہ عکاشہ،یوشع کو لیے بازار میں گھوم رہا تھا_

بس کردے یارررررر_____بار بار باباسائیں کی کال آرہی ہے۔یوشع نے بے بسی سے کہا

بس یہ آخری شاپ ہے۔یہاں سے پکا میں ڈریس خرید لوں گا_____عکاشہ کے جواب پر یوشع نے ایک گہرا سانس خارج کیا اور دکان کے اندر قدم رکھا

عکاشہ کپڑے پسند کرنے لگا جبکہ یوشع کا موبائل بری طرح چیخنے میں مصروف تھا۔

پھر باباسائیں کی کال آرہی ہے_____یوشع نے عکاشہ کو موبائل سکرین دکھائی جس پر عکاشہ نے کوئی رسپانس نہیں دیا۔

Posted On Kitab Nagri

تم دونوں کب تک پہنچ رہے ہو۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی کی گرجدار آواز سپیکر سے باہر سنائی دی۔

باباسائیں بس دس منٹ ______یوشع پچھلے ایک گھنٹے سے انہیں یہی جواب دے رہا تھا۔

تمہارے "دس منٹ" میں کتنے "گھنٹے" ہوتے ہیں بس مجھے یہ بتادو۔۔۔۔۔؟؟؟حیدرآفندی کے جواب پر یوشع نے عکاشہ کو غصے سے گھوراجبکہ وہ دانت نکال رہاتھا

بابابس میں آرہاہوں ___یوشع نی دکان سے باہر قدم بڑھائے۔

تمہارا آنا ضروری نہیں ہے۔اس "گدھے "کو لے کر آؤ جس کی آج "شادی" ہے ورنہ ہم لڑکی والوں کو کیاجواب دیں گے _____حیدر آفندی کا غصہ آسمانوں کو چھورہاتھا۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی یار اتنا سیر یس ہونے کی ضرورت نہیں ہے بڑوں کا کام ہی یہی ہوتا ہے بس میں ابھی تیار ہو کر آیا ______عکاشہ یوشع کا کندھ تھپکتا ڈریسنگ روم کی طرف چل دیا جبکہ یوشع نے بے بسی سے ہوا میں مکا مارا

کیا کہا یوشع نے______عدن نے بے چینی سے پوچھا

تمہاری اور میری اولاد اصل میں ہم دونوں کی بالکل نہیں لگتی۔ حرام ہے کہ ایک بھی صفت ان میں ہمارے والی ہو______حیدر آفندی کے جواب پر عدن نے ناراض نظر سے دیکھا

صحیح کہہ رہا ہوں چلو ہم لوگ چلتے ہیں۔ زبیر صاحب کا بار بار فون آ رہا ہے کچھ تو انہیں تسلی ملے گی ____حیدر آفندی نے عدن کو جواب دیتے ہوئے ڈرائیور کو گاڑی چلانے کا اشارہ کیا تو دوبارہ زبیر صاحب کی کال آنے لگی

Posted On Kitab Nagri

آپ ایک دفعہ کال اٹھا کر تسلی بخش جواب دے دیں۔ آخر لڑکی والے ہیں۔ دیر پر پریشان ہو رہے ہوں گے۔ ہماری غلطی ہے بہت دیر ہو گئی_____عدن کے کہنے پر حیدر آفندی نے کال اٹینڈ کی۔ مگر جو خبر آگے سے سننے کو ملی اس نے حیدر آفندی کے ہوش اڑا دیئے

یہ کب کی بات ہے۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے بمشکل الفاظ ادا کیے۔

اچھا اچھا میں دیکھتا ہوں آپ پریشان نہ ہوں۔ شاید کسی نے شرارت کی ہو گئی۔ حیدر آفندی انھیں تسلی دیتے کال کاٹ گئے۔

ابھی آپ مجھ سے ناراض ہو رہی تھیں کہ میں انہیں ایسا کیوں بول رہا ہوں۔ اب آپ خود ہی دیکھ لیں کہ عکاشہ نے کیا حرکت کی ہے۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے گاڑی کے دروازے پر مکا مارتے ہوئے کہا جس پر عدن تڑپ کر رہ گئیں۔

Posted On Kitab Nagri

اس نے زبیر صاحب کو فون کر کے کہا ہے کہ دولہے کی گاڑی کا "ایکسیڈنٹ" ہو گیا ہے اس لیے بارات لیٹ آئے گی۔ وہ اسکی خیریت پوچھ رہے تھے ______ حیدر آفندی کی بات سن کر عدن کو شدید غصہ آیا

عکاشہ کو فون دو ______ عدن نے فوراً عکاشہ کو کال کی جو یوشع نے اٹھائی۔

ماماوہ تیار ہو رہا ہے ____ یوشع نے جواب دیا

اسے کہو 10 منٹ کے اندر اندر ہوٹل پہنچے اور مجھے تم سے اتنی بے وقوفی کی امید کم از کم آج کے دن نہ تھی کہ تم اس گدھے کا ساتھ دو گے _____ عدن نے غصے سے کہتے ہوئے کال کاٹ دی جبکہ یوشع موبائل کان ساتھ لگائے ابھی بھی کھڑا تھا۔

یہ سب آج میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع خود بھی الجھ گیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جیسے ہی عکاشہ تیار ہو کر نکلا یوشع نے اسے تاریفی کی نظروں سے دیکھا اپنے باپ دادا کے روایتی لباس میں وہ کسی جاگیر کا سردار لگ رہا تھا۔

چلو بھائی اب جلدی کرو ماما اور بابا دونوں ہی آج شدید غصے میں ہے ہیں۔ یوں مشع کہتا ہوا سیلون سے باہر نکلا اور گارڈز کو گاڑی لانے کا اشارہ کیا۔

بھائی یارررر آرام سے گاڑی چلائیں مجھے کوئی "جلدی" نہیں ہے اور جب مجھے جلدی نہیں ہے تو پھر آپ سب کو کیوں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے یوشع کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

تجھے جلدی نہیں ہے لیکن لڑکی والے تو انتظار کر رہے ہوں گے ناااا۔۔۔۔۔۔۔یوشع نے تیزی کی وجہ بتائی۔

ان کی آپ فکر نہ کریں میں نے زبیر صاحب کو فون کر کے بتا دیا تھا کہ دلہے کی گاڑی کا "ایکسیڈنٹ" ہو گیا ہے بارات لیٹ آئے گی۔۔۔۔۔؟؟

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ یوں بتا رہا تھا جیسے وہ اپنے بارے میں نہیں کسی اور کی بات کر رہا ہو۔

عکاشہ_____یوشع بس اتنا ہی کہہ سکا

وہ کیا ہے ناااا مجھے مس موسلا دھار "روتے" ہوئے بہت پیاری لگتی ہے۔ دلہن بنی ہوئی ساتھ ہلکی پھلکی بوندا باندی سوچیں____عکاشہ کی مسکراہٹ گہری ہوئی جبکہ یوشع نے نفی میں سر ہلایا

یوشع اپنے برابر بیٹھی ہوئی ہے اس "مخلوق" جس کا نام "عکاشہ" تھا کو مسلسل دیکھے جا رہا تھا۔اس کے بارے میں کوئی بھی اندازہ لگانا تقریباً ناممکن تھا یہ کبھی بھی کچھ بھی کر سکتا تھا اس بات کا اندازہ آج شام کو بخوبی ہو گیا تھا۔

بس کر دیں اب نظر لگائیں گے کیا۔۔۔۔؟؟یوشع کے دیکھنے پر عکاشہ نے اسے شرارت سے کہا پھر گاڑی میں ایک سکوت چھا گیا کہ اچانک عکاشہ کا قہقہہ گونج اٹھا اور اس نے یوشع کو گلے لگا لیا۔

Posted On Kitab Nagri

قیمتی گاڑیوں کی ایک لمبی قطار بارات کی صورت میں ہوٹل پہنچی تو زبیر صاحب اور ہارون نے ان کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ عدن اور حیدر آفندی دونوں بھائیوں سے سخت ناراض تھے۔ ہوٹل کا وقت ختم ہو رہا تھا لہذا نکاح کے بعد فورا کھانا لگا دیا گیا۔

یوشع مجھے تم سے اتنی غیر ذمہ دار رویے کی امید نہ تھی۔ جیسے ہی یوشع نے عدن کو مبارک دی اس نے فورا گلہ کیا۔

اچھا اچھا گلہ بات کے لئے اٹھا رکھتے ہیں ابھی یہ بتائیں آپ کی بہو کہاں ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے ہال میں امثال کو ڈھونڈتے ہوئے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اندر ہے اور بہت خوش ہے۔ ایسا کرو اسے کچھ دنوں کے لیے میرے پاس ہی چھوڑ دو۔ عدن کی بات پر یوشع نے انہیں مسکرا کر دیکھا

پھر میں بھی ادھر ہی رک جاتا ہوں۔ میں واپس جا کر اس کے بغیر کیا کروں گا۔۔۔۔۔؟؟ یوشع نے لاڈ سے عدن کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے جواب دیا۔

Posted On Kitab Nagri

بہت اچھی لگتی ہے۔عدن نے پوچھا

"بہت "کا تو پتہ نہیں مگر اس کے بغیر مجھے کچھ اچھا نہیں لگتا______یوشع کے اس قدر عجیب اظہار محبت پر عدن ہنس دیں۔

شکر ہے کہ عکاشہ بالکل ٹھیک ہے ورنہ ایک دفعہ تو ہم سب ڈر گئے تھے۔ حرم نے برائیڈل روم میں داخل ہوتے ہوئے باآواز بلند کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تو پہلے ہی یقین تھا کہ کوئی ڈرامہ ہی ہو گا______ماہم نے اپنا جھمکا درست کرتے ہوئے حرم کو جواب دیا

ارے کیسی لڑکی ہو اگر سچ مچ اسے کچھ ہو جاتا تو۔۔۔۔۔۔؟؟؟ حرم کو ماہم پر شدید حیرت ہوئی

Posted On Kitab Nagri

تم ابھی تک اس ڈرامے باز سے واقف نہیں ہوئی کہ وہ کیا چیز ہے۔۔۔۔؟؟

سوائے ڈرامے کرنے اور ڈائیلاگ بولنے کے کوئی تیسرا کام ہے جو وہ پوری ایمانداری سے کرتا ہے ۔ماہم نے سنجیدگی سے پوچھا

بہر حال جو بھی ہے لگ "پیار" رہا ہے۔حرم نے فضول بحث سمیٹتے ہوئے عکاشہ کی تعریف کی۔

میرے سے بھی زیادہ______ماہم نے دکھی سی شکل بنا کر پوچھا

نہیں تم تو میری جان ہو تم سے زیادہ کیسے پیارا لگ سکتا ہے۔۔۔۔؟؟؟

مگر پیارا تو وہ بھی ہے۔حرم کے کہنے پر ماہم مسکرا دی۔

فائق نہیں آیا۔۔۔؟؟؟ماہم کو اچانک فائق کا خیال آیا

Posted On Kitab Nagri

نہیں اس نے نوکری کے لئے کراچی اپلائی کیا تھا وہاں سے اسے کال آگئی ہے____ حرم نے افسردہ سے لہجے میں بتایا

پیپرز سے پہلے ہی____ ماہم کو حیرت ہوئی۔

ہاں اس کا تعلیمی ریکارڈ اچھا ہے۔شاید اسی لیے ان لوگوں نے اسے بلایا ہے______ حرم کے جواب پر ماہم نے سر ہلایا تبھی کلثوم بیگم اندر داخل ہوئی۔

چلو جلدی سے اسے باہر لے کر آؤ وہ لوگ رخصتی کا کہہ رہے ہیں۔ کلثوم بیگم کے کہنے پر حرم ایکدم اداس ہو گئی۔

ارے تم کیوں رونے والی شکل بنا رہی ہوں جسے رونا چاہیے اس کی خوشی تو دیکھو۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

اور خوش کیوں نہ ہو اتنے امیر لوگوں میں جا رہی ہے ساری بارات "کرولا ____ لینڈ کروزر ____ اور مرسڈیز" پر آئی ہے۔ کلثوم بیگم نے آج کا دن بھی نہیں چھوڑا اور عادت کے مطابق طنز کر کے نکل گئی

۔

امی کی عادت کا تو پتہ ہی ہے تم پلیز ان کی باتوں کو دل پر مت لینا۔ حرم شرمندہ سی ماہم کو اٹھانے لگی۔

ہمممم ____ تم پریشان نہ ہو میں انہیں بہت اچھے سے جانتی ہوں۔ ماہم کہتے ہوئے حرم کی مدد سے کھڑی ہو گئی۔ پھر دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھتے ہوئے گلے لگا لیا تو حرم چھم چھم رونے لگی۔

رو کیوں رہی ہو۔ میں کونسا دور جا رہی ہوں۔۔۔۔؟؟؟

ویسے بھی ابھی ہم نے یونی میں روز ملنا ہے۔ کم از کم پیپر تک تو پکا ہے ____ ماہم نے تسلی دی جب کہ اس کا اپنا دل بھی اداس تھا تبھی زبیر صاحب اندر داخل ہوئے۔

Posted On Kitab Nagri

ابّا آپ ______ حرم نے فوراً اپنے آنسو صاف کیے اور پیچھے ہٹی وہ اپنے ابا کو اداس نہیں کرنا چاہتی تھی۔

میں نے تمہارے حق میں بہترین فیصلہ کیا ہے۔ وہاں بھی یہاں کی طرح ان کی بیٹی بن کر رہنا اور کوشش کرنا کہ تمہارے شوہر کو تم سے کوئی شکایت نہ ہو ______ زبیر صاحب نے نم آواز میں کہتے ہوئے اسے ہی پیار کیا۔

جی ماموں میں ایسا ہی کروں گی (مگر شوہر کی شکایت کے بارے میں کچھ کہہ نہیں سکتی) ______ ماہم نے آدھا جملہ دل میں سوچا

چلو بھئی اپنی بہن کو لے چلو باہر سب انتظار کر رہے ہیں۔ زبیر صاحب نے اپنے پیچھے کھڑے ہارون کو دیکھ کر حکم دیا

ماہم میں نے تمہیں ہمیشہ حرم کی طرح سمجھا ہے۔ کبھی بھی کوئی مسئلہ ہو تو پہلے کی طرح بے دھڑک مجھے بول دینا۔ میں کل بھی تمہارا بھائی تھا۔ آج بھی ہوں اور ہمیشہ رہوں گا۔

Posted On Kitab Nagri

ہارون کی باتوں پر ماہم کا دل سچ مچ بھر گیا۔ مگر اس نے اپنے جذبات کو کنٹرول میں رکھا۔ وہ خود رو کر اپنے محبت کرنے والے رشتوں کو دکھی نہیں کرنا چاہتی تھی۔ پھر حرم اور ہارون اسے لے کر ہال میں داخل ہوئے۔

ہائے یہ اپنی مس موسلا دھار ہی ہے۔ بھائی یاررر پتا کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ لڑکی دکھائی اور ہو اور دے اور رہے ہوں۔ آج کل یہ بہت ہو رہا ہے ______ عکاشہ نے ماہم کو دیکھتے ہوئے یوشع کے کان میں سرگوشی کی

تیرے سسرال میں ماہم نام کی ایک ہی لڑکی تھی۔ جس کا تجھ سے نکاح ابھی ابھی ہوا ہے۔ آپ اپنا منہ بند رکھیں مہربانی ہو گی ____ یوشع نے بظاہر مسکراتے ہوئے عکاشہ کو ٹوکا۔

لو جی جہاں ہر میدان میں ترقی ہوئی ہے وہاں میک اپ آرٹسٹ بھی "آئن سٹائن" بن گئے ہیں۔ اچھی خاصی لڑکی کو کیا بنا دیتے ہیں ____ اوکاشا کے بڑبڑانے پر یوشع نے ادھر ادھر دیکھا کہ کون کون سن رہا ہے مگر سب کا دھیان اس وقت دلہن پر تھا۔

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ باقی بکواس گھر جاکر کرلینا_____یوشع نے عکاشہ کے کندھے پر مسکراتے ہوئے ہاتھ رکھا

گھر پر بھی کہاں بکواس کرنے دیتے ہیں۔ ماما ہر وقت ڈانٹتی رہتی ہیں۔ یارررر بھائی آج کے دن ماما کو مجھ سے دور رکھنا مہربانی ہوگی____عکاشہ نے مسکین سی شکل بنائی

آج تو میں خود بابا اور ماما سے بچ رہا ہوں۔ بس یہ تیری شادی خیریت سے ہو جائے۔ میں کل ہی امثال کو لے کر حویلی چلا جاؤنگا۔ تیرے بہت "پھڈے" ہیں میں ان میں پڑنا نہیں چاہتا______یوشع نے عکاشہ کو جواب دیا تو اس کا منہ بن گیا تب تک ماہم بھی اسٹیج کے بالکل قریب پہنچ گئی۔

چل اپنی بیگم کو اسٹیج پر چڑھنے میں مدد دے____یوشع نے عکاشہ کے کان میں کہا

شکریہ____جب وہ وہاں سے یہاں تک آسکتی ہے تو خود ہی اوپر بھی آجائے گی۔ ویسے بھی وہ سالا ساتھ ہے ناااا اس کی مدد کے لیے____عکاشہ نے کندھے اچکاتے ہوئے انکار کیا

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ سارے کیمرے ادھر ہی ہیں۔لوگ دیکھ رہے ہیں۔یوشع نے سمجھایا

تو۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے دوبدو پوچھا

اس طرح اچھا نہیں لگتا____یوشع نے اسے گھورا۔

اب آئے گا مزہ____جب آپ سب مل کر میری بے عزتی کر رہے ہوتے ہیں اور بقول آپ کے آج بابا بھی اس کے سامنے میری بے عزتی کرنے کا پورا ارادہ رکھتے ہیں۔تو پھر مجھ سے بھی کوئی امید نہ رکھیں کہ میں آپ کی عزت کا باعث بنوں گا_____عکاشہ کی ڈھیٹائی پر یوشع چپ ہو گیا

ماہم نے جیسے ہی اسٹیج پر پاؤں رکھا اس کا بیلنس خراب ہو گیا اس سے پہلے کہ وہ گرتی عکاشہ نے اسے آگے بڑھ کر تھام لیا اور اسٹیج پر بیٹھنے میں اس کی مدد کی جس پر سارا ہال سیٹیوں اور تالیوں سے گونج اٹھا

آپ کیوں پکڑا گرنے دیتے۔۔۔۔؟؟یوشع نے بھرپور مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے طنز کیا

Posted On Kitab Nagri

خود تو آپ جوتیاں بند کرنے کو ہر وقت تیار رہتے ہیں۔اس لیے اب آپ کا طنز بنتا نہیں_____عکاشہ کے جواب پر یوشع اسٹیج سے نیچے اتر آیا پھر کچھ تصویروں کے بعد ماہم کی رخصتی ہو گئی۔

میری بات تمہیں کافی عجیب لگے مگر ایک اچھی بیوی اپنے شوہر کو ایسے سنبھالتی ہے جیسے ایک ماں اپنے نومولود بچے کو______اور پھر نتیجہ بھی ایک جیسا ہی نکلتا ہے.یعنی جتنی محبت تم شروع میں دو گی آگے زندگی میں چل کر بونس سمیت حاصل کرو گی.

عدن نے محبت سے ماہم کو سمجھایا جس پر وہ بس مسکرا کر رہ گئی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ کو صرف ماں کی محبت ملی ہے بلکہ سچ پوچھو تو ماں کی بھی پوری نہیں ملی.اس وجہ یہ ہے کہ مجھے ڈر تھا کہ کہیں میرے لاڈ پیار سے یہ بگڑ نہ جائے.....؟؟

Posted On Kitab Nagri

)یعنی ابھی وہ آپ کو بگڑا ہوا نہیں لگتا....؟؟؟ ماہم نے عدن کی بات پر دل میں سوچا مگر منہ سے کچھ نہیں کہا(

عکاشہ کو اپنے ننھال یا باپ سمیت اُس کے خاندان سے محبت نہیں ملی. اس لیے اس کی شخصیت میں کافی بگاڑ ہے. مگر مجھے یقین ہے کہ تم اس کی شخصیت میں مثبت تبدیلیوں کا باعث بنو گی.....؟؟؟

عدن نے ایک مان ساتھ ماہم کو دیکھا جس پر اس بے سرہاں میں ہلایا.

ابھی عدن کا لیکچر جاری تھا کہ عکاشہ اندر داخل ہوا اور اپنی ماں کی طرف خشمگین نظروں سے دیکھا.

نہ آج آپ کو حیدر آفندی کی یاد نہیں ستا رہی....؟؟؟ وہ باہر بیٹھے بور ہو رہے ہیں اور میں اندر ______عکاشہ کہتا ہوا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑا ہو گیا جبکہ عکاشہ کو یوں عدن سے بات کرتا دیکھ کر ماہم کو عجیب سا احساس ہوا.

میں بس جا ہی رہی تھی______عدن کہتیں ہوئیں اپنی کلائی سے کنگن اتارنے لگیں.

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا کر رہیں ہیں.....؟؟؟عکاشہ نے فوراً انھیں ٹوکا

تم اب اپنا منہ بند بھی کر لو کہ آج کے دن بھی ڈانٹ کھانا ضروری ہے ______ عدن نے غصے سے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے ماہم کا ہاتھ پکڑا.

یہ مجھے حیدر نے لے کر دیے تھے ____ ابھی عدن نے اتنا ہی کہا تھا کہ عکاشہ کا صبر جواب دے گیا.

آپ کو ہر "چیز" حیدر نے ہی لے کر دی ہے "میرے" سمیت ______ مگر "یہ" (عکاشہ نے ماہم کی طرف اشارہ کیا) میں نے لے کر دی ہے اس لیے اسے منہ دکھائی بھی میں ہی دوں گا.

آپ اپنے "کنگن" اپنے پاس رکھیں ورنہ مجھے اپنی "شادی شدہ" زندگی یہ جملہ سنتے گزارنا پڑے گی کہ ______ یہ تو مجھے حیدر نے لے کر دیے تھے جو میں نے تمہاری بیگم کو دے دیے ______ عکاشہ نے ماہم کا ہاتھ عدن کے ہاتھوں سے نکالتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

انتہائی بتمیززززہو______عدن نے ناراضگی سے کہتے ہوئے منہ موڑ لیا.

میم پلیززز آپ ناراض نہ ہوں_____ماہم نے پریشان سی آواز میں روکنا چاہا

چپ کرو بے وقوف کہیں کی_____وہ آگے ہی جانے کے لیے تیار نہیں اور رہتی کسر تم نکال دو_____عکاشہ نے ماہم کو جھڑکا تو عدن نے اسے گھورا.

میں جا رہی ہوں. اسے ڈانٹنے کی ضرورت نہیں ہے_____عدن نے بیڈ سے اٹھتے ہوئے قدرے برہم لہجے میں کہا

بہت شکریہ______عکاشہ سر کو خم دیتا انھیں بائے بائے کرنے لگا جبکہ وہ چپ چاپ کمرے سے باہر چلی گئیں .

جانتی تھیں کہ اس سے بحث فضول ہے. عدن کے جاتے ہی عکاشہ نے جلدی سے دروازہ لاک کیا.

Posted On Kitab Nagri

شکر ہے کہ ماما چلی گئیں ہیں ورنہ تو مجھے ان کا کوئی پروگرام نہیں لگ رہا تھا. عکاشہ نے پلٹتے ہوئے تشکر بھرے لہجے میں کہا

ویسے یہ ماں سے بات کرنے کا خاصا برا طریقہ ہے......؟؟؟

میں سمجھتی تھی کہ تم صرف یونی میں ہی ایسی حرکتیں کرتے ہو گا مگر______ماہم نے اسے افسوس سے دیکھا جواب بلکل اس کے سامنے بیٹھا اسے دلچسپی سے دیکھ رہا تھا.

اگر اب تم نے میرے خلاف ایک بھی جملہ بولا تو میں تمہیں منہ دکھائی نہیں دوں گا جو میں نے اتنی مشکل سے صرف اور صرف تمہارے لئے بچا کر رکھی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یاد رکھو تمہاری منہ دکھائی کوئی عام چیز نہیں ہے۔۔۔۔؟؟؟

رہی بات میری ماں کی تو تم ابھی انہیں جانتی نہیں ہو۔ اگر میں ان سے اس طرح بات نہ کیا کروں تو وہ مجھے "حیدر نامہ" سنا سنا کر ہی مار دیں۔

Posted On Kitab Nagri

چھوڑو ماما کے بارے میں تو میں پھر تمہیں تفصیل سے بتاؤں گا ابھی فی الحال تم مجھے اپنا یہ مہندی والا ہاتھ دو۔

بلکہ ایسا کرو کہ تم اندازہ لگاؤ کہ میں تمہیں منہ دکھائی میں کیا دے رہا ہوں۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے پرجوش لہجے میں پوچھا

ڈائمنڈ رنگ ہو گی_____ماہم نے اس کے جملے میں لفظ "قیمتی" سے اندازہ لگایا

نہیں یہ تو عام سی بات ہے آج کل ہر کوئی اپنی بیوی کو زیادہ تر یہی دے رہا ہے۔ عکاشہ نے سر نفی میں سر ہلایا

بریسلٹ_____ماہم نے کچھ دیر سوچنے کے بعد کہا

Posted On Kitab Nagri

نہیں بالکل بھی نہیں_____ویسے بھی تم نے دونوں ہاتھوں میں اتنا کچھ تو پہنا ہوا ہے بریسلیٹ کہاں پہنو گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟

مجھے نہیں پتہ_____عکاشہ کے جواب پر ماہم نے بات ختم کی۔

اچھا بس پھر ایک آخری کوشش کرو_____عکاشہ نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈالتے ہوئے کہا

گولڈ چین______ماہم نے عکاشہ کے ہاتھ کی طرف دیکھا

ایک تو تم لڑکیاں جیولری سے باہر نہیں نکلتیں_____عکاشہ نے اپنی بن مٹھی ماہم کی مہندی لگی ہتھیلی پر رکھی۔

تو پھر کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟ماہم نے عکاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے بیزاری سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

یہ ایک نہایت ہی قیمتی اور نایاب چیز ہے عام بندہ تو اسے حاصل کرنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔عکاشہ کا انداز ایسا تھا کہ ماہم کو بھی تجسس ہونے لگا کہ ایسا کیا ہے۔۔۔۔۔؟؟؟

دیکھو تم اب جلدی سے مجھے منہ دکھائی دے بھی دو اور تجسس ختم کرو______ماہم کو اب غصہ آنے لگا تھا

پہلے تم شرمانے کی ایکٹنگ تو کرو کیونکہ آج کل کی لڑکیوں میں شرم رہ ہی نہیں گئی۔

کیسے منہ پھاڑ کر اپنی منہ دکھائی مانگ رہی ہو۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ اب ماں ہم کو تنگ کرنے کے موڈ میں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے میں ایک بے شرم لڑکی ہوں۔اب میرا ہاتھ چھوڑو۔مجھے منہ دکھائی نہیں چاہیے۔ماہم اپنا ہاتھ چھڑاتے ہوئے بیڈ سے اٹھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

اچھا تو تم نے ہار مان لی ہے ویسے تو بڑی "لائق" بنی پھرتی ہو "فائق" کی بھابھی صاحبہ______عکاشہ نے اسے روکتے ہوئے کہا

ہاں جی میں ہار گئی ہوں۔ مجھے نہیں معلوم تمہارے اس ہاتھ میں کون سی "نایاب" چیز ہے۔ جس سے بد قسمتی سے تم نے میری منہ دکھائی کے لئے پسند کیا ہے۔ ماہم کے طنز پر عکاشہ مسکرانے لگا

دیکھو میں نے بہت سوچا کہ تمہیں کیا دوں۔۔۔۔؟؟؟

میں تمہیں منہ دکھائی میں کچھ ایسا دینا چاہتا تھا جو آج تک کسی نے اپنی دلہن کو نہ دی ہو تا کہ وہ یادگار بن جائے۔

پھر بہت "ریسرچ" کرنے کے بعد میں نے چیز کا انتخاب کیا۔ یقین مانو کہ صبح تم جس جس کو اپنی منہ دکھائی کے بارے میں بتاؤں گی وہ حیرت زدہ رہ جائے گا۔ کہو تو میں لکھ کر دے دیتا ہوں ______؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

عکاشہ نے ماہم کی آنکھوں میں زور دیتے ہوئے دیکھا جہاں حیرت تھی۔

پہلے تو تمہیں "مبارک" ہو کہ تم نے منہ دکھائی پر "ریسرچ' کی حالانکہ پڑھائی کے معاملے میں تم اس لفظ "ریسرچ" سے نا آشنا ہو۔

دوسرا تم لکھ کر مت دینا کیونکہ پھر پڑھنے کا مسئلہ ہو جائے گا_______ماہم کے جواب پر عکاشہ نے باقاعدہ قہقہ لگایا

چلو پھر آنکھیں بند کرو کیوں کہ میں جانتا ہوں کے "تحفہ" دیکھ کر تمہارے ہوش اڑ جائیں گے ____؟؟؟عکاشہ کے انداز میں کچھ ایسا تھا کہ ماہم چونکی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عکاشہ پلیز زز میں آج بہت تھک گئی ہوں اگر کوئی چوہا، چپکلی ہے تو یہ مذاق کسی اور دن ادھار رکھ لو ______ماہم کو عکاشہ کی آنکھوں میں شرارت دکھائی دے رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

حد کرتی ہوں یارررررر______اب میں تمہیں منہ دکھائی میں چوہا دوں گا۔۔۔۔۔؟؟؟عکاشہ نے مصنوعی ناراضگی سے ماہم کو دیکھا

آنکھیں بند کرو______عکاشہ کے کہنے پر ماہم نے نہ چاہتے ہوئے بھی اپنی آنکھیں بند کرلیں۔

چلو اب کھول بھی دو______عکاشہ کے لہجے میں خوشی اور شرارت دونوں ہی نمایاں تھیں۔

جیسے ہی ماہم نے آنکھیں کھلیں اپنی ہتھیلی پر "دوعدد چلغوزے" دیکھ کر حیران رہ گئی۔

دیکھا ہوش اڑ گئے نااااا_____بھئی بہت مہنگے ہو گئی ہیں۔ مشکل سے تمہارے لیے دو ہی حاصل کر سکا ہوں۔

چلو شاباش اب اپنے ان خوبصورت مہندی والے ہاتھوں سے مجھے یہ کھول کر دو۔

آخر اتنی محنت سے میں نے ڈرائی فروٹ کی دکان سے چوری کیے تھے۔

Posted On Kitab Nagri

ماما نے کہا تھا اپنی "پاکٹ منی" سے اس کے لئے منہ دکھائی کا تحفہ لینا اس سے محبت بڑھتی ہے۔

مگر میری پاکٹ منی تو میرے لئے ہی تھوڑی پڑ جاتی ہے تمہارے لئے کیا خریدتا۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے اپنی مجبوری بتائی۔

اتنے بڑے باپ کے بیٹے ہو کر یوں فقیروں والی باتیں کرتے ہو______ ماہم کے طنز پر عکاشہ بالکل سیریس رہا۔

اب کیا تم بھی مجھے "حیدر نامہ" سنایا کروں گی۔۔۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے خشمگین نظروں سے گھورتے ہوئے کہا

حیدر نامے کا تو پتہ نہیں مگر میری پوری کوشش ہے کہ آج کم از کم تمہیں کچھ نہ سناؤ______ ماہم کہتی ہوئی بیڈ سے اٹھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

کہاں جارہی ہو پہلے مجھے یہ چھیل کر تو دو۔۔۔۔؟؟؟ عکاشہ نے اسے بیٹھے اٹھتا دیکھ کر کہا جس پر ماہم نے جلدی سے دونوں چلغوزے چھیل کر عکاشہ کی ہتھیلی پر رکھ دیے۔

میری قدر کرو لڑکی ورنہ مجھ جیسے شوہر تو لڑکیاں ڈھونڈتی پھرتی ہیں_________عکاشہ نے جتلایا

)پیارے شوہر ڈھونڈا انہیں جاتا ہے جو نایاب ہوں آپ جیسے تو دس روپے کے دو آجاتے ہیں______ ماہم نے دل میں کہا کیونکہ وہ اونچا بول کر مصیبت سر نہیں لینا چاہتی تھی) کہ

شکریہ یار میں ویسے ہی ڈر رہا تھا کہ کہیں تم خود ہی نہ کھالو_______وہ اب بیڈ پر نیم دراز ماہم کو دیکھ رہا تھا جبکہ ماہم نے بیڈ سے اترتے ہوئے زور سے تکیہ عکاشہ کے منہ پر مارا اور خود ڈریسنگ روم میں چلی گئی۔

"عورت صرف اپنی مرضی کے مرد سے ذلیل ہونا پسند کرتی ہے اور مرد اپنی بیوی سے ذلیل ہونا زیادہ پسند کرتا ہے۔"

Posted On Kitab Nagri

عُکاشہ نے بڑبڑاتے ہوئے تکیہ اپنے سر کے نیچے رکھا اور آنکھیں بند کر لیں

حیدر ہمارے "دو دل" تھے ____ عدن نے حیدر کے کندھے پر سر رکھتے ہوئے اپنے دن بھر کی تھکن اتاری

ہاں انسان کی اولاد اس کے "دل" ہی ہوتے ہیں ____ حیدر نے کھوئے سے لہجے میں جواب دیا

دل دھڑکتے ہیں تو ماں باپ کی عمر دراز ہوتی رہتی ہے۔ کاش یہ بات اولاد کو سمجھ آ جائے ______ عدن نے سر اٹھاتے ہوئے حیدر آفندی کو دیکھا

ہاں ایسا ہی ہے۔ پہلے ہم دونوں کے "دو دل" تھے۔ اب یوشع اور عکاشہ کے "دو دل" ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

اصل میں محبت بنتی ہی "دو دلوں" کے اندر ہے۔ "ایک دل" تو زندہ نہیں رہ سکتا۔ اسے زندہ رہنے اور دھڑکن کرنے کے لئے "دوسرے دل" کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ ساری کائنات "دو دل" پر چل رہی ہے_____ حیدر آفندی بھی نیم دراز لیٹے عدن کو دیکھ رہے تھے۔

"اکیلا دل" سخت ہو جاتا ہے جیسے بڑی سرکار کا_______ جب تک بابا سائیں زندہ تھے وہ اتنی سخت مزاج نہ تھیں۔

میں ان کا "ایک دل" تھا اور بھائی "دوسرا دل" جب ان کی وفات ہو گئی تو میں اکیلا رہ گیا۔

پھر مجھے تم مل گئی تو میرے "دو دل" مکمل ہو گے مگر بڑی سرکار کا "دل اکیلا" ہی رہا انہوں نے یوشع میں اپنا دل دھڑکتا محسوس کیا اور یوشع سچ مچ ان کے دل کی دھڑکن بن گیا_____ حیدر آفندی آج بہت سنجیدہ تھے اور عدن فرصت سے انہیں سن رہی تھی۔

بولیے آپ چپ کیوں ہو گے حیدر میں سن رہی ہوں۔۔۔۔؟؟ حیدر کے چپ ہونے پر عدن نے انہیں بلایا

Posted On Kitab Nagri

عدن میرے دل میں جو جگہ پہلے دن تمہاری لیے تھی اب بھی وہی ہے۔

مگر راشدہ بیگم اور بڑی سرکار بھی جگہ رکھتی ہے وہ جیسی بھی ہے مگر میری "زندگی" اور "ذات" کا حصہ ہیں۔راشدہ بیگم کی بدولت ہی اللہ نے مجھے یوشع جیسا بیٹا دیا_____ حیدر آفندی کچھ پل کے لیے رکے۔

میں تمہیں حویلی لے کر نہیں جاسکتا۔میرے خیال سے تمہیں یہ حقیقت اب مان لینی چاہیے اور فضول بحث کے پیچھے اپنے آپ کو دکھی نہیں کرنا چاہیے _____ حیدر آفندی کے سمجھانے پر عدن مسکرائیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر آج کے بعد میں آپ سے حویلی والا گلہ کبھی نہیں کروں گی کیونکہ اب میں بھی ساس ہوں تو مجھے بڑی سرکار درست لگ رہی ہیں۔

فرض کریں کہ میرا اکلوتا بیٹا عکاشہ محبت کی شادی کر کے چلا جاتا تو میرا کیا بنتا۔۔۔۔۔؟؟؟

Posted On Kitab Nagri

جب تک ہم خود دوسروں کی جگہ پر نہیں آجاتے ہم اسے محسوس نہیں کر سکتے کہ وہ کس تکلیف سے گزر رہا ہے____عدن کی جواب پر حیدر آفندی نے محبت سے ان کا ماتھا چوما۔

عدن مجھے آپ کی انہی باتوں سے محبت ہے کہ آپ بات فوراََمان لیتی ہیں۔ضد نہیں کرتیں۔بہت لچک ہے آپ میں____مجھے آپ سے شدید محبت ہے اور اس محبت پر فخر بھی ہے۔

آج اس چھوٹے سے فلیٹ میں "دو دل" دھڑک رہے تھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لوگ نہیں بدلتے____وقت بدلتا ہے۔چیزیں بدلتی ہے مگر سمجھدار وہی ہے جو ضد نہیں کرتا اور جھک جاتا ہے۔وہی پھل پاتا ہے اور کوئی بھی کبھی بھی برا نہیں رہتا۔

Posted On Kitab Nagri

ہر شخص کسی نہ کسی کے لئے "مسیحا" اور کسی کے لئے "عذاب" ہوتا ہے۔کیونکہ ہر شخص دوہری شخصیت رکھتا ہے

یوشع نے امثال کی طرف دیکھتے ہوئے اسے سمجھایا جو گاڑی سے باہر گزرتی ہوئی چیزوں کو غور سے دیکھ رہی تھی۔

بڑوں سے گھروں میں رونق ہوتی ہے۔ہماری حویلی کی رونق "بڑی سرکار" ہیں۔

امثال مجھے تو سوچ کر ہی "ہول" اٹھتے ہیں کہ جس دن وہ نہ رہیں تو کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔؟؟؟؟ یوشع ایک دم اداس ہو گیا جس پر امثال کو احساس ہوا کہ اس کی زندگی میں بڑی سرکار کی کیا اہمیت ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں پوری کوشش کروں گی کہ اماں سائیں اور بڑی سرکار کو مجھ سے کوئی شکایت نہ ہو____ امثال کے جواب پر یوشع کو خوشگوار حیرت ہوئی

اور مجھے۔۔۔۔؟؟؟ یوشع نے اپنے بارے میں پوچھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کی خیر ہے____امثال میں شرارت کی

کیوں میری کیوں خیر ہے۔۔۔۔؟؟یوشع نے اس کا ہاتھ تھامتے ہوئے پوچھا

اس لئے کہ کوئی "دل" مجھے بھی چاہئے جس پر میں اپنا غصہ اتار سکوں اور آپ نے تو اجازت بھی دے رکھی ہے_____امثال کے جواب پر یوشع نے اسے مصنوعی غصے سے دیکھا

اجازت کی تو ایسی کی تیسی____یوشع کے جواب پر امثال کھلکھلا کر ہنس دی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چچا سائیں میں چاہتی ہوں آپ نوید کو کوئی کاروبار شروع کر دیں۔ مجھے ان کا یوں سب کے سامنے سر جھکا کر چلنا پسند نہیں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

آپ میری بات کا غلط مطلب مت لیجئے گا مگر میری جائیداد جو بابا کی طرف سے مجھے ملی ہے اس میں سے کچھ حصہ نوید کو دے دیں_____بتول نے آہستہ مگر مضبوط لہجے میں حیدر آفندی سے کہا

راشدہ بیگم دیکھ رہی ہو یہ بتول جو کل تک سادہ سی بات نہیں کہہ سکتی تھی آج کس طرح بول رہی ہے ۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی نے مسکراتے ہوئے راشدہ بیگم کو دیکھا جو واقع ہی حیران تھی۔

اسے یہ اعتماد اس کے شوہر نے دیا ہے اور رہی بات جائیداد کی تو بھائی صاحب کی جتنی بھی جائیداد ہے اس کی تم اکلوتی وارث ہو۔ تم نہ بھی کہتی تو میں نے اور یوشع نے یہی سوچا تھا کہ تمہیں تمہاری جائیداد دے دی جائے گی____حیدر آفندی کا جواب بتول اور راشدہ کے لیے کسی دھماکے سے کم نہ تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر بڑی سرکار۔۔۔۔۔؟؟؟راشدہ بیگم نے فوراً یاد دلایا

آپ ان کی فکر نہ کریں وہ جانیں اور ان کا لاڈلا_____حیدر آفندی نے بات ختم کی اور اٹھ کر جانے لگے تو بتول ان کے سامنے کھڑی ہو گئی

Posted On Kitab Nagri

چچاسائیں میں باہر کے ملک گھومنے پھرنے جاناچاہتی ہوں____بتول کی خواہش پر انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا

بندوبست کر دیتے ہیں اور کچھ۔۔۔۔۔؟؟؟حیدر آفندی کی اس قدر شفقت پر بتول کی آنکھوں میں آنسو آگے۔یہ سچ تھا کہ حیدر آفندی اور راشدہ بیگم شروع سے ہی بتول پر مہربان تھے

چچاسائیں کیا میں آپ کو باباسائیں بلاسکتی ہوں۔۔۔۔۔؟؟؟بتول کی بات پر حیدر آفندی بت بن گئے ۔

انہیں شروع سے ہی بیٹی کی خواہش تھی۔جو آج بتول نے بغیر کہے پوری کر دی تھی۔حیدر آفندی نے اسے فرط جذبات میں آکر اپنے سینے سے لگالیا

میں تمہارا بابا ہی ہوں مگر تم نے بہت دیر کر دی کہنے میں______حیدر آفندی کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو گر رہے تھے جبکہ راشدہ بیگم نم آنکھوں سے مسکرادیں۔

Posted On Kitab Nagri

آج میری فیملی پوری ہو گئی ہے دو شیطان اور ایک پیاری سی بیٹی______حیدر آفندی نے کہتے ہوئے بتول کو اپنے سے جدا کیا۔

اب آپ بیٹوں ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔۔۔۔؟؟؟ راشدہ بیگم کو برا لگا جس سے بتول اور حیدر آفندی نے بے ساختہ قہقہ لگایا

پھر تم نے کیا سوچا ہے۔۔۔۔؟؟؟ بڑی سرکار نے اپنے سامنے بیٹھے یوشع حیدر سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوشع جو اس وقت کالے لباس اور کیمل کلر کی چادر میں اسی رنگ کی طرح اداس لگ رہا تھا خاموش رہا۔

جواب دو تم کب تک اس لڑکی کو طلاق دے رہے ہو۔۔۔۔؟؟ بڑی سرکار نے ایک بار پھر گرجدار آواز میں کہا

Posted On Kitab Nagri

وہ میں_____یوشع کچھ ہچکچایا

تم نے کہا تھا کہ الیکشن کے بعد اس لڑکی کو چھوڑ دو گے مگر ابھی تک تم نے اس بات پر عمل نہیں کیا کیوں۔۔۔۔؟؟؟

کیا تمہیں مجھ سے محبّت نہیں رہی یا تم بھی اپنے باپ کی طرح ایک لڑکی کی خاطر ماں کو بھول گئے ہو ۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار کی بات یوشع کے دل میں ایسے لگی جیسے کسی نے خنجر گھونپ دیا ہو

ایسا کچھ بھی نہیں ہے جیسا آپ سوچ رہی ہیں۔مجھے کل آپ سے جتنی محبت تھی آج اس سے بھی زیادہ ہے مگر۔۔۔۔؟؟؟

مگر کیا۔۔۔؟؟؟بڑی سرکار نے یوشع کا جائزہ لیتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

میں آپ کی حکم عدولی کا سوچ بھی نہیں سکتا آپ کہتی ہیں تو میں ابھی اسی وقت اسے طلاق دے دیتا ہوں مگر پھر میرا کیا ہو گا۔۔۔۔؟؟؟

میرا "دل" اور "زندگی" دونوں ویران ہو جائیں گے کیا آپ میری محبت میں اس لڑکی کو قبول نہیں کر سکتی۔۔۔۔؟؟؟

بڑی سرکار مجھے وہ لڑکی اچھی لگنے لگی ہے آپ اسے میری خاطر معاف کر دیں وہ ساری زندگی آپ کے پاؤں دھو کر پیئے گی میں وعدہ کرتا ہوں آپ سے ______یوشع ایک دم بڑی سرکار کے پاؤں میں بیٹھ گیا

یوشع مجھے تم سے حیدر والی امید بلکل نہیں تھی ____بڑی سرکار نے گرجتے ہوئے یوشع کا ہاتھ پیچھے کیا جو اس نے ان کے پاؤں پر رکھا ہوا تھا

آپ ناراض نہ ہوں میں ابھی اسی وقت اسے طلاق دے دیتا ہوں۔یوشع کہہ کر تیزی سے کمرے سے باہر نکلنے لگا تو بڑی سرکار نے اسے پکارا

مجھ سے زیادہ محبت ہے یا اس لڑکی سے۔۔۔۔۔؟؟؟یوشع کو اس سوال کی پوری امید تھی۔

مجھے صرف آپ سے محبت ہے۔ کسی اور سے مجھے فرق نہیں پڑتا ______ جبکہ یوشع کا لہجہ اور آنکھیں اس کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اور مجھے بھی صرف تم سے محبت ہے اس لیے تم مجھ سے جھوٹ مت بولو______بڑی سرکار کے جواب پر یوشع نے سر جھکا لیا کیونکہ اس وقت اس کی آنکھیں شدید لال ہو رہی تھی۔

تمہیں سات خون بھی معاف ہیں۔ میں نے تمہارے صدقے اس لڑکی کو بخشا بس اسے کہنا کہ میرے سامنے مت آیا کرے_____بڑی سرکار کی بات یوشع کو تپتے صحرا سے برستے بادل کے نیچے لے آئی۔

بڑی سرکار آپ بہت اچھی ہیں۔ آپ نے ہمیشہ میری خوشیوں کا خیال رکھتا ہے____یوشع نے کہتے ہوئے انہیں گلے لگا لیا جبکہ انہوں نے پیار سے یوشع کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

زندگی آسان تو نہیں مگر خوشیوں بھری لگنے لگی تھی یوشع نے دل میں سوچتے ہوئے آسمان کی طرف دیکھا۔

ختم شد

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595